دیباچه

باوجود کم علمی اور ناتربیت یافتگی کے فریار میجر بیگ خان ملازم
پونہ ہارس ۱۸۶۸ عیسویہ مصنف اِس کتاب نے سیکھنا کام نعلبندی وتقسیم
ادویۃ وغیرہ کے سک ہاسپتال اسپان رجمنٹ مین شروع کیا اور بعد
نوکر ہونے ایک سال کے استعداد اس فن مین خوب حاصل کیا بلکہ آگہی اِس
ہنر کی حسب تربیت کپتان ہاک صاحب بہادر ماضی اجنٹی پونہ ہارس جو ایک
مدت دراز تک رجمنٹ مسطورہ مین بعہدہ اجنٹی قایم رہے اُنسے حاصل کیا
اور علاوہ اسکے کئی سال تک ماتحت مسٹر لیامپ صاحب بہادر انسپکٹنگ
ویٹرنیری سرجن اسکول پونہ مین درس لیا اور بحالت حاضری اسکول جو کچھہ روز
مرہ بنا بر یادداشت لکھہ رکھا کرتا تھا وہ سب جمع کرکے واسطے فواید مشتاقان
اس فن کے اظہار کیا۔

فہرست کتاب ہدایت نامہ فریار مشتمل بر سبق چہل و نہ معہ ترجمہ زبان ہندوستانی بموجب تفصیل ہذا

سبق	بیان حال	صفحہ	شرح	ترجمہ زبان ہندوستانی
۱	کل نصیحت فاریار و سالوتری	۱		سالوتری آنرا گویند کہ معالجہ اسپان کند
۲	جسم کا بناؤ	۲	اعضا درست و تیار کس طور	یعنی ابتدا
۳	غذا اعضاؤ کے بیان مین	۴	کس طرح خون سرایت کرتا ہے	یعنی آمد و رفت خون
۴	کل دانتوں کا شمار	۶	یعنے گنتی	یعنی دو دانت ہو بیکبار عمر
۵	دانت کے بڑھنے سے حرکت	۹	خلاف معمول	یعنے حد سے زیادہ دراز
۰	دانت مین کیریز	۱۰	یعنے دانت بوسیدہ ہو	چنانچہ کرم سے سڑ جاوے
۰	لور جا پر جو پر کچھ	۱۰	زیر و بالا کا جبڑہ	خام ہووے یا ٹوٹ جاوے
۶	انفلمیشن ہووے	۱۰	کسی جا خون جمع ہو	سدہ و زیان
۰	یکسائٹین کاز	۱۱	سبب کے ساتھ انفلمیشن	یعنے خون جمع ہونا
۰	پرڈس پوزنگ	۱۱	خون کی تیاری	آنے کو
۰	سپریشن	۱۲	خون سے پیپ بنے	یعنے خون سڑ جاوے
۰	السریشن	۱۲	آبلہ ہو کر داغ دے	یعنے چھالا ہو گوشت یا پوست مین
۰	سلف	۱۲	چرم مردہ	یعنے چمڑا کسی جا کا سوکھ جاوے
۷	سورسین	۱۲	لگ گھٹے سکنیڈلی مین انفلمیشن	یعنے خون جمع ہوتا ہے
۰	کیریز	۱۴	استخوان بوسیدہ	یعنے ہڈی کا سڑ جاوے
۰	نکروسس	۱۴	پارہ استخوان مردہ	یعنے ہڈی کا ٹکڑا بے جان سے
۰	انکلوسس	۱۴	بر دارنجہت استخوان جدید	یعنے جوڑ پہ بڑھنیکا نئی ہڈی کی

فہرست کتاب ہدایت نامہ فریا رسعہ ترجمہ وغیرہ

سبق	بیان حال	صفحہ	شرح	ترجمہ زبان ہندوستانی
۷	ٹویسی ڈلیکیشن	۱۴	از جای بدر	اپنی جا چھوڑ دیوے
۰	سنیڈا پرپکچر	۱۴	استخوان پارہ شود	ہڈی ٹوٹ جاوے
۰	کمپونڈ پرکچر	۱۵	زیان ہر سہ	یعنے گوشت ہڈی چمڑا نقصان ہووے
۸	پولائی ولما	۱۶	درد و سر	درمیان ہر دو گوش
۰	انفلمیشن آف دی برین	۱۶	در مغز جمع خون	یعنے بھیجے مین خون جمع ہو
۹	سور بیاک	۱۸	شور پشت	یعنے سنڈو کا زخم
۰	وا ایل	۲۰	یعنے دنبل خمی	یعنے کمر کا ورم
۰	گیف گال	۲۱	زیر تنگ زخم	تنگ کے نیچے زخم ہو جاتا ہے
۱۰	نیک پرکچر	۲۲	استخوان گلو شکستہ شود	منکا گردن کا ٹوٹ جاوے
۰	بین پرکچر	۲۳	استخوان شکستہ کمر	کمر کا منکا ٹوٹ جاوے
۰	اسپین سوئی مثل	۲۴	فرق در گوشت کمر	یعنے کمر کا گوشت لچکا کھاوے
۱۱	ٹیل پرکچر	۲۵	استخوان دم شکستہ شود	یعنے منکا دم کا ٹوٹ جاوے
۱۲	پلوس ڈزیز	۲۶	خامی استخوان سفرہ	پاخانہ کی ہڈی مین کچھ حرکت ہو
۱۳	شولڈر ڈزیز	۲۷	درد کہ در شانہ شود	اگلے پیر مین درد ہو
۱۴	یگزامی نیشن نیو ہارسس	۳۰	فہمیدۂ اسپ جدید وخرید	پہچان نئے گھوڑے کی وقت خرید کے
۰	بلیو پرکچر	۳۰	در دست استخوان باشد شاک کہنی مردم	اگلے پیر مین کہنی کی ہڈی ٹوٹ جاوے
۱۵	گھوڑے کے گھٹنے کا بیان	۳۲		ہاتھ کے اگلے ہنی کا درد
۱۶	کاپی تشس	۳۴	در پائی پیش خون جمع شود	اگلے پیر کے گھٹنے مین ادبیا بیان

فہرست کتاب ہدایت نامہ فریار معہ ترجمہ وغیرہ

سبق	بیان حال	صفحہ	شرح	ترجمہ زبان ہندوستانی
۱۶	السر اندھی فی	۳۷	در پائی پیش در استخوان داغ شود	لنگڑے پن کے گھٹنے میں ہڈی کا پھالا
۱۷	اسپرین ٹنڈان	۳۹	در پائی حرکت	یعنے پٹھا بھر جاوے
•	اسپلینٹ	۴۲	نامی پائی از استخوان جدید	یعنے بیہ ہڈی سے نقصان
•	اسفکیشن	۴۴	یعنے زانوہ	جو مٹی کے ہڈیہ یا ملنے کے ہڈیہ بطور زانوہ
۱۸	سس مای بون پر کچھ	۴۵	اخیر موشہ دو استخوان باشد شود	مو ٹھر کے ہڈی میں ضرب ہو وے
•	رنگ بون	۴۶	پشتک و چکر اول از ین ضرب	کانچی کے منہہ پر نئی ہڈی پیدا ہو
۱۹	ہوف	۴۸	بیان صہیل اسپ	گھوڑے کے سم کا بیان
۲۰	سن کراک	۵۱	بیان ترقیدن صہیل اسپ	سم تڑخنے کے بیان میں
۲۱	ہوف ڈیزیز	۵۴	بیان درمیان صہیل بیماری	سم کے اندر جو بیماری ہوتی جملہ
•	اس پی ڈی کٹ	۵۷	پا بپائی گرود	یعنے نیور گلتی ہے
۲۲	تھرش	۵۸	آب از صہیل جاری می شود	پانی سم سے جاری ہوتا ہے
•	گریسٹس	۶۱	بر روی صہیل خون داغ شود	سم کے ہو میں خون جمع ہوتا ہے
۲۳	لیمنٹس	۶۴	درمیان صہیل تپ پیدا شود	یعنے سم میں تپ دست اور نقصان سے
۲۴	نیوکلر تھریٹس	۶۸	در صہیل خورد استخوان دران تو	چھوٹی ہڈی سم کے اندر ہوا و سم میں خون
۲۵	اسٹافی لجوائنٹ	۷۰	در جوڑ پس پا بیماری شود	پچھلے جوڑ پہ یعنے گھٹنے کی بیماریاں
۲۶	ہاک جوئنٹ	۷۳	جوڑ کہنی پس پا	کہنی کے جوڑ پچھلے پاؤں کے اوس میں بیماری
۲۷	باگس پاوین	۷۵	در بیان منتفرہ است	منتفرہ کے بیان میں
•	بون اسپاوین	۷۵		چیڑا ہ پچھلے پیر وقعت ہوتا ہے

فہرست کتاب ہدایت نامہ فرپار معہ ترجمہ وغیرہ

سبق	بیان حال	صفحہ	شرح	ترجمہ زبان ہندوستانی
۲۸	میڈیشن	۷۸	دربیان ادویات معہ تعدیل	دوایونکے بیانمین شمار و گنتی وغیرہ
۲۹	ڈائجسٹی سسٹم	۸۰	دربیان ہضم و دیگر	ہضم ہونیکے بیان مین
۳۰	موتھ	۸۲	دہن شگافتہ شود یا دیگر زخم	منہ مین کسی طرح کا زخم پیدا ہو
۰	چوکنگ	۸۴	لقمہ در دہان ماند	نوالہ حلق مین اٹک جاتے
۳۱	اسٹمک ٹائی گرس	۸۴	کوٹھا زیادہ شود	یعنے کوٹھا پھول جاوے
۰	ورم	۸۶	کرم در شکم شوند	کیڑے پیٹ مین پیدا ہوتے
۳۲	کالک	۸۹	درد شکم و آنت می پیچد	یعنے کرکری کے بیانمین
۰	انٹاریٹس	۹۱	در رودہ خون جمع شود	یعنے آنت مین خون جمع ہونا
۳۳	کانسٹی پیشن	۹۴	پاخانہ سخت ترگسہ	یعنے لید سخت ہونیکے بیانمین
۰	ڈائیریا	۹۵	زیادہ دست شود	اگرچہ دست بہت ہونا اسکو کہتے
	سو پرگیشن	۹۶	در رودہ خلل می آید	آنت مین فساد ہوا نشود ہے
۳۴	ہرنیان	۹۸	رودہ یا دیگر جنس باہر خود بیاید	آنت اندر سے نکلکے باہر آئے
۳۵	کیماسٹاپیشن	۱۰۴	اسپ را اخطہ کردن	گھوڑے کو اخطہ کرنیکی بابت
۳۶	ہیماٹی نشیرہ	۱۰۹	کلیجہ میں خون جمع شود	بیماری یا کلیجہ سکے بیانمین
۳۷	کڈنی	۱۱۱	گردون مین خون جمع ہونے	گردونکے بیماریکے بیانمین
۳۸	بلیڈر	۱۱۴	پھکنی کی بیماری	کل پھکنی کے بیماری فائدہ کریگا
۳۹	سرکیولٹری سسٹم	۱۱۷	جسم مین خون کی گردش	جسم مین خون کس طرح سے دوڑتا ہے

فہرست کتاب ہدایت نامہ فریا رمعہ ترجمہ وغیرہ

سبق	بیان حال	صفحہ	تشریح	ترجمہ زبان ہندوستانی
۴۰	اسپرٹری سسٹم	۱۲۰	چھاتی میں ہوا جانیکی انسداد	چھاتی میں کسقدر ہوا جاتی ہے وسکے بیان میں
۰	نمونیا	۱۲۲	پھیپھڑہ میں خون جمع ہو کر پھولجاوے	پھیپھڑہ کی بیماریوں کے بیان میں
۴۱	لارنگ جائٹس	۱۲۳	گنٹھے میں بباعث درد کے خون جمع ہو	گنٹھے کی بیماریوں کے بیان میں
۰	سور تھرٹ	۱۲۴	کھانسی گلے میں	کھانسی کے بیان میں
۴۲	کرانک کاف	۱۲۵	پرانی کھانسی کے بیان میں	پرانی کھانسی کے بیان میں
۰	کتار	۱۲۷	زکام و ڈھوبک	زکام و ڈھوبک کے بیان میں
۴۳	گلانڈرس	۱۲۹	سیمبہ	سیمبہ کی بیماری کے بیان میں
۰	فارسی	۱۲۹	بیل	بیل کی بیماری کے بیان میں
۴۴	فیور	۱۳۳	تپ	تپ کی بیماری کے بیان میں
۴۵	نرب سسٹم	۱۳۴	بغیر خوں کے رگوں کے بیان میں	جو رگوں میں کہ خون نہیں آتا ہے انکا بیان
۰	نٹ نس	۱۳۵	چاندنی زدہ	چاندنی زدہ کی بیماری کے بیان میں
۴۶	کانسٹی ٹیوشنل آفتالیا	۱۳۶	آنکھ کے امراض	آنکھ کی کل بیماریوں کا بیان
۴۷	اسکن ڈزیز	۱۴۰	جلد کی بیماری	جلد کے اوپر جو بیماریاں ہوتی ہیں انکا بیان
۴۸	برساتی سور	۱۴۴	برساتی کی بیماری	برساتی کی بیماریوں کے بیان میں
۴۹	ہرٹ ڈیزیز	۱۴۵	دل کی بیماریاں	دل کی بیماریوں کے بیان میں
۲۶	[illegible]	۱۴۷	[illegible]	[illegible] اور غیر پسندی
۲۷				
۰				

داخلہ نمبر ۹۷۱۴
ورق نمبر ۳۳۵۰

HYDERABAD STATE LIBRARY

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شکر ہے خدا کا جسنے اپنی قدرت کاملہ سے ہژدہ ہزار خلقت کتین پیدا کیا اور انسان کو عقل سائی کے سبب حیوانات پر فوق رکھا اسلیئے مزاج دان اشقر و بیماری شناسان اس ہنر کو واسطے معالجہ پردازی گھوڑونکے خیال و ادراک احوال امراض گھوڑونکا ہیچ سرکے پڑا لہذا حسب الحکم جناب عالیشان جنرل ڈاکٹر لیام صاحب بہادر انسپکٹر وٹینری سرجن بمبئی پریسیڈنسی نیازمند کمترینے خان فریار میجر حسنت پونا ہارس نے سبق پہلا اور سبق دوسرا تسلیم روزمرہ واقع اسکول پونا موافق محاورہ اپنی زبان کے معہ تشریح بیماری و تفصیل ادویات ۱۸۷۶ء عیسوی مین قلم بند کیا اور نام اسکا ہدایت نامہ فریار رکھا ناظرین سے امید ہے کہ بجای خطا کے عطا فرمائین چنانچہ یہہ کام فریار اور سالوتری کا ہے

سبق پہلا

جس موافق صاحب بہادر نے بتلائے ہین وہ سب تحریر ہین اور بیان اسکا اسقدر ہے کہ سالوتری یا فریار نے اول گھوڑیکے مزاج سے واقف ہونا تو کسقدر سے واقف ہوگا اوسنے گھوڑیسے دوستی پیدا کرنا دن مین دو چار وقت اوسکے نزدیک جانا اور اوسکو پیار کرنا تو وہ سمجھیگا کہ میرا دوست ہے اور خوش ہوگا اور پاس جانے سے اوسکے مزاج سے آگاہ ہو جاؤگے بعض بعض گھوڑا ایسا ہوتا ہے کہ ایک آدمی سے جب ملاقات ہوجاتی ہے تو دوسرے کو نزدیک نہین آنے دیتا ہے یہہ بات امتحان کی ہے اسواسطے فریار یا سالوتری کو مناسب ہے کہ اسکام کا خیال رکھے اور کل کام کا بھی یہی دستور ہے کہ بغیر ہاتھ سے کئے یاد نہین ہوتا ہے اور جو شخص لکھکر رکھتا ہے تو وہ اسکو یاد نہین ہوتا ہے بلکہ بھول جاتا ہے اسواسطے یاد کرنا مناسب ہے بعضے شخص کہتے ہین کہ اپنے باپ کے وقت کی کتاب ہے اسمین نسخے بہت اچھے ہین دیدو جب اسکو دیا اور فائدہ نہوا تو اسکا یہہ باعث ہے کہ گھوڑے کے مزاج سے واقف نہین ہوئے اور بیماری کو نہین پہچانے بھلا وہ کیا فائدہ کریگا بلکہ نقصان ہوگا کوئی شخص کہتے ہین کہ گھڑیال بنانا اور آگ گاڑی کا کام کرنا کچھ مشکل نہین ہے لیکن جسکو یاد ہے اسکو کچھ مشکل نہین ہے اور جسکو یاد نہین اسکو مشکل ہے اسواسطے

ہرایک آدمی کو چاہیئے کہ اوّل مزاج سے واقف ہونا ضروری ہی گھوڑیکے جسم مین بہت چیزین ہین ہرایک جاننا چاہئے جب آدمی اپنے ہاتھہ سے کرتاہی تو اُسکو کل حال معلوم ہوتاہی اور فائدہ کرنیکا اُوپر بیان کیا گیا اُن سب سے فریارنسالوتری نے واقف ہونا ضرور ہی اور کوئی بیماری ایسی ہوتی ہی کہ خیال مین نہین آتی اُسکو بعد مرنے گھوڑیکے پیٹ چاک کرکر دیکھنا تو کُل حال معلوم ہوگا اور آگے کو بھی دریافت ہوگا جو فلانی بیماری سے گھوڑا مرا تھا یہہ نشان سب اُسی مُوافق ہین سو اُس نشان کو نظر مین رکھنا ضرور ہی اور فریار یا سالوتری یا ڈاکٹر کو سب سے اوّل یہ بند و بست کرنا ضرور ہی یعنے گھوڑے کو کوئی بیماری نہین آنے دینا اگر بند و بست برابر رکھّا تو بیماری کم آویگی چنانچہ اوسکا بند و بست اسقدر ہی جو دانہ اچھّا دینا خراب دانہ نہین دینا جیسا کہ سڑا ہوا یا اُسمین تین چار قسم کا دانہ مِلا ہوا ایسا دانہ نہین دینا اور اسکا بند و بست ضرور رکھنا اور گھانس بھی اچھّا دینا خراب گھانس نہین دینا جیسا کہ پانی سے بھیگا ہُوا یا سڑا ہُوا یا آٹھہ دس برس کا رکھّا ہُوا یا کچھہ پانی پڑنے سے خراب ہُوا ہو اسقدر دانہ یا گھانس ہو نہین دینا اور گھانس دو تین قِسم کا اچھّا ہوتا ہی وہ گھانس کِھلانا چاہئے اور دو تین ذات کا گھانس خراب ہوتا ہے چنانچہ کوسل یا زہر کے ہوتا ہی وہ نہین دینا اور پانی وقت پر پلانا پھر آدھے کلاک یا ایک کلاک کے بعد دانہ دینا اور رسّی اچھی لگانا اور تُوڑا اچھّا لگانا اور مُنہ تُٹرے اچھّے لگانا اور جھُول اچھی ہووے خراب نہ ہووے اور تھان برابر اور صاف کیا کرین کہین نیچا اُونچا نہو ہموار اور برابر ہووے اور پیشاب کی جگہہ ہمیشہ خشک رکھا کرین دانہ چارہ برابر وقت پر دیا کرین اور زیادہ کم نہ دیوین اور اگرچہ دانہ گھانس بڑہانیکا ہی تو رفتہ رفتہ بڑہانا اور یکدم زیادہ کھانیکو دیا تو اوس سے بیماری آویگی اسواسطے اُوسکا بند و بست رکھنا ضرور ہی اور اتنا بند و بست اگر رکھیگا تو پھر بیماری آوے تو اُسمین یک یا دو گھوڑے ضایع ہونگے یعنے مرینگے اور بند و بست برابر نہین ہی تو مین شاید دس بارہ گھوڑے نقصان ہونگے اِسمین یہہ معلوم ہونا چاہئے کہ فلانی رجمنٹ مین بند و بست اچھا ہی اور فلانی رجمنٹ مین بند و بست برابر نہین ہی اور فریار نسالوتریکو مُناسب ہے کہ ہریک گھوڑے کو خوب بر وقت مُلاحظہ کے نظر شناسی سے دیکھنا تاکہ کوئی بیماری ہووے تو جلدی خیال مین آوے اور جو کچھہ حرکت ہووے تو اپنے بڑے عملدار کو رپورٹ کرنا وہ جس مُوافق حکم دیوے اوس مُوافق کرنا

سبق دوسرا

جسم کے بناو اور اُسکے سامان وغیرہ کے بیانمین

گھوڑے کے جسم مین ہڈیان تین قِسم کی ہین اور یہہ بند و بست مانند یک عمارت کے ہی

جسقدر اللہ تعالیٰ نے آدمی کو بنایا ہڈی گوشت "ٹنڈن لگمنٹ نرب" یہہ سب ملاکے جسم بنا اِسی موافق اللہ تعالیٰ نے گھوڑونکو بنایا اور کل چیزان جو بیان ہوئے ہین وہ اسمین ہین ہڈیونکا نام "فلاٹ بون" یعنے چپٹی ہڈیان اور "لانگ بون" یعنے لمبی ہڈیان اور "ارگلر بون" یعنے چھوٹی اور گول ہڈی ہین اور اُنکا کام "فلاٹ بون" بھیجہ اور دل اور پھکنا ان سب کے بچاوکو اور "مثل" زیادہ سمانیکو ہے اور "لانگ بون" جسم کے اونچائی کے واسطے ہین اور "ارگلر بون" جسم مین بہت جگہہ ہین اور اِنکو مدد "ٹنڈن اور لگمنٹ" اور "مثل نرب" اور خون اِسکے ہے فقط تین چیزین ہین اسمین خون نہین ہے یعنے "نرب پکوس" اور پیٹ کے اُوپر کا "لگمنٹ" اور "مثل" سے کل کام چلتا ہے چلنا پھرنا اپنی رور سے چھوٹا ہوتا ہے اور لمبا ہوتا ہے اِسکے اندر باریک باریک تاگیکے موافق نسین ہین کوئی نظر غور سے دیکھیگا تو معلوم ہونگے اور "ٹنڈن" جو ہے تو "مثل" سے پیدا ہے اور ہڈیکو باندہتا ہے اور "لگمنٹ" ہڈی سے پیدا ہے اور ہڈی کو باندہتا ہے اور اِن سب کو مدد خون کی ہے اگر خون نہوگا تو یہہ سب بیکار ہوجاوینگے جسقدر یک جھاڑ بویا اور اُسکو پانی دیا تو وہ زیادہ ترقی پکڑتا ہے اگر پانی نہوگا تو جھاڑ خشک ہوجایگا یا کہ آگ مین لکڑی اور کوئیلا داخل کیا تو وہ قایم رہیگی اگر اُسمین لکڑی وغیرہ نداخل کروگے تو تھوڑی دیر مین وہ سب راک ہوکر اوڑجاویگی اِسیموافق جسم کا حال ہے اور اُسمین خون نہوگا تو جسم اور کل چیز اندر جسم کے جو ہے وہ سب خشک ہوکر مرجاوینگے یہہ بات یاد رکھنا اور خون کو زیادہ کرنیکا بند وبست ضرور ہے جیساکہ یک جگہہ پانی ہے اور اُسمین سے سب لوگ پانی خرچ کرتے ہین اور اگر اُسمین آمد پانی کی نہین ہے تو چند روز مین وہ سب خشک ہوجایگا اِسقدر خونکا بند وبست کرنا ضرور ہے کہ خون پیدا ہوتا ہے خوراک سے اچھی خوراک دینا اُسسے خون پیدا ہوتا ہے اور تمام جسم کو خوراک پہونچتا ہے تو ہریک اپنا اپنا کام جاری رکھتے ہین اور "مثل" کو حکم کرنیوالا "نرب" ہے یعنے حرام مغز چھوٹے بھیجے سے پیدا ہے اور وہان سے رسّی کے طور پر نکلا ہے گردن سے لگاکر آخر درجہ کمر کی ہڈی تک وہان موقوف ہوا بعد اُسمین سے باریک باریک نسین نکلی ہین اور وہ تمام جسم مین مثل "ٹیلی گراف" کے خبر لانا اور لیکر جانا یہہ کام اوسکا جاری ہے اگر کوئی چیز جسم کو کاٹے تو کچھہ حاجت نہین ہے نظر سے دیکھنے کی خودبخود معلوم ہوجاتا ہے "نرب" کے سبب سے آدمی یا گھوڑا مزا پاتا ہے سنتا خوشبو آتی ہے یہہ کل بات چیت اوسیکے باعث ہے اور جیساکہ "نرب" آیا اور "مثل" کو حکم دیا فلانے طرف پاؤن یا ہاتھہ لمبا کرو وہ بڑھاتا ہے اور بعد حکم آیا کہ تم یہان کھڑے ہوجاؤ تو اُسی وقت کھڑا ہوجاتا ہے تو اِسمین ایسا ہے کہ یک خبر لانے والا بھیجہ سے جسم کو اور دوسرا بھیجہ کو خبر لیکر جانے والا تمام جسم سے یہہ خیال رکھنا اور وہ جو رسّی کے طور بھیجہ سے نکلا ہے اُسکا نام "اسپین المیرل" ہے یعنے حرام مغز یاد رکھنا اور گردن کے شروع مسکے سے لگاکے اخیر درجہ کمر کی ہڈی تک تھوڑو رتبرج

یعنے پکّی اور اخیر ہڈی کمر سے لگاکے آخر ہڈی دُم تک وہ سب "فالس ورتبری" ہے یعنے کچّی اور اسی قدر نربس کی ہین جہانتک پسلی کے دونون مونہکو جوڑ ہین وہ سب "ٹھورسک ورتبری" ہے اور جسکے یک مونہکو جوڑ ہے وہ فالس ورتبری ہے یاد رکھنا گردن کے سات منکے ہین اُوسکا نام "سرویکل ورتبری" ہے اور وہانسے آخر درجہ پیٹ کی ہڈی تک "ڈارسل ورتبری" ہے اُسمین اٹھارہ ۱۸ ہڈیان ہین اور وہانسے "لمبر ورتبری" یعنے کمر کی پانچ ۵ یا چھہ ۶ ہڈیان ہین بعد "سکرم" یعنے پیٹھے کے ہڈیان پانچ ۵ ہین بعد وہان سے دُم کے تیرا ۱۳ یا پندرہ ۱۵ یا اُنیس ۱۹ ہڈیان ہوتے ہین اور دُم کے ہڈیون کو کہ نام اُسکا "کسس" ہے یاد رکھنا جسم کے بیچ مین بہت سارے "جوئنٹ" ہین لیکن یہان جو کام کے ہین وہ بیان کیا ہے "بال جوئنٹ" یعنے جوڑ "بال ساکٹ جوئنٹ" یعنے چوطرف پھرتا ہے وہ جوڑ کا نام جیسا کہ "اتاس" یعنے گردن کا جوڑ اور "شولڈر جوئنٹ" یعنے پُہرکا جوڑ اور "ہپ جوئنٹ" یعنے کولہا جوڑ اور دوسرا "ہنس جوئنٹ" یہہ فقط سامنے کو کھلتا ہے بازو کو اِدھر اُودھر نہین کھلتا مانند جا گرہکے ہے اور ایک جوڑ جسمین ہے وہ ملیا ناسرا "اوز سیکرم" یعنے پیٹھے کی ہڈیان اور "زپلوسس" یہہ تین چیزین ہین ان ہڈیون کی یہہ خاصیت ہے کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو یہہ جو مذکور کیا گیا وہ ہڈیان الگ الگ ہوتے ہین اور جسقدر عمر زیادہ ہوتی ہے اُوسی مُوافق وہ ملتے جاتے ہین یہہ بات ضرور یاد رکھنا چاہئے

سبق [illegible]

ہڈی کو خوراک پہونچانیکے بابمین

گھوڑے کے جسم مین جو ہڈیان ہین اُنکو خوراک کسقدر ملتی ہے اوسکا حال یہہ ہے کہ اندر ہڈیکے نرب ہے اور خون کی نسین ہین اور نلی کے بیچ مین باریک باریک سوراخ ہین وہ بغیر دوربین کے معلوم نہین ہوتے اور اندر باریک باریک پردے ہوتے ہین اور ہڈیون مین دو جگہہ سوراخ معلوم ہوتے ہین یعنے دونون سرون کی طرف اور اوپر ان ہڈیون کے ایک چمڑا رہتا ہے اُوسکا نام "پیری آسٹیم" ہے اور بعض لوگ اسکو ہڈیکا چمڑا بولتے ہین یہہ بہت سخت ہوتا ہے اور ہڈی مین کچھہ بھی صدمہ آوے تو اس چمڑے کے باعث سے نہایت پاتے کبھی کبھی ہڈی مین جو کچھہ ہوتا ہے تو اسی چمڑیکے باعث ہڈی جگہہ پر رہتی ہے سرکنے نہین پاتی ہے اور کوئی بھی ہڈی کے اندر سے نئی ہڈی پیدا ہوئی تو اس چمڑیکے نیچے سے نمود ہوتی ہے اور باریک باریک جوڑ بین ہین وہ تمام جسم مین ہڈیکی منزلگت یعنے کل چیز کو خوراک پہونچاتے ہین اسباب مین یک امتحان کیا گیا ہے کہ مدار قسم گھانس کے ہوتا ہے اکثر اونٹ کھاتا ہے اور جب گھوڑا یا اور کوئی جانور کھاوے تو اُسکے خون مین زیادہ سُرخی آتی ہے اور ہڈیان مین بھی سُرخی ہوتی ہے اسپر سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگر خون ہڈیون مین نہ دیا جاتا تو اُسکے

اندر سُرخی کیونکر آتی ہے اور تمام جسم مین اِسی قدر خون روان ہے فقط کچھ تھوڑی جگھہ مین اُسمین خُون نہین ہے اور اُسکا بیان دوسری سبق مین ہو چکا ہے اور ہڈیون مین دو قسم ہین اُوسکا مطلب یہہ ہے کہ اچھی ذاتکا گھوڑا جیسا کہ عرب کا ہے اُوسکی کُل ہڈیان بہت پختہ اور سخت ہوتی ہین اور کم ذات والے گھوڑے کی ہڈیان اِسقدر ہوتی ہین کہ بڑی ہڈیان دیکھنے مین نظر آتی ہین اور وہ وزن مین ہلکی ہوتی ہین اور رنگ اوسکا تھوڑا پیلا معلوم ہوتا ہے اور پائداری مین دوسرے کی نسبت کم ہے اور عرب کا گھوڑا بہت برس نوکری کریگا اور رنگ اوسکا سفید ہوتا ہے اور وزندار و پائداری مین زیادہ مثل ہاتھی دانت کے ہوتی ہین اور کم ذات والا گھوڑا تھوڑے برس نوکری کریگا بعد ہاتھہ پاؤن بگڑ جاوینگے اور بیماری پیدا ہوگی تو اچھی ذات والے گھوڑیکی ہڈی مین کم آتی ہے اور خراب ذات والے گھوڑیکے ہڈی مین زیادہ آتی ہے یاد رکھنا جب گھوڑا نوکری کے واسطے خرید کرنیکا ہے تو اوسکو اِسقدر دیکھنا ہاتھہ اور پاؤن خُوب مضبوط ہون اور نیچے اُوپر کی نلی یعنے کیانن بون نہہ چھوٹی ہوے اور چورس ہو کوئی ہڈی مین بیماری نہو اور گھوڑا قد مین بہت اونچا نہ بہت چھوٹا مُوافق ہوا اور پہرے مین سے بڑا ہو ایسا گھوڑا نوکری کے واسطے خرید کرنا اور بعض گھوڑا اُونچا ہے اور اوسکی نلی باریک ہے نِشلک یعنے مُنہہ کے پاس چوڑی ہو اور گھٹنے کے نیچے باریک ہے اور چارون پاؤن اسیقدر ہین پچھلا پاؤن خم دار ہین اور سُم اچھا نہین ہے تو اُس گھوڑیکو نوکری کے واسطے نہین لینا اور تمام جوڑ مین تیل ہوتا ہے اگر اوسمین گھوڑیکو کچھہ بیماری آئی تو وہ تیل خشک ہو جاتا ہے اور ہڈی گھستی ہے اور جوڑ کے منہہ پر ایا ٹاپہ یعنے کچی ہڈی وہ مثل یک گادی کے موافق ہے اگر وہ نہو تو ہڈی کا سر جلدی گھسکر نقصان ہو جائیگا اور اِس تیل کا نام زبان انگریزی مین سنوبیا ہے اور جوئنٹ آئل بھی کہتے ہین اور جوئنٹ مین بیماری جو آتی ہے باعث انفلیمیشن کے اوسمین کا تیل کم ہو جاتا ہے اور ہڈی مین نقصان آتا ہے اور اندر ہڈی کے درد ہوتا ہے تو زیادہ تکلیف ہوتی ہے اوسکا باعث یہہ ہے کہ اندر انفلیمیشن آتا ہے اور وہان جگھہ تنگ ہے مثل یک صندوق کے ہے کشادگی نہین ہے اور نرب ذبیجا تا ہے تو باعث تکلیف کے زیادہ درد ہوتا ہے اور جسم مین کوئی بھی جگھہ پر درد ہے تو ہڈی کے مُوافق اُوسمین تکلیف نہین ہوتی کیا باعث کہ خون کو پھیلنے جگہہ بہت ہے اور بعض وقت ایسا ہوتا ہے کہ نلی کاٹنے کا کام پڑتا ہے تو درد معلوم نہین ہوتا اُوسکا باعث یہہ ہے کہ نرب اندر ہے اور نلی کو کاٹے تو درد نہین معلوم ہونیکا سبب یہہ ہے جب اُس جگھہ انفلیمیشن آتا ہے تو درد معلوم ہوتا ہے اور جسم کو تکلیف کا یہہ باعث ہے کہ نرب اوپر ہے اوسیوقت بھیجہ کو خبر دیتا ہے اسواسطے جلدی تکلیف معلوم ہوتی ہے یاد رکھنا فقط

سبق چوتھا

دانتونکا شروع سے آخر تک کل بیان تحریر ہی

گھوڑیکے دانت کا بیان اِس طور پر ہی کہ دانت مین اور ہڈی مین فرق ہی اور دانت مین تین چیزین ہین درجہ اوّل مین "انمیل" یعنے سُفید رنگ کا ہوتا ہی اور اُسمین چمک ہوتی ہی اور سب مین سخت ہوتا ہی اور دانت کے چوطرف ہوتا ہی اور کچھ حصہ اندر دانت کے ہوتا ہی اور وہ بطور گڑھیکے ظاہر نظر آتا ہی بعضے لوگ اُوسکو دانت کا موہ کہتے ہین اور دوسری چیز "آیوری" ہی اِسکا سفید رنگ ہوتا ہی جیسا کہ ہاتھی دانت کے بطور ہوتا ہی اور وہ تھوڑا نرم ہی اور "سمنت" یہہ تیسری چیز ہی "سمنت" جو ہی وہ پیلا رنگ کا ہوتا ہی مثل سریس کے اور اوسکی خاصیت یہہ ہی کہ مُوافق گوند کے جمع ہوتا ہی اور سامنے کے دانت کو "کٹش ٹیٹ" کہتے ہین اور دوسرا نام "نیپ رز" مثل چمٹے کے پکڑتا ہی اور ڈیمش کو "ٹش" کہتے ہین اور داڑھ کو "ملاٹیٹ" کہتے ہین اور دوسرا نام "گرانڈز" یعنے دانا دلنے والی مثل چکّی کے اور دانت مین اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت رکھا ہی کہ آدمی کے واسطے چکّی بنایا ہی اور آٹا اوسمین پیسا جاتا ہی تین یا چار ماہ مین اُسکو ایک آنہ کے پیسے دینا اور نکاسکے آٹا پینا جب روٹی کھانیکو مُیسر آتی ہی اور دانتون مین یہہ قدرت رکھا ہی کہ اوسمین خود بخود دیکھی ہی کچھ حاجت نہین تب نکاریکی اوسمین یہہ قدرت ہی اوس مالک پروردگار نے رکھا ہی کہ وہ "انیمل" جو ہی وہ [illegible] اور "آیوری" زیادہ گھستا ہی اِس سبب سے اوسمین خود نشان ہوجاتے ہین زینہ بزینہ دانت کی تحریر آتی ہی اور کُل پیر جو کھاتا ہی وہ باریک ہوجاتی ہی گھوڑیکا بچہ پیدا ہوتا ہی تو اُوسکے مُنہ مین دو دانت اُوپر کے اور دو دانت نیچے کے ہوتے ہین بعضے کے پیدا ہونے کے ساتھ ہوتے ہین اور بعضے کے دس یا پندرہ روز مین نکلتے ہین اور اُوسکے بازو کے دانت دو یا ڈیڑہ ماہ مین نکلتے ہین اور اُسی قدر اُوسکے بازو کے دانت نکلکر ایک برس مین پورے ہوجاتے ہین اوپر کے پیچھے اور نیچے کے پیچھے جملہ بارہ اور اُنکے ساتھ داڑھین نکلتی ہین ایک جوڑ سامنے کے دانت کے ساتھ ایک جوڑ سیدھے طرف کا اور دوسرا جوڑ بائین طرف کا نکلتا ہی یعنے بارہ داڑھین اور بارہ دانت نکلتے ہین جملہ جوڑ بارہ ایک نام دودھ کے دانت اِنکے واسطے انگریزی مین یہہ نام "ملک ٹیتھ" یعنے دودھ کے دانت اور وہ چند روز مین گرجاتے ہین اور اُنکے بدل مین پکّے دانت آتے ہین تو ان دانتونکے بدل ہونے تو پیچھے جوڑ داڑھین اور نکلتی ہین پکّی اور نکلنے کا بیان پکّا دانت نکلتے ہین اور اُنکے واسطے انگریزیکا ایک لفظ دیا ہی "ٹیمپرری ٹیتھ" یعنے بدل کرنیوالا اور وہ دانت گرتے

ہمیشہ قایم رہینگے اُنکو یک لفظ دیا ہے "پرمننٹ ٹیٹ" اور دودہ کے دانت کی پہچان اسقدر ہے
کہ بچہ کے دانت سفید ہوتے ہین اور اُوپر کے رُخ یعنے طرف مُنہہ کے چوڑے اور جڑ مین باریک اور
اُوسمین "اینمل" ہوتا ہے اور چمک زیادہ ہوتی ہے دوسرے دانت کے اُوپر لکیر ہوتی ہے اور دودہ کے
دانت پر لکیر نہین ہوتی یاد رکھنا عمر کے دریافت کرنیکا اور دانتونکا بدل کے بیان مین جب گھوڑیکے بچہ کی
سوا دو برس کی عمر ہوئی تو اُسکے مسوڑے پھولتے ہین یعنے "انفلیمشن" آتا ہے اسقدر اوّل درجہ کی
داڑہین بھی آتا ہے اڑہائی برس مین دو جوڑ دانت سامنے کے نیچے اُوپر کے اور یک جوڑ داڑ نمبر پہلا
اور نمبر پہلا بیان یہہ کرتے ہین اور اُوسکی جگھہ پر پکّے دانت نمود ہوتے ہین جب برابر
دوسرے دانتون کی قطار مین آتئے تو عمر مین تین برس کا ہوا اور اُوسکو زبان ہند مین دو
کہتے ہین اور اِنکے بازو پر کے جوڑیان دوسرے سوا تین برس مین مسوڑے پھولنا شروع ہوتے ہین
اور ساڑہے تین برس مین گر کر پکّے دانت نمود ہوتے ہین چار برس مین دوسرے دانتونکے برابر قطار
مین آتے ہین اُوسکو چار برس کا بولتے ہین اور اِسیقدر اِسکے بازو کے جوڑیان سوا چار برس مین مسوڑے
پھولکے ساڑہے چار برس مین گرتے ہین اور اُنکی جگھہ پکّے دانت نمود ہوتے ہین جب برابر دوسرے
دانتونکی قطار مین ملے تو عمر مین پانچ برس کا ہوا اور یہہ چھے جوڑ داڑون کے بعد آخر نمبر کے پچھلے جوڑ
داڑہین یعنے اُوپر جن جوڑیونکا بیان ہوا اُنکے ساتھہ اِن داڑونکی بھی یک جوڑ نمود ہوتے ہین اور
نیش کا پکّا کچھہ بھروسا نہین ہے بعضے وقت ساڑہے تین برس مین اور بعضے وقت چار برس مین یا
ساڑہے چار برس مین آخر درجہ پانچ برس تک نکل آتا ہے اور بعضے گھوڑیکا نیش نہین نکلتا کیا سبب کہ
اُوسکو بچپن مین اخلط کیا گیا اس سبب سے اور نیش جب پیدا ہوتا ہے تو دانت کی طرف ملا ہوا اور
رُخ اُوسکا دانت کی طرف اور اندر کی طرف دو گڑہے ہوتے ہین مثل ناب کے اور بیچ مین یک لکیر ہوتی
ہے اور جسقدر گھوڑے کی عمر زیادہ ہوتی جاویگی اُسیقدر نیش اور دانت مین تفاوت ہوتا ہی جائیگا اور
نیش مین سیدہا پن آویگا پانچ برس والے گھوڑیکا منہہ مانند گھوڑیکے ہوتا ہے۔ پکّے دانتونکا اور عمر دریافت
کرنیکا بیان۔ جب گھوڑیکے سامنے کے دانتونکی سیاہی یعنے نیچے کے جبڑیکے بیچ کے دو دانت کی سیاہی
نکل جاوے تو اُوسکو چھہ برس کا بولتے ہین اور اُوسکے بازو کے دوسرے دانت کی سیاہی نکلجاوے تو
اُوسکو سات برس کا بولتے ہین اور اُنکے جو بازو کے دانت کی سیاہی نکلجاوے تو اُوسکو آٹھہ برس کا
بولتے ہین لیکن جب سامنے کے دانتونکی سیاہی نکلتی ہے تو اُوسکے ساتھہ اُنکے بازو کے بھی دانتونکی
تھوڑی سیاہی جاتی ہے یاد رکھنا اور "سیاہی" کا مطلب یہہ ہے کہ درمیان دانت کے جو گڑہہ ہوتا ہے
وہ گھسکر برابر ہو جاوے اور اندر سیاہی نرہے یعنے گڑہہ ہے تو سیاہی ہے اور اگر گڑہہ نہین ہے تو
سیاہی بھی نہین ہے جب وہ گھسکر برابر ہوا اور اندر اُوسکے "اینمل" نہین رہا اور تھوڑا اُوپری نظر آوے

وہ برابر ہے کہ سیاہی نکل گئی اور ایوری دانت کے درمیان دو جگہہ ہوتا ہے ایک تو اینمل کے جڑ مین اور ایک سگن ماک کے جڑ مین ہے اور باہر کو ہوتا ہے اور بعضے لوگ کہتے ہین کہ اندر کا گڑہ بھر جاتا ہے تو یہہ بات برابر نہین ہے البتہ گھس کر برابر ہو جاتا ہے او سگن ماک مین ایوری زیادہ ہوتا ہے اور ایک عرصہ مین وہ ٹوکل ہے سو بھر جاتا ہے یہہ بات برابر ہے اور گھوڑیکی عمر آٹھہ برس تک خوب بتائی جاتی ہے اور بعد آٹھہ برس کے شمار سے بتانا پڑتا ہے اور بعضے شخص جو رات دن گھوڑون مین رہتے ہین بر وقت دریافت عمر کے وہ اپ بتا وینگے کہ شاید چھہ ماہ کا فرق ہوگا اور جو نہین جانتے تو وہ بہت چوک کرینگے اور عمر دریافت کرنے کو محنت کرنا چاہئے اور برابر بتانا نہین تو اسمین بہت چوک ہولی اور جب آٹھہ برس کا گھوڑا ہوا اور دانت مین کی سیاہی جاتی رہی اور دلال لوگون نے انمین سیاہی بھری اور گھوڑا پسند کر نیکو لیکر آئے تو اسکو اسقدر سے دریافت کرنا کہ وہ دانتون کے اندر گڑہ گول ہوگا او اندر سیاہی جہان ہوگی وہان اینمل نہین ہوگا اور دانت سیدھے ہونگے اور گھوڑا منہہ کو ہاتھہ لگانے نہین دیگا اور یہہ بات اول معلوم ہوگی کہ اس گھوڑے مین کچھہ حرکت ہے کیا سبب منہہ کو ہاتھہ لگانے نہین دیتا بعد دانت کھولکر دیکھنا تو اوپر جو نشان بیان کیا وہ معلوم ہوینگے اس پر سے جاننا چاہئے کہ دلال نے دانت بنایا اور بعضے وقت یہہ دیکھنا ضرور ہے کہ آنکھ کے اوپر ایک گڑہ ہوتا ہے اور بعضے وقت جوان گھوڑیکو بھی ہوتا ہے اسکا سبب یہہ ہے کہ اگر جوان گھوڑیکو یہہ گڑہ ہوئے تو جاننا چاہئے کہ مان یا باپ دونون مین سے کوئی بھی ایک بوڑہا ہے اور بوڑھے گھوڑیکا یہہ نشان ہے کہ دانت سیدھے ہوتے ہین اور سیاہی بالکل نہین ہوتی اور نیشش گول اور گٹھل ہوتے ہین اور دانتونکے درمیان مین تفاوت ہو جاتا ہے اور آنکھہ کے اوپر گڑہ ہو جاتا ہے اور چہرہ پہہ بوڑہاپن معلوم ہوتا ہے اور سگن ماک مین جو گڑہ ہوتا ہے اوسمین خون کی نس اور ترب ایہہ بھی دونون ہوتے ہین اور درد ہوتا ہے اوسکا سبب یہہ ہے کہ اندر کوئی سبب سے "انفلیمشن" آتا ہے اور نرب کو دباتا ہے اسواسطے درد معلوم ہوتا ہے اور کبھی لات لگتی ہے اسکے سبب اور اکثر گھوڑیکے بچے کے دانت مین درد ہوتا ہے وہ سبب یہہ ہے کہ دانت بدل کرتا ہے اوسوقت اور بعضے وقت اوسکے باعث بخار بھی آتا ہے اور آدمی کے بچہ مین بھی یہہ بات ہوتی ہے کہ بخار آتا ہے اور دست ہوتے ہین اور گھوڑیکو بخار آتا ہے اور دانہ چارہ کم کھاتا ہے اور سست کمزور رہتا ہے اور دوسری قسم دانتونمین یہہ ہے کہ "شیل ٹیٹ" یعنے اسمین یہہ فرق ہے کہ اندر دانت کے گڑہ نہین ہوتا ہے اور اندر کا بازو کم ہوتا ہے اور سامنے کا بازو لمبا ہوتا ہے درمیانی مین درجہ بدرجہ ہوتے ہین اور اوسکی عمر دریافت کرنیکو مشکل ہے بغور دیکھا چاہئے اور اس کام مین آدمی نے عقل سے کام کرنا ضرور ہے یاد رکھنا فقط

سبق پانچوان

دانت کے اندر جو حرکت آتی ہے اور نقصان ہوتا ہے

اور ایک قسم کے دانتون مین اسکا بیان یہہ ہے "پیرٹ موت" یعنے توتے دہان اوس گھوڑیکو کھانا وغیرہ تھان پر ملا تو برابر رہیگا نہین تو بھوکا مریگا کیا سبب کہ اوسکے دانت آگےکو مین مانند توتے کی چونچ کے گھانس دانت سے برابر لیا نہین جاتا یعنے زمین سے چگا نہین جاویگا بر تقدیر گھانس اونچا ہے تو شاید کھاویگا اور بعضے گھوڑیکے منہہ مین کبھی دودہ کا دانت رہجاتا ہے اور اسکی جگہہ پر دوسرا دانت یعنے پکا دانت اپنی جگہہ پر نہین نکلتا ہے بازو کو نکلتا ہے دودہ کا دانت دوسرے دانتونکے درمیان اٹککر رہجاتا ہے اور بعضے لوگ زیادہ عمرکے گھوڑے کو اُس دانت کے باعث بچہ گھوڑا تصور کرتے ہین لیکن اسبات کا خیال رکھنا چاہیے کہ جو عمر ہوی وہ بتانا اور اُس دودہ کے دانت کو نکال ڈالنا اور بعضے گھوڑیکے داڑین زیادہ ہوتے ہین یعنے اُنکی کورین زیادہ ہوجاتے ہین اندر کے ہون خواہ باہر کے ہون اُسکو "ٹوٹ ریس" لیکر گھسنا یعنے دانتونکی کانس اور آہستہ آہستہ سے گھسنا اور اگر زور سے ہاتھ جاویگا تو زخم ہوگا اسواسطے ہلکے ہاتھ سے رگڑنا اور اُسکے نشان اِسقدر ہین کہ گھوڑا دانہ چارہ برابر نہین کھاویگا اور منہہ مین سے کف جاری ہوتا ہے اور گھانس کھاویگا تو اوگل دیتا ہے اوسکا نام "کوڈن" ہے اور یہہ نشان دوسری بیماری مین بھی آتے ہین جیسے دانت ٹوٹ جاوے یا اندر منہہ کے زخم ہووے یا دانت مین "کراک" یعنے تڑقہ ہوا ہووے یہہ سبب جن مین حرکت آتی ہے اور مزاج گھوڑیکا اِسطور پر ہوگا کہ گھوڑا سست کھڑا ہوگا دانہ چارہ برابر نہین کھاویگا اور دن بدن لاغر ہوتا جاویگا منہہ مین سے باس آویگی جب برابر معلوم ہوجاویتو اندر منہہ کے گرہ ڈالکر دیکھنا تو کل حال معلوم ہوگا اور اندر جب ہاتھ ڈالوگے تو دانتونکے چو طرف ہاتھ پھیرا کر دیکھنا کیا سبب کہ کوئی چیز اندر اٹک جاویگی تو اوسکے سبب ہاتھ کو معلوم ہوگی اور اکثر کتے کے دانت مین ہڈی اٹک جاتی ہے اور وہ دیوانہ کے طور پر پھرتا ہے تو لوگ کہتے ہین کہ یہہ کتا دیوانہ ہوگیا اُسکو گولی بھر کے مار ڈالو یہہ بات ضرور یاد رکھنا اور اُسکو دریافت کروگے تو شاید اندر اُوسکے کچھہ اٹک گیا ہوگا تو معلوم ہوگا اور اُسکو نکالکر بعد کھانا نرم دینا اور وہان زخم ہوگا تو اُوسکو دوا لگانا "ٹھنڈا لوشن" یعنے عالم "لوشن" یا "نار ریلک اسڈ لوشن" یہہ دوا لگانا یا "کلورائی زنگ لوشن" لگانا مگر منہہ کے زخم کے واسطے دو یا تین ڈرام دوا ایک باٹلی پانی کے ہمراہ بناکے لگانا اور اندر کوئی داڑ یا دانت ٹوٹکے رہجاوے تو اُسکو نکالنا اور اوپر بیان کیا

وہ دوا بناکے لگانا اور دانت کے اندر سوراخ ہوا تو گیرچا لگانا وہ مثل سریس کے ہوتا ہے اوسکو ایسا
بناکے لگانا کہ گول ہووے تاکہ اندر سما جاوے اور اوسکے لگانے کے باعث کوئی چیز اندر جا نہین سکتی
نہین تو اندر دانا یا گھانس کا پرچہ کچھ بھی اٹک جاتا ہے جب یہہ لگایا تو اندر کچھ جا نہین سکتا اور اگر
مُنہہ مین بہت زخم ہوا ہو تو اوسکو کھانا دینے سے نقصان ہوگا نہین دینا بطور کانجی کے بناکے دینا اکثر
ایسا دیکھنے مین آیا ہے کہ پندرہ روز یا ایک مہینا گھانس دانا کچھ نہ دیا تو گھوڑا مرتا نہین ہے اور اسی
کی کانجی بہت اچھی ہوتی ہے وہ دینا اور دواڑ بڑی ہونیکا حال اوّل بیان کیا ہے اگر اوپر کے جبڑے مین
حرکت ہے تو اُسکو باہر کی کور گھسنا اور نیچے کے جبڑے مین اگر ہے تو اُسکے اندر کی کور گھسنا اور یہہ سبب
اسواسطے ہے کہ اوپر کا جبڑا بڑا ہوتا ہے اور نیچے کا جبڑا چھوٹا ہوتا ہے اور اگر ایک ساہی دانت بڑا ہوا
تو اُوسکو کاٹکر نکال لنا اور لگام کے سبب سے یا اور کوئی سبب سے زخم ہو تو اوسکا بند وبست اوّل
بیان کیا گیا ہے وہ بند وبست یہہ ہے کہ کھانا نرم دینا اور دوا اُوپر بیان کیا گیا ہے دوسری قسم
قسم پر لگانا اور داڑ مین زخم ہوتی ہے تو باعث چوٹ کے یا دانے مین کنکر کھانے مین آوے تو اُسکے
باعث یا لات لگے اوسکے باعث اِن حرکتون کے سبب اندر پیپ پڑجاوے تو اندر سے پیپ کو رستہ
نہین ہے نکلنے کو تو وہ ناک کے رستے سے باہر آتا ہے جب تمکو اِسقدر معلوم ہوا تو دریافت کرنا اگر
دانت مین حرکت آگئی ہے تو نکل سکتا ہے تو نکال لنا اور نہین تو پیپ نکلنے کو رستہ بنانا گال کی ہڈی مین
اُوپر سوراخ بنانا اور اُسکو پچکاری سے صاف کرنا اور خشک کرنے کی دوا لگانا جو اُوپر مذکور کیا گیا ہے
وہ لگانا اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اندر ہڈی ٹوٹکر باریک کرچ رہجاتی ہے تو اُسکو نکال لنا اور دوا لگانا اگر اُسمین
کچھ حصہ باقی رہجاوے تو اُوسکے سبب سے زخم کبھی اچھا نہین ہوگا کیا سبب کہ اندر ہڈی کے کرچ ہے
اسواسطے زخم اچھا نہین ہوتا اور بروقت نکالنے کے حفاظت سے نکال لنا نہین تو زور سے نکالے تو
بعضے وقت "توبچا" یعنے نیچیکا جبڑا اُوسمین پر کچھ ہوجاتا ہے اُوسکو مار لگے یا گھوڑا کاٹ کھاوے اِس
سبب سے ہڈی توٹ جاتی ہے اُوسکو "کچھ" بولتے ہین اور نشان اُوسکے خود ظاہر ہین علاج اُسکا
اسقدر کرنا کہ تابنا یا پیتل یا چاندی کا تار ہو اُوسسے باندھنا لیکن سب مین اچھا چاندیکا تار ہے اگر اور کوئی
جاے کے اوپر تار نہ ملے تو کپڑے کی "باندش" سے باندھنا چاہئے مگر "باندش" ایک یا دو دن کفایت کرتا ہے زیادہ
دن رہ نہین سکتا اور کھانے پینیکا بند وبست اُوپر بیان کیا گیا ہے اُسمواقف کرنا کل چیز نرم دینا اچھا ہوگا

سبق چھٹا

اِنفلیمیشن کے بیان مین

"انفلیمیشن" یعنے پک، جایکا نام ہے جس جاسے پر خون جمع ہو اُسکو کہتے ہین اسکے سبب [illegible]

بھی ہوتا ہے اور فائدہ بھی ہوتا ہے نقصان وہ کہ اندر جگہہ جسم مین یا پوشیدہ جگہہ ہو اور نظر سے
غایب رہے تو اُس سے البتہ نقصان ہوتا ہے یعنے ہڈی مین اور کل چیز کو فائدہ وہ ہے کہ اور کوئی
جگہہ پر ہو یا لاتا ہو تو اُسکے باعث فائدہ ہوتا ہے اور اکثر "انفلیمشن" سے کام پڑتا ہے اور بہت کرکے
اُسکے باعث زخم کو فائدہ ہوتا ہے اور جلدی انگور بھر کر آتا ہے اور زخم اچھا ہوتا ہے اسواسطے
اُوپر کا فائدہ ہے اُسکو ضرور دریافت کرنا اور اُسکا مطلب یہہ ہے کہ خون جمع ہوتا ہے نسوئین
اور رگ نسین مین ذات کے ہوتے ہین یک تو "وین" دوسرے "آرٹری" تیسرے "کیپلری وسل"
یعنے بال سکے موافق ہوتی ہے مگر بال نظر سے دکھتا ہے اور اُسکو دیکھنا تو دوربین سے دیکھنا بغیر
دوربین کے نظر نہین آتے ہین اور وجوہ یک ہین "انفلیمشن" کے نشان اِسقدر ہین ورم ہوتا ہے اُسمین خون جمع
ہوتا ہے دوسرے یہ مین نہین ہوتا اور جگہہ سُرخ ہوتی ہے اور ہاتھ سے دباؤ تو درد ہوتا ہے اور اُسکے کام مین حرکت
آتی ہے یہہ پانچ نشان ہین یاد رکھنا اور جہان "انفلیمشن" آتا ہے وہان خون جمع ہوتا ہے یعنے وہ باریک نسوئین جو کیپلری
وسل ہین اُسمین خون خوب بھر جاتا ہے تو وہ پھول جاتی ہین کیا سبب کہ اُسمین خون زیادہ بھر جاتا ہے جیسا کہ یک
تھیلے مین دانے بھرتے ہین اور وہ پھول جاتا ہے اُسموافق وہ نسین پھولتی ہین اور اُسمین سے تھوڑا لہو حصہ یانے
یعنے سیرم مانند یک کوزہ مین پانی بھرتا ہے اُسیموافق وہ نسوئین سے بھرتا ہے اور وہ جگہہ جگہہ جمع ہوتا ہے
اور جو ایسا ہوتا ہے یہہ بعضے وقت نمود ہوتا ہے اکثر نہین اور وہ نمود ہوتا ہے تو اوسکی شناخت
اسقدر ہے کہ جم جاتا ہے سخت ہوتا ہے اور اوسمین تھوڑا پانی اور تھوڑا خون رہتا ہے یاد رکھنا
اور جو گھوڑا کہ تیار ہے "انفلیمشن" آنیکو اُسکے یہہ سبب ہے دریافت کرنے کے وقت سوداگر لوگون کے
یہان گھوڑا زیادہ تیار ہوتا ہے کچھہ اور محنت اوس سے کوئی نہین لیتا ہے اوسمین خون بہت بھرا
ہوا ہوتا ہے اُس سے کچھہ کام تیز لیا تو اوسیوقت اُوسمین "انفلیمشن" آویگا اور برابر تیار وہ گھوڑا ہے کچھہ
بھی بہانہ ہُوا تو اُسیوقت اُوسمین حرکت آویگی اور دوسرا سبب یہہ ہے کہ ہوا برخلاف چلنے
پورب کی اُوسکے سبب سے آتا ہے یا کہ موسم بدل ہونے کے سبب سے آتا ہے اُوسکو یک نام انگریزی کا دیا ہے
"پریڈس پوزنگ کاز" یعنے پیدایش اُوسکی دوسرا سبب کہ سات ہین وہ جیسا کہ مار لگے یا کم زور ہے
اور محنت زیادہ لی گئی ہو یا لات لگے یا بڑا زور پڑے یا آگ سے جلا ہو یا پلاسٹر مارا ہو یا سردی کے
سبب سے یا گرم زیادہ ہوا ہو یا جوشش پانی ڈالدیا ہو جسم پر یہہ سبب پیدا ہو سبب پیدایش کے
ہین یعنے اِنکے سبب پیدا ہوتا ہے اِنکو خوب یاد رکھنا ضرور ہے اِسکو یک نام انگریزی کا دیا ہے "یکسائٹن
کاز" ان سبھو نے واقف ہو کر دوسرے گھوڑونکو سنبھالنا اور اندر "انفلیمشن" جو آتا ہے تو اوسکے نشان ظاہر
ہین معلوم ہونا مشکل ہے کیا سبب کہ جو شخص دن اور رات اُسکام مین رہیگا تو وہ البتہ سبکو دریافت
کریگا اور جو کوئی شخص کچھہ نہین جانتا ہے تو اوسنے ایسا کرنا کہ اندر "انفلیمشن" کے یعنے ہاتھ اندر سا ...

ڈالنا اور دیکھنا اگر ہاتھہ گرم معلوم ہوئے تو جاننا چاہیے کہ اندر "انفلیشن" آیا ہے اگر اس سے بھی معلوم نہو تو بعد "ڈگری" یعنے یک ماپ ہوتا ہے اوسکا کام یہہ ہے کہ جہان کہین گرمی یا سردی معلوم نہو تو اوس کی معرفت سے معلوم ہوتی ہے اوسکو اندر ساغریکے ڈالنا تو اوسکا کل حال معلوم ہوگا اور اچھا مزاج ہے تو یک سو ڈگریکا نمبر آتا ہے اور اگر مزاج مین کچھہ حرکت ہے یا زیادہ کم ہوتا ہے تو ڈگریکا نمبر کم زیادہ ہوتا ہے دو یا تین اسکو ضرور یاد رکھنا چاہیئے اور بعضے جگہہ "ڈگریکا" کام نہین پڑتا ہے اور جگہہ پوشیدہ ہوتی ہے جیسا کہ سُم یا اور جسم مین اندر گوشت کے معلوم نہین ہوتا تو اوسکو چلاکے دیکھنا تو اوسکی چال پر لنگڑا پنا معلوم ہوگا یا اندر گوشت کے ہے تو چند روز سے اُس جگہہ پیپ پڑکے پھوٹیگی تب معلوم ہوگا اور بعضے وقت اندر ناک کے "انفلیمیشن" آتا ہے باعث سردی یا "گلانڈس" کے اوسکے نشان اسقدر ہین کہ اندر ناکے پانی رہتا ہے وہ پانی خشک ہوجاتا ہے یا پانی اسقدر ہوتا ہے کہ جسقدر شبنم گرتی ہے اسقدر بوندین وہان "ممبرن" پر ہوتی ہین یعنے اندر کے چمڑے پر جب "انفلیمیشن" آتا ہے تو بوندین خشک ہوجاتی ہین اسی قدر وہ جگہہ کا یہی حال ہے اور "انفلیمیشن" اچھا ہوگیا تو اوسکو یک نام دیا ہے "ریزلوشن" اِس کا مطلب یہہ ہے کہ نئے سر سے زندگی ہوئی اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ کوئی جگہہ "انفلیمیشن" آتا ہے اور وہان رہا اور اوسکا بند و بست نہین کیا تو اوسمین پیپ پڑجاتا ہے اور پیپ بنا تو اوسکو یک نام دیا ہے "سپ ریشن" یعنے پیپ بن گیا اور کوئی جگہہ اندر انتڑی کے یا ناک کے یا اور کوئی جگہہ آبلہ آوئے اور وہ پھوٹ کے اوسکا پانی نکل جاوے اور وہ زخم رفتہ رفتہ زیادہ ہوتا ہی جاوے تو اوسکو یک نام دیا ہے "آلسا ریشن" اور یہہ بیماری "گلانڈس" یعنے سینہ مین اکثر نظر آویگی یاد رکھنا بعضے جگہہ خون جمع ہوا اوسکو رستہ نہین ملا اور اندر اوسکے چمڑیکا ٹکڑا یا گوشت کا ٹکڑا مرجاوے یعنے خشک ہوجاوے یا لات لگے اور معلوم نہوا اور پیٹ پر زخم ہوا اور اندر اوسکے چوٹ ہو یہہ ایسی جگہہ جو "انفلیمیشن" کے ہین اوسکو نام دیا ہے "ناٹ پکیشن" اور دوسرا نام گیا "نگرین" ہے اور کوئی جگہہ کا چمڑا خشک ہوجاوے تو اوسکو "سلف" کہتے ہین یاد رکھنا فقط

سبق ساتوان

گھوڑیکے ہڈی مین "انفلیمیشن" آتا ہے اوسکا بیان

اور درد پیدا ہوتا ہے اوسکی تفصیل اسقدر ہے کہ گھوڑے کے ہڈیمین درد آتا ہے اوسکی تفصیل اور جو درد گوشت کا بیان تھا وہ ہوچکا اب ہڈیکے درد کی ابتدا شروع ہے ہڈی مین جو درد پیدا ہوتا ہے اوسمین اور گوشت مین جو درد پیدا ہوتا ہے اوسمین تفاوت ہوتا ہے اور اُنکے ناموں مین فرق ہے اوسکو دریافت کرنے سے معلوم ہوگا کہ ان بون مین "انفلیمیشن" آتا ہے

یعنے گھٹنے کے نیچے کی نلی مین اوسکو نام دیا ہی "شورسن" اِسکا باعث یہہ ہی کہ اندر ہڈی کے "انفلمیشن" آتا ہی سبب پیدایش کے یہہ ہین بچہ جانور ہی اور اُس سے محنت زیادہ لی گئی ہو اور محنت وہ کہ سخت زمین پر گیا لب کیا اور زمین پر پاؤن زور سے مارتا ہو اِسکے باعث اُسمین "انفلمیشن" آتا ہی اور اُسکے نشان گھوڑا لنگ کرتا ہی اور قدم چھوٹا چھوٹا ڈالتا ہی اور نلی کو ہاتھ لگاکر دیکھنا تو گرم معلوم ہوگی اور ایک پہچان اور ہی کہ انگشت بند کرکے جوڑکے نوک سے وہ نلی کو ٹھوککر دیکھنا تو مانیگا اوسی سے معلوم ہوگا کہ بیشک اِسکے اندر درد ہی اور یہہ بات اوّل "فریار" یا ڈاکٹر جو ہو اُسنے یاد رکھنا کہ گھوڑا لنگڑا ہوکر آیا تو اوّل سم کو خوب دریافت کرنا بعد دوسری جگہہ دریافت کرنا کیا سبب کہ سُم مین چہار حصّہ بیماری آویگی تو اوپر ایک حصّہ آویگی یاد رکھنا جب تمکو معلوم ہوا کہ "شورسن" ہی تو اوسکو یہ علاج کرنا اوّل یہہ بند و بست کرنا کہ جس پاؤن مین درد ہی پہلے وہ پاؤن کی نعل نکالنا اور گرم پانی سے سینکنا اگر گھوڑا غریب ہی تو پاؤن کو ٹب کے اندر رکھنا تاکہ سینک خوب پہنچے مگر پانی وہ گھٹنے کے اوپر تک ہونا تو فائدہ ہوگا اور بعد سینکنے کے "سوٹین بانڈس" باندھنا چاہیے یعنے اندر کھادیکا اور اوپر فلالینکا اور کھانا ٹھنڈا دینا اور بھوسا بیشک جوش پانی مین کرکے بناکے دینا اور لہسن گھانس دینا اور لہسن گھانس نملے تو جنگل کا ہرا گھانس دینا بعد تین روز کے اوسکو جُلاب دینا تاکہ "انفلمیشن" کم ہو اور یہہ بات کو ضرور خیال رکھنا کہ جو گھوڑیکے پاؤن گرم پانی سے سینکتے ہین تو اوسکو گرم ٹھنڈا "بانڈس" باندھنا گرم یعنے کوئی قسم اون کا ہو اور ٹھنڈا یعنے کوئی قسم کا کپڑا ہو اوسکو پانی مین ترکرکے باندھنا اور اوسکے اوپر جو ذکر کیا گیا وہ باندھنا جب اتنا بند و بست کیا تو اوسکو آرام ہوگا اور "انفلمیشن" کم ہوگا مگر بالکل جاتی نرہیگا قریب ایک ہفتہ کے ہوجاوینتو بعد فقط ٹھنڈا بانڈس باندھنا اور ٹھنڈا "بانڈس" ایک ہفتہ باندھنا بعد "انفلمیشن" جاتا تو اور چند روز تک باندھنا نہین تو اوسمین حرکت ہوگی اور حرکت یہہ ہی کہ تصور کیا کہ عرصہ زیادہ ہوا اور گھوڑا اچھا ہی لنگڑا نہین ہی تو اُسکو نوکری پر یا سواری پر بھیجدیا تو پھر وہ گھوڑا لنگڑا ہوکر آتا ہی اسواسطے اسبات کا خیال رکھنا ضرور ہی اور جب ٹھنڈا "بانڈس" باندھنا تو اُسپر کچھ ٹھنڈا لوشن بھی ڈالنا جیسا کہ "غالم لوشن" یعنے پھٹکریکا پانی ایک باٹلی پانی اور اوسمین ایک یا دو "ڈرام" پھٹکری ڈالنا یا "وینیگر لوشن" یعنے سرکہ کا یا "شوگر لیٹ لوشن" یا "آنی کا لوشن" یہہ پانی کے ساتھ شامل کرکے اوسکو اوسپر ڈالنا اور اُسکے ڈالنے سے "انفلمیشن" ٹھنڈا ہوگا اور ہمیشہ "بانڈس" تر رکھنا اسقدر بند و بست کیا تو انشا اللہ تعالیٰ چند روز مین اچھا ہوگا اور جب تک گھوڑا تھان پر بندھا ہی تو اوسپر ہمیشہ جھول باندھنا اور اِس بیماری والے گھوڑیکی جھول نہین کھولنا جب تک اچھا نہو اور اندر ہڈی کے درد ہونیکا کیا سبب ہی جو گھوڑا لنگڑا ہوتا ہی اوسکا باعث یہہ ہی کہ اندر اوسکے "انفلمیشن" آتا ہی اور وہ ہڈی زیادہ موٹی ہوتی ہی بعد وہ جو اوسکے اوپر پڑی "اِستم" وہ ہڈیکا چمڑا ہی وہ

پھولنے سے ہڈی کے اوپر تنگ ہوتا ہے اِس واسطے "زب" دبکر اُسمین درد پیدا ہوتا ہے اور جہان "انفلمیشن" آیا اور زیادہ دِن تک یک جگھہ رہا تو وہان اُوسکے باعث یک بیماری اور پیدا ہوتی ہے اُوسکو نام دیا ہے "کیریز" اُوسکی مثال اِسقدر ہے کہ جیسا کہ "الت ریش" گوشت مین ہوتا ہے اُویسقدر یہہ ہڈی مین درد ہوتا ہے اور اندر ہی اندر سوراخ کرتا ہے اور ہڈی سڑ جاتی ہے یہہ خوب خیال رکھنا کہ جہان "انفلمیشن" زیادہ روز تک رہا تو وہان کچھہ نہ کچھہ حرکت اِسقدر ضرور ہے پیپ کا یہہ خواص ہے کہ جب تک اُوسکو نرم جگھہ ملیگی تب تک دوسری جگھہ نہین جاویگا اور جب اُسکو نرم جگھہ نہ ملی تو بعد وہ اِسقدر کرتا ہے جسقدر اوپر بیان کیا گیا ہے اور موافق اسکے یہہ بھی دِن بدن زیادہ ہوتا ہی جاتا ہے یاد رکھنا "نکروسس" نکروسس کا مطلب یہہ ہے کہ کوئی جگھہ کی ہڈی کا ٹکڑا باعث چوٹ وغیرہ کے ٹوٹ گیا اور چند روز تک رہگیا تو اوسکو یہہ کہتے ہین اور جب وہ ٹوٹ گیا تو اُوسکو کھانا وغیرہ نہین ملتا وہ ٹکڑا مر جاتا ہے اُوسکو نکالنا ضرور ہے کوئی بھی تجویز سے نکالنا اگر اندر رہا تو نقصان کریگا نقصان یہہ ہے کہ جب تک وہ ٹکڑا اندر ہے تو زخمون کو اچھا نہین ہونے دیگا اُوسکو بہت حفاظت سے نکالنا اور جسموافق زخم ہو اُوسکو اُسی موافق دوا لگانا اور یک بیماری جوڑ کے مُنہہ پر پیدا ہوتی ہے اور ہڈی سے یک نئی ہڈی پیدا ہوتی ہے اوسکو نام دیا ہے "انکلی لوسس" اور یہہ اکثر "ہاک جونٹ" مین یا "نی جونٹ" مین یا رنگ بون مین نظر آتی ہے "ہاک جونٹ" یعنے پچھلے پاؤن کے ٹکنے کے جوڑ اور "نی جونٹ" یعنے اگلے پاؤن کے زانو کی جگھہ اور "رنگبون" یعنے چکراول کی جگھہ پیدا ہوتی ہے اور جوڑ کو بند کرتے ہین اُوسکا مطلب یہہ ہے کہ جوڑ کو ٹکانا وہ جم جاتا ہے تو جوڑ مین خم نہین آتا اور اُس سے گھوڑا لنگڑا ہو جاتا ہے دوسری بیماری یہہ ہے کہ ہڈی اپنی جگھہ چھوڑ دیوے یا دوسری جگھہ جاوے تو اُسکو یک نام دیا ہے "ڈسلکیشن" وہ یہہ ہے یہہ حرکت آدمی مین زیادہ ہوتی ہے خیال رکھنا یہہ حرکت ہر یک گھوڑیکو نہین ہوتی بعضے بعضے گھوڑونکو اکثر ہوتی ہے یاد رکھنا "فریکچر" کا حال "سمپل فریکچر" یعنے فقط ہڈی ٹوٹ جاوے اور "کمپونڈ فریکچر" یعنے گوشت اور ہڈی ٹوٹ جاوے اُوسکی پیدایش کا سبب یہہ ہے کہ لات لگے یا مار لگے اِسکی ضرب سے یا گر پڑے اور نقصان ہوے یہہ سبب پیدایش کے ہین اور اُسکے نشان اِسقدر ہین کہ "سمپل فریکچر" جو ہوتا ہے تو کبھی کبھی ہڈی کے دو ٹکڑے ہو جاتے ہین یا کہ اندر ہی چورا چورا ہو جاتا ہے یا کہ دراڑ پڑ جاتی ہے درمیان مین اُسکو اِسقدر دیکھنا کہ ہاتھہ سے دیکھنا تو معلوم ہوگا یا ہلانا تو معلوم ہوگا یا ہڈی چورا چورا ہوئی تو معلوم کرنا آواز آویگا یا کوئی جگھہ پر زیادہ گوشت ہے اور وہان فریکچر معلوم نہ ہوتا جیسا کہ اندر پٹھے کے کچھہ نقصان ہوا تو ساغری کے اندر ہاتھہ ڈالنا اور یک ہاتھہ اُوپر رکھنا اور یک آدمی کو بولنا کہ پاؤن ہلاؤ یعنے آگے پیچھے ہلاؤ تو جو کچھہ کہ نقصان ہوگا سو اِس بندوبست سے

معلوم ہوگا بعد دریافت کے جسقدر کہ نظر مین آوے یعنے اُمید اچھے ہونیکی ہی تو اُوسکا بندوبست
کرنا نہین تو بعد دریافت کے مار ڈالنا گھوڑیکے سر مین دو حصے ہین آنکھ سے نیچے کا درجہ جو ہی تو
اُوسکو "فیس" کہتے ہین یعنے منہہ اور آنکھ سے اُوپر کا درجہ جو ہی اُوسکو "کرنیم" یعنے بھیجہ وغیرہ سب
اُوسمین آیا اور گھوڑیکو گولی مارنا تو برابر درمیان بھیجہ کے مارنا اگر آڑو بازو گولی مارو گے تو اُوسکو زیادہ
تکلیف ہوگی اور جلد مرنے کا نہین کیا سبب کہ جان بھیجہ مین ہی اور دوسری جگہہ نہین ہی اسواسطے
اُوسکی ایسی ترکیب کرنا کہ جب گھوڑیکو مارنے کا ہی تو اوّل اُوسکو دیکھنا کہ برابر کھڑا ہی یا نہین اگر برابر
کھڑا نہو تو اُوسکے واسطے یہہ بہت وبست بہت اچھا ہی کہ بروقت گولی مارنیکے تھوڑا گھانس اُوسکے آگے
ڈالنا تو وہ گھانس کھانیکو زمین پر سر جھکائیگا تو اُوسوقت برابرتا نہ لیکر مارنا تو یک ہی گولی مین
اُوسکی جان جاویگی خوب یاد رکھنا "فرنٹل بون" یعنے پیشانی اُوسمین کوئی بھی یک سبب سے
پیپ پڑجاتا ہی مار کے سبب سے یا لات لگے یا گر پڑے یہہ سبب ہین اب اُوسکے نشان اسقدر
ہین کہ وہ سب جگہہ گرم ہوگی اور کچھ ورم معلوم ہوگا ہاتھہ سے بجاکے دیکھنا تو ماندیگا اور بد بد آواز
آویگی تو جاننا چاہئے کہ اندر کچھہ بھی حرکت ہی بعضے وقت ناک مین سے پیپ بھی نکلتا ہی مگر اور دوسرے
بیماری مین بھی اس رستے سے پیپ آتا ہی اُوسکا بیان اوّل بھی ہو چکا ہی اب اُوسکا علاج
اوّل اُوپر کے چمڑیکو چو پارا چیرنا اور یک ہتیار ہوتا ہی گول اوسکا نام "ٹروفن" ہی۔ اُوس سے سوراخ
کرکے پچکاری سے صاف کرنا اور سبق پانچوین مین جو دوا مذکور کیا وہ لگانا پچکاری سے مارنا اور
اندر "ٹو" یعنے سن بھرنا اور اُوپر اُوسکے یعنے آس پاس اُوسکے "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا
تاکہ اُوسکے اوپر مکھی نہ بیٹھے اِسقدر بند و بست ہوگا تو جلدی اچھا ہوگا دوسرے بیماری مین پیپ آتا ہی
لیکن اُوسمین اور اِس پیپ مین بڑا فرق ہوتا ہی وہ فرق یہہ ہی کہ اندر ناک مین سے پیپ
آتا ہی باعث "گلانڈرس" کے اور خراب بیماری کے اُوسمین کل خراب بیماریان آئین اسواسطے اور اسکا سبب
یہہ ہی کہ وہ جو خراب بیماری ہی اُوسمین میل اور کبھی کبھی پیپ آتا ہی تو اُوسمین تمیز کرنا چاہئے
اور پیپ کو دریافت کرنا ضرور ہی خراب بیماری کا سبب یہہ ہی پیپ کا رنگ میلا اور بودار اور پتلا
ہوتا ہی اور یہہ پیپ جو ہی تو شل مسکہ کے ہوگا اور ہاتھہ سے مسل کر دیکھنا تو چکنا پن ہوگا اور تھوڑا گف
ہوگا یعنے رفتہ رفتہ ایسا ہوتا ہی کہ اندر پیپ جمع ہوکر رہتا ہی اور جب گھوڑا نیچے سر کرتا ہی تو یک دم
وہ نکلتی ہی یا کوئی شخص گھوڑیکا سر اُوپر اٹھا تک دیتا اور کھانا پانی وغیرہ سب اُوسکو اُوپر دیتا ہی تو اندر
جمع ہوتا ہی کیا سبب کہ سر نیچے کو آوے تو وہ پیپ نکلے اور وہان وہ ایسا رہتا ہی کہ جسقدر کوئی چیز
صندوق مین رکھتے اُسکے موافق وہ ہی اُوسکی دریافت اِسقدر ہی کہ تھوڑا گھانس گھوڑیکے منہہ کے
سامنے ڈالنا اور اُوسکا سر چھوڑ دینا جب وہ گھانس کیطرف متوجہ ہوگا اُسیوقت وہ پیپ اندر کا

باہر آویگا اور اوسکی جگھہ جہان پیپ رہتا ہی اوسکو ضرور دریافت کرنا بہت کرکے دو جگھہ ہوتا ہی ایک تو "فرنٹل سینس" ہین ۔ اور دوسرے "سپیریر میگزلری سینس" ہین بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ اندر پیپ جمع ہوتا ہی مثل دہی کے اوسکو اول انگلی سے پھوڑکے بعد پچکاری لگانا اور صاف کرنا بعد وہ دوا مذکور ہوئی ہی وہ لگانا اور کل بند و بست اوسکے موافق رکھنا اگر داڑ کے باعث پیپ آیا تو اور جو نشانی بیان کیا ہی کہ بدبو آوے گی اور پیلا اور پتلا ہوگا یہہ نشانی داڑ کے اندر کے پیپ کی ہی اور علاج سبق پانچوین مین بیان کیا ہون اوسمو افق کرنا فقط

سبق آٹھوان

"پول ایول" یعنے سر مین درد ہوتا ہی اور اوسکی پیدایش اسقدر ہی معہ بند و بست معالجہ وغیرہ کے بیانمین

گھوڑیکے سر مین جو درد ہوتا ہی اوسکی پیدایش اسقدر ہی کہ گھوڑا بعضے وقت پیچھے الٹکر گرتا ہی تو وہ جو "اکسپٹ بون" یعنے ہڈی چوٹی کی ہی اسکے اوپر گرتا ہی تو اوسکی وہ ہڈی نرم ہوتی ہی اوسکو نقصان نہین ہوتا مگر اندر یک ہڈی اور ہی اوسمین "پرکچہ" ہوتا ہی اور گھوڑا مرجاتا ہی بعد مرنیکے گھوڑیکی اوس جگھہ کو چیرکے دیکھنا تو خوب حال معلوم ہوگا وہ ہڈی پیچھے کے اندر او سیچے ہی اوسکو نقصان ہوا تو ضرور گھوڑا مرجاویگا اور اگر اوسمین نقصان نہوا اور وہان "انفلیشن" آیا تو اوسکے باعث گھوڑیکو چکر آتا ہی اور بیہوش ہو جاتا ہی مگر اوسکو ضرور دریافت کرنا کہ گھوڑا مرا نہین اگر کچھہ بند و بست کروگے تو شاید اوسکو آرام ہوگا اول اوسکو ضرور ہی کہ ٹھنڈا پانی یک کپڑ پر ڈالتے رہنا مگر کپڑا اوپر سر کے اول ڈالنا اور یہہ بند و بست بیماریکا رکھنا اور اگر برف ملے تو اوسکا "پوٹس" باندھنا اگر "انفلیشن" ہوگا تو اوسکو آرام ملنے سے اچھا معلوم ہوگا بعد چند روز کے وہ اچھا ہوگا مگر اوسکا بند و بست ضرور کرنا نہین تو نقصان ہوگا کھانا اچھا دینا دانا بھسن گھانس تھوڑا بھوسا گاجر پانی وقت در وقت دینا اسقدر بند و بست رہا تو چند عرصہ مین اچھا ہو جاویگا اور کچھہ یک نشان اس بیماری مین ہین وہ بیان تحریر ہی تھا پر کوئی جگھہ لکڑی نزدیک ہوے اور گھوڑا اسے اٹھاوے اور وہ لکڑی اوسکے سر کو لگے اوسکے باعث یا کہ دروازہ چھوٹا ہوے اور گھوڑا بروقت نکلنے کے اوپر سر اٹھاوے تو اوسکے سر کو لگے یا الٹ کے گرے یا کوئی مارے یا موٹا یا اگاڑی مضبوط ہوے اور گھوڑا زور کرے بعضے لوگ اسقدر کرتے ہین کہ جو گھوڑا ہمیشہ پیچھے کو الٹ کے گرتا ہی تو اوسکو اگاڑی اور موٹا خوب زبردست لگاتے ہین کہ اب نہین گریگا مگر جب وہ زور کرتا ہی تو اوسکے باعث وہان "انفلیشن" آتا ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا سر سیدھا رکھیگا اور چوطرف پھراویگا تو اوسکو تکلیف ہوتی ہی اور وہان یک "گلینٹ"

پہیلا ہوتا ہے اوسکا نام "نکوس" ہے یعنے پیلا پٹھہ اوسکا کام یہہ ہے کہ گردن کو مدد دینا ہر ایک حال مین
اور اوسمین خون "ونرب" نہین ہوتا اور وہ کسی کا حکم بھی نہین سنتا اوسکا جو کام ہے تو وہ ہر یک وقت جاری
ہے اور کام اوسکا بیان ہو چکا یعنے سر کا وزن اور گردن کا سنبھالنا ضرور ہے اور جو پٹھہ مذکور کیا گیا
اوسمین کچھہ نقصان آوے یا ٹوٹ جاوے یا اور کچھہ حرکت آوے تو وہ حرکت قایم رہیگی اور دوسری جگہہ کچھہ
حرکت آوے تو وہ جوڑ جاویگی جیسا کہ "تھیڈن" یا "لگمنٹ" کوئی ہو وہ جوڑ جاتے ہین اور وہ جو پٹھہ ہے وہ شروع
ہوا ہے سر سے اور گردن کے ہر یک منکے کے اوپر سے ہوتا ہوا "ڈینٹرٹ" یعنے دانت کی ہڈی پر برابر معلوم
ہوتا ہے کیا سبب کہ وہان یک ناب ہے اسواسطے وہان برابر معلوم ہوتا ہے اور بعد وہان سے وہ جو "کیپٹ" کی
جڑ ہے وہان جاکر اوسمین لگا ہے اور جب گھوڑا یا بکری یا اونٹ مر جاوے تو "لگمنٹ" کا زور قایم رہیگا اور اپنی
زور سے گردن کو آخر کیطرف کھینچکے لیکر جاتا ہے اگر کوئی آدمی اسباب مین شک کرے تو قصاب کے یہان
جاکر دیکھے جب اس عارضہ کے کل نشان وغیرہ دریافت ہو چکے بعد اسکا علاج شروع کرنا مگر اول "انفلامیشن" کو
دریافت کرنا ہلکا ہے یا تیز ہے اگر تھوڑا "انفلمیشن" ہے تو ٹھنڈے پانی سے ڈریس کرنا یعنے ٹھنڈا کپڑا اوپر ہمیشہ
رکھنا اور سایہ دار جگہہ مین باندھنا اور اندر مکان کے ہوا اور ہوا کا بند و بست ضرور کرنا اور ہوا لگے تو اسکو
"ٹٹنس" کی بیماری آویگی اسواسطے اسکا بند و بست ضرور ہے "ٹٹنس" یعنے چاندنی کی بیماری کو کہتے
ہین اور اسکا سر اوپر باندھنا کھانا نرم دینا بعضے وقت موٹا گھوڑا ہے تو اوسکو جلاب دینا بہت
کرکے اس سے آرام ہو جاویگا اور اگر "انفلمیشن" تیز ہو تو اوسکو گرم پانی سے سینکنا بعضے وقت لوگ اوسکے
اوپر "پولٹس" باندھتے ہین لیکن اسکے اوپر نہین باندھنا کیا سبب کہ وہان "پولٹس" رہتا نہین دوسرا سبب یہہ ہے
کہ اوسکے اندر "انفلمیشن" تیز ہے اور اسکے اوپر یک وزن رکھدیا تو اس سے زیادہ تکلیف ہوتی ہے اس
واسطے اس جگہہ پر "پولٹس" باندھنا منع ہے اور گرم پانی کا سینکنا بہت مناسب ہے اور جب گرم پانی
سینک چکے بعد اس جگہہ کو خشک کرنا بہت مناسب ہے کیا سبب کہ جب پانی سے سینکہ کر چھوڑ دوگے
تو بعد ہوا لگے گی اور زیادہ نقصان ہوگا عوض فایدہ کے نقصان ہوگا یہہ بات ضرور یاد رکھنا اگر "انفلمیشن"
تیز ہے اور گھوڑا موٹا ہے تو اوسکو جلاب دینا نہین تو کچھہ ضرور نہین ہے اوسکو کھانا تھوڑا دینا رد و بدل
کرتے رہنا یعنے کم زیادہ اور ٹھنڈا اسقدر دینا یہہ کفایت ہے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جب گھوڑیکو "انفلمیشن" تیز
آتا ہے اوسکو جلاب دیا کرتے ہین مگر اوسمین یہہ خیال ضرور ہی رکھنا چاہیئے اور اندر پیپ جمع ہوا ہو تو اسکو
رستہ دینا باہر نکلنے کو نہین تو اندر زیادہ نقصان ہوگا جیسا کہ چوہا زمین مین چارون طرف سوراخ
کرتا پھرتا ہے اسیوافق یہہ پیپ اندر ہڈی کے چھپتا پھرتا ہے اور ہڈیون مین بہت ساری جگہہ ہے چھپکر
رہنے کو بعضے وقت اوپر کیطرف دو تین سوراخ معلوم ہوتے ہین اوسکو نام دیا ہے "سینس" یعنے
ناسور کوئی جگہہ پیپ پڑے اور معلوم نہووے اوسکے نشان اسقدر ہین کہ وہ جگہہ چو طرف سخت

ہوگی اور رنگ اوسکا سرخ ہوگا اور اوسکے اطراف باریک باریک نسین نمود ہوینگے اور اوسکے بیچ مین پیلاپن معلوم ہوگا اوسکے اندر اونگلی سے دیکھنا تو نرم مثل پیپ کے معلوم ہوگا مگر یہہ بات ہر ایک آدمیکو نہین معلوم ہوتی ہے کیا سبب کہ جو آدمی ہمیشہ اس کام مین رہتا ہے تو وہ اوسیوقت دریافت کر لیویگا بعد دریافت کے اوسکو چیرنا اور رستہ دینا اندر رہنے نہ پاوسے نہین تو زیادہ نقصان ہوگا اور چیرنا تو جڑ تک چیرنا چور رہنے نہین دینا بعد چیرنے کے پیپ آنیکی دوا لگانا اندر بھی رکھنا اور اطراف کا بلک اس کا تیل لگانا اور ناسور پڑ جاسے تو اوسکو جہان تک جڑ معلوم ہو وہانتک سب چیرنا اور ڈوری کو دریافت کر لینا کہ ہڈی مین نقصان آیا ہے یا نہین اسکو ایسا دریافت کرنا کہ "پروب" یعنے چاندی کی سلائی وہان ڈالکے دیکھنا اوسکی معرفت سے معلوم ہوگا کہ ہڈی مین نقصان آیا یا نہین اگر نقصان آیا ہوگا تو ٹکڑا ٹکڑا معلوم ہوگا اور یہہ نشان جو ہے تو اگر ہڈی مین نقصان ہو تو آتے ہین اب چیرنے کے بعد دوا جو سبق پانچوین مین بیان کیا گیا وہ پچکاری سے مارنا اور اندر اوسکے "ٹو" یعنے [illegible] رکھنا اور اطراف اوسکے جو بالا مذکور کیا گیا وہ تیل لگانا اور جسم مین کوئی بھی جگہ زخم ہوسے اوسکے اندر ضرورت ٹو دینا نہین تو وہ زخم کا منہہ اوپر سے بند ہوتا ہے اور اندر پیپ رہتا ہے اسواسطے وہ [illegible] ضرور ہے اور گردن مین گھوڑا کاٹ کھاوے یا اور کوئی سبب سے زخم آوے تو اوسکی حفاظت [illegible] "پول ایول" [illegible] موافق [illegible] گردن اور کمر [illegible] کچھ نقصان ہو تو یہہ بیماری [illegible]

سبق نوان

بیماری "سوربیاک" یعنے پیٹھ لگنے کے بیان مین

"سوربیاک" یعنے پیٹھ کی بیماری اسمین تین چار قسم ہین اب قسم اول کا بیان اسقدر ہے یہہ سبب اوسکے پیدایش ہونے کے بتاسے جاتے ہین جب کہ گھوڑا سواری سے آیا اور یکدم اوسکا نمگیر یا زین اتار لئے اور اوسکو پسینا ہوا اوس حالت مین اگر اوسکو ہوا لگے تو اوسکے سبب سے مونڈھ یا پیٹھ یا بازو پر ورم آجاتا ہے وہ ورم کو "سیرس سویل" یعنے اندر اوس ورم کے خون کا پانی کچھ جمع ہوجاتا ہے اور یہہ باعث غفلت کے حرکت آتی ہے اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ ورم ہوگا مگر گرم نہوگا اور اسکو دباکر دیکھنا تو انگلی کا نشان یعنے گڑہ معلوم ہوتا ہے اور اوسمین درد نہین ہوگا یہہ نشان اوسکے مین اب علاج اوسکا شروع ہے اور جہان کہ ورم ہوتا ہے وہان پر ٹھنڈا کپڑا رکھنا وہ ہر وقت تر رہے اور اوسکو سواری سے آرام دینا بہت کرکے اس سے آرام ہوجاویگا اگر آرام نہو تو کچھ قسم لوشن اوس کپڑے پر ڈالنا یعنے ٹھنڈا لوشن جو سبق ساتوین مین بیان کیا ہے وہ ڈالنا اس سے اچھا ہوگا اور یہہ بیماری

موقوف کرنیکا بند وبست کرنا جب گھوڑا سواری سے آوے اور گرم ہے تو اوسکو ٹپار نہ یعنے ٹہلانا
اور تنگ ڈہیلا کرنا بعد تھوڑی دیر مین تھان پر لا کر باندھنا اور پاؤن کو مالش کرنا اور بعد یک سفید کپڑا
یا توال لیکر جہان زین یا خوگیر اوسکے نیچے کا پسینہ سکھانا جب وہ خشک ہو جاوے تو بعد زین اُتارنا
اِسقدر بند وبست کروگے تو یہہ بیماری نہین پیدا ہوگی فقط قسم دویم اوسمین زخم اور انفلمیشن ہوتا ہے
اوسکا حال سبب پیدایش کے یہہ ہین زین باندہا اور وہ پیٹھ پر برابر نہین بیٹھا یا کہ یک طرف اندر کے بھرتی
زیادہ ہے اور یک طرف کم ہے اِسکے سبب سے اور بہت کر کے باعث خوگیر کے یہہ حرکت آتی ہے
بعضے وقت مدہو پر زین بیٹھ جاتا ہے اِسکے سبب سے یہہ حرکت آتی ہے یا کہ یک دم زین اُتار لیا اور ہوا
لگی اوسکے سبب سے حرکت کا یہہ سبب ہے کہ پیٹھ اور مدہو کے اوپر گوشت نہین ہے فقط ہڈیکی
نوکین کھڑی ہین اور اوسکے چمڑی مین خون کا پانی ہے اور اوپر چمڑا ہے اور وہ جو زین کا جسکا ذکر ہوا ہے نا
وہ بیٹھ جاتا ہے تو وہ بھی سخت ہے اور اندر ہڈی بھی سخت ہے یہہ دونون سخت چیزونکے درمیان مدہکو
چمڑا گھسکر زخم ہوگا اب نشان اوسکے اِسقدر ہین کہ اُسجگہہ انفلمیشن آتا ہے اوسکو خوب دریافت کرنا
کہ انفلمیشن کونسی قسم کا ہے ورم ہوگا ہاتھ سے دبا کر دیکھنا تو مانیگا گرم ہوگا بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ
ذرا پھٹ جاتا ہے اور سوجن سخت ہوتی ہے اور وہ اگر انفلمیشن تھوڑا ہووے تو اوسکو آرام دینا آرام یعنے
سواری نہین لینا اور ٹھنڈا کپڑا رکھنا کوئی ٹھنڈا لوشن ڈالنا اور پچھلے سبق مین جو لوشن بتایا ہے
وہ ڈالنا اور کھانا وغیرہ کا حال اور چارے مین ذکر کیا ہے اوسیموافق بند وبست کرنا اور اوسکا سر اوپر باندھنا
بیٹھنے نہین دینا بہت کر کے اِس سے اچھا ہوگا اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ تیز انفلمیشن آتا ہے اوسکے
نشان بالا مذکور ہین جو بیان کیا ہے موافق معلوم ہوتے ہین جب تو جاننا چاہئیے کہ تیز انفلمیشن ہے اب
اِسکا علاج یہہ ہے گرم پانی سے خوب سینکنا اور سر اوپر باندھنا اور جلاب کیواسطے تیار کرنا اور ٹھنڈا کھانا
دینا لوشن یا ہری گھانس دینا اور بھوسا سلسنے میشن بناکے دینا اور میشن بنانیکی ترکیب اسقدر ہے کہ خوب گرم
پانی کرنا اور بھوسے مین ایسا پانی ڈالنا کہ بالکل وہ بھوسا خشک نہ رہے بعد اوسکے اوپر ایک توال
لیکر جس برتن مین وہ بھوسا ہے اوسکے اوپر وہ توال سے بند کرنا تو وہ بھوسا خوب موافق دم کے ہوجاتا ہے
تو بعد اوسکو نکال کر ٹھنڈا کرنا پھر کھانیکو دینا اور بعد تین دن تک لید دیکھنا وہ لید نرم ہوکر پھوٹ جاے
تو بعد جلاب دینا اور اسکا بند وبست اِسطرح سے ہے کہ جھول ہمیشہ رکھنا اور چارون پاؤن مین گرم پانی
باندھنا اور سوکھا گھانس کھانے نہین دینا اور ٹھنڈی ہوا سے بچانا اور جلاب نہوئے تک شیر گرم پانی
پلانا اور ... پسا زلینا .. اور گرم پانی سے اگر جلاب نہوئے تو پچکاری لگانا اور پچکاری گرم پانی صابون اور نمک کی
لگانا اور اگر جلاب نہین ہووے تو دوسرا جلاب اسکے اوپر نہین دینا اور اگر دینا ضرور ہے تو بعد یک ہفتے
دینا جب بسکنے سے فارغ ہوئین تو اوسکو خشک کرنا نہین تو نقصان ہوگا اور جب دو یا چار روز گذرے

تو اُوسکو دیکھنا کہ کُچھ جگھہ پکی یا نہیں اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ درمیان مین تھوڑی جگھہ پلپلی ہو جاتی ہے جب اِسقدر معلوم ہووے تو اُسیوقت اُوسکو چیرنا اور "کاربلک اسڈ آیل" یعنے تیل اُوسکے اُوپر لگانا اور پیپ کو اندر زیادہ روز تک نہین رہنے دینا کیا سبب پیپ اندر رہنے سے زیادہ نقصان ہوتا ہے اسواسطے منع ہے بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ کوئی آدمی غافل ہوتا ہے تو اندر رہنے سے زیادہ نقصان ہو جاتا ہے کچھ "سینس" یعنے ناسور ہو جاتا ہے یا ہڈی مین کیریز ہو جاتی ہے جب تمھارے نزدیک آیا تو اُوسکا ایسا بندوبست کرنا کہ اوّل پیپ خوب صاف کرنا اور اندر "پروب" ڈالکے دیکھنا کہ کہان تک "پروب" جاتا ہے اور اندر ہڈی مین نقصان کیا یا نہین اور اگر اندر ہڈیکو کچھ نقصان آیا ہوگا تو "پروب" کو معلوم ہوگا کیا سبب کہ جب اندر "پروب" جاتا ہے تو وہان ہڈی کے سر پر بسا ہے یعنے تیل کا ہتیلی تو وہ نرم اور چکنا معلوم ہوتا ہے اور اگر اندر "کیریز" ہوا تو کھر کھرا معلوم ہوگا بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ باعث زیادہ زخم کے انگلی سے دیکھنا تو وہان اُس سے خوب معلوم ہوتا ہے "ڈرکنا" یعنے نشتر کا آڑ وہ ڈالنا اور اُوسکے اور "ڈائر بستر" یعنے نشتر ڈالکے طرف باہر کے چیرنا جہان تک "سینس" یعنے ناسور نظر آوے وہان تک چیرنا اور جو بھی ہڈی کو نقصان آیا ہو تو اُوسکو کھرچ ڈالنا بعد اندر "کاسٹک" سے جلانا اور "پوشش" باندھنا اور اگر "کاسٹک" نہ ملے تو "کلوراف زنک لوشن" تیز بناکے لگانا اگر وہ نہ ملے تو "سلپیٹ کاپر لوشن" تیز بناکے لگانا اور بعد "پوشش" لگانا اور بعد اگر بانس خراب آتی ہو تو اوپر باریک کوئیلا ڈالنا اُوسکو نام دیا ہے کوئیلیکا "پوشش" اور اگر یہہ دونون بھی سبب نہون یعنے "سینس" اور ہڈی مین نقصان تو فقط جہان تک اندر پیپ ہے تو وہان تک اوسکو چیرنا بعد صاف کرکے پیپ آنے کی دوا لگانا دوا دوا کہ "ترپن تیل کا مغز" یعنے کافور اور تیل یہہ ملاکے لگانا اور میٹھا تیل لگانا یہہ تینون کو ملاکے ساتھہ "ٹو" یعنے سن کے اندر بھرنا اور اُوسکے بھرنے سے پیپ آویگا اور اوسکے سبب سے انگور بھرکے اُوسکا زخم اچھا ہو جاویگا قسم تیسری۔ "وائل" یعنے مینڈک وہ کہ پر ہوتا ہے اُوسکے بیان مین اور اُوسکی پیدایش کا سبب یہہ ہے کہ باعث زین یا خوگیر کے ہوتا ہے زین یا خوگیر بیٹھ جاوے کمر پہ تو اُسکے سبب سے وہان پر سے مین تیل زیادہ ہوتا اور وہ بر سے پھول جاتا ہے اُوسکی عادت اسقدر ہے کہ اول تھوڑے سے روز تک تھوڑا ہوتا ہے اور اُسکا بندوبست نہین کیا اور اوس سے محنت لی تو وہ تھوڑے روز مین زیادہ ہوتا ہے بعضے لوگ کہتے ہین کہ تھوڑا سا ہے اچھا ہو جائیگا ٹھنڈا کپڑا رکھو یا نمک کا کپڑا رکھو یا اور کوئی ٹھنڈی قسم کی دوا لگاؤ تو وہ اچھا ہوگا البتہ یہہ بات ہے کہ ایسی دوا سے فائدہ ہوتا ہے اور درد معلوم نہین ہوتا مگر اندر اُوسکے وہ بر سے قایم رہتا ہے وہ کم نہین ہوتا بعضے لوگ اُوسکے اُوپر پلاسٹر مارتے ہین اور بعضے داغ دیتے ہین مگر اس سے وہ جاتا نہین قایم رہتا ہے نشان اُوسکے ورم ہوگا تھوڑا گرم ہوگا شروع ابتدا مین ہاتھہ سے دبانے سے مانتا ہے اور اگر زیادہ روز کا ہے تو نہین مانیگا اور اندر اُوسکے نرم معلوم

ہوتا ہے دبانے سے علاج اگر شروع ابتدا مین چھوٹا سا ہے تو اوسکو تین یا چار روز اوسکے اوپر ٹھنڈا کپڑا رکھنا بعد وہان کے بال نکال کے "پلاسٹر بلکا" مارنا اور سر اوپر باندھنا اور رکھا نا ٹھنڈا دینا بعد یک ہفتہ کے گرم پانی سے سینکنا دن مین دو تین وقت جب تین چار روز سینک چکے تو بعد پھر ٹھنڈا کپڑا رکھنا جب "انفلمیشن" کم ہوگیا تو پھر دوسرا "پلاسٹر" لگانا بہت کر کے انشا اللہ تعالیٰ اس سے اچھا ہوگا اور اگر زیادہ روز کا ہے اور سخت ہوگیا تو اوسکے واسطے جناب صاحب موصوف نے یک علاج بہت عمدہ نکالا ہے وہ یہہ ہے کہ اوّل ٹھنڈا کپڑا رکھنا دو تین روز تک بعد یک روز اوّل بال نکالنا اور گھوڑیکو گرا کے اوسکو چیر کے نشتر کی نوک سے آہستہ آہستہ وہ تھیلی کا چمڑا موٹا ہوگیا ہے اوسکو نکالنا بعد یک یا دو ٹانکے زخم کو لگانا مگر ٹانکے چاندیکے تار کے لگانا اور اوسکو چھوڑ دینا اور بعد تھان پر باندھنا اور سر اوپر باندھنا اور ٹھنڈا کپڑا اوپر زخم کے ڈالنا اور وہ ہمیشہ تر رہے یعنے گیلا رکھنا بعد یک ہفتہ کے اوسکو گرم پانی سے سینکنا اور "کاربلک اسڈ" اور تیل لگانا اور جس گھوڑیکے زخم مین پیپ پڑتا ہے یا زخم اچھا ہوتا ہے تو اوس جگہہ چل زیادہ ہوتی ہے اسواسطے اوسکو بیٹھنے نہین دینا اوسکا سر اوپر باندھنا اگر کبھی بیٹھ جاویگا تو لوٹ کے زیادہ زخم کریگا یاد رکھنا فقط — قسم چوتھی "سیڈ فاسٹ" کے بیان مین یہہ پیٹھ یعنے بازو پر گول چکر ہوتا ہے اسکا سبب پیدا ایشکا یہہ بھی ہونیکا سبب ہے کہ زین یا خوگیر کے ہوتے ہی پیٹھ کے بازو پر یعنے پسلی پر آٹھ آنہ یا چار آنہ یا روپیہ برابر گول چکر چمڑا مرجاتا ہے اوسکے نشان اسقدر ہین خون کی نسین اور "نرب" نہین ہوتا اور اندر اوسکے چور رہوتا ہے اور پیپ نمود ہوتا ہے یک بازو سے اور اوسمین درد بھی نہین ہوتا اگر اوسکو کاٹو تو تکلیف نہین معلوم ہوگی اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اگر اسکو ہاتھ سے دباؤگے تو کوئی بھی یک بازو سے پیپ آویگا جب تمنے دیکھا کہ یہہ وہی بیماری ہے اوسکا علاج اسقدر ہے کہ وہ چمڑا بہت سخت ہوتا ہے اول اوسکو گرم پانی سے سینکنا یا "پوٹس" باندھنا تو اوسکے سبب سے وہ نرم ہوجاویگا بعد نرم ہونے کے نشتر کی نوک سے اوسکو آہستہ آہستہ نکالنا اور اگر کچھ بھی نشتر لگیگا تو گھوڑا سستی کریگا اسواسطے حفاظت سے نکالنا بعد نکالنے کے کوئی تیز دوا لگانا جیسا کہ "کاسٹک" یا نیلا طوطہ اس سے وہ زخم جلانا تاکہ نیا "انفلمیشن" آوے اور اندر کسر نہ رہجاوے بعضے لوگ وہان "پولٹس" باندھتے ہین لیکن "پولٹس" وہان رہتا نہین ہے اسواسطے کوئی دوا قسم "لوشن" کے لگانا تو وہان فائدہ ہوگا مگر بہت کر کے پیپ کی دوا لگانا تو جلدی اچھا ہوگا اور برابر لگتے ہی دوا کے مدفع ہے پیپ کو تاکہ جلدی آوے فقط اور بعضے گھوڑیکو تنگ لگتا ہے اوسکا نام "گیف گال" یعنے تنگ لگا کوئی کوئی گھوڑیکا جسم ایسا ہوتا ہے کہ اوسکو تنگ لگتا ہے یعنے پیٹ بڑا اور آگے کو چھوٹا اور کونیاں اندر کو ملی ہوئین ایسی حرکت والا گھوڑا نہین لینا یا کہ تم کسی حاکم کے ساتھ گھوڑیکے خرید کرنیکو جاؤ اور وہ حاکم اوس کام سے واقف نہو تو مناسب ہے کہ ان عیبون سے آگاہ کرنا کہ اسکے باعث یہہ حرکتین ہونگی آگے آپکو اختیار ہے یا بعضے تنگ ایسے ہوتے ہین کہ جیسا چمڑیکا اور وہ بہت خشک ہوجاتا ہے تو اسکے سبب سے یہہ حرکت آتی ہے یا کہ سن کا تنگ ہوا اور وہ

پسینے سے بھیگ کے سخت ہوجاوے اوسکے باعث بھی یہہ حرکت آتی ہی یاکہ تنگ زیادہ کھینچا جاتا ہی اوسکے باعث یا کم کھینچا ہوا اسکے باعث اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑا تنگ کھینچنے کے وقت پیٹ پھولاتا ہی اور بعد وہ ڈھیلا ہوکر اوسکے باعث رگڑ لگتی ہی یاکہ حالت سفر مین ہو تو رات کے وقت دانا اور چارہ گھوڑے نے کھایا اور بروقت چلنے کے زین کھینچا اور چلا تو وہ گھوڑا رستے مین لید اور پیشاب کیا تو اوسکا پیٹ خالی ہوجاتا تو تنگ ڈھیلا ہوجاتا ہی اسکے سبب سے بھی حرکت آتی ہی اسکے واسطے یک بندوبست ایسا ہی کہ جو کوئی حاکم اپنی اوپر ہو بروقت سفر چلنے کے یک کلاک بعد ہالٹ کرنا اور تنگ کھینچنے کا حکم دینا اور بعضے وقت کوئی گھوڑیکو ایسا بھی ہوتا ہی کہ اوس سے کبھی محنت نہ لی گئی ہو اور اوس سے یکدم کام تخنے لیا تو اوسکے سبب سے بھی حرکت آتی ہی اور اتنے سبب اوسکے پیدایش کے ہین اور نشان اوسکے ظاہر معلوم ہوتے ہین اور بعضے وقت ورم آتا ہی اور کبھی چھل جاتا ہی یا کبھی زخم ہوجاتا ہی اور بعد اوسکے اوسکو بقدر دیکھنا اوسکے موافق علاج اوسکا کرنا اور اگر زیادہ زخم ہی تو اوسکو آرام دینا تنگ نہین باندھنا اور گرم پانی سے سینکنا اور اوسکو سکھانا بعد کاربالک اسیڈ اور تیل لگانا یا کافور اور میٹھا تیل اور ٹرپن تیل یہہ تینون ملاکر لگانا اس سے اچھا ہوجاویگا اور اگر تھوڑا چھلا ہووے اوسکو ٹھنڈا کپڑا لگانا اور اگر فقط ورم آگیا ہو تو اوسکو آرام دینا اور ہاتھہ مین پیار لینا تو جلدی اچھا ہوجاویگا اگر حالت سفر مین یہہ حرکت ہوئی تو اوسکو یہہ علاج کرنا یک تنگ چمڑیکا ہوتا ہی وہ لگانا اور وہ ایسا ہوتا ہی کہ یک یک لڑ اوسکی الگ بابہ گونی ہوئی ہوتی ہی وہ باندھنے سے اوسکو ہوا خوب پہنچتی ہی اور جلدی اچھا ہوتا ہی یاکہ پینڈ سے کے بیچ کا چمڑا لیکر تنگ کو لگانا اس سے اچھا ہوگا یا کپڑیکا تنگ لگانا اس سے اچھا ہوگا اگر اوس سے اچھا نہو تو یہہ کرنا یک کپڑیکی گادی بناکر اوسکو تھوڑا تیل لگاکر اوس تنگ کے نیچے رکھکر تنگ کھینچنا تو یہہ بھی فائدہ کریگا اور حالت سفر مین سواری نہین لینا اوسکو ہاتھہ مین لیکر چلنا جب تک وہ اچھا ہو اور بندوبست اچھا رکھنا یہہ سب بیماریان تنگ لگنے سے پیدا ہوتی ہین اوسکو یہہ نام دیا ہی گیف گال یعنے تنگ لگا

سبق دسوان

گردن کے ہڈی کی بیماری

گردن کی ہڈی مین پر کچھ ہوتا ہی اور کمر کی ہڈی مین ہوتا ہی اوسکا بیان پر کچھ یعنے ہڈی ٹوٹ جاوے یا گوشت پھٹ جاوے نقصان ہونیکا سبب یہہ ہی کہ گھوڑا چھوٹ جاوے اور اندھیری رات ہووے اور زور سے دوڑتا جاتا ہو کبھی دیوار آڑی ہووے تو یکدم ٹکر کھاوے یا اور کوئی سبب گردن کے بل گرے اسکے سبب سے نقصان ہوتا ہی اور اوسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا زمین پر پڑا رہیگا گردن

نہین اٹھاویگا اوسکا باعث یہہ ہی کہ حرام مغز دبجاتا ہی اور جسم کو خبر نہین آتی اور پیچھے کو خبر نہین جاتی جب اسقدر معلوم ہوئیتو گردن کو ہاتھہ سے ادھر اودھر ہلانا تو کل احوال معلوم ہوگا گردن پیچ جانے سے جس طرف اوسکو پھراوگے تو اوسطرف پھرجاویگی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ وہان اور کچھہ نشان معلوم ہوتے ہین ہڈی کی نوک یا کچھہ خون نظر آوے اوسپر سے بھی معلوم کرتے ہین اور ایک صورت سے دریافت کرنیکی پہچان یہہ ہی اُس جاپر سوئی چبانا یا انگور سے دبانا اگر جان ہی تو مانیگا اور جان نہین ہے تو بالکل ٹوٹ گئی ہی تو نہین مانیگا جب برابر تمیز کر چکے بعد گولی مار دینا بعضے وقت کمر مین کوئی باعث پر کچھہ ہوتا ہی سبب ہونیکا یہہ ہی کہ گھوڑا الٹ کے گر پڑا پیچھے کو یا زمین پر اتارتے وقت پیٹھہ کے بل گرے اوسکے باعث یہہ حرکت ہوتی ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ پچھلے دھڑ پر زور نہین دیویگا اور بے قابو ہوگا کیا سبب کہ حرام مغز دبگیا خبر کا آنا جانا موقوف ہوگیا اسواسطے جب یہہ حرکت آئی تو معلوم ہوگا بعد دریافت کرنا اور دریافت کرنیکا بیان اوپر کیا ہی اسموافق کرنا تو معلوم ہوگا بعد دریافت کرنیکے گولی سے مارنا اور ایک بیماری کمر مین آتی ہی اوسکا نام "اسپرین مسل آف انسپرین" یعنے جھٹکا یا موچ اوسکو کہتے ہین یہہ دو جگہہ پر ہوتی ہی ایک اوپر کیطرف یعنے جو کمر کا گوشت ہوتا ہی اوسمین اور ایک اندر کمر کے نیچے جو گوشت ہوتا ہی اوسمین اب یہہ بیان اوپر کے "مسل" یعنے گوشت کا ہی سبب پیدایش کا یہہ ہی جب کہ گھوڑا تھکا ہوا ہی اور ناقابل ہی ہموار ڈھلوان ہی تو گھوڑا ایکدم پاسنگ کہ پچھلے پانون پھسل جاوے یا کوئی سواری مین سوار ہوکر پھر اسنے کو طرف جنگل کے لیکر جاتے ہین تو کوئی جگہہ مین پتھر کی چٹان ملے اور اوسکے اوپر سے جانے کا کام پڑے یا بارش برسکے پانی نکل گیا ہو اور وہان گھوڑا پھر اونکے گئے اور چکنی زمین ہی تو وہان بھی یہہ حرکت ہوتی ہی یا کہ پاؤن گونجی مین یعنے کوئی گڑہہ مین جاوے یا چوہے کے بل یا زمین مین گڑہہ ہو اسکے باعث بھی یہہ حرکت ہوتی ہی جب اوپر کے "مسل" مین حرکت ہوئی ہو تو وہانپر سوجن آتی ہی اور گرم ہوتا ہی اور ہاتھہ سے دباؤ گے تو مانیگا اور اندر کے "مسل" کا حال یہہ ہی کہ کمر سے نکلا ہی اور فیمر کے یعنے پچھلے دہڑ کے اوپر کی نلی ہی اوسکے آخر مین آکر لگا ہی اب اوسکے نشان وہ گھوڑا چلتا نہین اگر اوسکے اوپر زبردستی کی تو قدم دو قدم چلیگا مگر پچھلے پاؤن پر زور نہین دیویگا گرتا ہوا چلیگا اگر زیادہ انسپرین ہوگا تو پڑے رہیگا بعضے وقت ایسا دریافت کرنا کہ سوئی چبا کر دیکھنا یا انگور سے دبا کر دیکھنا تو مانیگا یا ساغری کے اندر ہاتھہ ڈالکے دیکھنا تو اندر گرم اور کچھہ ورم معلوم ہوگا اور ہاتھہ سے دبا کر دیکھنا تو مانیگا کبھی ایک طرف ہوتا ہی کبھی دونون طرف ہوتا ہی پچھلے پاؤن جہان پر رکھوگے تو وہان پر رکھیگا کیا سبب کہ پاؤن مین زور نہین ہوتا ہی اسواسطے علاج اگر انسپرین تھوڑا ہی تو اسکو جھولے لگانے سے گھوڑا خوش ہی تو جھولے لگانا اگر خوش نہین ہی تو نہین لگانا اور خالی زمین پر چھوڑنا زیادہ سیج بچھوانا اور کھانے پینے کا بندوبست اچھا رکھنا اور کھانا ٹھنڈا اور نرم دینا اگر گھوڑا موٹا ہی تو جلاب دینا اور کمر پر گرم پانی سے

سیکنا دن مین تین وقت ساغر یکے اندر گرم پانی کی پچکاری لگانا اور اُس گھوڑیکو دن مین دو وقت اُلٹ پلٹ کرتے رہنا نہین تو جھر مین بھی نقصان آتا ہی اور اُسکی لید اور پیشاب ضرور دیکھنا اگر لید نہین کیا ہو تو ہاتھ کو تیل لگانا اور اندر ہاتھ ڈالکے نکالنا اور اگر پیشاب نہین کیا ہو تو اُسکے نیزیکے اندر پیشاب کی پچکاری کے معرفت سے نکالنا اگر کوئی جگہہ پچکاری نہ ملے تو ہاتھہ کو تیل لگانا اور اندر ساغر یکے ڈالنا اور آہستہ آہستہ پھلنیکو آخر کیطرف لانا تو پیشاب ہوگا اور اگر گھوڑا بوڑہا ہی اور اُمید اچھے ہونیکی نہین ہی تو اُسکو گولی سے مار ڈالنا اور جو گھوڑا نو عمر ہی اور ذات والا اور زیادہ قیمت کا ہی اور اُسکی کچھہ اُمید اچھے ہونیکی ہی تو اِسکا بند و بست کرنا اور خرچ کرنا اور محنت کرنا اور بند و بست رکھنا اور کسی نے بولا کہ اسپرین کیا تو اُسکو جواب دینا کہ اسپرین وہ ہی کہ کوئی بھی سبب سے مَسَل یعنی یا ٹنڈن یعنی یا لگمنٹ یعنی لچک آتی ہی وہ اسپرین ہی اور اُسکے آنے سے نقصان کیا ہی جواب دینا کہ مَسَل یا ٹنڈن یا لگمنٹ یعنی بت سے ایک یا دو تار ٹوٹے تو اُسمین وہ نقصان آتا ہی جب یہہ حرکت گھوڑے مین ہی تو ایک یا دو ماہ مین اُسکو آرام ہوتا ہی بعضے گھوڑیکے جسم کا گوشت باعث لنگڑا ہونیکے جاتا رہتا ہی اُسکو خوراک اچھی دینا کیا سبب کہ زیادہ دن تک کھڑے رہنیکا اتفاق ہوتا ہی اسواسطے تھوڑی تھوڑی محنت شروع رکھنا بعضے گھوڑیکا گوشت محنت سے زیادہ ہوتا ہی اور سخت ہوتا ہی یہہ بات اِمتحان کی ہی ٹیل بریکیہ یعنے دُم کی کوئی ہڈی ٹوٹ جاوے تو ٹوٹنے کا سبب یہہ ہی کہ گھوڑا پچھلے دھڑ پر گر پڑے اِسکے سبب یا کہ گھوڑیکو گولی کھلاتے وقت سستی کرتا ہی اُسکو دیوار کی آڑمین لیکر جاتے ہین اور اُسکو گولی دیتے ہین تو اُسکی دُم سیدھی ہوتی ہی اُسکے سبب سے ٹوٹ جاتی ہی یا گھوڑا زمین پر اُتارتے ہین اُس حالت مین یہ حرکت آتی ہی اب اُسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑیکی دُم گر جاویگی ہلیگی نہین اور جہانپر نقصان ہوا ہے وہان گرہ معلوم ہوگا اگر ہشیار آدمی ہوگا تو دور سے دیکھکر بتا دیگا کہ فلان جگہہ پر حرکت آتی ہی اب اُسکا عِلاج دو آدمی کے ہاتھہ مین اُسکی دُم دینا اور اندر ساغر یکے ہاتھہ ڈالکے ایک آدمی اُسکے دُم کو اُٹھاکے اور وہ جو دو آدمی ہین تو وہ دُم کو پکڑکر خوب زور سے کھینچین تو ہٹ جاویگی یہہ جو بیان کیا ہی تو اندریکیا دو پیر یونمین نقصان آویگا اُسکے واسطے برابر ہی اور اگر باہر کے پیر یون مین نقصان آوے تو اُسکے واسطے بھی یہی بند و بست بہتر ہی لیکن ساغر مین ہاتھہ نہ ڈالین بعد بیٹھہ جانیکے اُسکے اُوپر پاندہا باندھنا اور دو بانس کے لمبے ٹکڑے تاکہ پیٹ تک کفایت کرین وہ دو بانس کے ٹکڑے لیکر دم کے دونون بازو کو اور دم کو بیچ مین رکھین اور اُسکے اُوپر یک پاندہس زور سے باندھنا اور اُسکے اوپر ستلی سے خوب مضبوط کھینچکر باندھنا اور وہ جو بانس کے ٹکڑے ہین ایک ٹکڑا اُسکے پیٹھے پر اور دوسرا دوسرے پیٹھہ پر لیجانا اور پیٹھیکے اوپر باندھنا لیکن اوپر پیٹھہ کے کچھہ نرم چیز اور روئی چیز ہوئے مَسَل گادی سکے ہوسے وہ دونون بانس اُسپر سے لاکر رکھین اور اُسکے اوپر سے سَرسنگل کھینچنا سرسنگل یعنے فراخی کو کہتے ہین وہ باندھنا

اور اوسکا بند و بست خوب رکھنا تاکہ وہ ہلنے نہ پاوے سر اوپر باندھنا اور کھانا نرم دینا اور لید دیکھتے رہنا بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ کھانا اوسکو سخت دیا اور لید اوسکی سخت آئی تو باہر نکلنے کو تکلیف ہوتی ہے تو اس سے نقصان ہوتا ہے اسواسطے دن مین ایک وقت یا دو وقت پچکاری مارنا اتنا بند و بست رکھا تو انشاءاللہ تعالی اچھا ہوگا فقط

سبق گیارھوان
پلوس کی ہڈیونکے کل نام اور جگھہ کا بیان

گھوڑیکا پلوس نام پاخانہ کی جگہہ کا ہے اور جو ہڈی اوسکے اندر ہے اوسکو نام دیا ہے پلوس کی ہڈی اور وہ گول حلقہ کیطرح ہے اور اوسمین تین درجے ہین اول درجہ الیم دویم درجہ اسکیم سیم پیوبس یہہ تین نام ہین اور اوسمین اور درجے ہین اور کچھہ نام ہین جیسا کہ الیم ہے اور اوسکے باہر کے کونے سے ملکے ہوتے ہوات تو اوسکو اکٹھیپ کہتے ہین اور دونون کونونکے درمیان مین جگہہ چوڑی ہے تو اوسکا نام دیا ہے دسیم اور اوسکے نیچے جو باریک جگہہ ہے اوسکو نام دیا ہے شافٹ یعنے ایک کمر کے موافق ہے اور اسکیم وہ ہے جو باہر کیطرف ہے اور پیوبس وہ ہے جو اندر کی ہڈی ہے اوسمین دو سوراخ ہین اور اسے ٹبلم وہ ہے جو فیمر کے آخر کی نلی کا سر جو گول حلقہ مین رہتا ہے اوسکو کہتے ہین اور اوسمین چار ہڈیان شامل ہوتی ہین الیم اور اسکیم اور پیوبس اور فیمر کا سر اور اسی ٹبلم اگر کوئی آدمی گھوڑے خریدنیکو جاوے تو اوسنے یہہ باتین ضرور یاد رکھنا کہ گھوڑیکا کوٹر بڑا ہووے اور چورس ہووے اور جس گھوڑیکا کوٹر تنگ ہوگا تو وہ گھوڑا کام کا نہین اور کام یہہ ہے کہ بہت دوڑنیکا نہین اور دیکھنے مین بدنما معلوم ہوگا یعنے بدصورت اور خوب تیار نہوگا ہمیشہ لاغر رہیگا اسواسطے اوسکو نہین لینا اور جو گھوڑیکا کوٹر یعنے پیٹھہ بڑا ہے اور چوڑا ہے اور دیکھنے مین چورس ہے وہ بہت اچھا ہے اور ہمیشہ تیار رہیگا اور زیادہ دوڑیگا اور یہہ بات ضرور یاد رکھنا کہ جس گھوڑیکا کوٹر بڑا رہتا ہے اور اوسپر گوشت زیادہ ہوتا ہے تو وہ گوشت گھوڑیکو دوڑنیکو مدد دیتا ہے بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ کوئی گھوڑیکا کوٹر باریک اور ہیپ چوڑا ہوتا ہے تو وہ بھی گھوڑا کام کا نہین ہوتا اوسکو بھی نہین لینا کیا سبب کہ وہ گھوڑا کمزور ہوتا ہے اسواسطے اور ہڈی کمر کی چوڑی ہووے اور کمر چھوٹی ہووے نہ زیادہ لمبی نہووے اور پیٹ کی پسلی ہیپ کے نزدیک ملی ہووے اور دونون مین چار انگل کا فرق ہووے اگر زیادہ فرق ہووے تو وہ گھوڑا کمزور ہوگا اور ہمیشہ لاغر رہیگا اوسکو نہین لینا کل بات دریافت کرنا بعد لینا جسکا کہ کوٹر یعنے پیٹھہ باریک ہے اوسکو نام دیا ہے ٹاراچائل یعنے لنگوٹ کی نالی تنگ ہے اور اوپن چائل وہ ہے کہ لنگوٹ کی جگہہ چوڑی ہووے

بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ ٹاپ کے کونے دونون باہر کو نکلے ہوئے ہوتے ہین اور گھوڑا برا ہے تو اوسکو لینا اور گھوڑے کے جسم کا وزن دو حصہ اگلے پیرون پر اور ایک حصہ پچھلے پیرونپر رہتا ہے کیا سبب کہ اگلے پیر سیدھے ہوتے ہین اور وہ وزن زیادہ اُٹھاتے ہین مثال کم کے ہین جسقدر کوئی مکان بنایا اور اوسمین سامان اچھا لگایا اور کھم اوسکا سیدھا ہو تو اوسکا کل وزن وہ سنبھالیگا اگر کوئی کھم خمدار لگاؤگے تو اوسکو تھوڑے روز مین نقصان آویگا جسقدر کسی شخص نے گھانس کا چھپر بنایا اور اوسمین کھم ٹیڑھا ہے تو اوسکے وزن سے وہ ٹوٹ جاویگا تو اسیموافق گھوڑے کے جسم مین پچھلے پاؤن ہین اوسپر زیادہ وزن سے نقصان چند روز مین آویگا اسواسطے آخری پاؤنپر دھڑ کا وزن کم ہے اور آگے کو گردن و سر یعنے کمر تک وزن آگے کے دھڑ پر ہوتا ہے فقط پچھلے پاؤنپر کمر سے اودھر وزن رہتا ہے تو اوسمین تمیز کرنا کہ دو حصہ آگے کے دھڑ پر ہے اور ایک حصہ آخر کے دھڑ پر ہے اوسکا خیال رکھنا فقط

سبق بارھوان

گھوڑے کی ”پلوس“ مین ”نرکچہ“ ہوتا ہے اب اوسکا علاج بیان ہے

”پلوس“ کی ہڈی مین نرکچہ ہوتا ہے سبب یہہ ہے کہ الٹ کے گرے اور ہڈی مین نقصان آوے یا لات لگے یا سوتے وقت یا اوٹھتے وقت یا بیٹھتے وقت ہڈی مین نقصان آوے یہ سبب اوسکے پیدائش کے ہین اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ ٹاپ کا کوئی بھی ایک کونا پینے کو لیکا کونا ٹوٹ جاوے تو اوسیوقت معلوم ہوگا اور وہ جھکا ہوا ہوگا ہاتھ سے دیکھنا تو معلوم ہوگا اور وہ جگہہ گرم ہوگی اور ہاتھ سے دباکر دیکھنا تو مانیگا درد ہوگا بعد دریافت کے اوسکا علاج کرنا اول اوسکا سر اوپر باندھنا کھانا وغیرہ سب اوپر دینا اور اندر اوسکے دیکھنا کہ کچھ ہڈی کا ٹکڑا ہے تو اوسکو نکالنا بعد وہان گرم پانی سے سینکنا اور اوپر کافور میٹھا تیل ترپین تیل یہہ تینون ملا کے لگانا تو اُس سے پیپ جلدی آویگا اور اچھا ہویگا اگر یہہ نہین ہے تو ”کاربولک ایسڈ“ اور تیل یہہ لگانا تو اوس سے پیپ جلدی ہو کر اچھا ہوجاویگا اور دوسرے روز گولی گلاب کی بنائی دینا وہ ”دو ڈرام“ ”نیٹر“ یعنے شورہ ”الوز“ یعنے ایلوہ ایک ڈرام اور ”ٹوٹم“ مین نرکچہ ہوا تو اوسکا نشان یہہ ہے کہ وہ پٹھہ اندر دبا جاتا ہے چال مین لنگڑا پنا معلوم ہوتا ہے مگر دوسرے لنگڑے گھوڑے مین اور اوسمین بڑا فرق ہوتا ہے اوسکے کام مین فرق نہین آتا ہے دوسرے وہ جو ”نوک سکرم“ سے ملی ہوئی ہے یعنے درمیان پٹھے کے جو ہڈیان ہین وہ اپنی جگہہ چھوڑتی ہین اور الگ ہوتی ہین یہہ ایک نشان ہے اور ایک ترکیب یہہ ہے کہ اندر ہاتھ ڈالکے دیکھنا تو وہان معلوم ہوگا کہ فلانی ہڈی ٹوٹی ہے جب خوب دریافت کر چکے بعد علاج کرنا اور علاج مین اول سر باندھنا کھانا اچھا دینا آرام دینا تو اچھا ہوگا ”شافٹ“ مین بھی نرکچہ ہوتا ہے ”شافٹ“ اوسکو کہتے ہین کہ باریک جیساکہ

کہ پتلی ہوتی ہے اوسیموافق یہہ ہے اوسکے نشان موافق "ڈوسسم" کے ہین اور بعد بند وبست وغیرہ کرکے جو لیمین ڈالنا سب ترکیب اوسکے موافق کرنا تو اچھا ہوگا بعضے وقت "اسٹیلم" مین "پرکچہ" ہوتا ہے جب اسمین "پرکچہ" ہوا تو گھوڑا کھڑا ہوگا مگر لنگڑا ہوگا چلاؤگے تو پاؤنپر وزن نہین دیویگا آخر گھوڑیکو کھڑے ہوکے دیکھنا تو کولہ جھکا ہوا معلوم ہوگا بعد اسقدر دریافت کرناکہ اندر ہاتھہ ڈالنا ساغ یکیے اور دوسرے آدمی کو اوسکا پاؤن ہلانے لگانا اور ایک ہاتھہ اوپر "جونٹ" یعنے جوڑکے لگانا بعد اوسمین اگر ہڈی چورا ہے یا جو کچھہ حال اوسکا ہوگا اوسیوقت معلوم ہوگا بعد دریافت کے اوسکو گولی مارنا کیا سبب کہ وہ اچھا نہین ہوگا بعضے وقت "پوئیمن" "پرکچہ" ہوتا ہے اوسکے نشان موافق "اسٹیلم" کے ہین اور دریافت کرنا تو اندر ہاتھہ ڈالکے دیکھنا تو اوسوقت معلوم ہوگا بعد دریافت کے اوسکو بھی گولی سے مارنا کیا سبب کہ وہ اچھا نہوگا بعضے وقت "اسکیم" مین "پرکچہ" ہوتا ہے تو اوسکے نشان اور دریافت "پوئیمن" کے موافق ہے بعد دریافت کے اوسکو مار ڈالنا کیا سبب کہ وہ اچھا نہین ہوتا ہے اسواسطے اور بعضے وقت "اسکیم" کی نوک مین "پرکچہ" ہوتا ہے جو باہر کیطرف دونوکین ہوتی ہین طرف دم کے اوسکے نشان کل ظاہر مین معلوم ہوسکتے ہین اور اوسکا علاج بمقدار "ہیپ" کے نوک کو بتایا گیا ہے اوسموافق کرنا اور بند وبست رکھنا اچھا ہوگا بعضے وقت ایکطرف ہوتا ہے بعضے وقت دونون طرف ہوتا ہے بعضے وقت "اسٹیلم" مین جو "رونڈ لگمنٹ" ہوتا ہے وہ ٹوٹ جاتا ہے وہ لگا ہوا ہوتا ہے "اسٹیلم" مین اور "فیمر" کے سر مین تاکہ "فیمر" وہان سے دوسری طرف نہ جاوے اور اپنا کام جاری رکھے جب وہ ٹوٹ جاتا ہے تو اوسکے نشان خود ظاہر معلوم ہوتے ہین یعنے اوسکا کولہ بروقت چلنے کے باہر کیطرف آتا ہے یعنے جو "فیمر" تلی ہے اوپر کی اوسکا سر اور جب دیکھنا تو گھوڑیکو چلانا اور پیچھے سے کھڑے ہوکے دیکھنا تو وہ کولہ ایک طرف کو نکلا ہوا معلوم ہوگا جب برابر معلوم ہوگا تو اوسکو گولی بھرکے مارنا وہ اچھا نہوگا بعضے وقت "ہیپ" مین ناسور پڑجاتا ہے اوسکا سبب یہہ ہے کہ جہازمین بہت روز گھوڑا کھڑا رہا اور اوس نے بازو کی لکڑیون سے رگڑکے زخم بنایا اوسکے باعث یا مار سے لگے اور اوسکا بند وبست نہین کیا یا گر جاوے یہہ سبب ناسور پیدا ہونیکا ہے اوسکو علاج جسقدر "ہیپ" کے کونیکو کیا ہے اوسموافق کرنا اور بند وبست رکھنا اچھا ہوگا یاد رکھنا فقط

سبق تیرھوان

گھوڑیکے اگلے پہریکے درد اور علاج کے بیانمین

گھوڑیکے اگلے پہرے جو ہین تو اوسکو دوسری ہڈیکا جوڑ نہین ہے فقط "مسّل" اور اندر کیطرف "لگمنٹ" پیلا ہے اور اوس "لگمنٹ" کی خاصیت تھوڑی "ربر" کے موافق ہے زیادہ ہونا اور کم ہونا اور وہ "مسّل" جو ہے تو دوسری "مسّل" سے الگ ہے اور کوئی سوال کرے کہ دوسرے پاؤن مین ہڈیکا جوڑ ہے اور اوسمین کیون نہین ہے تو جواب دینا

که زور اور وزن دوسرے پاؤن سے اگلے کے پاؤنپر زیادہ ہے اوسکا کیا سبب ہے کہ آگے کے پاؤن پر وزن اور زور زیادہ ہے اسواسطے اوسکو جوڑ ہڈی کا نہین ہے اگر ہڈی کا جوڑ ہوتا تو زیادہ نقصان آتا کیا سبب کہ زیادہ وزن پڑتا ہے اور جوڑ کے اوپر زیادہ وزن ہوا تو اسیوقت اوسمین بیماری آتی ہے اور کام کے لایق نہین رہتا اسواسطے اللہ تعالی نے اوسکو مسل اور لگمنٹ سے بنایا ہے اور وہ وزن کو سنبھالتا ہے اور اوسکی بابت اول بیان کیا ہون کہ زبر پر زور پڑیگا تو وہ دبجاویگا بعد توافق دستور کے ہوجاتا ہے اور وزنکا کام سنبھالنا ایکا اور شولڈر یعنے پہرے مین اگیارہ مسل شامل ہین اور اونمین ایک سب سے بڑا ہے وہ نلی پر [illegible] لگمنٹ اوسمین شامل ہے اوسنے اندر کیطرف باندھا ہے اور تھوڑا حصہ اوپر کو ہے اور ایک بات اور [illegible] کوئی بھی بیماری آوے تو گھوڑیکا ایک ماہ یا دو ماہ تک سر اوپر باندھتے ہین تو اوسکی وجہ سے گھوڑیکو تکلیف معلوم نہین ہوتی وہ وزن سنبھالتا ہے اسواسطے اور گھوڑا آرام پاتا ہے وہ لگمنٹ شامل ہونیکا باعث تھکاس نہین آتی اور آگے کیطرف ایک مسل اور ہے اوسکا کام پاؤن کو اٹھانیکا ہے اور کراس کو نیچے لانیکا پاؤن کو آگے بڑھانا اور ادھر اودھر پھرانا یہہ کام اوسکے مقرر ہین اوسکو ایک نام دیا ہے لونگیوس مسل پیچھے نیچے کی نلی کا مسل اور وہ شروع ہوا گردن سے اور آگر باندھا ہے مرسٹ کی نوک کو اور اکثر اوسمین درد آتا ہے اور دریافت کرنیکو بخوبی نظر آتا ہے اور گھوڑیکی ہڈی مین پرکچھ ہوتا ہے مگر اسکا پہلا ین کم ہوتا ہے اور ہڈیو مین جیسا کہ کوئی بھی مارنے لگے یا لات لگنے سے اکثر ہوتا ہے اسمین ہوتا ہے تو ٹوٹنیکے رو سے ہوتا ہے اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ وہ گھوڑا ایک دم لنگڑا ہو جاویگا اور اوسی پاؤن پر وزن نہین دیویگا اور پاؤن کو الگ اور اودھر رکھیگا اور تھوڑی دیر کے بعد اوسپر ورم آتا ہے اور اوسکو ہاتھ سے دباکے دیکھنا تو مانیگا اور پاؤن کو ہلاوگے تو اندر سے ہڈی کی آواز آویگی اور کڑکڑ کریگی یہہ سب نشان اوسکے دریافت کے ہین جب دیکھنا کہ ہڈی مین نقصان آگیا اور ہڈی چورا چورا ہوگئی اوسکو بھی نہین رکھنا اوسکو گولی بہر کے مارنا اور ہاتھ کاٹنے کے بعد دریافت کرلینا اگر کوئی گھوڑا اچھی ذات کا ہے اور قیمت دار ہے اگر اوسکا مالک کہے کہ اولاد بنائیگا ہے اسکو مت مارو تو اوسکی مرمت کرنا اور اوسکو خوب سنبھالنا تو بھی وہ گھوڑا سواری کے لایق نہین ہوگا اور پاؤن اوسکا کم زیادہ رہیگا بعضے لوگ کہتے ہین کہ شولڈر جوئنٹ یعنے جوڑ ہین اور ڈسلوکیشن یعنے جوڑ کے سرک جانیکو کہتے ہین مگر یہہ بات نظر مین نہین آتی البتہ ایک صاحب نے کتاب مین لکھا ہے اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ مسل مین اسپرین آتا ہے یعنے توڑ پھوڑ ہوتی ہین مگر اسمین دو نام ہین ایک ٹینڈن لمنٹ دوسرا جوئنٹ لمنٹ ٹینڈن لمنٹ وہ ہے جو مسل مین اسپرین آتا ہے اور جوئنٹ لمنٹ وہ ہے جو اندر جوڑ کے آتا ہے اب ٹینڈن لمنٹ کا نشان اور بیان یون ہے کہ مسل مین اسپرین آیا تو گھوڑا لنگڑا ہوگا اور اوسکے چالپر دریافت کرنا تو معلوم ہوگا اوسکی چال یون ہوگی کہ پاؤن اٹھانیکو بہت مشکل ہوگی اور بہت دیر ہوگا بہت زور سے پاؤنکو چکر دیکر آگے کو لاویگا اور زمین پر رکھنے سے آرام ہوگا وزن برابر دیویگا فقط اوسکو آگے لانیکو

تکلیف ہی اُٹھانیکو وزن دینے سے آرام ملتا ہی اور جب آگے لانیکو پاؤن اُٹھاتا ہی تو بہت مشکل سے
چکر دیکر بغل سے ملا ہوا آگیکو لیکر جاتا ہی اسپر بھی کوئی نہ دریافت کرسے تو ہاتھ سے دباکر دیکھنا
تو مالوم ہوگا وہ جگھہ گرم ہوگی بعد دریافت کے اوسکو علاج اوّل "انفلیمیشن" کی تمیز کرلینا اگر تھوڑا ہی تو
اوس جگھہ پر سفید تیل کی مالش کرنا سفید تیل یعنے "ٹرپن تیل" میٹھا تیل اور کافور اور "لیکرا مونیا" یہہ
سب ایک جگھہ شامل کیا تو اوسکو نام دیا ہی "لنمنٹ" بعد آٹھہ روز کے اوسکو دیکھنا کہ کچھہ آرام ہی یا نہین
اگر آرام نہو تو بعد اُوسکو "بن اِیڈن مرکیوری" "دس گرین" ایک "اونس" چربی کے ساتھہ مرہم بنانا وہ اس ترکیب سے
لگانا کہ پہلے اوس جگھہ کے بال نکالنا اور دوسرے دن یہہ مرہم کی مالش کرنا تھوڑی دیر تک بعد چھوڑ دینا
اور اوسکا بند و بست کرنا سر اوپر باندھنا اور رکھنا وغیرہ سب اوپر دینا اور کُل بند و بست اچھا رکھنا
دوسرا "جوئنٹ لمنس" وہ ہی کہ اندر جوڑ کے کچھہ نقصان ہوتا ہی اِس کے سبب سے گھوڑا لنگڑا ہوتا ہی
اوسکی چال پہ دریافت کرنا تو معلوم ہوگا پاؤن اوٹھاویگا مگر زور نہین دیویگا کیا سبب کہ اندر جوڑ کے درد ہے
اسواسطے دوسرے پاؤن کو جلدی لاتا ہی مدد کو کچھہ زور پڑا یا نہین تو دوسرے پاؤن کو ٹیکائیگا اور یہہ
بات آدمی مین بھی ہوتی ہی کہ جب کسی پاؤن مین درد ہوتا ہی تو اُوسکے اوپر زور نہین دیتا ہی
یا تو لکڑی کے اوپر زور دیکر چلتا ہی یا کہ دوسرا پاؤن اوسکی مدد کو جلدی لاتا ہی مگر اوسپر زور نہین
دیتا ہی اسقدر بیماری تمھارے نظر مین آوے تو اوسکو علاج نہین ہی بعد دریافت کے گولی سے مار
ڈالنا بعضے وقت "شولڈر" مین اور بیماری آتی ہی اوسکا نام رکھا ہی "روسٹی زم" اور "روسٹی زم" دو
ڈانگکا ہوتا ہی ایک "اکیوٹ" اور ایک "کرانک" اور "اکیوٹ" بہت کرکے کمر مین آتا ہی اور اوسکو کمری
کہتے ہین اور "شولڈر" مین جو آتا ہی وہ "کرانک" ہی یہہ عارضہ کا خاصہ یہہ ہی کہ ایک جگھہ قایم نہین رہتا
جسم مین ہر ایک جگھہ پھرتا ہی اور گردن مین بھی اکثر آتا ہی "شل" اور "ٹنڈن" جہان زیادہ ہی وہان اکثر
آتا ہی یہہ نشان اوسکا ہی کہ وہ قایم نہین رہتا اِسواسطے اُوسکا بند و بست اچھا رکھنا اور رکھنا وغیرہ
کُل چیز اوسکو نرم دینا پہلے اوسکو ہوا سے بچانا اور گرم مکان مین باندھنا اور جھول گرم باندھنا اور چارون
پاؤن مین گرم "بانڈس" باندھنا اور بعضے وقت اوسکو جلاب دینا پڑتا ہی اگر گھوڑا تیار ہی تو اور موافق جیسے
تو اوسکے کھانیکو ردو بدل کرتے رہنا اور تیار گھوڑا ہی تو اوسکو البتہ جلاب دینا اور اوسکی لید کو
ضرور دیکھنا اور اوپر سفید تیل کا "پلاسٹر" مارنا جہان تک اوسکا اثر ہووے وہان تک لگانا اور
پیٹ مین یہہ دوا دینا "آیڈن پوٹاسیم" "دس گرین" سے شروع کرنا تو "بیس گرین" اخیر درجہ ایک "ڈرام" تک دینا
اور کمتی کرتے کرتے "دس گرین" پر لاکے چھوڑنا اور جب یہہ دوا دینا تو گھوڑیکا مزاج ضرور دیکھنا کیا سبب کہ
اس دوا کی تاثیر یہہ ہی کہ گھوڑیکی "کُنس" یعنے گردو نپر زور کرتی ہی اور پیشاب زیادہ ہوتا ہی اسواسطے اور
کوئی وقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑا اچھا ہو جاتا ہی مگر لنگ باقی رہجاتی ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ "شل"

کم زور ہوجاتا ہے اور لنگ کرتا ہے اسواسطے اوسکو تھوڑے روز اوس سے ہلکی نوکری لینا اور کھانا اچھا دینا تاکہ اوسمین زور آوے اور "مَسَل" قایم ہوجاوے وہ درد کم زوریکا ہے اور ایک "مَسَل" اسکیاپیلا کی تونیچے پیدا ہوا ہے یعنے پہریکی چوڑی ہڈی کی نوک سے اور اُس نے باندھا ہے "ٹینڈن" کے سر کو وہ بہت مضبوط ہے اور کام بھی زیادہ کرتا ہے اور پانونکو اوٹھاتا ہے اوسکو نام دیا ہے "فلکسن" پیریکی ای "فلکس" یعنے خم دینا اور جہان سے یہہ پیدا ہوا ہے "یومرس" کے سر پر سے آیا ہے تو وہان بھی ایک "کیاپلیہ" ہے اور اوسکے نیچے ایک پسم کی تھیلی ہے اوسمین تیل بھرا ہوا ہے اوس تیل مین درد آتا ہے تو اوسکے سبب سے گھوڑا لنگڑا ہوتا ہے اور اوسکی شناخت چالپر ہے دریافت کرنا تو اوسکی چالپر دریافت کرنا وہ جب چلیگا تو ٹو یعنے ٹھوکر رگڑتا ہوا چلیگا یہہ بہت بڑی شناخت ہے ہاتھ سے دباوگے تو پاویگا اوسکو علاج بیچ "ٹینٹ" مین بیان کیا گیا اسموافق کرنا اور گھوڑا خرید کرنا تو اوسکا "شولڈر" دریافت کرنا تو پھر لینا کیا سبب کہ بعضے گھوڑیکا "اسکیاپیلا" دراز ہوتا ہے اور ترچھہ ہوتا ہے اوسکو "سُولپ" کہتے ہین البتہ وہ اچھا ہوتا ہے اور اوسکے سواریمین آرام ہے دوسرے سیدھا "شولڈر" ہوتا ہے وہ تو سواری کے کام کا نہین ہوتا ہے اور دیکھنے کو بہ نامعلوم ہوتا ہے اوسکے سواریمین سوار کو دھکا پہنچتا ہے البتہ وہ گھوڑا گاڑیکے کام کو اچھا ہوتا ہے اور بعضے گھوڑیکا "شولڈر" مدہوکے نزدیک سوتا ہوتا ہے اور وہ سیدھا ہوتا ہے تو وہ بھی سواری کے کام کا نہین ہے اوسکو بھی گاڑی مین ڈالنا فقط

سبق چودھوان

گھوڑے کے خریدی کا اور اوسمین نام "پرکچہ" بھی ہے اور ہڈیکی پائداری اور مضبوطی کا کل بیان ہے

گھوڑیکا "یومرس" بہت مضبوط ہے اور اوسکو ضرب کم پہنچتی ہے کیا سبب کہ وہان گوشت زیادہ ہے اسواسطے اور اوسمین "پرکچہ" بعضے وقت ہوتا ہے اوسکا سبب یہہ ہے کہ "مَسَل" زور کرتا ہے جسقدر "اسکیاپیلا" کا بیان اوّل ہوا ہے اور اوسمین کہا گیا ہے کہ "مَسَل" کے زور سے اوسمین "پرکچہ" ہوتا ہے اسقدر اسمین بھی ہوتا ہے لیکن بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ گرنے سے یا لات لگنے سے زور سے اوسمین "پرکچہ" ہوتا ہے اوسکو دریافت کرنیکی ترکیب اسقدر ہے کہ گھوڑیکے پاؤن کو ہلا کے دیکھنا جب خوب دریافت کر چکے بعد مار ڈالنا کیا سبب کہ اچھا نہ ہوگا اور "ٹینڈن" نلی مین بھی "پرکچہ" ہوتا ہے مگر اکثر کرکے اندر کیطرف ہوتا ہے کیا سبب کہ اندر گوشت نہین ہوتا فقط چمڑا اور نلی ہے اسواسطے اور گھوڑیکے جسم مین کل دو جگہہ "پرکچہ" بہت ہوتا ہے ایک ٹونٹیا مین اور ایک "ٹینڈن" مین یاد رکھنا باقی اور بھی ہڈیمین ہوتا ہے مگر یہہ دو ہڈیون مین زیادہ ہوتا ہے "ٹینڈن" نلی بڑی ہونا اور چوڑی ہونا کیا سبب کہ اوسکے اوپر گوشت زیادہ ہوتا ہے اگر اوسموافق ہوئی

تو اچھی خوب ہی اور اگر اوسمین کچھہ خم ہی تو وہ اچھی نہین ہی اوس گھوڑیکو نہین لینا کیا سبب کہ اُسمین خم ہی اور وہ آگے کو جھکی ہوئی ہی تو گھوڑا کم زور ہی اسواسطے اوسکو لینا منع ہی اور البتہ تیڑھا ہو یا سیدھا ہونا کیا سبب کہ اوسکے اوپر بہت کام ہی اگر اوسمین کچھہ حرکت آئی تو گھوڑا کام کا نہین ہوگا اور "مثل" یعنے گوشت اوپر زیادہ آتا ہی اوسکے سبب کام زیادہ ہی اسواسطے اوسکو دیکھنا کہ اندر کیطرف کچھہ جُھکا ہوا ہی یا باہر کی طرف ہی اگر اندر کیطرف جُھکا ہوا ہی تو اوسکے نقصان اسقدر ہین کہ جسقدر اُونٹ بغل مین لگتا ہی اور رگڑتا ہی اسقدر گھوڑیپر بھی حرکت آتی ہی دیکھنے کو بدنما معلوم ہوگا اور مضبوط نہوگا ہمیشہ اوسمین نقصان آویگا دوسرے اوسکے پاؤن باہر کیطرف پھرے ہوئے ہونگے اور اوسکو نیور ضرور لگیگا اور ٹھوکر کھاویگا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ ایک دم گر پڑتا ہی اور اگر باہر کیطرف نکلا ہوا ہی تو اوسمین یہہ نقصان ہی کہ زبان ہندوستان مین اوسکو کٹا ور کہتے ہین اور زبان انگریزی مین اوسکو ایک نام دیا ہی "پِن ٹو" یعنے کبوتر کے موافق اوسکے پنجے پھرے ہوئے ہوتے ہین اور بدنما معلوم ہوتا ہی وہ بھی گھوڑا اچھا نہین ہی اوسکو نہین لینا یعنے گھوڑیکا اندر کیطرف جھکا ہوا ہوتا ہی اور اچھا نہین ہی اسکو نام دیا ہی "اَسٹمان" اوپر چھپائی نکلی ہوئی ہو اور "رِیڈس" اندر جھکی ہوئی ہو یعنے گھٹنے کے اوپر کی نلی اوسکو "ریڈس" بولتے اور یعنے گھوڑیکا گھٹنا اندر کیطرف جھکا ہوا ہوتا ہی اوسکو نام دیا ہی "کافی" یعنے گائی کے پاؤن کے موافق جھکا ہوا ہی اوسکو بولتے ہین اور یہہ اچھا نہین ہوتا خراب ہی اکثر کرکے اوسکے نس مین حرکت آتی ہی یعنے "اُسپرین" ہوتا ہی یعنے گھوڑیکا گھٹنا تھوڑا جھکا ہوا ہوتا ہی اور اندر خم تھوڑا ہوتا ہی البتہ وہ اچھا ہوتا ہی دیکھنے کو خراب ہی مگر مضبوط ہے اوسکو خرید کرنا "یومرس" مین پرکچہ ہوتا ہی تو ترچھہ ہوتا ہی کبھی سیدھا نہین ہوتا یہہ بات یاد رکھنا کیا سبب کہ بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ اوسکو دریافت کرنا جوڑنیکے واسطے اگر اوسمین "پرکچہ" ہوا اور لایق جوڑنے کے ہی تو وہ چند روز مین جڑ جاویگا مگر ہڈی ہڈی برابر اپنی "مثل" پر بیٹھا چاہئے اگر ہڈی برابر جگھہ پر نہین بیٹھے گی تو کبھی جڑ نیکی نہین اور ہڈی جو ٹوٹ جاتی ہی تو وہ "پری اشٹیم" کی مدد سے وہین جمی ہوئی رہتی ہی اور "یومرس" جو جڑ جاوے تو وہ گھوڑا نوکری کے کام کا نہین ہوتا لیکن وہ الو بنا نیکے کام کا ہوتا ہی اور اکثر کرکے گھوڑیکی اور آدمی کی نلی مین ضرور ترک ہوتی ہی مگر اوسکا بند و بست کرنا تو اچھا ہی اوجو گھوڑے لات لگ کر اسپتال مین آتے ہین اور وہان اوسکے پاؤن دو چار روز کے بعد ٹوٹ جاوے تو یہہ غفلت کا سبب ہی اگر اوسکا بند و بست برابر رکھتے تو یہہ حرکت نہوتی اسواسطے چاہئے کہ ذرا سی بھی لات لگے اُسکا بند و بست اچھا رکھنا اور "ریڈس" مین "پرکچہ" ہوا تو اوسکو خوب دیکھنا اچھا ہوگا یا نہین اگر ہڈی چورا چورا ہوگئی ہو تو اوسکو خوب دریافت کرکے بعد گولی سے مار ڈالنا اور اگر لات لگی ہڈی پر اندر کیطرف اور اوسکو دریافت کیا وہ ہڈی اپنی جگھہ سے الگ نہین ہوئی اور تمھارے دل مین یہہ بات برابر معلوم

ہوئی کہ ہڈی الگ نہین ہی شاید کہ کچھہ "کراک" ہوا ہوگا تو اوسکو بھی وہی بند و بست کرنا جو اوّل بیان کیا
گیا ہی اور اِس عارضے والے گھوڑیکو دو چار روز کے بعد جھولیمین ڈالنا یہہ بات ضرور یاد رکھنا چاہئے
کیا سبب کہ گھوڑیکو جھولے دینے سے گھوڑیکا زور جھولے پر رہیگا اور پاؤن کو اسکام مین آرام ملیگا اور
ضرور آرام ہوگا اگر اوسپر زور دیکر کھڑا رہتا ہی تو اوسہ ہڈیمین کم زیادہ پن آتا ہی اکثر اسواسطے گھوڑا ایک
پاؤنپر زور دیکر کھڑا رہتا ہی دوسرے پاؤنپر زور نہین دیتا اسواسطے جھولا لگانا بہت اچھا ہی اور اگر
ہڈی مین فرق آیا اور امید اچھے ہونیکی نہین ہی تو اوسکو گولی سے مار ڈالنا رکھنا نہین اور "پیو" مین
یعنے کونے کی ہڈی مین "پرکچہ" ہوتا ہی باعث مارکے یا چوٹ کے یا لات لگنے یہہ سبب ہین اوسکے اگر
اوسمین "پرکچہ" ہوا تو وہ گھوڑا اچھا نہین ہوتا بعد دریافت کے مار ڈالنا اور اگر اوسکے اوپر ایسے کوئی
بھی سبب یا باعث "انفلیمیشن" آیا تو اوسکو خوب بند و بست رکھنا نہین تو اوسکے سبب جوڑ مین نقصان
آئیگا اور بیکار ہو جائیگا جوڑ کھل جاتے ہین اندر اوسکے ہڈی بگڑ جاتی ہی اور اوسمین "السر" پڑ جاتا ہی اور
نشان اسقدر ہین کہ ظاہر اندر جوڑ مین سے تیل نکلتا ہی اور وہ تیل جو جوڑ مین رہتا ہی اوسکو "یونٹ آئل"
بھی کہتے ہین یہہ نشان اوسکے ہین جب اسقدر اوسکا جوڑ کھل گیا اور اندر سے تیل نکلا تو اوس لنگڑے کو
بھی بخار آتا ہی باعث یہہ تکلیف کے کھانا برابر نہین کھاویگا اور سست کھڑا ہوگا دن بدن لاغر ہوگا سبب
ایک دن مر جاویگا اسواسطے اوسکا بند و بست خوب کرنا ضرور ہی اگر اوسکے بند و بست کرنے مین کچھہ
حرکت ہوئی تو اوسقدر حال ہوگا جسقدر اوپر بیان کیا گیا ہی یاد رکھنا اور ایسے گھوڑیکو ضرور یہہ تا جہان
زخم ہو پیپ اندر جانے نپاوے پیپ کو رستہ دینا اور ایسا بند و بست رکھنا تو جلدی اچھا ہو جاویگا
اور اندر نقصان نہین ہوگا فقط

سبق پندرھوان

گھوڑے کے گھٹنے کا بیان اور اوسمین لگلے ہاتھہ کے کونیکا بیان ہی

گھوڑیکے کونی مین درد آتا ہی اور وہان قسم پانیکے جمع ہوتا ہی اور اوسکو نام دیا ہی "سیرس
ابسس" اوسکا مطلب یہہ ہی کہ اوسکے اندر پانی جمع ہوتا ہی اور "ابسس" تو بہت ہین مگر انکے
نامون مین فرق ہی کوئی جگہہ "کامن ابسس" ہی اور کوئی جگہہ "بلڈ ابسس" ہی "کامن ابسس"
مین پیپ رہتا ہی اور "بلڈ ابسس" مین خون رہتا ہی اور "سیرس ابسس" مین پانی رہتا ہی اور "ابسس" کا
مطلب یہہ ہی کہ بدن کے اندر کوئی بھی ایک جگہہ موافق ایک مشک مین کچھہ پانی بھر کے رکھتے ہین اوسکے موافق

گھوڑیکے بدن مین ایک تھیلی ہوتی ہے اور اوس جگھہ خون یا پیپ یا پانی جمع ہوکر رہتا ہے اوسکو "ابسس" کہتے ہین اب اوسکے دریافت کرنے کے نشان جس مین کہ پیپ ہوتا ہے اوسکی خاصیت یہہ ہے کہ اوسکو ذرا بھی نشتر چھو جاویگا تو ایک دم اوسمین سے پیپ باہر نکل آویگا اور ایک بات ہے کہ وہ جای گرم ہوگی اور وہان انگلی سے دباکر دیکھنا تو نرم یعنے پیلاپن معلوم ہوگا اسی موافق خون کے "ابسس" کے نشان ہین لیکن "سیرس ابسس" کا نشان یعنے جس مین پانی ہے اوسکا نشان دوسرا ہے وہ ٹھنڈا ہوگا اور وہ جگھہ تھوڑی سخت ہوگی اور اس بیماری کی ابتدا اسقدر ہے کہ تھان برابر نہین ہے اسمین نیچا اونچا اور کوئی کوئی جگھہ پتھر نکلے ہوئے ہین اوسکے سبب سے ہوتی ہے بعضے وقت نعلبند لوگ برابر نہین کاٹتے تو وہ نعل کی نوک زیادہ نکلی ہوئی رہتی ہے اوسکے سبب سے اور بعضے گھوڑونکو یہہ ہمیشہ عادت رہتی ہے کہ جب سوئینگے تو بغل مین پاؤن لیکر سوتے ہین تو وہ نعل کی نوک کونیکو لگتی ہے تو یہہ بیماری پیدا ہوتی ہے اور یہہ بات ضرور یاد رکھنا کہ کوئی ایک بیماری ہوئی تو اوسکو خوب دریافت کرنا کہ فلانی بیماری ہے تو بعد اوسکا علاج کرنا اور یہہ علاج "سیرس ابسس" کا شروع ہے اوّل اوسکو دیکھنا کہ درد تھوڑا ہے اور اب نیا شروع ہوا ہے تو اوسکو آرام دینا کچھہ ٹھنڈائی کی دوا لگانا تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ اچھا ہوگا اور اگر کچھہ زیادہ ہے تو اوسکو نشتر سے چیرنا مگر یہہ بات یاد رکھنا کہ کوئی بھی جگھہ زخم کو یا ابسس کو کہین بھی چیرے تو نیچے کیطرف چیرے تو پیپ کچھہ رہتا نہین کیا سبب کہ پیپ کی آمد آ رہیگی اور اگر اوپر کیطرف چیرے تو پیپ کچھہ اوپر نہین چڑھتا نیچے کو آتا ہے اور وہان سوراخ کرتا ہے اس واسطے اوپر کو نہین چیرنا نیچے کو چیرنا مناسب ہے بعد چیرنیکے اندر انگلی ڈالکر چوطرف پھرانا اور پردے سب توڑکر پانی نکالنا یعنے جب اندر اونگلی پھراوگے تو پردے زور سے ٹوٹ جاوینگے اور وہ پردے ہوتے ہین "تسلری تیسو سیمز" ایک ہوتا ہے اوسکے وہ بہت مضبوط ہوتے ہین تو اسواسطے اندر اونگلی ڈالنا اور چوطرف پھراکے توڑنا ضرور ہے بعد پردے توڑنیکے اوسکے اندر "ٹرپن تیل اور کافور اور میٹھا تیل" "ٹو" کے ساتھہ لگانا یعنے سن کے ساتھہ لگانا تو انشاءاللہ تعالیٰ چند روز مین ایسے بندوبست سے اچھا ہوگا اور ایک بات اسمین اور ہوتی ہے کہ جب یہہ عارضہ شروع ہوتا ہے تو اوسمین تھوڑا درد ہوتا ہے اور جب پرانا ہوجاتا ہے تو وہ درد موقوف ہوجاتا ہے یہہ بات بروقت شناخت کے یاد رکھنا چاہئیے اور جو پرانہ ہوا تو اوسکو ایک علاج اور ہے مگر اوسکو اوّل دریافت کرنا ضرور ہے بعد علاج کرنا وہ بہت سخت ہوگا اور بڑا ہوگا ہاتھہ سے دباکے دیکھوگے تو مانیگا نہین تو جاننا چاہئیے کہ یہہ پرانہ ہے بعد نشتر سے چیرنا جہان تک ورم ہے اور اندر سے چور کو دریافت کرنا بعد وہ ایسا ہوگا کہ جسموافق جام کو تراشتے ہین بعد چیرنیکے چوطرف سے "کاشٹک" لگانا اور اطراف اوسکے "کاربالک اسڈ" کا تیل لگانا تاکہ مکھی نہ بیٹھے اور بندوبست اوسکا خوب کرنا اور اوس زخم کو

گرم پانی سے دونون وقت خوب سینکنا اور اندر سے صاف کرنا بعد دوا لگانا جو پیپ آوے اور کھانا نرم دینا سر اوپر باندھنا اور دوسرا حال جو اوپر بیان کیا اوسمین سر نہین باندھنا بعد یہہ بندوبست کرنا تا کہ پھر بیماری نہو وے اگر کبھی نعلبندی کی حرکت سے یہہ نقصان ہووے تو اوسکو پوری نعل لگانا اور دیکھنا اگر اس سے کچھہ فائدہ نہووے اور نقصان ہووے تو آدھا نعل جسکو "ٹیپ شو" کہتے ہین اور اگر تھان کی حرکت ہوگی تو تھان کو برابر چورس کروانا اور بعضے ڈاکٹر لوگ کہتے ہین کہ کہنی کے درد مین "سیٹن" لگانا مگر یہہ بات برابر خیال مین نہین آتی ہے کیا سبب کہ "سٹین" کا یہہ خاصہ نہین ہے کہ اندر کے پردے کو توڑکے سب پانی باہر نکالے مگر اوسمین سب پردے ہین اور "سٹین" ایک جگہہ جہان اوسکی آمد و رفت ہے اس جگہہ فائدہ کریگا لیکن دوسری جگہہ فائدہ نہوگا یہہ بات امتحان کی نہین اور اوپر جو بیان کیا گیا ہے وہ امتحان کیا ہے اور بعضے لوگ کہتے ہین کہ کوئی جوڑ مین باریک ہڈی نہین ہے اور آگے کے گھٹنے کے جوڑ مین اور پیچھے کے گھٹنے کے جوڑ مین یعنے "ہاک" کے جوڑ مین باریک ہڈی کا یہہ دو جوڑ مین ہونیکا سبب کیا ہے اوسکو جواب دینا کہ یہہ دونون جوڑ پر بہت زیادہ پڑتی ہے اور دوسرے جوڑ مین کہین اتنا زور نہین پڑتا ہے اسواسطے وزن جب اوسکے اوپر آتا ہے تو یہہ ہڈیان دھکا پہنچنے نہین دیتے ہین کیا سبب کہ اوسکی خاصیت موافق "ربر" کے ہے جب "ربر" پہ زور پڑتا ہے تو وہ چھوٹا ہوتا ہے اور زور نکل گیا تو موافق دستور کے ہوجاتا ہے اور دوسری بات یہہ ہے کہ وہان کچی ہڈی ہے وہ بہت نرم ہوتی ہے اور بچاؤ کرتی ہے جیسا کہ ایک گادی اوسموافق وہ کچی اور نرم ہڈی ہے اور ایک سبب کہ جسکے واسطے اللہ تعالی نے یہہ باریک ہڈیان وہان لگایا یعنے جوڑ کے جگہہ مین خم ہوتے ہین اور دوسری بات یہہ ہے کہ چال کے واسطے لگایا اگر اوس جوڑ مین باریک ہڈی نہو تو وہ چل نہین سکیگا کیا سبب کہ سیدھی نلی مین یہہ بات نہوگی جو خم کرے اور گھٹنے مین تین درجے ہین جوڑ کے بروقت گھوڑا چلنے کے اوپر کا جوڑ زیادہ کھلتا ہے اور جو درمیان کا جوڑ ہے اوس سے تھوڑا کھلتا ہے اور جو سب سے نیچے کا جوڑ ہے وہ بلکل تھوڑا کھلتا ہے یعنے اشارتاً جب برابر گھوڑا چال چلتا ہے اور جوڑ مین باریک ہڈیان تو ہین اور انکا کام اوپر بیان ہوچکا ہے گھٹنے کے اوپر جو تین "ٹنڈن" ہے اوسکا نام "ایکس ٹن سر مٹیک کا پائی" ہے اسنے "کیانن بون" جو نلی ہے اوسکے سر کو باندھتا ہے اور کام اوسکا یہہ ہے کہ "کیانن بون" کو اوٹھاتا ہے اور دوسرا "ٹنڈن" جو ہے اوسکا نام "ایکس ٹن سپڈس" ہے یہہ "کانن بون" کے اوپر سے ہوکر رشم کے اندر "کافن بون" کے سر کو جاکر باندھتا ہے اور تیسرا "ٹنڈن" جو ہے وہ "ایکس ٹن سفنجن" "ایکس ٹن سر پٹاسن" کے بازو سے ہوکر "پاس ٹن" کو باندھتا ہے اور یہہ دو نام پاؤن کے بیچ مین ہین انکو یاد رکھنا یہہ نام ہین "فلکس سوز" اور دوسرا نام یہہ ہے "ایکس ٹن سوز" اور اسکا مطلب یہہ ہے کہ "فلکس سوز" جو ہے تو پاؤن کو یا ہاتھہ کو خم دینے والا ہے اور "ایکس ٹن سوز" وہ ہے جو سیدھا کرنے والا ہے اسموافق یہہ دو نسین ہین

ایک تو فلکس ٹنڈن جو کُیان بون کے اخیر مین ہے جو پاؤن کو اوٹھاتی ہے اور دوسری اکیس ٹنڈن آف
پیڈس پاؤن کو سیدھا کرتی ہے اور یہہ نسون سکے نیچے برسہ کی تھیلیان ہین اونکے اوپر خول ہوتا ہے
جیسا کہ تلوار کو میان ہوتا ہے اِسیموافق اِن نسونکو بھی میان ہوتا ہے اور وہ جو تیل کی تھیلیان
ہین اونسے بہت بڑا فائدہ ہے اور نسون کو نقصان نہین آتا جیسا کہ گاڑیکو تیل دیتے ہین تو اوسکا کام برابر
چلتا ہے اور اگر تیل نہ دوگے تو اوسکے کام مین حرکت آویگی اور لوہا گھسیگا اِسی موافق یہہ نسونکا یعنے
ٹنڈن کا کام ہے جتنی نسین ہین بدن مین اُن سب کو تیل کی مدد ہے اور وہ اپنا کام خوب جاری
رکھتے ہین اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ کوئی جای پر اوپن جونٹ ہوتا ہے یعنے جوڑ کُھلتا ہے اور وہانسے
وہ تیل نکلتا ہے تو اوسکو دریافت کرنا چاہیئے اگر کوئی ناواقف ہوگا تو اوسکو تمیز نہین ہے کہ تیل نکلتا ہے یا
پانی تو اوسمین نقصان ہو جاویگا اسواسطے اوسکو ضرور ہے دریافت کرکے یاد رکھنا اور نی جونٹ ہین یعنے
اگلے پاؤن کے گھٹنے مین جو عارضہ ہوتا ہے اوسکے تین نام ہین اور الگ الگ اوسکا بیان ہے اوّل ہلکا
درد ہوتا ہے اوسکو سمپل کنٹیوزن بولتے ہین اوسکا بیان شروع ہے سمپل کنٹیوزن وہ ہے کہ گھوڑا
ٹھوکر کھا کر گرتا ہے اور کچھہ تھوڑے بال گھٹنے کے نکل جاوین یا کچھہ ورم آوے اوسکو یہہ نام دیا ہے اور
نی جونٹ کے کل نشان ظاہر نظر آتے ہین خود بخود معلوم ہوتے ہین جب ایسا گھوڑا تمھارے نزدیک
آیا تو اوسکو دیکھنا کہ کچھہ بہت نہین ہے تھوڑا ہے اس لئے نقصان نہین ہوگا تو اوسکو ایک یا دو روزکا
اوس گھوڑیکو آرام دینا کچھہ ٹھنڈا لوشن لگانا بعد نوکری پر جانے دینا اگر ایسا گھوڑا آیا اور تمکو دکھایا
اور اوسکو تمنے کہا کہ تھوڑا سا ہے کیا فکر ہے کرکے نوکری پر جانے دو جب وہ گھوڑا گیا اور رات کو سویا
تو اوسمین انفلمیشن آتا ہے یا سواری لیا یا محنت لیا اِسکے سبب سے زیادہ نقصان ہوتا ہے تو اچھا
نہین ہے جب یہہ حرکت سے گھوڑا تمھارے پاس آویگا تو اوسکا سبب دریافت کرنا کہ کیا سبب یہہ
حرکت ہوئی اوسمین دو یا تین سبب ہین کہ جنکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہے ایک تو یہہ ہے کہ نعلبندی زیادہ
روز کی ہوئی اسکے سبب گھوڑا گرتا ہے اور دوسرا سبب یہہ ہے کہ جسکا پیر اسید ھا ہے یا پاسٹن
یعنے گامچی کھڑی ہے یہہ سبب گھوڑیکے گرنیکے ہین یہہ سب ضرور دریافت کرنا اور بعد دریافت کے
اوسکا بند و بست کرنا تاکہ یہہ بیماری بار دیگر نہو یہہ خیال ضرور کرنا دیگر سبب یہہ ہے کہ چمڑا کٹ کر
کچھہ خون آوے یا زخم پڑ جاوے اوسکے واسطے اوّل یہہ بند و بست ہے کہ وہ زخم کو کوئی بھی صورتسے
ہاتھہ نہین لگانا یا کپڑا یا اور کوئی چیز چھونے نہ پاوے اور اوسکا سر اوپر باندھنا گرم پانی ٹن پاٹ یا
کوئی بھی برتن مین سے اوسکے گھٹنے کے اوپر ڈالنا تو اوسکو برابر سینک پہنچتی ہے اور جھول گرم باندھنا
بعد تین چار دن کے اوسکو جھولا لگانا پیٹ کے نیچے اور کھانا نرم دینا بعضے لوگ اُس زخم مین پوڈر
ڈالکے دیکھتے ہین مگر یہہ کام اچھا نہین ہے کیا سبب کہ جب گھوڑا گرتا ہے اور چمڑا یا برسہ یا ٹنڈن آتین

کچھ بھی حرکت آئی تو اندر کوئی بھی چیز ڈالنا تو اوسکو نقصان ہوتا ہی کیا سبب کہ جو بالا مذکور بیان ہوا اُسمین "
پُورب" جاکے لگتا ہی اسواسطے "پُورب" ڈالنا یا کوئی چیز ڈالنا منع ہی اور اوسکے اندر کچرا یا مٹی یا اور بھی کچھ ہی
تو وہ پانی کے معرفت سے صاف ہوجاتا ہی سینکنے کیواسطے دوسری ترکیب یہ ہی گرم پانی کرنا اور اُس پانی کو
ایک "ٹیپ" مین ڈالنا اور اُس گھوڑیکے پاؤن کو اوس "ٹیپ" کے اندر رکھنا وہ پانی ایسا ہووے کہ ہاتھ ڈالکے دیکھو
تو سہتا ہووے اوسکے اندر اُس پاونکو رکھنا اور پانی اسطرح ہووے جسطرح نہانے کو لیتے ہین کچھ ٹھنڈا
کچھ گرم ہو لیکن بہت ٹھنڈا بھی نہ ہو اور بہت گرم بھی نہ ہو ایک "ٹیپ" مین گرم پانی بھرنا اور ربڑ کی نلی وہ
"ٹیپ" مین لگانا ایک ستلی لیکر اوس نلی مین باندھنا اور وہ نلی کو اوسکے اوپر لپیٹنا اور اوسمین دو تین
سوراخ کرنا تو اُس سوراخ مین سے وہ گرم پانی نکلکر وہ گھٹنے کے اوپر بہتا ہی اور اوسکو رات دن سینک پہنچتی ہی
کچھ حاجت نہین ہی کہ آدمی سینکے اور ایک بات یاد رکھنا خوب ہی کہ جب گھوڑا تھان پر ٹانگ سیتے ہین
اور اوسکو زخم ہی تو اوسکا علاج کرنا کیونکہ گھوڑیکا مزاج بگڑجاتا ہی بخار آتا ہی اوسکو ضرور ہر روز دیکھنا
اگر کچھ حرکت آوے تو اوسکو دیکھنا اور تپ کی گولی دینا قسم تیسری وہ بالکل جوڑ کھلجاوے تو اوسکو نام
دیا ہی "اوپن جوئنٹ" کہتے ہین اگر یہہ حرکت ہوئی تو بہت نقصان ہی اللہ تعالیٰ نے اوسکی زندگی دنیا مین
کچھ تھوڑے روز کے واسطے مقرر کی ہی تو شاید کہ وہ تو اچھا ہوگا نہین تو اوسکی امید نہین ہی جو اچھا
ہووے اور اوسمین تمیز یہہ ہی کہ اوپر کا جوڑ نہ کھلے اور درجہ درمیان جو ہی وہ بھی نہ کھلے اور درجہ آخر
یعنے نیچے کا جوڑ کھلیگا تو اوسکی اُمید ہی لیکن درجہ اول مین ہووے تو کچھ بھی اُمید نہین ہی جوڑ کھلنا
اچھا نہین ہی کوئی بھی ہو خراب ہی اُوسکو بہت سنبھالنا اور بندوبست اچھا رکھنا اور اوسکے کل نشان
ظاہر ہین اگر کوئی عقلمند شخص ہووے تو بروقت دیکھنے کے اوسیوقت دریافت کرلیویگا بعد دریافت
کرنیکے اسموافق اوسکا علاج شروع کرنا لیکن ایک بات :: اول دریافت کرنا کہ جب جوڑ کھلتا ہی اوسمین
تمیز کرنا کہ تیل آتا ہی یا نہین اگر تیل نکلیگا تو اوسمین چکنائی معلوم ہوگی اور وہ تیل ایسا ہوتا ہی کہ پانی
اور تیل یکسان معلوم ہوتا ہی لیکن اوسمین فرق اتنا ہوتا ہی جو اوپر بیان کیا اگر گھوڑا آوے اُسوقت
معلوم نہو تو دوسرے روز دیکھنا اگر تیل جاری ہی تو اوسکو دو یا تین "ڈرام کلورائیڈ زنک" دو بوتلی پانیکے
ساتھ "لوشن" بنانا اور دن بھر یہہ "لوشن" اوسکے اوپر ڈالتے رہنا یہہ ڈالنے سے وہ تیل جو نکلتا ہی سو وہ موقوف
ہوجاویگا اور اندر سے زخم بھرکر آویگا اور اوس عارضہ والے گھوڑیکو دو یا تین روز مین جھولے باندھنا
اور دوا کا ایک فائدہ اور ہی کہ اوسکے سبب سے "انفلیمیشن" اچھا ہوجاتا ہی اور زخم ٹھنڈا ہوتا ہی یعنے
جہان "انفلیمیشن" آتا ہی تو وہ جگہہ زیادہ گرم ہوتی ہی اور اوسکے سبب وہان ٹھنڈک ہوتی ہی یہہ بات
ضرور یاد رکھنا دیگر ایک بات ہی کہ وہان ایک علاج اور کرنا یعنے "اوپن جوئنٹ" جہان ہوتا ہی اوسکے
واسطے "پلاسٹر" لگاتا ہی کیا سبب کہ "اوپن جوئنٹ" ہوا اور جوڑ کھل گیا تو وہان زیادہ "انفلیمیشن" لاتا کہ جوڑ کو

مدد ہووے باعث مدد ہونیکے وہان خون آویگا اور اوسکے سبب سے انگور اندر سے بھریگا اور جوڑ کو فائدہ کریگا اور بعضے لوگ "اوپن جوئنٹ" کو "پولٹس" لگاتے ہین مگر یہہ بندوبست برابر نہین ہی کیا سبب کہ وہ جگھہ ایسی ہی کہ وہان "پولٹس" رہتا نہین ہی اور اوپر کو جوڑ ہی اور نیچے کو باریک نلی ہی اور دوسری یہہ کہ اوسکے سبب سے وہان زخم آتا ہی گھٹنے کے آخر مین تیسری بات یہہ ہی کہ جہان "اوپن جوئنٹ" ہوا اور وہان ایک وزن کی چیز اوسکے اوپر باندھا جیسا کہ ایک جگھہ جسم مین کہین بھی درد ہی زیادہ تو وہان ہاتھہ سے دبانا تو اوسکے باعث تکلیف ہوتی ہی اوسیموافق "اوپن جوئنٹ" مین ہی کہ وہان تو اول درد ہی اور اوسکے اوپر "پولٹس" باندھنا تو زیادہ وزن کے سبب اور تکلیف ہوتی ہی اور فائدہ اوسکا جب ہو کہ وہان "پولٹس" برابر رہے تو یہہ بھی نہین ہی اسواسطے جنرل ڈاکٹر صاحب نے "پولٹس" اوس جگھہ باندھنے سے موقوف کیا کہ اوس سے فائدہ نہین ہی اور نقصان ہی ایک بات اور ہی جوئنس بیچ گھٹنے کے ہی اوسکا نام "اکیس ٹن سرشنک" کا پانی ہی وہ کبھی کٹ جاوے تو اچھا نہ ہوگا یہہ جو بیان ایسا ہونا بیچ گھٹنے کے اسکا خیال رکھنا اور اوسکے درد کے سبب سے گھوڑیکو بخار بھی آتا ہی اوسکو دوا دینا اور ایک بات یاد رکھنے کی ہی کہ گھوڑیکو جھولی لگانا لگاتے وقت مستی کرتا ہی تو اوسکو ایسا کرنا کہ دو تین دن وہ گھوڑا کھڑا رہتا ہی تو تھک جاتا ہی بعد اوسکو جھولی لگانا تو آپ سے لیتا ہی اور اس بات مین ایک بات اور ہی کہ گھوڑیکی عمر دیکھنا اور اگر نوعمر گھوڑا ہی اور قیمت دار ہی اوسکی محنت کرنا اور زیادہ عمر کا گھوڑا اور ہلکی قیمت کا ہی تو اوسکی محنت کرنا کچھہ فائدہ نہین ہی وہ اچھا ہوگا تو کام کے لائق نہوگا اسواسطے اوسکو گولی مار ڈالنا اور اگر زیادہ قیمت کا ہووے اور ذات والا ہووے تو وہ گھوڑا نوکری کے کام کا نہین ہوتا فقط اولاد کے کام کا ہوتا ہی اسواسطے اوسکا بندوبست کرنا اور جب دیکھنا کہ گھوڑا اچھا ہوگیا اور جوڑ برابر ملتا ہی تو اوسکو چند روز تک ہلکی محنت لینا بعد نوکری پر جاکر پھر آیا اور اگر جوڑ برابر نہین ملتا تو اوسکو جاننا چاہئے کہ اندر کچھہ کسر ہی تو اوسکو ایک یا دو "پلاسٹر" مارنا بعد آرام دینا انشاء اللہ الرحمن اچھا ہوگا فقط

سبق سولھوان

"کاپیٹس" یعنے اندر گھٹنے کے "انفلمیشن" آتا ہی اوسکا بیان

شروع ہی

اب اوسکی پیدایش کا سبب یہہ ہی بعضے وقت کسی نے اوسکے گھٹنیکو لکڑی مارا اوسکے سبب سے "انفلمیشن" آیا یا کہ "اوپن جوئنٹ" ہو جاتا ہی اور اوسمین کچھہ کسر رہجاوے اوسکے سبب سے آتا ہی یا کبھی کانٹا لگے اور اوسمین "انفلمیشن" آوے یا خود "انفلمیشن" آوے یا کہ کچھہ سبب کے ساتھہ

آوسے یہہ باعث پیدایش کے ہین اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ وہ گھوڑا لنگڑا ہوگا اور وہ پاؤنپر
وزن نہین دیویگا جب اُسکو چلاؤگے تو دوسرے پاؤن کو جلدی مدد کو لاویگا اور جب تم اوسکو دیکھوگے تو اُس
جگھہ ورم معلوم نہوگا اور گرم بھی نہوگا تو کسقدر دریافت کرنا جب سب جگھہ دریافت کرچکے اور درد کہین
معلوم نہوا تو جاننا چاہئیے کہ گھٹنے مین درد ہی اوسکے پاؤنکو اوٹھاکے دیکھنا کہ وہ جگھہ صاف ہی تو اوسکو اوٹھانا
اگر اوسمین درد ہی تو گھوڑا اقرار کریگا کہ میرا پاؤن اوپر ست اوٹھاؤ میریکو تکلیف ہوتی ہی اور پاؤن کو
اوٹھاتا ہی تو ایسی حکمت سے اوٹھانا کہ اوسکے سُمّی کو پکڑکر "زیڈس" سے ملانا اور "کیانن بون" تلی برابر
ملجاوے "زیڈس" کے ساتھہ اوسمین کچھہ فرق نہ رہے بعضے لوگ ایسا کرتے ہین کہ سُم کو ملاتے ہین "زیڈس" کے
ساتھہ لیکن یہہ برابر نہین ہی برابر ترکیب وہ ہی جو اوپر بیان کیا جب پاؤن ملنے مین فرق رہے تو جاننا کہ
حرکت ہی اور جب وہ پاؤنکو اوٹھاتا ہی تو ایک دم "تراٹ" کرکے دریافت کرنا تو اول کی بہ نسبت زیادہ لنگ
کریگا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ "انفلمیشن" زیادہ روز تک رہا تو اوسکے سبب سے باریک ہڈی اور
"کیانن بون" کے منہہ پر نئی ہڈی پیدا ہوتی ہی اوسکو نام دیا ہی "انکی لوسس" بعضے وقت ایسا ہوتا ہی
کہ اندر ہڈیان باریک مین "السر" ہوجاتا ہی اور یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی تو "کرانک انفلمیشن" کے سبب سے
"کرانک" یعنے وہ بہت روز تک رہتا ہی اور بڑا مگرا ہی جلدی جاتا نہین اسواسطے یہہ حرکت نمود ہوتی ہی
جب یہہ بیماری ہوئی تو وہ گھوڑا نوکری کے لایق نہ ہوگا اوسکو مار ڈالنا یا اگر کوئی الو بنا نیکو رکھتے تو وہ
اولاد لینے کے کام کا رہیگا اگر مارے نہین تو چھوڑ دینا اب اوسکے "انفلمیشن" کے واسطے علاج اول دریافت کرنا
کہ "انفلمیشن" بہت تیز ہی یا کہ ہلکا ہی اگر بہت تیز ہوا تو وہان کے بال نکال کے جونک لگانا مگر جونک لگانا
تو زیادہ لگانا پانچ "ڈزن" یا چھے "ڈزن" اور سر اوپر باندھنا کھانا ٹھنڈا دینا اگر کچھہ کم ہی تو گرم پانی سے
سینکنا جُلّاب دینا پھرانے کو نہین لیجانا جھول باندھنا بعد ٹھنڈا ہونیکے اوسکے اوپر "پلاسٹر" کرنا ایک
یا دو یا تین اس سے اچھا ہوجائیگا اور بہت تیز "انفلمیشن" آتا ہی تو اوسکو نام دیا ہی "اگیوٹ" یعنے
بہت تیز آتا ہی جلدی اور جاتا ہی جلدی اور اوسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا کانپتا ہی پاؤن پر
زور نہین دیتا ہی پاؤن اِدھر اودھر کو اُوٹھاتا ہی یہہ نشان انکو خوب خیال مین رکھنا چاہئیے اور "کرانک"
جو رہجاتا ہی تو اوسکو ٹھنڈا کرنا بعد "پلاسٹر" لگانا اب جو "انفلمیشن" ہلکا ہی اوسکا علاج اسقدر کرنا کہ ٹھنڈا
"بانڈس" باندھنا اور دن بھر پانی سے تر رکھنا جب "انفلمیشن" جاتا رہے اور اوسمین گرمی بالکل نرہے بعد
اوسکے اوپر "پلاسٹر" لگانا اور "پلاسٹر" سے ایک فائدہ بہت بڑا یہہ ہی کہ جب "پلاسٹر" کیا تو وہ گھوڑا پاؤن
نہین ہلاتا ایک جگھہ قایم رکھتا ہی یہہ سبب بہت بڑے کا فائدہ ہی دوسری بیماری کو فائدہ ہی یعنے اندر جو
"انفلمیشن" ہی وہ باہر آتا ہی اور "انفلمیشن" جلدی مین آتا ہی بعضے لوگ اوس جگھہ داغ دیتے
ہین مگر دینا اچھا نہین ہی اکثر داغ پچھلے پاؤن کو "ٹماک جونٹ" مین دینا فائدہ ہی اور "نی جونٹ" کو

داغ دینا نقصان ہی نقصان یہہ کہ داغ دینے سے وہان کا چمڑا سخت ہو جاتا ہی اور جوڑ ملانیکو حرکت ہوتی ہی اسواسطے داغ نہین دینا اور کبھی داغ دینا تو سب علاج کر چکے اور کچھ فائدہ نہوا تو بعد آخر مین داغ دینا اور جب داغ دینا تو دو مہینے تک اوسکو آرام دینا بعد دیکھنا کہ لایق کام کے ہی یا نہین تو چند روز ہلکی نوکری لینا بعد رفتہ رفتہ اس سے محنت زیادہ لیتے جانا اور اگر لایق کام کے نہین ہی تو چھوڑ دینا فقط

سبق سترھوان

گھوڑے کے نس کے بیا نمین یعنے پٹھے بھر جاوے اُسکا حال تحریر ہی اور زبان انگریزی مین اوسکو اسپرین ٹنڈن کہتے ہین

گھوڑیکے نس کا بیان پہلے کچھ تھوڑا ہوا ہی اب اوسکی بیماری کا اور بند و بست وغیرہ کا بیان شروع ہی "فلکس ٹنڈن" وہ ہی جو سب سے آخر مین نس ہی اور اوسکا کام پاؤنکو "فلکس" کرنیکا ہی یعنے آخر کو لانا جوڑ سے ملانا اور پیدایش اوسکی گوشت سے ہی اور "لگمنٹ" مین اور "ٹنڈن" مین فرق ہوتا ہے وہ فرق یہہ ہی کہ "ٹنڈن" گوشت سے پیدا ہی اور ہڈی کو باندہتا ہی اور "لگمنٹ" ہڈی سے پیدا ہی اور ہڈیکو باندہتا ہی اور "لگمنٹ" کا ایک کام یہہ ہی کہ گھوڑیکو مدد دیتا ہی یعنے اوسکے سبب سے گھوڑا آرام پاتا ہی اور ہڈیونکا بند و بست یعنے ہڈی ادھر اودھر اوسکے سبب سے ہلتی نہین ہی اور اگر یہہ نہو تو گھوڑا جلدی تھک جاتا ہی جسوقت گھوڑا سوتا ہی تو یہہ "لگمنٹ" اوسکو مدد دیتی ہی اور وزن سنبھالتی ہی اور "ایکس ٹن سر پیڈس" وہ ہی کہ گوشت سے پیدا ہی گھٹنے کے اوپر یعنے آگے سے ہو کر اندر سُم کے گیا ہی اور وہان اوسکے نام الگ الگ ہین "ایکس ٹن سر پیڈس" وہ ہی کہ سُم کے اندر گیا اور وہان کا فن بونج" سر کو باندہتا ہی اور "ایکس ٹن سر میٹک کا پاس" وہ ہی جو گھٹنے کے سر کو باندہتا ہی اور "آیا نہ پڈیس" کے اوپر سے اور ان دونون کے بازو سے تیسری یہہ ہی یاد رکھنا "ایکس ٹن سر سقیجس" وہ ہی کہ جس نے "پاسٹن" کو باندہتا ہی اور ان سب کا کام یہہ ہی کہ پاؤن کو سیدہا کرے ایک اور ہی وہ یہہ ہی "ایکس ٹنسر" وہ جو سیدہا کرے اوسکا نام یہہ ہی اور اوسمین "اسپرین" نہین ہوتا البتہ کچھ چوٹ لگتی ہی اور اوسکے باعث وہان ورم آتا ہی اوسکو "اسپرین" نہین کہنا "کنٹوزن" یعنے چوٹ لگی "ٹنڈن" کو اور "لگمنٹ" کو اکثر "اسپرین" ہوتا ہی "ٹنڈن" جو ہی تو "کنیان بون" کے آخر مین ہی اور دو مین ایک بڑا ہی ایک چھوٹا ہی اور یہہ دونون "ٹی جو نٹ" کے آخر مین سے آئے ہین "پٹیزم" کے پاس سے آئے ہین "پٹیزم" ایک ہڈی ہی گھٹنے کے پیچھے اور بعد اوسمین ایک "لگمنٹ" شامل ہوا ہی اوسکا نام یہہ ہی "تینک کا پل لگمنٹ" ہی یہہ دوسرے "فلک ٹنڈن" مین شامل ہوا ہی اور آیا ہی "کنیان بون" کے سر مین سے اسواسطے یہہ شامل ہوا ہی کہ "ٹنڈن" کا جو

"تنل" ہی وہ تھک جاتا ہی اسواسطے اوسکے ساتھہ ہوا ہی کہ "ٹنڈن" کے "تنل" کو مدد دیوے اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑیکو عرصہ ایک ماہ یا کہ دو ماہ تک کھڑے رہنے کا کام پڑتا ہی تو اس "لگمنٹ" کے باعث اوسکو ٹھکاہت نہین معلوم پڑتی ہی اگر کوئی دریافت کرے کہ یہہ "لگمنٹ" کونسی جای "ٹنڈن" مین شامل ہوا ہی تو یہہ صورت سے اوسکو معلوم ہوگا کہ گھٹنے سے تین انگل نیچے "ٹنڈن" مین دریافت کروگے تو ملیگا اور اوسمین بھی "اسپرین" ہوتا ہی اور "سس پنس لگمنٹ" مین بھی "اسپرین" ہوتا ہی "سس پنس لگمنٹ" وہ ہی جو کیانن بونکے سر مین سے پیدا ہی لیکن "ہنک کاپل لگمنٹ" تھوڑا اوپر سے پیدا ہوا ہی اور یہہ تھوڑا نیچے سے "توسس ای بونکے" دو انگل اوپر سے دو شاخین ہوئی ہین ایک سیدہی طرف اور ایک بائین طرف ہوکر بٹی کو "اوسیس ای بون" کو باندھکر "پاسٹن" کو باندھا ہی "اورسس ای بون" کے پاس سے ایک حصہ پیدا ہوا ہی "وہ فلکس تنڈسکے" نیچے سے ہوکر "کافن بون" کو باندھا ہی اوسیس مین "لگمنٹ" کو بعضے لوگ سوتی کی نس بھی کہتے ہین اور "فلکس تنڈن" نے "سس ای بون" کے تھوڑے نیچے سے دو شاخین ہوکر دونون طرف "پاسٹن" کو باندھا ہی "اورسکن فلک ٹنڈن" نے "کافن بون" کے اندر جو گول گرہ ہی اوسمین جاکر لگا ہی ابتدا ابیماریکی شروع ہی "اسپرینٹ" ہونے کے بہت سبب ہین "اسپرین" یعنے پٹی آوے اوسکو کہتے ہین وجہ اول یہہ ہی کہ نو عمر گھوڑا ہی اور وہ تھان پر بندہا رہتا ہی محنت کا کچھہ محاورہ نہین ہی اور اوس سے ایک دم محنت لی جاوے تو اوسکے سبب سے یہہ حرکت آتی ہی دوسرے یہہ کہ شکار مین گھوڑیکو زیادہ دوڑنیکا کام پڑتا ہی اور زمین ترائی ہوتی ہی یا کسی طرح کی کچھہ تمیز نہین کیجاتی اونچا نیچا گڑہ یا نالہ یا پتھر وغیرہ اوسکے سبب سے بھی حرکت ہوتی ہی اور اوسمین پیر پڑجاتا ہی ایسی یہہ حرکت ہوتی اور گھوڑ دوڑ یعنے شرط کے گھوڑون کو بھی یہہ حرکت آتی ہی اور ابتدا اسکی اکثر محنت سے ہی اب اوسکے نشان اسقدر ہین اکثر جو شخص کہ دانشمند ہین دور سے دیکھنے سے ظاہر ہوگا اور اگر کوئی شخص ناواقف ہونگے تو دریافت کرنیکو یہہ نشان کافی ہین جو گھوڑا "اسپرین" والا آویگا تو درد والا پاؤن آگے رکھیگا اور مٹھی مین تھوڑا خم دیویگا اور "اسپرین" کی جگہہ پر "انفلمیشن" آویگا اور جگہہ گرم ہوگی ہاتھہ سے دباؤگے تو درد ہوگا اس نشان سے معلوم ہوگا کہ پٹی ہی بعد پاؤنکو اوپر اٹھانا دیکھنا کہ کونسی نس مین حرکت آئی ہی بعد اوسکے "انفلمیشن" کو دریافت کرنا کہ کونسی ذات کا اور عمر کا گھوڑا ہی دریافت کرنا چاہیئے کہ نو عمر ہی یا زیادہ عمر کا ہی اور لاغر ہی یا فربہ ہی اگر "انفلمیشن" تیز ہی یعنے "اکیوٹ" تو اوسکو بال نکالکر جونک لگانا مگر زیادہ پانچ یا چھے "ذزن" اور جونک لگانے کا احوال اوّل بھی مذکور کیا ہی اگر کم "انفلمیشن" ہی تو اوسکو گرم پانی سے سینکنا اور تسوئین "باندس" باندھنا یعنے پسینے کا اور نعل کھونٹی کا باندھنا مگر کھونٹی تین "انچ" سے کم نہو اور رفتہ رفتہ کھونٹی مذکور کو کم کرتے جانا نہین تو نس مین خلل آتا ہی جُلاب دینا اور کھانا ٹھنڈا دینا اسقدر بندوبست اوسکا کرنے سے "انفلمیشن" کم ہوجاویگا بعد اوسکے ٹھنڈا "باندس" تین چار روز باندھنا اور "باندس" کو ہمیشہ ٹھنڈے

پانی سے تر رکھنا جب اوسمین "انفلمیشن" کی کچھہ گرمی باقی نرہی اور کچھہ ورم رہگیا تو اوسکے بال نکالکر
اوس جگہہ "پلاسٹر" لگانا گھوڑیکو بیٹھنے سے پرہیز کرانا اور دونون پیرون کو مرہم لگاکر علیحدہ کرنا کھلا
رکھنے سے زخم کو نقصان ہوگا اور کھانا پانی اوسکو اوپر دینا جھول گوڑپر پہنیہ لگی رکھنا فقط مالش کے
وقت نکالنا بعد اوسکے پانچ روز "کاربلک اسڈ" اور تیل ملاکر لگانا تیل مذکور اسقدر ہونا چاہیے "اونس"
تیل اور ایک "ڈرام" "کاربلک اسڈ" ڈالکر ملانا جب کہ وہ زخم خشک ہوکر کھپلیان چھٹین تو گرم پانیکے
اندر پیر رکھنا لیکن پانی زیادہ گرم نہو جو پیر کو نقصان پہنچے اسقدر دن مین تین وقت ایک ایک گھنٹہ
سینکنا اور سوتین "بانڈس" باندھنا بعد چار پانچ روز کے ٹھنڈا "بانڈس" باندھنا اور کچھہ ٹھنڈا "لوشن" اوپر
ڈالنا اسقدر بند وبست کرنے سے انشاء اللہ تعالی ضرور اچھا ہو جاویگا اور اگر "کرانک انفلمیشن"
ہین تو اوسکو ٹھنڈا "بانڈس" باندھنا اور کھانا ٹھنڈا دینا اگر گھوڑا فربہ ہی تو جلاب دینا ضرور ہی جب
ٹھنڈا ہو جاوے اور حرکت باقی نہ رہے تو "پلاسٹر" کرنا "کرانک انفلمیشن" کا مطلب یہہ ہی کہ ہلکا اور
عرصہ تک رہتا ہی بعضے وقت "تنک" کاپل "لگمنٹ" یا "کنسس ہیڈ" "لگمنٹ" مین "اسپرین" آتا ہی اور وہ
جلدی اچھا نہین ہوتا اوسکا بند وبست اسقدر کرنا کہ دو تین "پلاسٹر" کرنا اگرچہ کچھہ فائدہ نہوا تو بعد اوسکے
داغ دینا اور داغ اسقدر دینا پڑتا ہی جسقدر بالونکی لین ہی اوسکے موافق داغ دینا بعضے وقت "تنڈن" کو
بھی داغ دینا پڑتا ہی لاکن آخر درجہ مین جبکہ کچھہ دوسرا علاج باقی نہ رہے اور داغ دینے کے
بعد دو ماہ کی فرصت یعنے آرام دینا اور جس گھوڑے کی نسون مین حرکت آوے تو اوسکو سواری سے
موقوف کرکے گاڑی مین ڈالنا وہان اوسکے پاؤنپر وزن کم پڑتا ہی اور چند روز مین وہ نس
صاف ہو جاتی ہی کیا سبب کہ سواری سے گاڑی مین آرام اور پیرون پر زیادہ وزن نہین
پڑتا ہی ایک مدت تک اوسکو آرام ملا تو صاف ہوتا ہی لفظ "شیٹ" یعنے "تنڈن" کی میان
جسقدر تلوار کو میان ہوتی ہی اوسیقدر "تنڈن" کو بھی میان ہوتی ہی اور کبھی ایسا ہوتا ہی
کہ "تنڈن" مین "اسپرین" ہوتا ہی تو اوس گھوڑے سے سابق دستور محنت لیگئی تو اوسکے باعث
"تنڈن" مین حرکت ہی یعنے "کنٹرکشن تنڈن" ہوتی ہی یعنے تنگ ہونا دوسرے پیر مین اوس سے
فرق آجاتا ہی ایک تنگ اور ایک موافق دستور کے دوسری یہہ کہ جس نس مین حرکت آتی ہی
وہ نس برابر "پوزیشن" یعنے کم زیادہ پن نہین کرتی ہی یعنے سیدھا سیدھا رہتا ہی بعضے وقت یہہ
حرکت اسقدر ہوتی ہی کہ نعلبند لوگ کھونٹی کو اونچا کرتے ہین اور ایک مدت اوسیقدر رہین
تو وہ نس تنگ ہو جاتی ہی بعضے وقت لمبی کھونٹی کی نعل لگاتے ہین اور عرصہ دراز ہونے
سے اکثر کرکے یہہ حرکت ہوتی ہی یہہ سبب پیدایش کے ہین علاج اول اوسکو ٹھنڈا
کرنا یعنے "بانڈس" باندھنا اور تر رکھنا بعد ٹھنڈا ہونے کے اندر کیطرف نشتر سے ایک "انچ"

اوپر کا چمڑا چیرنا اور نشتر کو دونون "فلک ٹنڈن" اور "سس پنس لگمنٹ" کے درمیان آڑا ڈالنا
بعد ڈالنے کے اوسکی دمار طرف ٹنڈن کے پھیرنا اور پاؤنکو اسقدر دبانا کہ وہ نس کٹ جاوے
مگر سوراخ دو طرف نہو جو سوراخ ایک آینچ کیا گیا ہی اوس سے زیادہ نہو بعد کٹ نے نس کے
ٹھنڈا "بانڈس" باندھنا اور ہمیشہ ٹھنڈا پانی ڈالتے رہنا اور نعل اوسکو اسقدر باندھنا کہ ٹھوکر
موٹی اور کھونٹی پتلی اگر یہہ نعل میسر نہو تو ایک "آینچ کی کھونٹی لگانا سامنے ٹھوکر مین اور راتکو
اوسکو بیٹھنے نہین دینا دن کو چھوڑ دینا مگر حفاظت کو آدمی رکھنا تاکہ گھوڑا زمین مین نہ بیٹھے اور
کھانا ٹھنڈا دینا جس گھوڑیکا یہہ بند و بست کیا تو وہ گھوڑا سواریکے کام کا نہین ہوتا ہی گاڑیکے
کام مین چلتا ہی اور "رجمنٹ" کے کام کا نہین ہوتا اسواسطے کوئی بھی "رجمنٹ" کے گھوڑیکو یہہ
بند و بست نہین کرنا اور اگر علاج کرنا منظور ہی تو "رجمنٹ" سے الگ کر کے علاج کرنا بعد اختیار ہے
کہ گاڑی مین ڈالو یا کوئی ہلکا کام لو فقط کیانن بون مین "انفلمیشن" آتا ہی اوسکا نام "نیورسن" ہی
اور اس "نیورسن" کا حال اوّل بیان کیا گیا ہی اوسکو دیکھنے سے معلوم ہوگا دیگر کیانن بون مین
"اسپلنٹ" یعنے بیر ہڈی پیدا ہوتی ہی محنت کے سبب سے دوسری ہڈیون مین کہین بھی
"انفلمیشن" آیا اور اوسمین ہڈی مثل بیر کے پیدا ہوئی تو اوسکو یہہ نام دیا ہی "ایک ڈس ٹوشن"
مثل بیر ہڈی اکثر کر کے اندر کیطرف ہوتی ہی اور کمتر باہر کیطرف ہوتی ہی اور اوسکے سبب سے گھوڑا بعضے
وقت لنگڑا اور بعضے وقت نہین ہوتا اور یہہ بیماری اکثر نو عمر گھوڑے مین ہوتی ہی کمتر زیادہ
عمر کے گھوڑیمین ہوتی ہی اب اوسکے درد یعنے "انفلمیشن" کے نشان وہ جگہہ گرم ہوگی اور ورم
معلوم ہوگا ہاتھہ سے دباؤگے تو درد مانیگا اور بعضے وقت لنگ کرتا اوسکا سبب یہہ ہی کہ
"پیری اسٹیم" جو چمڑا ہی وہ بہت مضبوط ہوتا ہی اور یہہ ہڈی پیدا ہوتی ہی اوسکے نیچے سے جب
ایک ہڈی اوسکے نیچے سے پیدا ہوئی تو وہ اوپر کو اٹھیگا جب وہ اوپر کو اوٹھیگا تو وہان "انفلمیشن"
بھی آویگا اور "انفلمیشن" آیا تو "نرب" دبتا ہی گھوڑیکے لنگ کرنیکا یہہ باعث ہی بعد دریافت کے
علاج شروع کرتا اوّل نعل نکالنا اور "انفلمیشن" کو دریافت کرنا کہ کس قسم کا ہی جسقدر وہ ہو ویسے
اوسیموافق علاج کرنا اگر گرم ہی اور زیادہ ہی تو گرم پانی سے سینکنا اور "نسوٹین بانڈس" باندھنا
جلاّب کے واسطے تیاری کرنا بھوسا میش بناکے دینا اور لہسن گھانس دینا بعد تین دن کے جلاب
دینا جلاّب ہوئے بعد کھانا ٹھنڈا دینا تھان پر سے نکالنا نہین "اکیوٹ انفلمیشن" جاتا رہا بعد
تین چار روز ٹھنڈا "بانڈس" رکھنا بعد ٹھنڈا ہونیکے بال نکالکر "پلاسٹر" کرنا ایک کیا اس سے آرام
نہین ہوا بعد دوسرا کرنا اسقدر دو یا تین پلاسٹر کیئے اور فائدہ نہ ہوا اور بیر ہڈی سابق دستور کے
بڑی ہی اور زیادہ روز کی ہی تو اوسکو آخر علاج داغ دینا داغ ایسا دینا کہ جسقدر بالوکی لین ہے

سیدھی لکیرین دو یا تین ہوتی اور کرانک انفلمیشن اگر ہی تو اوسکو ٹھنڈا بانڈس باندھنا اور
ٹھنڈا کھانا دینا جب وہ انفلمیشن موقوف ہو جاوے اور کچھہ کسر باقی رہجاوے تو ملنکے
بال نکال کے پلاسٹر لگانا اور بند و بست وغیرہ بالا مذکور تحریر کیا گیا ہی اوسمو افق کرنا بعضے وقت
ایسا ہوتا ہی کہ بسیر ہڈی زیادہ دن کی ہوتی ہی اور بہت بڑی ہوتی ہی اوسکو مناسب ہی
کہ داغ دینا تو فایدہ ہوگا اور کوئی دوسرا علاج اوسکو فائدہ نہین کریگا اور جب گھوڑیکو داغ دینا
تو دو ماہ کے عرصہ تک اوس سے نوکری نہین لینا اوسکو آرام دینا اور بند و بست وغیرہ خوب
رکھنا تو اچھا ہوگا فٹلک جونٹ مین جو حرکت آتی ہی اوسکا حال اور بیماری وغیرہ کا بیان تحریر ہے
فٹلک یعنے مٹھا فٹلاک کے اوپر جو فلکس ٹنڈن ہین دو اونکے درمیان مین ایک برسہ ہی اور
ایک بڑا برسہ ہی آخر فلکس ٹنڈن اور جو سس مای بونکے درمیان مین ہوتا ہی یعنے آخر کو دو
ٹنڈن کے درمیانمین جو برسہ ہی اوسمین باعث محنت کے کچھہ تیل زیادہ ہو جاتا ہی اور وہ پھولکے
اوپرکو اوٹھہ آتا ہی تو دیکھنے سے بدنما معلوم ہوتا ہی اور جو اندر کیطرف یعنے آگے کیطرف فلکس
ٹنڈن اور سس مای بونکے درمیان جو ہی اوس سے نقصان ہوتا ہی اوسکی ابتدا اسقدر ہے
سے کہ گھوڑا خوب موٹا ہی اور تھان پر بندھا رہے اس سے کچھہ محنت نہ لی جاوے جب اوسکو محنت
زیادہ پڑی تو یہہ حرکت آتی ہی اور بعضے گھوڑیکو کھانا زیادہ دیا اور گرم دیا کچھہ محنت نہ لی اوسکے
سبب سے پیدا ہوتی ہی بعضے گھوڑیکی قسم ایسی ہوتی ہی کہ اوسکو پھینسے پیدا ہوتے ہین اوسکو
نام دیا ہی ونڈگال یعنے پہلے لوگ اسقدر واقف نہوکے یہہ نام دیا ہی اسکا مطلب یہہ ہی کہ
ونڈ کہتے ہین ہوا کو تو اوسمین ہوا نہین ہی اسمین تیل ہی اسواسطے اسکو قایم رکھا کہ جو بات
ایک عام ہوگئی اوسکو موقوف نہ کرکے قایم رکھا نشان اسکے کل ظاہر ہین اب اوسکا علاج اسقدر
کرنا کہ ٹھنڈا بانڈس باندھنا اور اسکے ساتھہ کوئی دوا ٹھنڈی قسم لوشن کے اوسمین اوپر ڈالنا
کھانا بدل کرنا کبھی گھوڑا موٹا ہی تو اوسکو جلاب دینا اسقدر اوسکا بند و بست کروگے تو اوسکو
فائدہ ہوگا اور تھوڑے کم ہونگے مگر ایک دم جاتے نہین رہینگے بعضے سوداگر لوگ ولایت کے
بیچ مین اسقدر کرتے ہین کہ جب گھوڑا فروخت کرنیکا ہی تو اوسکو ایک یا دو روز اول کوپچ کے
پیتے باندھتے ہین اوسکے سبب وہ کم معلوم ہوتے ہین مگر ایک دم نہین جاتی یہہ بات ضرور یاد
رکھنا یہہ جو بیان کیا گیا تو آخر کیطرف یعنے پیچھے جو ہوتے ہین اونکا بیان دیگر شروع ہی محنت کے
باعث اسمین انفلمیشن آتا ہی اور جب انفلمیشن آیا تو اسکے باعث وہ گھوڑا لنگ کرتا ہی اور
یہہ انفلمیشن کرانک ہی جلدی جاتا ہی نہین رفتہ رفتہ اوسکے باعث وہان نئی ہڈی پیدا
ہوتی ہی دیگر سبب ایک اور ہی مار لگے یا چوٹ لگے اور وہان انفلمیشن آوے اور اوس سے

محنت سابق بدستور لی جاوے اور اوسکا بندوبست کچھ نہین کیا تو رفتہ رفتہ وہ زیادہ ہوکر اوسسے
نئی ہڈی پیدا ہوتی ہی اوسکے سبب گھوڑا لنگڑا ہوتا ہی مگر جب زیادہ بڑی ہوئی تو اوسکے باعث
گھوڑا کھڑا نہین ہوتا شروع مین لنگڑا ہوتا ہی اور اکثر کرکے سخت زمین پر گھوڑیکو دوڑانیکا سبب ہی
یہہ حرکت اوسی سے آتی ہی اوسکو دریافت کرنا کچھہ مشکل نہین وہ خود ظاہر معلوم ہوتی ہی بعضے
وقت ایک پاؤن مین ہوتی ہی اور بعضے وقت دونون پاؤن مین ہوتی ہی بعضے وقت اندر کیطرف
ہوتی ہی اور کمتر باہر کیطرف ہوتی ہی مگر اکثر کرکے اندر کیطرف ہوتی ہی اور دوسری جو ناواقف ہی
تو اوسنے اسقدر دریافت کرنا کہ پاؤن کو اوپر اوٹھانا اور ٹسس ہنس لگمنٹ کو ان نسونکو خوب دریافت
کرنا جو ٹسس ہنس لگمنٹ مین سے دو شاخین ہوکر ٹسس ہای بون کے اوپر سے پاسٹن کو گئی ہین انکو
دیکھنا کہ ہاتھہ کو معلوم ہوتے ہین کہ نہین اگر برابر معلوم نہووین تو جاننا چاہیئے کہ اوسمین کچھہ خرابی آئی
اور ہڈی جب ہوتی ہی تو خود ہاتھہ کو معلوم ہوتی ہی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ نیونکے باعث سے
وہان کا چمڑا موٹا ہو جاتا ہی اور چوک سے لوگ اوسکو ہڈی تصور کرتے ہین لیکن اسکام مین اس
بات کا خیال رکھنا چاہیئے اور وہ جو ہڈی پیدا ہوتی ہی اوسکو نام دیا ہی ”انفیلکشن“ یعنے
مٹھی مین جو نئی ہڈی پیدا ہوتی ہی اوسکا نام ہی جب اوس ہڈی کو دریافت کر چکے بعد اوسکا
علاج شروع ابتدا مین ہڈی کی نمود ہی تو فائدہ کرتا ہی لیکن سب سے بہتر داغ ہی اور داغ
اسقدر سے دینا کہ جسقدر اوسکے بالونکی لین ہی یعنے سیدھی اور داغ دینا تو کھڑا دینا اور یہہ
بات ضرور یاد رکھنا کہ جہان تک ہڈی کی بیماری ہی اوسکو ایسا داغ دینا کہ چمڑا
کٹ جاوے اور تفاوت سے داغ دینا نہین تو ملجاتا ہی اور داغ کا ملنا اچھا نہین ہی الگ الگ
داغ رہنا اگر داغ ملا تو بہت روز مین اچھا ہوتا ہی اور گھوڑیکو تکلیف زیادہ ہوتی ہی اسواسطے الگ
الگ داغ دینا اچھا ہی اور فائدہ ہی کہ ہڈی کو بڑھنے نہین دیتا اور دوسری ہڈی ”انفلمیشن“ کے سبب سے
پیدا نہین ہوتی اور جو اوّل کی ہڈی ہی وہ پکی ہو جاتی اور کام کو حرکت نہین ہوتی بعضے وقت ایسا
ہوتا ہی کہ دو وقت داغ دینا پڑتا ہی اسپر بھی زیادہ محنت پڑتی ہی تو لنگ کرتا ہی مگر دو یا چار
روز اوسکو آرام ملا تو پھر اچھا ہو جاتا ہی اور نہین لنگ کرتا ہی مگر دو یا چار روز کے بعد پھر لنگ
کرتا ہی یہہ حرکت اکثر کرکے شکار کے گھوڑے مین ہوتی ہی کیا سبب کہ دوڑنیکی اوسکو زیادہ محنت
رہتی ہی اسواسطے بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ کوئی سبب سے ”فٹلاک“ کے آگے ہڈی پیدا ہوتی ہی مگر
اوس سے کچھ نقصان نہین ہی دیکھنے کو خراب معلوم ہوتی ہی سبب یہہ ہی کہ کچھہ مار لگے اور وہان
”انفلمیشن“ آوے اور اوسکا بندوبست نہین کیا تو یہہ ہڈی پیدا ہوتی ہی اگر وہ ہڈی پاسٹن
جوائنٹ اور فٹلاک جوائنٹ کے اوپر ہی تو تھوڑا نقصان ہوگا نہین تو کچھہ نقصان نہین ہی اور اگر

اسقدر گھوڑا پاس ہونیکو آوے تو اوسکو نا پاس نہین کرنا جیسے گھوڑیکے سُمون کے آگے کول ہوتا ہے تو اوسکو کچھ حرکت نہین لیکن دیکھنے کو بُرا معلوم ہوتا ہے فقط

سبق اٹھارواں

نَوِسْس مای بون مین تڑکچہ ہوتا ہے اوسکا بیان

نَوِسْس مای بون اوسکو بولتے ہین کہ سُمکے پیچھے دو ہڈیان یا رگین ہوتی ہین اوسمین نقصان آتا ہے یعنے تنگ ہو جاتی ہے اوسکا سبب یہہ ہے باعث تندے کے زور پڑے تو یہہ حرکت آتی ہے اوسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا پاؤن آگے رکھیگا اور اوسکے اوپر وزن نہین دیگا اور ایسا دم لنگڑا ہو جاویگا اگر کوئی شخص ہشیار ہے تو اسیوقت دریافت کریگا کہ اسمین کچھ نقصان آیا ہے بعد ہاتھ سے ہاتھ لگا کر دیکھنا تو درد مانیگا اگر ہڈی پورا ٹوٹا ہو تو اوسوقت معلوم ہوگی تڑاکہ کچھ آواز بھی آویگی بعضے وقت آواز نہین آتا لیکن نقصان جو ہوا ہے وہ معلوم ہو جاتا ہے بعد ورم آتا ہے اور گرم ہوتا ہے اور سُمّا جھکا ہوا آگے کیطرف زمین پر آدھر رہتا ہے اسپر سے دریافت کرنا کہ اندر کوئی ہڈی مین نقصان آیا ہے اگر اس سے بھی خیال مین نہ آوے اور کچھ شک ہے انفلامیشن کا ہو تو اوسکو دس روز یا بارہ روز کی مہلت دینا اور اسقدر بند و بست کرنا نعل کھونٹی کا لگانا اور کھانا ٹھنڈا دینا اگر موٹا ہے تو جُلاب دینا اور سر اوپر باندھنا عرصہ دس روز تک جب دیکھنا کہ ہڈی مین کچھ حرکت نہین ہے تو اوسکو چھونا بہت سارا بیکر چھوڑ دینا گرم پانی سے پاؤن کو سینکنا گرم ٹھنڈا بانڈیس باندھنا بعد دس روز کے دیکھنا کہ کچھ آرام ہوا یا نہین اگر انفلامیشن ہوگا اس عرصہ مین تھوڑا بہت آرام معلوم ہوگا اور اگر تڑکچہ ہے تو کچھ فائدہ معلوم نہوگا اس پر سے دریافت کرنا کہ یہہ پکا تڑکچہ ہے بعد اوسکو گولی سے مار ڈالنا اور اگر اوسمین کچھ تڑکچہ نہین ہوا اور انفلامیشن آیا ہے تو اوسکے علاج اور بند و بست خوب کرنا جسقدر اسپرین والے گھوڑیکو کرتے ہین اسموافق کرنا اور جو بند و بست کا بیان اوپر بھی کچھ تھوڑا سا بیان کیا ہے یعنے نعل کھونٹی کا لگانا گرم پانی سے سینکنا گرم ٹھنڈا بانڈیس باندھنا موٹا گھوڑا ہے تو اوسے جُلاب دینا کھانا ٹھنڈا دینا اسقدر بند و بست کرنا انفلامیشن جاتا رہا اور کچھ ورم باقی رہتا ہے تو اوسکے اوپر پلاسٹر لگانا ایک یا دو یا تین لگانا اور اوسکا بند و بست وغیرہ برابر رکھنا اچھا ہو جاویگا فقط پاسٹرین چھوٹا اور بڑا دونون کو تڑکچہ ہوتا ہے پاسٹرین یعنے گامچی کی ہڈی مین تڑکچہ ہونیکا سبب نَوِسْس مای بون کی بیماری مین بیان کیا گیا ہے اوسقدر یہہ ہے اور سبب زیادہ اسمین بیان کئے جاتے ہین یعنے پتھر لگے یا زمین کم زیادہ ہو یا کہ سوراخ مین پاؤن جاوے یا پتھر پر سے پاؤن پھسل جاوے اس سبب اوسمین نقصان آتا ہے اوسکے دریافت کرنیکے نشان اسقدر ہین کہ پاؤن کو اوپر اوٹھانا

اور اودھر اودھر ہلا کے دیکھنا تو اوسیوقت معلوم ہوگا بعضے وقت ہڈی کی آواز آتی ہے اور بعضے وقت نہین آتی وہ گھوڑا اور دمانیگا پاؤنپر وزن نہین دیویگا اور وہ پاؤن کو آگے رکھیگا بعد تھوڑی دیر کے وہ جگہہ گرم ہوگی اور ورم آویگا اور اوسکے مالک سے سبب دریافت کرنا اوس سے بھی معلوم ہوجاتا ہے اسقدر کل نشان اس کے ہین اور بہت کرکے "پاسٹین" مین "پرکجہ" ہوا ہے تو اچھا ہوجاتا ہے اسبات کا امتحان ایسا گیا ہے کیا سبب کہ وہان کی ہڈی مین ایک بات ہے کہ اوسکے اوپر سے بہت نسین گئی ہین اور وہ بہت نسون مین ہے بلکہ نسونکی جال مین بند ہے دوسرے "پری اشٹم" اوسکے اوپر ہے وہ الگ ہونے نہین دیتا جب ہڈی جگہہ پر سے الگ نہوتی تو بہت جلدی جم جاتی ہے بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ ہڈی مین "کراک" یعنے تڑک ہوتا ہے اور ہلانے سے معلوم نہین ہوتا مگر گھوڑا لنگ کرتا ہے اوس لنگ مین یہہ بات ہے کہ پاؤن پر وزن نہین دیتا اوسکو آرام دینا سر اوپر باندھنا "گرم پانی" سے سینکنا کھانا نرم دینا اسقدر بند و بست کرنا شاید ایک ماہ کے عرصہ مین اچھا ہوگا "رنگ بون" یعنے چکر اول اسمین دو ذات ہین ایک "ٹھای رنگ بون" اور ایک "لو رنگ بون" "لو رنگ بون" اکثر کرکے آگیکے پاؤن مین آتی ہے اور "ٹھای رنگ بون" کمتر آگے سکے پاؤن مین آتی ہے "ٹھای" اور "لو" کا مطلب یہہ ہے کہ "لو" جو ہے تو نیچے کے چھوٹی "پاسٹین" کے منہہ پہ نئی ہڈی پیدا ہوتی ہے آگے سکے پاؤن مین جو ہوتی ہے وہ بہت خراب ہے اور "ٹھای" جو ہے تو اوپر کے بڑی "پاسٹین" کے منہہ پہ پیدا ہوتی ہے آگے سکے پیرون مین جو ہے وہ نہایت خراب ہے اس سے گھوڑیکو تکلیف زیادہ ہوتی ہے اور گھوڑیکو اسنے لنگڑا کر دیتی ہے اور جوڑکو حرکت کرتی ہے اور "ٹھای رنگ بون" مین کمتر گھوڑا لنگڑا ہوتا ہے اور یہ اکثر اوپر کی "پاسٹین" پر ہوتی ہے اور "لو" کمتر نیچے کے "پاسٹین" پر ہوتی ہے اس سے گھوڑیکو تکلیف کم ہے گھوڑا لنگڑا کم ہوتا ہے اور وہ ہڈی پیدا ہونیکا اسقدر بیان ہے کہ زیادہ محنت پڑی اوسکے سبب سے یہہ پیدا ہوتی ہے اور جو گھوڑیکے مان باپ مین یہہ بیماری ہوتی ہے تو اوسکے اولاد کو بھی ہوتی ہے اور کم ذات والے گھوڑیمین اکثر ہوتی ہے اور جو ذات والا ہے اوسمین کم ہوتی ہے بعضے گھوڑیکی قسم ایسی ہوتی ہے کہ جسمین زیادہ آتی ہے یعنے گامچی کھڑی ہو پہرا سیدہا ہوا اسکے باعث وہ گھوڑا سبب محنت کے لنگڑا ہوکر آتا ہے اگر کوئی سوال کرے کہ محنت کا سبب پیدا ہونیکا کیا ہے اوسکو جواب دینا کہ جب گھوڑیکو دوڑاتے ہین اور ایکدم روک لیتے ہین تو اوسکے "پاسٹین" مین جھٹکا لگتا ہے اسکے باعث وہان "انفلمیشن" آتا ہے جب "انفلمیشن" آیا تو گھوڑا لنگ کرتا ہے تین چار دن اوسکو آرام ملا تو لنگ کم ہوجاتی ہے بعد نوکری پر اوسکو روانہ کر دئے اور پھر اوسپر زیادہ محنت پڑی پھر لنگڑا ہوکر آتا ہے اسیقدر دو چار وقت ہوا تو وہان اسی عرصہ مین نئی ہڈی پیدا ہوتی ہے اور وہ ہڈی بڑھ کے جوڑکو حرکت کرتی ہے تو جاننا چاہئے کہ یہہ "رنگ بون" ہے "کرنٹ" یعنے سم کی بھؤن اوسکے اوپر ہاتھ لگانا دیکھنا تو وہان گرم جگہہ معلوم ہوگی شاید کچھ ہاتھ کے نیچے

سخت چیز معلوم ہوگی بعضے وقت کچھہ ورم بھی معلوم ہوتا ہی اب اوسکا علاج اوّل اوس پاؤنکا نعل نکالنا اور رکھانا بدل کرنا یعنے ٹھنڈا دینا اگر گھوڑا موٹا ہی تو جلاب دینا اگر موافق درجہ ہی تو کھانیکا کل بند وبست کافی ہی "انفلمیشن" زیادہ ہی تو گرم پانی سے سینکنا اور ٹھنڈا گرم "بانڈس" باندھنا اسقدر اوسکا بند وبست کرنا جب دیکھنا کہ "انفلمیشن" کم ہوا تو بعد گرم "بانڈس" موقوف کر دینا داغ دینا ہی تو گرم پانی سے سینکنا بند کر دینا اور ٹھنڈا "بانڈس" چار روز تک باندھنا بعد چار دن کے وہان کے بال نکالنا پھر داغ دینا داغ دینے کے بہت طرح ہین لیکن یہہ دو طرح بہتر ہین ایک تو گل دینا گل یعنے گول ہوتے ہین دیگر سیدھی لکیرین جسقدر بالونکی لین ہی اِسطرح دینا اسقدر بند وبست کرنے کے سبب سے عیب معلوم نہین ہوتا اور تھوڑے عرصہ مین نشان مٹ جاتے ہین یعنے بالونسے چھپ جاتے ہین داغ دینے کا بند وبست اسطرح سے کر چکے بعد اوسکے سنبھالنیکا بند وبست یہہ ہی کہ جو سترھوین سبق مین ذکر کیا گیا اوس موافق کرنا اور بعضے صاحب لوگون کے گھوڑے ہوتے ہین تو وہ داغ کو پسند نہین کرتے تو اُنکے گھوڑونکو "پلاسٹر" کرنا اور بعضے بعضے جو "جینٹ" سے علیحدہ لوگ ہین اور وہ چاہین کہ داغ نہ دیکر "پلاسٹر" کرین اُنلوگونکو کہنا کہ داغ دینے سے بڑا فائدہ ہی اور پکا کام ہی اور ہمیشہ کو بیفکری ہی "پلاسٹر" سے اتنا فائدہ نہوکر بروقت علاج کرنیکی تکلیف ہی اِس سے داغ دینا بہتر ہی اگر اس سے فائدہ نہو تو بعد اوس پاؤنکا "نرب" کاٹنا مگر پاؤن بیٹھا ہوا ہوگا اوسکو معلوم نہوگا کہ میرا پاؤن کدھر جاتا ہی "نرب" کاٹنے کا ہی تو اِس جگہہ یعنے "فٹلاک" کے پاس باہر کیطرف "نس" ہی "بون" کے نزدیک آدہا "اِنچ" کے کچھہ شمار سے چمڑیکو چیر یا وہ چیرا دونون بازوکو سرکاکے وہانپر دیکھنا تو ایک سفید "نس" نظر پڑیگی وہ باریک تار کے موافق ہوگی اور اوسمین خون نہوگا اوسکو آدہا "اِنچ" کے موافق ٹکڑا کاٹ لینا بعد ٹانکا لگاکے سفید رنگ کا "کلوڈین" ہوتا ہی وہ لگانا جب وہ ذرا خشک ہو جاوے بعد اوسکے اوپر ٹھنڈا "بانڈس" کھینچکے باندھنا دو روز تک اوپر سے اوسکا باندھنا اور پسار نہین لینا بعد چار پانچ روز کے اوس سے ہلکا کام لینا شروع کرنا یہہ علاج آخری ہی فقط

"ہای رنگ بون" یعنے "پسٹنگ ہای رنگ بون" اکثر پچھلے پاؤنمین ہوتی ہی کمتر آگے کے پاؤنمین ہوتی ہی اور اوسکا بیان "لو رنگ بون" مین کیا گیا ہی دیکھنے سے معلوم ہوگا نشان اوسکے اوّل بیان ہو چکے ہین اور پیدایش کا بھی ذکر کیا گیا ہی مگر اسمین جب نئی ہڈی نکلتی ہی تو اوسکے سبب لنگ نہین کرتا اور نوکری برابر کرتا ہی اور علاج وغیرہ جسقدر "لو رنگ بون" مین بیان کئے گئے ہین اوسموافق کرنا اور اسی بند وبست سے اچھا ہو جاویگا فقط

سبق اُنیسوان
گھوڑیکے سُم کے اندر کا اور سُم کا کل حال بیان ہی

گھوڑیکے پاؤن کو "فوٹ" کہتے ہین یعنے کُل پاؤن اوسکے اندر سب چیزین ہین اور خالی سُم
اوسکے اندر کچھ نہین ہی تو اوسکو "ہوف" کہتے ہین اور سُم کا پکا بندوبست ہی ہر ایک جانور کا اپنے اپنے
مُوافق ہی اور اکثر صاحب لوگ بولتے ہین کہ سُم اچھا ہی تو گھوڑا اچھا ہی لیکن گھوڑا ابھی اچھا
ہونا اور سُم بھی اچھا ہونا تو برابر ہی اگر سُم اچھا ہی اور گھوڑا اچھا نہین ہی یا گھوڑا اچھا ہی اور
سُم اچھا نہین ہی اسواسطے دونون برابر ہونا اور سُم کے اندر "کافن بون" ایک ہڈی ہی اور "نوکلر بون" شیشہ
اسقدر دو ہڈیان ہین اور "کافن بون" کا ایک مطلب یہہ ہی کہ فقط "کافن" ایک نام ہی اکثر صاحب لوگونین
جو کوئی شخص مرجاتا ہی تو اوسکے واسطے صندوق بناتے ہین اور وہ مرا ہوا آدمی اوسمین رکھتے مین
تو اوس صندوق کا نام "کافن" ہی تو اسقدر "ہوف" کے اندر یہہ ہڈی ہی اسواسطے اوسکو "کافن بون"
ہڈی کو یہہ نام دیا ہی اور زبان لاٹن مین ایک نام دیا ہی "اسپیڈس" اور "نوکلر" سا ای سنش مگر اوسکو
ایک مثال دی ہی جسقدر کپڑا بننے والے کپڑا بنتے ہین اور وہ ڈھونڈا ہوتا ہی اوسقدر "نوکلر" کا نمونہ ہی
اور "کافن بون" بہت مضبوط ہی لیکن وزن مین ہلکی ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ اوسمین سوراخ بہت
ہین اور وہ سوراخ اوپر کیطرف ہین اندر کیطرف نہین ہین اندر سخت ہی اور وہ سوراخ اسواسطے
ہین کہ اوسمین خون کی نسین تمام سُم کے اندر پھرتی ہین اور سُم مین خون کا کام بہت ہی کیا
سبب کہ جہان کام زیادہ پڑتا تو وہان خون بھی زیادہ آتا ہی اسواسطے جسموافق جسکا خرچ ہی اسموافق
اوسکو خون ملتا ہی اور اوپر کو کھر کھراپن ہوتا ہی اسواسطے کہ اوسکے اوپر لمنہ رہتا ہی وہ
اسقدر اوسکے اوپر مضبوط بندا ہی کہ کتنا بھی زور کروگے تو نہین نکلیگا اور کھرکھراپن اسواسطے ہی کہ لمنہ کو پکڑنیکو جگہہ ہی تاکہ اوسکو خوب مضبوط پکڑے اسواسطے اور "کافن بون" مین
کچھ حصہ ہی اوسکا نام "وینگ" ہی یعنے دو کونے اور وہ جو بیچ مین نوک ہی اوسکا نام "کرونل پورسس" ہی اور وہ دونون کونون کے اوپر کچی ہڈی ہی یعنے "کارٹلج" ہی "کارٹلج" جسم مین بہت
بھی ہی لیکن اسمین نام اور ہی "لاٹرل کارٹلج" تب جاننا چاہیئے کہ "کافن بون" کے دونون بازو کا اور
اوسمین بیماری آتی ہی اوسکا بیان اوّل ہو چکا ہی اور وزن گھوڑیکے جسم کا "کافن بون" کے
لمنہ پر زیادہ ہی اگر تمام جسم کا وزن تلوے پر ہوتا تو گھوڑا جلدی بیکام ہو جاتا بلکہ اوسوارکو
تکلیف زیادہ ہوتی اسواسطے اوسکا وزن لمنہ پر ہی اور اوسکا ایک نمونہ بھی ہی اسقدر کہ جسقدر
گاڑی ہی اور اوسمین کمان نہین ہی تو اوسکا دھکا زیادہ آتا ہی اور جس گاڑی مین کمان ہی
اوسمین دھکا کم آتا ہی اسقدر وہ لمنہ ہی جو وزن سنبھالتا ہی اور ہر وقت دھکے سے

"پورنیشن" یعنے کم زیادہ پن کرتا ہی اوسکی خاصیت اسقدر ہی کہ جسقدر "زبر" ہوتا ہی جب اوسکے اوپر زور پڑتا ہی تو وہ دبجاتا ہی بعد موافق دستور کے ہوجاتا ہی اسقدر یہہ "لمنہ" کام کرتا ہے اور "لمنہ" دو ذات کا ہوتا ہی ایک "تسن سبل لمنہ" ہی یعنے اندرکیطرف کچا شمار سے پانچسو کے ہوگا "ثانی لمنہ" سو کھا "ہوف" کے اندر اوسکو نام دیا ہی "ثانی لمنہ" وہ بھی دوسریکے موافق ہی شمار سے پانچسو کے ہوگا یہہ دونون اسقدر ملے ہین کہ بہت پختہ ہین اور "کرنری ہین" وہ کہ سُم کی بھون جہاںسے سُم پیدا ہوتا ہی اوسکا کام یہہ ہی کہ اندر جو چیزین ہین اونکو مدد دینا اور سب کو خون پہنچانا اور سُم اوسمین سے پیدا ہوتا ہی یعنے چمڑی مین سے "ہوف" کے اندرکیطرف ایک باریک گرہ ہی اوسمین تمام نسین رہتی ہین یعنے "کرنری بین" اوسکے اندر ہی اور جو چیز کہ اندرکیطرف ہی اوسکا نام "تسن سبل شول" ہی اور "تسن سبل فراگ" اور باہرکیطرف ہی اوسکا نام الگ ہی یعنے "ثانی شول" اور "ثانی فراگ" اسقدر کچی اور پکی مین تمیز یہہ ہی کہ کچی چیز اندر ہی جیساکہ کچی پتلی اور کچا تلوا اِن سے وہ پکی چیزین پیدا ہوتی ہین اور سُم کے اندر "ترب" بھی ہی کہ چھوٹی "پا سٹین" سے دو اور "لگمنٹ" نکلکر دونون بازو ملکا فن بون کو باندھتا ہی "وال" یعنے سُم کی دیوار کو بولتے ہین اوسکے اندر باریک باریک نسین قسم بال کے بہت سارے ہین اور اونمین کچھ روغن ہی اور اندرسے پوکل ہی اگر دوربین سے دیکھنا تو معلوم ہوینگے اوسکے سبب سے سُم کو فائدہ ہی اگر اوسکو کانس لگانا تو خشک ہوجاتا ہی اوسکے اوپر "پالش" کرتے ہین تو بھی نقصان آتا ہی اسواسطے اوسکو کانس لگانا منع ہی اور اندر جو چیز گیلی ہی یعنے کچھ قسم روغن ہی اوسکے سبب سے اوسکا کام برابر چلتا ہی جب اوسمین کچھ نقصان آیا تو سُم کو نقصان آتا ہی سُم خشک ہوجاتا ہی جسقدر بالش کے اوپر روغن ہی اُس موافق سُم ہی اگر بالش کو اوپر سے چھیل ڈالے بعد اوسکی پائداری کم ہوتی ہی اور اوپر اوسکے روغن رہتا ہی توکتنا مضبوط ہوتا ہی اسموافق سُم کا خاصہ ہی اگر فقط اوسمین کا روغن خشک ہوجاوے تو سُم چھوٹا ہوتا ہی اور پائداپن کم ہی فقط اور "وال" یعنے دیوار سُم کی بہت مضبوط ہی اور گھوڑیکا زور سب اوسکے اوپر آتا ہی اوسمین ایک تفریق یہہ ہی کہ پانچ حِصہ تمام جسم کا وزن ہے تو اوسمین سے چار حِصہ دیوار کے اوپر وزن آتا ہی اور ایک حِصہ "فراگ" او "شول" پر آتا ہی اور "وال" مین کچھ حِصے اور ہین سامنے کو جو درجہ ہی اوسکو ٹھوکر کہتے ہین اور وہ بہت موٹا ہی اور دونون بازو کو "کوٹر" کہتے ہین ایک باہر کی اور ایک اندرکیطرف ہی مگر دونون مین یہہ فرق ہے کہ باہر والا بازو موٹا ہی اور چوڑا کیا سبب کہ زمین پکڑنیکو اور موٹا ہونیکا سبب یہہ ہی کہ جس پر محنت پڑتی ہی البتہ موٹا ہوتا ہی اور اندر کا بازو سیدھا اور تھوڑا باریک ہوتا ہی کیا سبب کہ محنت کم ہی اسواسطے اور "بارزہ" وہ ہی کہ جسکو ہندی مین پیر کہتے ہین اوسکی ابتدا اسقدر ہی کہ "وال"

چکر کھاتا ہی اور اندر سُم کے آتا ہی اور وہ جو حصہ آیا ہی اوسکا نام یہہ ہی اسمین کچھ نقصان آتا ہے تو اوسکا بیان آگے آویگا اور یہہ جو اندر "توال" کا ایک حصہ آیا ہی تو واسطے مضبوطی کے آیا ہی اور "نیل" یعنے کھونٹی "توال" کا جو حصہ اندر کو آیا اور وہ جو کونا ہی وہ جگہہ "نیل" کی ہی اور وہ بہت سخت اور مضبوط ہی اگر امتحان کروگے تو معلوم ہوگا اوسکا امتحان اسقدر ہی کہ ایک یابو جو رات دن جنگل کو جایا کرتا ہی اور اوسکے پاؤن مین نعل نہون بعد اوسکا پاؤن اوٹھاکر دیکھنا تو معلوم ہوگا سُم کے اندر کوئی چیز زیادہ گھستی ہی تو وہان اسقدر معلوم ہوگا کہ "ٹو" یعنے ٹھوکر اور "توال" یعنے دیوار وہ حصہ گھسے گی تو ایک حصہ "نیل" گھستی ہی کیا سبب کہ وہ بہت سخت ہی اور زمین کو پکڑنیکو وہ قایم رہتی ہی اگر کوئی تحقیق کرنا چاہے تو اسقدر کرے کہ ایک گھوڑا کہ جسکے پاؤن مین نعل ہون اور ایک یابو کہ جسکے پاؤن مین نعل نہون دونون کو ایک پہاڑ پر چڑہانا تو بہت جلد یابو جاویگا کیا سبب کہ اوسکے پاؤن مین نعل نہین ہی "نیل" کے زور سے زمین کو پکڑتا ہی اور گھوڑا بعض جاویگا نہین تو اوسکا پاؤن پھسل جاویگا باعث نعل کے کیا سبب کہ نعل مین کوئی چیز روک کی نہین ہی اسواسطے اور "شول" اوسکا نام ہی جسکو ہندی مین "تلوا" کہتے ہین یعنے سُم کے اندر کا درجہ اوسکو نعلبند لوگ تراشتے ہین لیکن اوسکے واسطے حکم نہین ہی کہ چھیلنا اسکو چھیلنا بہت نقصان ہی کیا سبب کہ اوسکے اندر بہت نازک چیزین ہین اونکو نقصان آتا ہی اسواسطے اور اندر اوسکے وہ نازک چیزین ہین کہ جن سے پکا "شول" پیدا ہوتا ہی اور خون کی نسین و "تربت" ہی اور اسقدر بہت سی چیزین ہین کہ جنکو نقصان آتا ہی اور یہہ "شول" جو ہی مثال ایک "ڈھال" کے ہی ڈھال جسکے ہاتھ مین ہوتی ہی تو اوسکو کوئی ضرب اثر نہین کرتی تلوار یا لکڑی یا پتھر کچھ بھی مار اوسکو نہین لگتی وہ ڈھال اوسکو بچاتی ہی اسقدر یہہ "شول" جو اندر نازک چیزین ہین اونکو بچاتا ہی اسواسطے چھیلنا اوسکا منع ہی جب مدت پوری ہو جاتی ہی تو وہ آپ سے نکل جاتا ہی اور اوسکی جگہہ پر دوسرا آتا ہی جسقدر کہ جھاڑ کے پتے مین جب انکا موسم آتا ہی بہار کا تو نئے پتے پیدا ہوتے ہین اور پرانے پتے گر جاتے ہین اسیموافق یہہ "شول" کے بدل ہوتے ہی دوسرا اسمین نقصان ایک اور ہوتا ہی وہ نقصان یہہ ہی کہ جب "تمنہ شول" کو چھیلا اور اندر اوسکے "تن سبل شول" ہی اوسکو محنت ہو تو وہان پر "انفلیمیشن" آتا ہی گھوڑا لنگڑا ہوتا ہی اور اوسکے کام مین فرق آتا ہی گھوڑا اسکے سبب سے بیمار ہوکر بعد اوسمین اور بیماری آتی ہی وہ گھوڑا بیکام ہوکر نوکری سے نکالا جاتا ہی اسواسطے "شول" کو چھیلنا تو فقط نعل کے نیچے کیطرف چھیلنا دوسری جگہہ نہین چھیلنا اور "فراگ" جو ہی تو مثل "ربڑ" کے ہی اوسکو بھی نہین کاٹنا اوسکے نیچے سے بھی بہت نازک چیزین ظاہر ہین جسقدر "شول" بیان کیا گیا ہی اسیموافق یہہ بھی ہی اسکے نیچے "ٹنڈن" اور "نوکلربون" ہی اور وہان "ہتیل" کا پرسہ ہی اور خون کی نسین و "تربت" اور بہت چیزین ہین یہہ پتلی جو ہی تو اونکے بچاؤ کے واسطے ہی جب اوسکے لوہے کچھ وزن آتا ہی تو وہ دبجاتی ہی جیسا کہ "ربڑ" دبجاتا ہی اوسیموافق اور اندر اوسکے بہت نرم چیزین جسقدر

کرگادی ہوتی ہے اوسموافق کچھ چربی بھی ہے اسواسطے وہان کچھ چیز قسم ضرب سکے اثر نہین کرتی جیسا
کہ ایک شخص نے بڑی موٹی رضائی جسم پر اوڑلیا اور اوسکو دوسرے شخص نے لکڑی یا پتھر مارا تو اوسکو
باعث رضائی کے نہین لگتا کیا سبب کہ رضائی موٹی ہے اسموافق "فراگ" اوسکے اوپر ہے اور موٹی ہے
اور خاصیت اوسکی بیان ہوچکی اگر اوسکو کاٹ ڈالے تو البتہ اوسمین نقصان آتا ہے بیماری پیدا
ہوتی ہے سُم چھوٹا ہوتا ہے اسواسطے اللہ تعالیٰ نے جسموافق اوسکو بنایا اوسکو بگاڑنا نہین اور
ہاتھ بھی نہین لگانا دوسرے "شول" اور "ذال" کے درمیان مین ایک لکیر ہوتی ہے اوسپر سے سُم کی
دریافتی کرنا کہ یہانسے "شول" ہے اور یہانسے "ذال" ہے اور یہہ موافق ایک حد کے ہے اوسکو
زبان ہندی مین شاخ کہتے ہین اسپر سے تمیز کرنا کہ یہان سے اندر کو کچا ہے اور باہر کو پکا ہے بروقت
نعل بندی کے میخ جب لگانا تو باہر کیطرف مین یعنے پکے مین لگانا اگر اندر یعنے کچے مین میخ جاویگی تو نقصان
ہوگا اسواسطے نعل بند" یا فریار" لوگون کو سُم کے کم زیادہ کا خیال ہونا چاہئے تاکہ آگے کو کام مین حرکت
نہ آوے فقط

سبق بیسوان

گھوڑیکے سُم کا بیان تفصیلوار تحریر ہے

گھوڑیکا سُم بہت ذات کا ہے مگر یہہ چار قسم کا بیان کیا جاتا ہے "فلات فوٹ" یعنے چپٹا ہوجاتا ہے
اور دوسرا یہہ ہے "کاسل فوٹ" یہہ کھڑا ہوتا ہے اور "شیلی فوٹ" اوسکو دریافت کرنا کہ اوسکے اوپر سے
چھلٹے نکلتے ہین باعث خشکی کے اوسکا نام "شیلی فوٹ" ہے اور ایک اچھا سُم ہے برابر چورس ہوتا ہے
یعنے لوگ سُم کے اوپر سے گھوڑیکی ذات دریافت کرتے ہین کہ اچھی ذات کا ہے یا خراب ذات کا ہے
اوسکی پہچان اسقدر ہے کہ اچھی ذات کا گھوڑا ہوتا ہے تو اوسکا سُم چھوٹا ہوتا ہے مگر ایسا چھوٹا نہین
کہ خچر کے سُم کے موافق یا گدھے کے سُم کے موافق برابر ہوتا ہے بڑا نہ چھوٹا اور ذات دریافت کرنا
سُم سے یہہ بات برابر نہین ہے مگر بعضے لوگونکا ایسا کہنا ہے اور یہہ بھی برابر ہے کہ اچھی ذات والا
جو گھوڑا ہے اوسکا سُم بہت مضبوط اور پختہ ہوتا ہے اور اوسکے درمیان ایک بات اور ہوتی ہے
مثلاً کوئی کپڑا بُننے والا اور اوسکا کپڑا باریک بناوٹ کا ہوتا ہے اوسموافق اچھی ذات والے
گھوڑیکا سُم ہوتا ہے دوسری کم ذات والے گھوڑیکا سُم چوڑا ہوتا ہے اور کم زور پائداری مین
دوسرے کے موافق نہین ہے اوسمین جلدی نقصان آتا ہے اور بناوٹ اوسکی جیسے موٹے
کپڑیکی ہے اوسموافق اور کھڑے سُم مین "سنکراک" ہوتا ہے اوسکو بولتے ہین کہ سُم ترک

جاتا ہی اوسمین باریک لکیر ہو جاتی ہی بعض سُم ایسا ہوتا ہی کہ اوسکے اوپر ایک یا دو نشان آڑے لکیر کے موافق آتے ہین تو اوسکو دیکھنا اکثر ایسا ہوتا ہی کہ بغیر نعل کے ایک یا دو ماہ تک گھوڑا تھان پر کھڑا رہے اور اوسکے سبب سے اوسمو افق ہوتا ہی کیا سبب کہ کل چیزین محنت کے سبب سے برابر رہتی ہین اور جو اوسکا کام ہی جلدی اور تیزی کے ساتھہ ہوتا ہی اگر انکو محنت نہین ہی تو وہ سُست ہوتا ہی اور موٹا ہوتا ہی کسواسطے کہ کرنٹ کی چوٹی ہین سے سُم پیدا ہوتا ہی جب وہ موٹا ہوا تو اوسکے باعث سُم مین نشانات آتے ہین بعضے لوگ اس نشان کے اوپر بیماریکا شک کرتے ہین لیکن یہہ بیماری نہین ہی اگر دو چار لکیرین ہین تو اوسپر شک کرنا برابر ہی شاید کچھہ بھی بیماری کے باعث اوسمین یہہ نشان آئے ہین اگر کوئی اسباب مین دریافت کرے تو اوسکو جواب دینا کہ بیماریکے سبب یہہ حرکت ہوئی ہی اس سبب یہہ اچھا نہین ہی دوسری اس باتکا خیال رکھنا کہ بعضے گھوڑے مین کوئی سُم بڑا اور کوئی سُم چھوٹا ہوتا ہی اور دیکھنے کو بدنما معلوم ہوتا ہی اور یہہ حرکت باعث بیماری کے ہوتی ہی اوسکی تجویز کرنا کہ یہہ اچھا ہونیکے لایق ہی تو اوسکو لینا نہین تو نہین لینا بعضے لوگ کہتے ہین کہ کالا پاؤن جسکا ہی اوسکا سُم مضبوط ہوتا ہی اور سفید پاؤن مین حرکت آتی ہی اور سفید پاؤن کچا ہوتا ہی مگر یہہ بات آج تک دیکھنے مین نہین آئی کہ سفید پاؤنمین حرکت آئی ہو دونون کام برابر دیتے ہین ہان ایک بات ہوتی ہی کہ سفید پاؤن والا گھوڑا ہی تو اوسکا سُم بھی سفید ہوتا ہی اور پاؤن مذکور مین باعث سردیکے چمڑی مین نقصان آتا ہی بعضے وقت ہر وقت نہین اکثر کرکے کلائی مین نقصان آتا ہی یعنے چمڑا اتر کیجاتا ہی اوسکو نام دیا ہی "کراک ہیل" فقط

نعل باندھنیکا بیان

جب گھوڑا نعلبندی کو آیا تو اوّل اوسکو ذرا دوڑانا اور دیکھنا لنگڑا ہی یا اچھا ہی اسواسطے اگر لنگڑا ہی تو اوسکی "رپورٹ" اپنے اوپر جو "سینیر" عملدار ہی اوسکو کرنا بعد وہ جسموافق حکم دیوے ویسا عمل مین لانا اگر اچھا ہی تو اوسکو تھانپر لانا اور اگاڑی پچھاڑی لگانا اور "بفر" سے اوسکی کلینچ کاٹنا یعنے پچّی اور "بفر" وہ ہی مثل کیکڑ سیکے بعد کاٹنے پچی تک نعل کو اسبور سے نزدیک "نیل" سے پکڑ کے آہستہ سے نعل کو اوکھاڑنا اوّل اندر کیطرف سے بعد باہر کیطرف سے جب نعل ڈھیلا ہوا تو ایک ایک میخ اسبور سے نکالنا اور وہ جو میخین نکلتی ہین اونکو علیحدہ ڈال دینا کیا سبب کہ بعضے وقت وہ میخین گھوڑیکے پاؤن مین لگ جاتی ہین اور اوس سے نقصان ہوتا ہی اسواسطے اُنکو الگ ڈالدینا اور نعل کو بھی نکالکے الگ ڈالنا اور جو نیچے نعل کے سُم مین مٹی ہوتی ہی وہ مٹی نکالنا

اور سُم کے اندر نعل کے نیچے کی جگھہ چھُری سے خواہ سُم تراش سے چھیلنا اور بعد کانس سے پاؤنکو چورس کرنا فقط نعل کی جگھہ لگانا دوسری جگھہ کانس نہ لگے کا نڈر انچیف صاحب بہادر کا حکم ہی کہ سُم کے اوپر یا اندر کانس سواے نعل کے نیچے کی جگھہ کے اور کوئی جائی لگے گی تو اوسکو سزا سنگین ملیگی اور "فریاڑ" یا نعل بند کو لازم ہی کہ اوّل سُم کو دریافت کرے اور کوئی جگھہ اونچا ہی یا نیچا ہی کم ہی یا زیا" ہی وہان کانس سے برابر کرے جب سُم تیار ہو چکے تو اسقدر سے کرنا کہ کانس لیکر "ٹیبل" کے اوپر سے "تو" ٹیک رکھنا اور دیکھنا کہ برابر چورس ہی یا نہین اگر برابر نہین ہی تو اوسکو برابر کرنا اور اگر برابر ہی تو بعد نعل بنانا اور نعل مین پانچ سوراخ کرنا بعضے لوگ چار سوراخ کرتے ہین دو اندر دو باہر اگر پانچ سوراخ ہین تو تین باہر اور دو اندر مگر اوسکا کچھ اندیشہ نہین ہی جسموافق سُم ہی اوسموافق سوراخ کرنا نعل کے دونون کونون کو اور کھونٹیان اور اندر باہر کی کور کانس سے گول کرنا تاکہ دوسرے گھوڑیکو نہ لگین وہ کورین بہت تیز ہوتی ہین اسواسطے جب نعل تیار ہی تو سُم پر رکھکے دیکھنا کہ سُم کی کور اور نعل کی کور دونون برابر ہون کوئی جگھہ سُم یا نعل نکلا ہوا نہو اور نعل اور سُم کے درمیان مین سانس نرہے ہاتھ پھراکے چو طرف دیکھنا تو برابر معلوم ہو کوئی کم یا زیادہ نہو بعد میخین لگانا اور وہ میخین ایک ایک مین نکالنا جب میخین لگا چکے تو بعد نعل کو ہاتھ نہین لگانا کیا سبب کہ بعضے لوگ اسقدر کرتے ہین کہ نعل بن کے تیار ہوا تو امبور سے نعل کو ہل کے پکڑکے اوٹھانا اور اوٹھانے کے بعد ہتوڑی سے مارتے مین آپ قدر اندر یا باہر کی کھونٹی کو مارے تو نعل ڈھیلا ہوتا ہی اور کھونٹیان دبجاتی ہین بدنما معلوم ہوتی ہین اور میخین ڈھیلی ہوتی ہین یہہ حرکت کے باعث نعل پائداری نہین کرتا اور سُم کو نقصان آتا ہی جب میخین لگ چکین بعد پچی اسقدر کرنا میخ کو امبور سے ایسا کاٹنا کہ بڑی ہو نہ چھوٹی موافق ہو بعد کاٹنے پچی کے ہتوڑی سے دبا دینا اور اندر کیطرف ذرا چھوٹی پچی رکھنا خوب دبانا کیا سبب کہ وہان نیور کا ڈر ہی اسواسطے اور حالت پچی کرنے مین کانس کو ہاتھ نہ لگانا اور نعل بندی مین پائداری دو جگھہ ہوتی ہی ایک تو پچی مین دوسری میخ کی سر مین اور بعضے نعل مین "کلپ" ہوتی ہی وہ بھی پائدار ہی کیا سبب کہ باعث "کلپ" کے سرکنے مین نہین آتا بعضے نعل مین سامنے کو "کلپ" ہوتی ہی اور بعضے نعل مین دونون بازو کو دو ہوتے ہین بغیر "کلپ" کا نعل سرکجاتا ہے اسواسطے پائدار یہین "کلپ" کے نعل کے موافق نہین ہی بعضے لوگ سُم نعل کے موافق بناتے ہین تو اوسمین نقصان ہوتا ہی مناسب یہہ ہی کہ نعل کو سُم کے موافق بنانا اور برابر بنانا کانس نہ لگے باعث کانس کے سُم کو ضرر ہوگا اور کام کا نرہیگا اسواسطے منع ہی فقط

سبق ایکیسوان

بیماری اندر سُم کے باعث میخ یا اور کوئی سبب نقصان آوے معہ معالجہ وغیرہ کے تحریر ہی

اندر سُم کے بعضے وقت میخ لگتی ہی بہت کر کے نعلبندی کے سبب نعلبند لوگ میخ لگاتے وقت برابر خیال رکھتے نہین کہ میخ اچھے لوہے کی ہی یا خراب لوہے کی ہی اور اُس میخ کا منہہ برابر ہی یا چھوٹا ہوا ہی تو وہ میخ لگا دیتے ہین تو ایک شاخ اندر جاتی ہی اور ایک باہر نکلتی ہی اس سبب سے پاؤن مین بیماری پیدا ہوتی ہی دوسری یہہ کہ جب میخ لگائی اور وہ اندر خون مین گئی تو اوسیوقت معلوم ہوتا ہی بلکہ گھوڑا بولتا ہی کہ مت لگاؤ میریکو تکلیف ہوتی ہی اور بولنا یہہ ہی کہ پاؤن کو چرّاتا ہی اوسپرسے تصور کر لینا اگر کوئی ہشیار آدمی ہی تو اوسیوقت پہچان لیگا اور میخ کو نکال لیگا بعض آدمی اسقدر ہتوڑی مارتا ہی بعد نعل بندیکے ایک روز یا دو روز مین وہ گھوڑا لنگڑا ہوکر آتا ہی بعد دریافت کرنیکے کھیلے کی حرکت ظاہر ہوتی ہی تو یہہ بات فریاز کی چوک سے ہی اگر ہشیار کام کرتا تو کبھی یہہ حرکت نہوتی یہہ اوّل غلط ہی دوسری خطا یہہ ہی کہ اوسکو چھپایا باعث چھپانیکے زیادہ نقصان ہوتا ہی اگر اوّل یعنے شروع مین میخ نکالکے اوسکو تین چار روز کا آرام دیتے تو اچھا ہو جاتا اور چھپانیکے سبب سے اوسکے اندر پیپ پڑ جاتا ہی بعد اچھا ہونیکو زیادہ دن لگتے ہین شاید بیس روز کے عرصہ مین وہ نوکریکے لایق ہوگا بعضے وقت جب میخ خون مین جاتی ہی اور اوسکو نکالو تو اوسکے ساتھہ تھوڑا خون آتا ہی یا کہ خون نہین آتا اِن حرکتون مین سے کوئی بھی حرکت ہووے تو مناسب ہی اوسکو "ٹیسکٹ" مین رکھنا اور علاج کرنا اور جب کوئی بھی نعل بند یا فریاز کے ہاتھہ سے یہہ حرکت ہو جاوے تو اوسنے پوشیدہ نہین رکھنا اوسیوقت ظاہر کرنا تا کہ علاج و معالجہ کے باعث جلدی اچھا ہو جاوے بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ بارش کے موسم مین سُم گھوڑیکے نرم ہوتے ہین اوسحالت مین کھیلے گھس جاتے ہین اوسکا سبب نعل بندیکو گھوڑا گیا اوسکی نعل نکالکر وہین ڈالدئے اور اوسکا پاؤن پڑ جاوے تو اوسکے سبب سے یہہ حرکت ہوتی ہی یا کہ سواریکی حالت مین کہین بھی کھیلا پڑا ہوا ہووے تو وہ بھی لگ جاتا ہی نشانی یہہ کہ گھوڑا لنگ کریگا سُم گرم ہوگا بعد اوسکو دریافت کرنا جب اوسپر سب جگہہ دریافت کر چکے بعد نعل نکالنا اور دیکھنا کہ کوئی میخ ثابت نوکدار ہی یا سب میخ ٹوٹی گئی ہوئی ہین یا نہین کیا سبب کہ بعضے نعل بند لوگ اسقدر کرتے ہین کہ کوئی میخ نہین نکلتی تو اوسکو چھوڑ دیتے ہین اور کہتے ہین کہ رہنے دو کچھ کمی نہین ہی پکّی میخ ہی بعد اوسمین پیپ پڑ کے بیماری پیدا ہوتی ہی اسواسطے میخ کی نوک دیکھنا ضرور ہی اگر سب میخین برابر نکلین اور

کوئی میخ کے ساتھہ خون یا پیپ نہ نکلا بعد چھری سے نعل کے نیچے کی جگھہ چھیل کے دیکھنا
اگر وہان کچھہ حرکت نہ معلوم ہو تو اوس جگھہ اندر "شول" کو چھیل کے دیکھنا اگر وہان نہ ہو تو
بعد "تیلی" اور "تیلی" کے اطراف کے گھائیون مین چھیل کے دریافت کرنا جہان کہین کچھہ بھی نشان
پیپ کا معلوم ہووے تو اوس جگھہ بہت چھیلنا کہ جہان تک اوسکا چور ہے وہان تک بعد
اوسکو صاف کرکے دیکھنا کہ اندر اور کوسی جگھہ پیپ نے بنائی ہی یا نہین پیپ کا یہہ خاصہ ہی کہ جہان
کہین نرم جگھہ ملتی ہی وہان پھرتا ہی اسواسطے دیکھنا ضرور ہی جب پیپ نکل گیا اندر کچھہ
نہین رہا تو اوسکو چوڑی جگھہ بنانا تاکہ وہ پیپ چھپے نہین بعد ایک کپڑا اوس سم کے اوپر باندھ
اور اوسکو ٹھنڈا بھوسا اوسکا "پولٹس" باندھنا اور کپڑا اسواسطے باندھتے ہین کہ زخم کے
اندر بھوسا نجاوے اور بعضے لوگ ٹھنڈا "پولٹس" باندھتے ہین اور بعضے گرم "پولٹس" باندھتے ہین
مگر یہہ دونون برابر ہین گرم "پولٹس" اوسکے سبب باندھنا کہ تھہ "انفلیمیشن" ہی اور اوسکو بغیر
پکائے فائدہ نہین ہوتا ہی تو گرم "پولٹس" یا گرم پانی سے سینکنا تو وہ پکتا ہی اور پیپ بنتا ہی
گرم "پولٹس" کا یہہ کام ہی جب پیپ نکلے نکل گیا اوسکے واسطے ٹھنڈا "پولٹس" فائدہ کرتا ہی
انگور جلدی بھر آتا ہی اور "انفلیمیشن" کم ہوجاتا ہی ٹھنڈا رہتا ہی اسقدر آٹھہ دس روز "پولٹس"
باندھے بعد دیکھنا کہ سم مین کچھہ حرکت نہ رہی اور پیپ نہین زخم خشک ہوگیا ہے اوسکو چلاکے
دیکھنا اگر لنگ کرتا ہی تو اوسکو دو چار روز اور آرام دینا اور "پولٹس" موقوف کرکے نرم
گھانس کے اوپر پاؤن رکھنا جب اچھا ہوگیا تو "تار" لگانا اوپر سن رکھنا اور اوسکے اوپر چمڑے کا
نعل لگانا یعنے چمڑا رکھکر اوپر نعل باندھنا اور پندرہ روز اوس سے پار لینا سو اسکے بعد نوکری پر
روانہ کرنا اگر بیماری زیادہ دن تک سم مین رہی اور کسی نے اوسکا علاج نہین کیا تو اوسکے
باعث اندر زیادہ نقصان ہوتا ہی یعنے پیپ پڑکے چو طرف "شول" کو پوکل کرتا ہی کیا سبب
کہ اندر سم کے کوئی رستہ نہین ہی جو وہ باہر نکلے سب جگھہ سخت ہی اور اوسکو رستہ نہین
تو وہ اندر ہی اندر سب پوکل کرتا ہی بعد اوپر "کرنٹ" کیطرف پھوٹتا ہی لاکن کوئی جگھہ
اوسکی مقرر نہین ہی کہ فلانی جگھہ نکلیگا کوئی بھی ایک طرف نکلتا ہی جب اسقدر ہوکر
تمھارے نزدیک آوے تو اوسکو دریافت کرنا بعضے لوگ اسقدر بولتے ہین کہ اوپر چوٹ لگتی
ہی اوسمین چوٹ لگی اوسکے سبب سے پیپ نکلا لیکن اوسمین تمیز یہہ ہی کہ وہان "انفلیمیشن"
آتا ہی اور ورم آتا ہی دباؤ تو درد ہوتا ہی ایکدم پیپ نہین آتا ہی اور "کینکر" ایکدم پیپ نظر آتا ہی
جب دریافت کرنا کہ "کیوٹر" کی بیماری ہی یعنے سم کھورہ اوسکو بعد دریافت کرکے اندر اوسکو رستہ
دینا جہان تک چور ہی وہان تک چھیلنا اور جب اسقدر بند و بست ہوا تو اوپر والا زخم

جوہی تو آپ اچھا ہوتا ہی اگر زیادہ دنکا ناسور ہوگیا یعنے "سینس" تو اسقدر کرنا کہ "کاشنک لوشن" تیز بناکے لگانا دس "گرین" کا شنک" ایک "اونس" پانی یعنے اڑہائی روپئے بھاروزن کے ساتھ پچکاری لگانا یا "کلوراف زنگ لوشن" تیز جسقدر "کاشنک لوشن" بنایا اوسموافق بناکے لگانا پچکاری کے ساتھ بہت کرکے اچھا ہوجاویگا اور اگر زیادہ نقصان ہوا ہی اور اچھا نہین ہوتا تو اوسکو اوپر سے ایک لکیر سُم کی بنانا اور وہ سُم اندر تک چھری سے چھیلنا بعد تیز دوا وہ جو اوپر مذکور کیا ہی وہ کرکے بعد "پوٹش" باندھنا چند روز مین تو سُم اگر اچھا ہوجاویگا اور بند و بست برابر رکھنا "پوٹش" ٹھنڈا باندھنا اور دونون وقت نیا "پوٹش" باندھنا اور لید دیکھنا کھانا نرم دینا یعنے ٹھنڈا دینا فقط

بیماری "کان" یعنے بطور چھالہ کے سُم کے بازو مین ہوتا ہی اوسکا بیان

"کان" سم کے اندر ہوتا ہی یعنے "باڑ" اور "توال" کے درمیان اوسکی پیدایش اسقدر سے ہے کہ نعل چھوٹا لگایا سُم زیادہ چھیل کے اوپر نعل کو کم لگایا یا نعل بندی دو یا تین مہینے کی ہوئی ہو تو نعل اندر گھس جاتا ہی اوسکے سبب سے اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ نعل کچھ کھونٹی سے تھوڑا چھوٹا ہی اور نعل بندی کو ڈیڑھ ماہ کا عرصہ ہوا اور سُم بڑا ہی تو اوسکے ساتھ نعل سرک جاتا ہے اوسکے سبب سے یہہ حرکت ہوتی ہی اور جب یہہ حرکت ہوئی تو اندر بعضے وقت پیپ ہوتا ہی نس "سیل شوں" کے اندر خون آتا ہی اور اوسکا پیپ ہوجاتا ہی جسقدر چھالہ یعنے آبلہ ہوتا ہی اُسکے موافق یہہ ہی اور بہت کرکے اندر کیطرف ہوتا ہی اوسکا باعث یہہ ہی کہ اندر کیطرف دیوار کم زور ہے اور سیدھی ہی اور وہ دیوار پتلی بھی ہی باہر کیطرف موٹی ہی اور زور دار ہی اور ایک سبب یہہ ہی کہ کوئی نادان نعلبند نعلبندی کے وقت دیوار کو کانس سے گھسکر کم زور کرتا ہی اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی اور بہت کرکے یہہ حرکت نعل بندیکے سبب ہوتی ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا لنگڑا ہوتا ہی تو اوسیوقت معلوم ہوگا کہ اوسکے سُم مین حرکت ہی اگر کوئی غافل آدمی ہے تو وہ نہین جانیگا تو اوسنے اوّل پانوکو خوب دریافت کرنا جب کوئی جگہہ اوسکو معلوم نہو تو بعد نعل کو نکالنا اور چھری سے نعل کی جگہہ چھیل کے دیکھنا اگر کچھ حرکت ہوئی ہی تو معلوم ہوگا یا کونسی کی جگہہ کو اسقدر دیکھنا کہ امبور سے دباکے دیکھنا تو مانیگا اور وہ جگہہ ہاتھ لگاکے دیکھنا تو ہاتھ سے معلوم ہوگی گرم لگے گی بعد چھری سے جہان اوسکی جگہہ بیان کیا ہی وہان تک چھیلنا دیکھنا تو اوسکے اندر سے کچھ پیپ یا تھوڑا خون شامل ہوکر نکلیگا تو اوسکو خوب صاف کرنا اور جگہہ زیادہ چوڑی بنانا تاکہ پیپ نکل جاوے اندر گھر نہ کرے بعد اوسکو ایک کپڑا یا توال سُم کے

اوپر باندھکر "پولٹس" ٹھنڈا باندھنا اور کھانا بدلنا اور پیار نہین لینا اور اوسکا کل بند وبست اچھا رکھنا اگر برابر بند وبست نہین کیا اور پیپ زیادہ ہوگیا تو اوپر کو آتا ہی جسقدر "کیوٹر" کا بیان کیا گیا اوسمواقف ہوگا اور اکثر کرکے یہہ بیماری گھوڑے سُم مین ہوتی ہی اور جب یہہ علاج کیا تو آٹھہ دس روز کے بعد اوسکو آرام ہوجائیگا بعد آرام ہونیکے اوسکو چلاکے دیکھنا لنگ ہی یا نہین اگر کچھہ حرکت معلوم ہوئی تو "پولٹس" موقوف اوسکا کرنا اور اوسکا پاؤن نرم گھانس پر رکھنا بعد چار روز کے اوسکو نعل باندھنا لیکن پہلے تار اندر لگاکر اوپر سے سن رکھنا بعد نعل اِسکام کے واسطے دو یا تین ذات کا کفایت ہوتا ہی وہ نعل یہہ ہی "بارشوز" یعنے گول ہوتا ہی "تھری کوٹر" یعنے تین حِصّہ ہوتے ہین ایک حِصّہ باہر کیطرف کا کٹا ہوا ہوتا ہی "ٹپ شوز" یعنے آدہا نعل "شوز" کا مطلب یہہ ہی کہ نعل اُنمین سے جو مناسب جاننا وہ باندھنا اسمین بعضے وقت نعل کے نیچے چمڑا رکھکر بھی باندھتے ہین بعد نعل باندھکے چند روز اوس سے پیار لینا بعد نوکری پر روانہ کرنا فقط

سبق بائیسوان

"نیور" لگنے کے بیان ہین اور اسمین تین بیماریان ہین

گھوڑیکو "نیور" لگنے کا سبب "نیور" نعل کے سبب سے لگتا ہی بعضے وقت کم زوری کے سبب لگتا ہی یا محنت زیادہ پڑے اور تھک جاوے اوسکے سبب سے لگتا ہی یا جانور بچہ ہو اور اوسنے محنت کبھی کی نہو اور اوسکو ایک دم محنت پڑے اوسکے سبب سے لگتا ہی بعضے وقت سُم لگتا ہی بعضے وقت نعل لگتا ہی کیا سبب کہ نعل کی پچّی اوٹھہ جاتی ہی وہ لگتی ہی اور جہان "نیور" لگتا ہی وہ جگہہ متّعی کی ہی بعضے وقت نعل کی نلّی کے اوپر لگتا ہے بعض گھوڑا ایسا ہوتا ہی کہ اوسکے کونیان اندر کیطرف ملی ہوئی ہوتی ہین اور سُم باہر کے طرف پھرے ہوئے ہوتے ہین اوسکو "نیور" اکثر لگتا ہی اور نشان خود بخود معلوم ہو جاتے ہین بعضے وقت خون نمود ہوتا ہی یا وہانسے چمڑا چھل جاتا ہی یا بال نکل جاتے ہین اگر اسپر سے بھی کوئی نہ تمیز کرسکے تو اوسکو اسقدر سے دریافت کرنا کہ تھوڑا سا "تار" لیکر اُسکے متّعی کو لگانا اور سواری لینا جو چیز کہ لگتی ہی اوسپر نشان آویگا تار کا اوسپر سے معلوم کر لینا کہ فلانی جگہہ سے اب اوسکے موقوف کرنیکا بند وبست یعنے "نیور" کے "کٹن شوز" نعل باندھنا یہہ نعل اندر کیطرف موٹا اور باہر کیطرف موافق دستور کے ہوتا ہی اور اگر یہہ نعل نہ میسر ہو تو اوسکو اسقدر

بند و بست کرنا کہ اندرکیطرف نعل کے نیچے موٹا چمڑا رکھکر اوپر نعل لگانا اندرکیطرفکا سم ثابت رکھکے اور باہرکیطرفکا سم چھیل کے بعد نعل باندھنا اور نعل برابر ہووے ہاتھکو نہ لگے اوپرچی اندرکی موٹی نہ ہو چھوٹی ہوئے اور اوٹھی ہوئی نہو بعضے وقت "تھری کوٹر" نعل لگاتے ہین اندرکیطرف ثابت رکھنا باہرکیطرف کا ایک حصہ کم کرنا یعنے کاٹ ڈالنا اور کم زور گھوڑا ہے یا بچہ ہے اوسکو خوراک اچھی دینا اور کچھ "ٹانک" دوا دینا تاکہ خوراک ہضم ہو اور طاقت آوے موٹا ہووے جو گھوڑا کہ ہمیشہ "نیور" کھاتا ہے اوسکو چمڑے کا "بوٹ" لگانا چمڑا مٹھی کے برابر بناکے اندرکیطرف لگانا اور بند و بست کرنا اندرکیطرف مٹھی کے "بوٹ" لگانا اور بند اوسکے باہرکیطرف لگانا یعنے باہر کیطرف باندھنا اگر چمڑا نہ ملے تو "فلالین" کا "باندس" باندھنا اگر "فلالین" نہ ملے تو کوئی بھی گرم کپڑا موٹا کمل یا کھادی کوئی بھی موٹی چیز باندھنا تاکہ اندر ضرب نہ پہنچے اور یہہ موٹی نعل لگاتے ہین اور اندر کیطرف موٹا رکھتے ہین اوسکا یہہ فائدہ ہے کہ اندرکیطرف اونچا ہوجاتا ہے اور مٹھی کا بھوک باہرکیطرف جاتا ہے تو اوسکے سبب سے "نیور" نہین لگتا ہے فقط

بیماری "پتلی" کی اندر جو ہوتی ہے اوسکا نام "تھورش" ہے اوسکا بیان

"تھورش" یعنے پتلی کا پسینا یہہ بیماری گھوڑیکے پتلی مین پیدا ہوتی ہے اوسکا سبب اسقدر ہے کہ گھوڑیکا بہت میلا تھان ہے یعنے پیشاب لید کچرا وغیرہ پڑا ہے اور اُس مین گھوڑا گھڑا ہے تو اوسکے باعث اکثر یہہ بیماری پیدا ہوتی ہے دوسرا یہہ کہ نعل بند لوگ پتلی کو کاٹ ڈالتے ہین اور اوسکے اوپر وزن نہین پڑتا اسواسطے ہوتی ہے جیس چیز پر زور نہین پڑتا اور محنت نہین ہے تو وہ کم زور ہوجاتی ہے اور اسبا تکا خوب امتحان کیا ہے کہ کوئی بھی گھوڑیکے ہاتھ یا پاؤن مین کسی سبب سے کچھ درد یا نقصان آیا تو اوسکا "مثل" بسبب محنت کے کم زور ہوجاتا ہے اسیقدر کل جسم کا حال ہے جب پتلی پر زور نپڑا تو وہ چھوٹی ہوجاتی ہے اور بعد تھوڑے روز کے سڑجاتی ہے اور اوسمین سے پانی نکلتا ہے اور اوس پانی مین باس آتی ہے اور وہ پانی دو قسم کا ہوتا ہے بعضے وقت کالے رنگ کا ہوتا ہے اور بعضے وقت سفید رنگ کا ہوتا ہے دوسرا سبب یہہ ہے کہ بارش کے موسم مین اکثر "رجمنٹ کے" گھوڑے باہر باندھتے ہین اور کیچڑ مین کھڑے رہتے ہین تو اوسکے پاؤنمین اکثر یہہ بیماری پیدا ہوتی ہے ایک تو خود اوسکا مالک کہ جسکا گھوڑا ہے اور کچھ وہ دیکھتا نہین اور برابر بند و بست نہین رکھتا دوسرا سائیس کی غفلت یہہ ہے کہ گھوڑیکا تھان برابر صاف نہین کرتا پاؤن مین مٹی یا میلا پیشاب لید وغیرہ ہوتے اور گھوڑا اوسکے اوپر کھڑا رہے تیسرا "فریائنگی" خطا

یہہ ہی کہ وہ دیکھتا نہین اور نعل بندی کیوقت پتلی کاٹ ڈالتے ہین اسمین زیادہ خطا فریاری کی ہے اور اگر اوسکا بند وبست اچھا ہوا تو یہہ بیماری نہین ہوتی غیر بند وبست کے سبب ہوتی ہی اور اوسکے نشان خود ظاہر ہین کہ پتلی مین سے رس آتا ہی بعضے لوگ اوسکو رس کہتے ہین اور بعضے لوگ اوسکو پسینہ کہتے ہین اب اوسکا علاج اول پاؤ نکا نعل نکالنا اور سُم کو دریافت کرنا کہ کھڑا ہی یا چپٹا ہی دیوار اوسکی اونچی ہوئی ہی یا برابر ہی اگر دیوار کھڑی ہی تو کانس سے گھس ڈالنا اگر چپٹا سُم ہی تو نہین گھسنا دیوار اسواسطے گھستے ہین کہ پتلی پر زور آوے بعد ایک تو ال سے یا کوئی بھی نرم کپڑا لیکر اوسکی غور سے اندر پتلی صاف کرنا اور اوسکے آس پاس جو کبھی کوئی سُم کا ٹکڑا نکلا ہو تو اوسکو چھریسے الگ کرنا بعد صاف کرنیکے اوسکے اندر "کیالومیل" ڈالنا اور اوپر اوسکے "ٹو" یعنے سن جسکی رسی بناتے ہین وہ لیکر بتی بنانا وہ بتی کو ایک کاڑی لیکر اوس پتلی کے اندر دبا دینا دن مین دو یا تین وقت یہہ دوا لگانا مگر تھان ہمیشہ خشک رہے گیلا رہنے نہ پاوے جب یہہ بیماری شروع ہی تو چار پانچ روزمین اوسکو آرام ہوگا اور اگر زیادہ روز کی ہی اور چار پانچ روزمین آرام نہین ہوا تو بعد "سلیٹ آف کاپر" یعنے نیلا طوطہ باریک کرکے اندر پتلی کے بھرنا کہ جسقدر "کیالومیل" بھرا تھا اگر اس سے فائدہ نہو تو "عالم" یعنے پھٹکری بھونکر باریک کرکے ڈالنا مگر سب سے اچھی دوا اس کام مین "کیالومیل" ہی بعضے لوگ ایسا کرتے ہین کہ پھٹکری دو حصہ ایک حصہ کیالومیل" دونون کی بکنی ملاکے ڈالتے ہین اگر اس سے اچھا نہین ہوا تو بعد یہہ دوا کرنا سب سے آخر مین مگر یہہ دوا بہت تیز ہی اوسکا بند وبست جسقدر بتایا جاتا ہی اوسموافق کرنا اول ایسا کرنا کہ اوسکی پتلی کے آس پاس موم یا گیہون کا آٹا لگانا اور ایک توال یا کوئی کپڑیسے اوسکی گامچی باندھنا اور سُم کو اوٹھاکر اوڑلوکو ذرا زمین کیطرف جھکانا بعد "نیٹرک اسڈ" اوس پتلی مین بوند بوند ٹپکانا تاکہ اوسکے اندر جاوے اور یہہ جو بند وبست کیا تو اسواسطے کیا کہ یہہ دوا بہت تیز ہی گھوڑا پاؤن ہلاوے اور کوئی جگہہ دوسری گریگا تو نقصان ہوگا اسواسطے یہہ بند وبست کیا تو اچھا ہوگا جب اچھا ہوجاوے تو تار لگانا اور اوپر سن بھرنا اور آدھا نعل باندھنا بعد نوکر سپرد نہ کرنا

بیماری "کیانکر" یعنے یہہ تلوے مین ہوتی ہی اوسکا بیان

یہہ بیماری بہت خراب ہی اس کے سبب سے زیادہ نقصان ہوتا ہی پیدایش اسکی موافق "تھروش" کے ہی اور بہت کرکے "تھروش" کا کچھ حصہ اندر "شول" کے جاتا ہی اوسکے

سبب سے یہہ حرکت آتی ہی اور اکثر کرکے غفلت کے سبب ہوتی ہی جب ایک وقت گھوڑیکو
ہوئی تو ہر وقت ہوتی ہی یعنے یہہ عادت ہو جاتی ہی اگر برابر بندوبست رکھا تو یہہ بیماری نہ آویگی
اور اگر بندوبست برابر نہین رکھا تو یہہ ہمیشہ آتی ہی اور اوسکی عادت چور کے موافق ہوتی ہی جیسا
کہ پیپ ہوتا ہی اور اندرہی نقصان کرتا ہی جیسا کہ نیز یکے اوپر "فنگس" ہوتا ہی یا قدرتی جسکو زمین کا
پھول کہتے ہین اوسکے موافق یہہ پیدا ہوتا ہی اور مثل پیپ کے اندر ہی اندر نقصان کرتا پھرتا ہے
اوسیموافق یہہ بھی ہی اور بدگوشت کے موافق اندر سے کچھ نکلتا ہی بعضے وقت "سُول" کو پھیر لگتا ہے
بہت کرکے اس سے بھی یہہ درد پیدا ہوتا ہی اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا لنگڑا
ہوگا مگر تھوڑا لنگڑا ہوگا زیادہ نہین اور سُم پر وزن تھوڑا دیویگا اسپر سے دریافت کرنا کہ
سُم مین حرکت ہی نعل وسکا نکال کے اندر چُھری سے چھیلکے دیکھنا تو اندر اوسکے یہہ بیماری معلوم ہو گی
بعد معلوم ہونیکے اوسکے اطراف چھیلکے دیکھنا جب کچھ معلوم نہووے تو بعد اوسکو خشک کرنیکی
دوا لگانا جسقدر "تھروش" مین بیان کیا گیا ہی اوس سے اچھا ہوگا اور اگر اس سے فائدہ نہو تو
اوسکو جلانا یعنے مرہم تیز دوا کا بنا کے لگانا "سلفرک اسڈ" مثل ایک تیل کے ہی اور وزندار
ہوتا ہی اوسکی شناخت اسقدر ہی کہ اندر اوسکے لکڑیکا ٹکڑا ڈالنا تو وہ ٹکڑا کالا ہوگا اگر ایک دو بوند
پانی مین ڈالو تو پانی گرم ہو جائیگا اگر پانی نہو گلاس مین ڈالو تو گلاس پھوٹ جاویگا اسقدر اُسکی
پہچان ہی "غالم" یعنے پھٹکری اوسکو بھونکے باریک کرکے بعد کٹورے مین ڈالکے اوپر پیہہ "اسڈ"
مذکور ڈالنا اور کٹورا کرنا اگر کٹورا نہو تو لوٹا یا تانبا یا پیتل کے قسم برتن نہون فقط چینی یا کٹورا
اس قسم مین وہ دوا ملانا اور جہان بدگوشت ہی وہان لگانا بہت کرکے ایک وقت لگانا زیادہ
نہین لگانا اگر لگائے تو نقصان ہوگا اوپر سن رکھکے اور کپڑے سے باندھکے تھان مین کھلا چھوڑ دینا
تاکہ اوسکے اوپر وزن پڑے اور اوسکے بندوبست مین دوا لگانے وغیرہ کے اگر ایک دن کی
غفلت ہوئی سب دن کی محنت برباد جاویگی اسواسطے ہر روز دوا لگانے مین اور بندوبست
رکھنے مین بہتر ہی جب اچھا ہوتا نظر آوے تو نعل باندھکے اندر تار لگانا اور اوپر سن خوب
دبا دینا اور اوسکے اوپر سے دو بانس کی پتلی کڑیان ایک آڑی اور ایک کھڑی نعل کے اندر
اوسکے منہہ دبا دینا کہ وہ سن گرنے نپاوے اور دوا لگانیکو آسان ہو اور اسکام کے واسطے
ایک ذاتی نعل اور ہوتا ہی اوسکا نام "بگ شوز" ہی اوسمین یہہ عمدیت ہی کہ ایک ڈھکن لگا
ہوا ہی جب اسکو [illegible] اور جسوقت دوا لگانا چاہو تو وہ اسکو نکالنا اور جب دوا لگا دینا تو پھر
اسکو [illegible] دینا اور یہہ [illegible] سفر مین بہت آرام دیتا ہی رات دن چلنیکا کام ہے
[illegible] نعل لگا کے اندر دوا لگانا اوپر سے سربوش

لگانا بعد راستہ چلنے مین کچھ حرکت نہین آتی اندر کنکر کھرا مٹی وغیرہ کچھ نہین جاتی بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ علاج نہین ہوا اور درد زیادہ روز کا ہوا تو "شول" کو نکالنا پڑتا ہے اوسکو ایک دم نکال ڈالنا اوسکی ترکیب اسقدر ہے کہ باریک چھریسے "شول" کو اطراف یعنے باہر والے کی طور پر کل کرنا جہان تک خون آوے بعد آنے خون کے موقوف کرنا چمٹی سے پاکیکر یعنے "تو" کی جگہ سے "شول" کو اوٹھا دینا بعد اوٹھنے "شول" کے وہی جگہہ اسبور سے پٹھ کے طرف پتلی کے کھینچنا بعد "کلورای آف زنک لوشن" سن مین لگا کے اوسکے اوپر رکھکے کپڑیسے باندھنا بعد دوسرے روز کو ٹیلیکا "پوٹس" باندھنا یہہ "پوٹس" مذکور اسقدر بنانا کہ بھوسا ایک کپڑے مین لیکر جوش پانی مین ڈوبانا بعد کو ٹیلا باریک کر کے اوسمین شامل کرنا تو اوسکو کوٹیلیکا "پوٹس" کہتے ہین اسقدر اوسکا بند وبست کرنا تو اچھا ہوگا بعد آرام ہونیکے تار لگا کے اوپر سن رکھنا اور چمڑا رکھکے نعل باندھنا بعد چند روز کے اوس سے پسار لینا بعد نوکری پر روانہ کرنا فقط

بیماری "ڈرائی گیانگرین" یعنے سوکھا اور اوسمین جو "انفلمیشن" آتا ہے اوسکو نام دیا ہے "کرنیٹس" کے بیان مین

اس بیماری کی ابتدا اسقدر ہے کہ تھان بہت میلا رہا اوسکے سبب "انفلمیشن" آتا ہے "کرزی مین" یعنے سُم کے ہون مین اونکے باعث یہہ حرکت ہوتی ہے کیا سبب کہ وہان "انفلمیشن" آنےکے خون خراب ہوجاتا ہے اُسکا جو کام ہے وہ برابر نہین چلتا یعنے اوسکا کام یہہ ہے کہ اندر سُم کے خون پہونچانا اور وہان سے سُم نیا پیدا ہوتا ہے جب اوسمین حرکت آتی تو اُسکے کام مین یہہ حرکت ہوتی ہے اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ وہان کے بال کھڑے ہوینگے اور بھوسی نکلیگی بدنما معلوم ہوگا اگر زیادہ روز کا ہے تو سُم پہ کچھ نشان باریک باریک لکیرین اور کھرڈا روکھاپن معلوم ہوگا اگر زیادہ ہے جب یہہ بیماری آتی اور اوسکا علاج نہین کیا گیا تو اوسکے سبب پکّا کیا نکر ہوتا ہے اور تیلی مین سے رس جاری ہوتا ہے اور یہہ بات امتحان کی گئی ہے جب اس بیماریکا گھوڑا موٹا ہے اور "انفلمیشن" بھی ہو تو دریافت کرنا کہ موٹا ہے یا لاغر ہے اور "انفلمیشن" ہلکا ہے یا تیز ہے اگر گھوڑا موٹا ہے تو اوسکو جلاب دینا اگر دبلا ہے اور "انفلمیشن" کم ہے تو اوسکا کھانا بدلنا ٹھنڈا کھانا دینا یعنی گھانس کچھ بھوسا تھوڑا دانہ وغیرہ دینا اور پاؤں ٹھنڈے رکھنا یعنے ٹھنڈا "بانڈس" باندھنا یا ٹھنڈا "پوٹس" باندھنا [illegible] "پوٹس" [illegible] ٹھنڈا ہونیکے وہان کے بال نکلکے ایک روز کے

بعد "پلاسٹر" لگانا "بن ایڈین مرکیوری" "بیٹ آف گریس" اور ایک "اونس" چربی دونون کو خوب کھرل مین ایک جان بنانا بعد "کرنٹ" کے اوپر ہلکے ہاتھ سے مالش کرنا قریب دس "منٹ" کے بعد چھوڑ دینا اور گامچی مین تھوڑی چربی لگانا تاکہ "پلاسٹر" بہہ کے جاوے تو اوسکا اثر نہ ہووے اسواسطے بعد دونون طرف پاؤن کو مزمہ لگانا رسّی باندھنا اور الگ الگ پاؤن کو رکھنا کہ ایک دوسرے سے ہلکے رگڑ نہ جاوے اور سر اوپر باندھنا کھانا گھانس کُل اوپر دینا بعد تین دنکے اوسکے اوپر "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا اور "کاربلک اسڈ" کا تیل اسقدر بنانا کہ آٹھ "اونس" تیل اور ایکڈرام "کاربلک اسڈ" اوسمین ڈالنا اسقدر بنانا شاید آٹھ روز کے عرصہ مین وہ "پلاسٹر" خشک ہوجاتا ہے بعد گرم پانی کرنا اور "ٹیپ" مین پاؤن اوسکے اندر رکھنا ایک کلاک تک اگر گھوڑا مستی کرے تو گرم پانی سے سینکنا تاکہ اوسکے اوپر کی کھپلیان سب نکلجاوین بعد دن مین دو وقت سینکنا اور "سوئین باندس" باندھنا یعنے اندر کپڑے کا اور اوپر گرم فلالین کا یا اور کوئی گرم کپڑیکا ہو اوسکے اندر کپڑیکا "باندس" ہے اوسکو اسقدر کرنا پانی سے ترکرنا تاکہ خشک نہ ہو اسقدر بند وبست کرنا اور اگر "باندس" نہین باندھا تو "ٹھنڈا پوش" باندھنا اسقدر دو یا تین "پلاسٹر" اوسکو مارنا تو اچھا ہویگا فقط

گھوڑیکے سُم مین جو بیماری "سنکراک" ہوتی ہے یعنے سُم تڑق جاتا ہے اوسکو کہتے ہین اوسکا بیان تحریر ہے

"سنکراک" کا مطلب یہہ ہے اور "سین" ریت کو کہتے ہین اور "کراک" وہ ہے جو ایک لکیر پڑجاتی ہے اوسکا مطلب یہہ ہے اور یہہ ہونیکا سبب اسقدر ہے کہ سُم کو کانس لگائی یا "پالش" لگائی تو اوسکے اوپر کا روغن نکل جاتا ہے اور اوسمین خشکی آکے یہہ حرکت پیدا ہوتی ہے دوسرا سبب یہہ ہے نعل سُم پہ برابر نہین جما یا کم زیادہ رہا تو اوسکے اوپر زور پڑکے یہہ حرکت ہوتی ہے یا کہ نعل سُم پر رکھا اور اوسمین کچھہ سانس رہے تو وہ نعل بند اپنے دلمین کہتا ہے کہ رہنے دو میخ لگانے سے بیٹھہ جاویگا یہہ کہکر اوسکو نہ درست کیا اور میخین لگائین اور اوسپر زور پڑا تو اوسکے باعث یہہ حرکت آتی ہے اور یہہ بیماری اوّل بہت ہوا کرتی تھی کیا سبب کہ نعلبندیکا گھوڑا آیا اور اندر سے سُم کو خوب چھیلا اور نعل چھوٹا لگایا کانس مارکے اوپر "پالش" کیا جب تو اُن گھوڑو کے مالک خوش ہوتے تھے کہ ہمارے گھوڑیکی نعلبندی اچھی کی اگر اوسموافق نکیا تو اوسکو پسند نہین کرتے تھے کہ نعلبند اچھا نہین ہے نعلبندی برابر نہین کیا اور یہہ بات اُسوقت کوئی نہین جانتا تھا کہ اوسکے باعث سُم مین یہہ حرکت ہوگی اور اب نہونیکا یہہ سبب ہے کہ کانس لگانیکا حکم نہین ہے اور لوگ بھی واقف ہوگئے کہ اس کے سبب سے یہہ حرکت ہوتی ہے اسواسطے کوئی نہین لگاتے

اب اسقدر ہوتی ہی کہ سو مین ایک یا دو گھوڑے نظر آتے ہین تو وہ بھی نا واقف شخص جو نعلبندیکا کام برابر جانتا نہین ہی اور وہ نعل بندی کرے تو اوسکے باعث اور سُم کے اوپر باریک باریک بال کے موافق نسین ہین جب اونکو کسی باعث خلل پہنچے تو وہ خشک ہوکے ایک دوسریسے الگ ہوجاتی ہین جب وہ ایک دوسریسے الگ ہوئی تو یہہ حرکت نمود ہوتی ہی بعضے وقت بھون کے پاس تڑقتا ہی اور بعضے وقت نیچے کی قور سے تڑقتا ہی کبھی شمار سے ایک "انچ" کے یا کہ زیادہ دراز ہوتی ہی یعنے لکیر جو بھونکے نزدیک تڑقتا ہی تو اوسمین سے کبھی خون بھی نمود ہوتا ہی بعضے وقت پیپ نمود ہوتا ہی بعضے وقت اکثر کرکے یہہ حرکت آگیکے پاؤن مین اندر کیطرف ہوتی ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ آگیکے پاؤنپر دو حصہ وزن ہی اور پیچھے کے پاؤن پر ایک حصہ ہی اِس واسطے آگے کے پاؤنمین ہوتی ہی اور اندر کیطرف ہو نیکا یہہ سبب ہی کہ اندر کا سُم سیدہا ہوتا ہے اور پتلا اوسکو محنت کم ہی اور اُسکا بیان اول بھی کیا گیا ہی کہ جسکو محنت نہین ہی تو وہ کم زور ہوتا ہی زیادہ محنت کے سبب یہہ حرکت ہوتی ہی نشان خود ظاہر معلوم ہوتے ہین اب اوسکا علاج اسقدر ہی اگر بھونکے نزدیک جو تڑقا ہی تو اوسکے باعث گھوڑا لنگڑا ہوتا ہی تو اوسکو "پوٹس" باندھنا ٹھنڈا کرنا بعدہ وہان کے بال نکالنا اور اوسکے اوپر "پلاسٹر" لگانا تاکہ نیا سم پیدا ہووے اسقدر ایک دو "پلاسٹر" لگانا اور جو دراڑ ہی اوسمین ایک ناب بنانا یعنے نالی اوسمین دریافت کرنا کہ اندر کتنے دور تک گڑا ہی وہان تک اوسکے آس پاس کا سُم چھیلکے صاف کرنا اور اوسکی جہان تک حد ہی تڑقی ہوئی وہانپہ داغنے سے یا کانس سے ایک آڑی لکیر بنانا تاکہ زور نیچے سے اوپر کو نپہنچے اور نعل نکال ڈالنا جب اسقدر بندوبست کیا اور اوسکو آرام ملا تو وہ اچھا ہوگا اور اکثر یہہ حرکت گھوڑے سُم مین زیادہ ہوتی ہی جب اوسکو آرام ہوا تو نعل باندھنا لیکن سم کو دریافت کرنا کہ کھڑا ہی یا چپٹا ہی یا سُم کی کونٹیان کم زور ہین جیسموافق نظر آوے اوسموافق نعل باندھنا اور اکثر کرکے یہہ حرکت ہی تو "بٹپ شوز" نعل باندھنا اگر سُم خراب ہی یا کچھ حرکت ہی تو وہ نعل "بار شوز" نعل باندھنا فائدہ ہی لیکن نعل کے نیچے وہ تڑقی ہوئی جگہہ نہ آوے اوسمین گرہ بنانا چاہیئے بعضے وقت "مقری کوٹر شوز" باندھنا پڑتا ہی وہ نعل جس جگہہ پر حرکت ہی اوسطرفکا ٹکڑا کم کرنا اور باہر کیطرف سے ثابت نعل لگانا بعد نوکری روانہ کرنا اور اس بیماریمین جو گھوڑا زیادہ لنگ کرتا ہی اوسکو "سک" مین جو لنگڑاتا نہین ہے تو اوسکو اوپر بیان کیا ہوا بندوبست کرکے نوکری لینا فقط

سبق تیولیسوان

"لمینٹس" یعنے "لمنہ" مین بیماری آتی ہی اوسکے بیان مین

یہہ بیماری اندر سُم کے جو سنبل لمنہ" ہی اوسمین آتی ہی اسواسطے اسکو "لمینٹس" نام دیا ہی اِسکا مطلب یہہ ہی کہ "لمنہ" کے اندر تپ آئی اور وہان "انفلمیشن" آیا یہہ اوسکا مطلب ہے اور یہہ بیماری دو ذاتکی ہوتی ہی ایک "اکیوٹ" اور ایک کرانک" "اکیوٹ" جو ہی تو بہت تیز ہی اور "کرانک" ہلکا ہی اور بہت روز تک رہتا ہی اور درد کم ہوتا ہی اب بیان اکیوٹ کا شروع ہے "اکیوٹ" بہت کرکے کم ہوتا ہی اوّل بہت ہوا کرتا تھا مگر اب کم ہوئیگا یہہ سبب ہی کہ لوگ بہت ہشیار ہوگئے اور بند وبست اچھا رکھتے ہین اسواسطے کم آتا ہی اور جب آتا ہی تو بہت جلدی آتا ہی اور جاتا بھی جلدی ہی بعضے وقت ایک پاؤن مین اور بعضے وقت آگے کے دونون پاؤںمین اور کبھی چارون پاؤن مین آتا ہی اور آتا ہی تو ایکدم ایک رات یا دنمین آتا ہی بعضے ورد ایسا ہوتا ہی کہ رفتہ رفتہ آتا ہی اور بہت کرکے "رنگ بون" پر تمیز کرنا شاید پندرہ یا بیس روز کے عرصہ مین معلوم ہوگا کہ "رنگ بون" ہی مگر یہہ درد اسیوقت معلوم ہوجاتا ہی اور اسکی ابتدا اسقدر ہی کہ زیادہ محنت لیا اور ایک دم لاکر تھان مین چھوڑ دیا کچھ پیار نہین اور پسینہ نہین سکھایا تو اوسمین یہہ بات ہی کہ گھوڑا گرم ہی اور پسینہ اوسکے اوپر ہے اور وہ ٹھنڈا ہوگیا محنت کے بیچ مین خون زیادہ محنت کرتا ہی یعنے ڈورتا ہی اور جب اوسکو چھوڑ دیا اور اوسکا بند وبست نہین کیا تو خون کے باعث یہہ حرکت ہوتی ہی بعضے وقت باعث کھانیکے ہوتی ہی کھانا زیادہ کھاوے اور کوٹھے مین "انفلمیشن" آوے تو اوسکے سبب سے سُم مین بھی آتا ہی لیکن معلوم نہین ہوتا اگر کوئی آدمی ہشیار ہی تو اوسکو معلوم ہوجاویگا اور جو کوئی ناواقف ہی اوسنے اِن نشانون مین سے تمیز کرلینا گھوڑا دانا برابر نہین کھاتا سُست کھڑا رہتا ہی چہرہ اوسکے مُرجھایا پن معلوم ہوتا ہی اسپر سے دریافت کرنا کہ دونون مین دوستی ہی اور یہہ بات ہی کہ سُم اور کوٹھا دونون مین بھائی بندی ہی اگر ایک مین درد آتا ہی تو دوسرے مین بھی آتا ہی نقل مشہور ہی کہ خون کو خون کھینچتا ہی تو اس موافق یہہ کوٹھا اور سُم ہی ایک روز کا ذکر ہی کہ جناب صاحب موصوف کا ایک گھوڑا پندرہ کوس کی منزل گیا اور دوسرے دن فجر کو اوسکو تپ آئی بعد اسکو کچھ روغن زرد پلا دیا کیا سبب کہ جنگل مین دوا میسر نہوئی اسواسطے بعد دھوپ جو لگی تو اور زیادہ تپ آئی اور دست ہونا شروع ہوئے بعد اوسکے کوٹھے مین "انفلمیشن" آیا

اور سُم مین اوتر گیا او سکے باعث یہہ حرکت ہوئی تو یہہ بات امتحان کی ہی کہ اندر کو ٹھیکے
"انفلمیشن" آیا ہی تو وہ سُم مین آتا ہی تو بعضے وقت خشک گیہون کھانے سے آتا ہی ایک
روز کا ذکر ہی کہ ولایت مین ایک گھوڑا رات کیوقت کھُل کے گیہون کے کھیت مین گیا اور
وہان گیہون کی راس تیار رکھی تو اوسمین سے اوسنے خوب گیہون کھایا بعد اوس گھوڑیکو
دوسرے یا تیسرے روز یہہ بیماری پیدا ہوئی اسواسطے چاہیئے کہ گھوڑیکو خشک گیہون
نہین کھلانا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑا خوب محنت کرکے آیا اور اوسکے جسم مین
پسینہ ہی اور گرم ہی اوسحالت مین ٹھنڈا پانی پلانا تو یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی یا کہ جہاز مین
زیادہ روز کھڑے رہنے کا اتفاق پڑتا ہی اور کھانا برابر نہین ملتا خشک گرم اور محنت نہین
اسکے سبب سے بھی بیماری پیدا ہوتی ہی یا کہ جہاز مین سے [illegible] منزل
تیس یا چالیس کوس کی گئی تو اوسکے سبب سے بھی یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی [illegible]
دست ہوتے ہین اور وہ دست زیادہ ہون تو اوسکے نشان اسقدر رہین اور [illegible]
بھی یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی اور یہہ بات امتحان کی گئی ہی نشان اسقدر رہین کہ گھوڑا
کھڑا رہیگا بیٹھیگا سوئیگا نہین کانپیگا پسینہ آویگا پچھلے پاؤن قریب اگلے پاؤن کے لاویگا
تاکہ وزن اگلے پاؤنپر کم پڑے کبھی پچھلے پاؤن مین ہی تو پچھلے پاؤن او نچے رکھیگا تاکہ زور اگلے
پاؤن پر آوے کبھی پچھلے پاؤن مین ہی تو پچھلے پاؤن اوپر رکھکے اگلے پاؤنا پہ وزن آوے
اسواسطے اور ایڑیپر زور دیویگا اسواسطے کہ درد آگے "ٹو" مین ہی اور آگے یعنے "ٹو" پہ
وزن دیویگا تو تکلیف ہوگی اور گھوڑیکو بہت کرکے اس درد مین اور چاندنیکی بیماری مین بہت
تکلیف ہوتی ہی بعضے لوگ اوسکو چلاکے دیکھتے ہین مگر وہ چلتا نہین اگر اوسکو مارو تو ایسا ہوگا
کہ ارادہ چلنیکا کریگا مگر زمین سے پاؤن اوٹھاتا نہین اگر بہت مارے تو بمشکل پچھلے پاؤن آگے
پاؤن کے قریب لاکے ایک دم دونون پاؤن اوٹھا کے کودیگا نبض تیز چلیگی بعضے لوگ
"کوفن" مین درد ہی تو اوسکو "ٹلمینشس" مقرر کرتے ہین مگر اوسمین تمیز کرنا مناسب ہی کہ اوسکے
نشان الگ ہین وہ گھوڑا چلیگا مگر پچھلے پاؤن کشادہ رکھیگا اور اگلے پاؤن سابق دستور
ہوتے ہین اسمین یہہ تمیز کرنا ضرور ہی بعضے وقت پھیپسے مین اور چھاتی مین درد آتا ہی
تو اوسمین لوگ تمیز نہین کرتے "اونلمینشس" بتاتے ہین تو مناسب ہی کہ اوسکے نشان دریافت
کرنا تو اوسیوقت معلوم ہوتا ہی کہ فلانی جگھہ درد ہی اور پھیپسے مین درد آتا ہی تو گھوڑا سست
کھڑا رہتا ہی اور دونون آگے کے پاؤن طرف باہر کے کھلے ہوئے رہتے ہین اور دم کرتا ہے
اور "اکیوٹ" ذات کا درد اب کم دیکھنے مین آتا ہی کیا سبب کہ لوگ بہت واقف ہوگئے ہین

اسواسطے اور اب آتا ہے تو ہند یا ولایت مین یا جہاز سے گھوڑے بمبئی مین آتے ہین تو
اونمین یہہ بیماری نظر آتی ہے اور اسقدر یہہ بیماری دریافت کر چکے بعد علاج کرنا اول نعل
نکالنا وہ نعل اسقدر نکالنا کہ پہلے اوسکی پچی کاٹنا یا کانس سے پچی کے نیچے کا سُم گھس ڈالنا
جب سُم گھس ڈالے تو امبور سے میخونکو پکڑ کے کھینچنا جب میخین نکلے تو نعل آپ گر جاتا ہے
اگر نہین گرا تو آہستہ آہستہ سے پاؤنکو تھوڑا اوپر اوٹھا کے نکالنا اگر گھوڑا اِسکام مین
کچھ مستی کرے تو اوسکو جھولی لگانا تاکہ زور اوسکا اوپر جھولی کے رہے بعد نعل نکالنا
اسقدر بھی نہ نکالنے دیوے تو بہت سی سیج بچھا کر اوسکو گرانا اور نعل نکالنا اور یہہ گرانیکی
حکمت بہت اچھی ہے کیا سبب کہ اِسمین گھوڑیکو آرام ملتا ہے جب نعل نکال چکے بعد سُم
گول کرنا اور ایک ٹپ مین گرم پانی ڈالنا مگر اوسکو دیکھنا کہ بہت گرم نہ ہو ہاتھ نہ جلے بعد اُسکے
اندر پاؤن رکھنا اسقدر رات دن سینکنے کا بند و بست کرنا اور بعد اوسکو جُلاب
دینا تیز اور جلدی ہو وے اسقدر بند و بست کرنا جُلاب کے واسطے گھوڑیکو تیار کرتے ہین
مگر اسمین ایک دم دینا تیار نہین کرنا البتہ دوسری بیماری مین جُلاب دینیکا ہے تو اوسکو
اول تین روز تک تیار کرنا مناسب ہے مگر اسمین ایک دم جُلاب دینا اور جُلاب اسقدر
دینا کہ جلدی ہو وے جیسا کہ "الوز" یعنے ایلوا چار "ڈرام" دینے کا ہے تو تین "ڈرام" دینا
اور اوسکے ساتھ ایک "ڈرام" کیالومیل اور دو "ڈرام" ٹینٹشن اور ایک "ڈرام" جنجر یعنے سونٹھ
یہہ جُلاب تیز ہوتا ہے اور پانی کے موافق ہوتا ہے بعضے وقت "کروٹن آئل" یعنے جمال گوٹہ کا تیل
جُلاب مین شامل کرتے ہین پانچ بوند سے دس بوند تک جب یہہ شامل کرنا تو "کیالومیل"
نہین شامل کرنا اور جب یہہ تیل دینا تو بہت ہشیاری سے دینا کیا سبب کہ اس سے نقصان
ہوتا ہے اندر انتڑیکے "انفلیمیشن" آتا ہے اور "السا ریشن" ہوتا ہے زیادہ دینے سے بعضے وقت
چار "ڈرام" "الوز" لیکر خوب باریک کرنا اور بارہ "اونس" "السیکا تیل" اوسمین شامل کرنا یہہ دونون ملا کے
پلا دینا جب جُلاب دے چکے بعد اوسکو مدد دینا تاکہ جلدی جُلاب ہو وے اور یہہ بات
ضرور یاد رکھنا کہ جو گھوڑا تھان پر بندھا رہتا ہے اور اوسکو جُلاب دینا تو اوسکو مدد ضرور دینا
اور مدد یہہ ہے پچکاری گرم پانی کی کرنا اور اوسمین تھوڑا صابن ملانا اگر صابن نہ ملے تو تھوڑا
نمک شامل کرنا یا "ایپسم سالٹ" چار "اونس" یا تین "اونس" شامل پانیکے ساتھ اور پچکاری ساتھ مین
لگانا تو اوسکے سبب سے جلدی جُلاب ہوگا اور جُلاب کو مدد یہہ ہے کہ پچکاری لگانا اور جو گھوڑا
پھرتا ہے اور اوسکو جُلاب دیا تو اوسکو پھرا ریعنے ٹہلانا اگر جُلاب کی مدت آخر درجہ چوبیس
گھنٹے کی ہے اس عرصہ مین نہو وے تو جب دوسرا بند و بست کرنا بعضے وقت فصد لینا

فصد لینے سے تو فائدہ ہی مگر نقصان بھی ہی فائدہ وہ ہی جو تکلیف سے آرام ہوتا ہی درد کم ہوتا ہی اور نقصان وہ ہی جو جسم مین خون ہی تو زور ہی اور خون نہین ہی تو زور بھی نہین ہی باعث کم زوری کے زیادہ تکلیف سے آرام بہتر اگر فصد لینا تو گردن کی لینا بعضے لوگ "گرنٹ" کے اوپر دو انگل جگہہ چھوڑ کے لیتے ہین لیکن بہتر اس کام کے واسطے گردن کی فصد ہی اور کھانا ٹھنڈا دینا اور اچھا دینا اور کچھہ گا جر دینا اتنا بندوبست کیا اور کچھہ فائدہ نہوا تو دوسری بیماری پیدا ہوتی ہی "سیرم" یا پیپ پڑ جاتا ہی "اکیوٹ لمینٹس" مین ہر روز دیکھنا چاہیئے چار پانچ روز جب ہو جاوین اور فائدہ کی صورت نظر نہ آوے اوپر ذکر کیا وہ بیماری آتی ہی اور اوسکے سبب سے نقصان ہوتا ہی "ہانی لمنہ" اور "سنبل لمنہ" ایک دوسرے سے الگ ہو جاتا ہی باعث پیپ پڑنے یا "سیرم" کے یہہ حرکت ہوتی ہی تو "کافن بون" "تشول" پر آتا ہی اور "تشول" اونچا ہو جاتا ہی جب اسقدر ہووے تو گولی سے مار ڈالنا تاکہ اوسکو تکلیف نہو ایک دم اوسکی جان جاوے اگر آرام معلوم ہووے تو اوسکا بندوبست اچھا رکھنا اور دوسرے روز تپ کی گولی دیا کرنا "نیٹر" یعنے شورا دو "ڈرام" "آلوز" یعنے ایلوا ایک "ڈرام" "کیا مفر" یعنے کافور ایک درام "کیالومیل" پانچ "گرین" یہہ دوا گولی بنا کے دینا اِسکے سبب سے لید صاف آویگی تپ کو آرام ہوگا کھانا کھاویگا اور ہضم ہوگا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ "اکیوٹ لمینٹس" جاتا رہتا ہی اور اوسمین سے کچھ حصہ باقی رہجاتا ہی اِس سے "کرانکس لمینٹس" پیدا ہوتا ہی فقط

"کرانک لمینٹس" کا بیان اور بیماری اور معالجہ وغیرہ کا بندوبست تحریر ہی

"کرانک" کا مطلب یہہ ہی کہ ہلکا درد اور پرانہ اوسکی ابتدا اسقدر ہی کہ "اکیوٹ لمینٹس" چلا گیا اور کچھہ حصہ باقی رہا تو اوسکے باعث ہوتا ہی مگر ایک دم نہین آتا رفتہ رفتہ آتا ہی اور محنت کے سبب سے آتا ہی اور بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑا شرط کا ہی اور زیادہ محنت کیا ہوا ہی اوسکے مالک نے بولا کہ اسنے زیادہ محنت کیا ہی اِسکو آرام دینا اور اوسکو تھانپر بندھا رکھا کھانا برابر دیا تو اوسکے سبب سے یہہ درد آتا ہی اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ یہہ اکثر آگے کے دونون پیرون مین آتا ہی کمتر پچھلے پاؤن مین آتا ہی اور وہ دن ایڑی پر دیویگا چلاؤ گے تو قدم کوتہ ڈالیگا لمبا قدم نہین ڈالیگا سم پر نشان آرہی لکیر معلوم ہوگی اور تھوڑا گرم ہوگا علاج اسقدر کرنا کہ پہلے نعل نکالنا اور سم کی دیوار گرانا

اور اندر سے سم تھوڑا چھیلنا بعد ٹھنڈا "پولٹس" باندھنا ٹاٹ کے کپڑے مین اور اُس گھوڑیکو اندر تھان کے کُھلا چھوڑ دینا مگر سیج زیادہ بچھانا چوطرف تھان مین اور دیوار گرانیکا یہہ فائدہ ہی کہ تلو سے پر زور رہے کھانا بدلنا نرم اور ٹھنڈا دینا اگر لہسن گھانس نہ ملے تو ہرا گھانس سوکھا کر دینا اسقدر بند و بست رکھنا اگر گھوڑا موٹا ہی تو اوسکو جلاب دینا اور اوس "پولٹس" والے پاؤن پر ہمیشہ ٹھنڈا پانی ڈالتے رہنا اگر یہہ بیماری زیادہ روز تک رہی تو اِس سے نقصان یہہ ہی کہ خون مین سے "لمف" یا "سیرم" نکلتا ہی اوسکے باعث "کمنہ" مین حرکت آتی ہی ایک دوسرے سے الگ ہوجاتا ہی جب وہ الگ ہوگیا تو "کافن بون" "شول" کے اوپر اوتر آتا ہی جب اسقدر ہووے تو اوسکی امید نہین ہی اچھا ہونیکی اگر اوسکا بند و بست اچھا رکھا اور اچھا ہوا تو بعد اوسکا سم دیکھنا کہ کبھی "شول" اوپر اوٹھہ آنیکا شک ہی تو اوسکو چوڑا نعل باندھنا کہ تلو اوبجاوے بعد نوکری پر روانہ کرنا اور جب "شول" اوپر کو اوٹھہ آتا ہی تو سم کی دیوار بھی بڑی ہوتی ہی اور موٹی ہوتی ہی اور اندر نقصان ہوتا ہی یاد رکھنا فقط

سبق چوبیسوان

بیماری "نوکلربون" کے بیان مین اور "نوکلر تھورنیس" یعنے اندر ہڈی چھوٹیکے "انفلمیشن" آتا ہی اوسکا نام یہہ ہی

اندر سم کے دو ہڈیان ہوتی ہین اوسمین جو باریک ہڈی ہی اوسمین درد آتا ہی اور یہہ ہڈی "کافن بون" کے آخر مین ہوتی ہی اوسکے اوپر سے "فلکس ٹنڈن" گیا ہی وہ "کافن بون" مین جاکے لگا ہی اور اوس "فلکس ٹنڈن" مین ایک برسہ کی تھیلی بڑی ہی وہ وہان اسواسطے ہی کہ "ٹنڈن" کو کچھ نقصان نہ پہنچے اگر وہ نہو تو نس گھسکر نقصان آویگا اور تیلی ہی وہ حفاظت کے واسطے ہی تاکہ پتھر لگے یا اور کچھ ضرب آوے تو اوسکے سبب بچاؤ ہوتا ہی اور اوسکے اوپر کی پتلی ہی وہ بھی بچاؤ کرتی ہی اتنے سامان اوسکی حفاظت کیواسطے ہین مگر ایک نہ ایک دن اوسمین حرکت آتی ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ نعلبندی پہلے دستور کے موافق نہین ہوتی تھی اور پتلی زیادہ کاٹتے تھے اسواسطے جب کوئی قسم جسم مین کی ہی اور وہ کام اپنا نہ کرے تو اوسمین نقصان آتا ہی اور یہہ بیان اول بھی ہوچکا ہی محنت زیادہ ہو اور زمین سخت ہو اسواسطے ہوتی ہی اور اکثر کرکے ولایت مین ہوتی ہی کیا سبب کہ وہان سڑک سخت ہی اور محنت زیادہ ہی اسواسطے اوسکا ڈیکے

گھوڑونکو زیادہ ہوتی ہی کیا سبب کہ رات دن سڑک پر دوڑنیکا کام پڑتا ہی اور یہہ بیماری ہند کے
ملک مین کم ہوتی ہی کیا سبب کہ زمین نرم ہی فقط کوئی کوئی بڑے شہرون مین پتھر کی
سڑک بنی ہی وہان پر یہہ بیماری ہوتی ہی جیسا کہ پونہ اور اطراف پونہ کے تھوڑی محنت سے
اور سڑک بھی سخت ہی اور یہہ بیماری زیادہ "ٹراٹ" کرنیوالا گھوڑا ہوگا تو اوسمین جلدی آتی ہی
اور معلوم بھی جلدی ہوتی ہی کیا سبب کہ اوسمین اور سکے "ٹراٹ" مین فرق آتا ہی یعنے تفاوت
آتا ہی اوسپر سے دریافت کرنا تو معلوم ہوگا اور اب کم ہونیکا سبب یہہ ہی کہ لوگ واقف
ہوگئے اسواسطے سخت زمین پر محنت نہین لیتے تو کم ہوتی ہی اور کم ذات گھوڑیکو اکثر ہوتی ہی
یہہ سبب پیدائش کے ہتے اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ قدم کو تہ ڈالیگا اور دولکی دوڑا کر
دیکھنا تو اوسیوقت معلوم ہوگا بروقت چلنے کے جلدی جلدی چلتا ہی مگر قدم وہی کوتہ
ڈالتا ہی اکثر کر کے آگیکے دو پاؤنمین ہوتی ہی کمتر ایک پاؤنمین ہوتی ہی بعضے وقت یہہ
نشان دوسری بیماری مین بھی آتے ہین یعنے "کرانک لمینٹس" مین مگر اسمین اور اوسمین
فرق یہہ ہی "کرانک لمینٹس" مین زور طرف ایڑیکے دیتا ہی اور اسمین زور طرف ٹھوکر کے دیتا ہے
یعنے سامنے کے طرف اور تھان مین کھڑا رہتا ہی تو ایک پاؤن آگے بڑھا کے کھڑا رہتا ہے
جب اوسکو آرام ملا تو دوسرے پاؤنکو بڑھاتا ہی اسیقدر دونون پاؤن آپس مین ردو بدل
کرتا ہی تاکہ آرام ملے بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ بروقت تھان پر سے کھلنے کے بعد دیکھنا تو
اکڑے ہوئے کے موافق ہوگا اور تھوڑی دور چلا تو بعد کم ہوتے ہوتے اپنی چال پر یعنے
ہمیشہ جو قدم کوتہ ڈالتا تھا اوسموافق چلیگا اگر کوئی ہشیار آدمی ہوگا تو اوسیوقت دریافت
کرلیویگا کہ فلانی بیماری ہی شاید اسپر بھی خیال مین نہ آوے تو اوسکو اسقدر دریافت کرنا
کہ پاؤنکو اوٹھا کے پتلی کے گھائی مین انگوٹھے سے دبانا تو مانیگا مگر بعضے گھوڑیکو ایسی عادت
ہوتی ہی کہ دبانیسے مانتا ہی تو دوسرے پاؤن کو بھی اسقدر دبا کے دیکھنا اگر اوس پاؤنکو بھی
مانا تو پچھلے پاؤنکو دبا کے دیکھنا اگر وہان نہ مانا تو جاننا چاہئیے کہ بیشک اسمین یہہ حرکت ہی دوسرے
ہاتھ لگا کر دیکھنا تو وہان گرم معلوم ہوگا اسپر سے جاننا چاہئیے کہ اندر درد ہی اسکام مین عقل سے
خیال کرنا ضرور ہی جب یہہ درد عرصہ تک رہا تو نعل ٹھوکر مین سے گھس جائیگا لیکن نشان یہہ
زیادہ روز مین آتا ہی شروع مین "انفلمیشن" کے کل نشان معلوم ہوسنگے اور لنگڑا ہوگا بعد
دریافت کے اوسکا علاج کرنا اول نعل نکالنا اور "پولٹس" یا ٹھنڈا اثات کے کپڑے مین
بعد گھانا نرم دینا تین روز کے بعد جلاب دینا کیا سبب کہ محنت والا گھوڑا ہی جلاب سے یہہ
فائدہ ہوگا کہ "انفلمیشن" کم ہوگا کیچڑ مین کھڑا کرنا یا پانی مین کھڑا کرنا بعضے لوگ اوسمین

داغ دیلتے ہین اور بعضے لوگ "پلاسٹر" مارتے ہین مگر فائدہ اوس سے کچھ نہین ہوتا ہی کیا سبب کہ اندر اوسکے فائدہ نہین ہوگا کل کام کا یہہ دستور ہی کہ جب اثر ہووے تو فائدہ ہوتا ہے اور یہہ درد جو ہی تو اندر کی ہڈی مین ہی وہان تک داغ کا زور و "پلاسٹر" نہین پہنچتا اسواسطے اوسکو نہین کرنا ایک بند و بست ہی کہ وہ فائدہ کرتا ہی اور وہ بند و بست یہہ ہی کہ اندر "فراگ" کے "سٹین" ڈالنا اول تو وہ "پوٹس" مین رہتا ہی بعد ایک روز اوسکو ٹھنڈا "بانڈیس" باندھنا اور دوسرے روز پھر کو تیلی خوب چھیلنا تاکہ خون نزدیک آوے بعد صاف کرکے وہ "سٹین" ڈالنے کا سوا ہی وہ لیکر "ٹنڈن" کو دریافت کرنا کہ فلانی جگہہ ہی بعد اوسکو بچاکے اوپر سے "سٹین" پرونا تو پتلی کے درمیان مین نکلے بعد اوسمین باریک فیت سفید ہوتی ہی وہ ڈالنا اور دونون منہہ کو گرہ دینا تاکہ وہ نکل نجاوے اسواسطے بعد اوسکو کھونٹیکا نعل باندھنا تاکہ زمین کو زخم کی جگہہ نہ پہنچے اگر زمین کو لگے گی تو مٹی اندر زخم کے جاویگی اسواسطے اسکو نعل باندھنا ضرور ہی اور اسیقدر ایک ماہ یا ڈیڑہ ماہ تک رہنے دینا بعد نکالنا اور اوسمین باریک تاگا ڈالنا تاکہ اندر کچھ نقصان نہ ہووے اور جب "سٹین" ڈالنا تو اوسکو ہر روز دونون وقت گرم پانی سے سینکنا اور اوس فیت کو صاف کرنا بعد "کاربلک اسڈ" اور تیل لگانا اُس سے مکھی نہین بیٹھے گی اور زخم اچھا رہیگا جب وہ اچھا ہونے آیا تو وہ تاگا نکال ڈالنا اور دیکھنا کہ کچھ کسر رہی ہی یا اچھا صاف ہوگیا اگر کچھ حرکت رہگئی ہو تو اوسکا "نرب" کاٹنا اور ایک پاؤن مین درد ہی تو یہہ بند و بست اوسکے واسطے برابر ہی اور اگر دونون پاؤن مین ہے تو اوسکا "نرب" نہین کاٹنا اگر کاٹے تو دونون اگلے پاؤن بیقابو ہوجائینگے وہ کسی کام کے نہین رہینگے کیا سبب کہ کسیدن گرکے نقصان کریگا اسواسطے اوسکو یا جنگل مین چھوڑ دینا یا مار ڈالنا اور اگر ایک پاؤن مین ہی اور اوسکا علاج کیا تو اوسکو گاڑیکے کام مین ڈالنا کیا سبب کہ جس گھوڑیکا "نرب" کاٹا جاتا ہی وہ سواری کے کام کا نہین ہوتا فقط گاڑیکے کام کا ہوتا ہی اسواسطے سواری نہین لینا گاڑیکا کام لینا فقط

سبق پچیسوان

"اسشافی انجوانش" کا حال علاج اور بند و بست وغیرہ کل تحریر ہی

"اسشافی انجوانش" مین تین ہڈیان ہین ایک "ٹبیا" اور دوسری "فبیر" اور تیسری "پٹیلا" چھوٹی ہڈی سامنے کو ہی لیکن یہہ جوڑ دو ہی ہڈیکا ہی جسموافق اگلے پاؤن مین گھٹنے کا جوڑ ہے

اوسموافق پچھلے پاؤن مین یہہ گھٹنے کا جوڑ ہی اور کام بھی اِسکو زیادہ ہی اور اندر اوس کے "کیاٹلیج" ہی اوسکا کام یہہ ہی کہ ہڈیکو بچانا اور اس جوڑ مین تیل بھی زیادہ ہوتا ہی "کیاٹلیج" ہر ایک جوڑ مین ہی لیکن یہہ "کیاٹلیج" دوسرے جوڑونکے "کیاٹلیج" سے الگ ہی دوسرے جوڑونکے ہڈی مین شامل ہوتا ہی لیکن یہہ الگ ٹکڑے ٹکڑے ہین کُل جسم مین دو جوڑ ونین ہی ایک تو اِسمین اور ایک جبڑیکے جوڑ مین اور اِسکا ایک کام اور ہی کہ ہڈی کو مدد دینا تاکہ اوسکو ضرب نہ پہنچے اور نمونہ اوسکا مثل آدھے چاند کے ہی اسواسطے اسکا نام رکھا ہی "سمیلونا کیاٹلیج" اور سامنے کیطرف چپنیکا جوڑ ہی اوسکا کام "سس ما ی بون" کے موافق ہی اوپر سے مثل اگر چپنی مین لگا ہی اور اوسمین سے تین "لگمنٹ" نکلے ہین انکا کام یہہ ہی کہ ٹبیاکو اوٹھانا اور یہہ "لگمنٹ" ہین لیکن کام "ٹنڈن" کا کرتے ہین اور "پٹیلا" جو ہی تو جیسی گھٹنے کے اوپر چپنی کی ہڈی ہوتی ہی اوسموافق ہی اور یہہ چھوٹی ہڈی ہی اور اِسکے دونون بازو کو دو "لگمنٹ" لگے ہین اور انھون نے جاکر "ٹبیا" کو باندہا ہی اور یہہ جو "لگمنٹ" "پٹیلا" مین لگے ہین تو اوسکی حفاظت کے واسطے ہین تاکہ اِدھر اودھر نہ سرکے اتنا بند و بست ہی تو بھی وہ بعضے وقت سرکجاتا ہی طرف باہر کے اندر نہین سرکتا کیا سبب کہ اندر کو آڑ ہی "فیمر" کے سر کا اسواسطے اندر جا نہین سکتا اور اسکو نام دیا ہی "ڈسلوکشن" یعنے اپنی جگہہ سے سرک جاوے جب یہہ حرکت ہوئی تو کام مین حرکت آتی ہی پاؤن اوٹھہ نہین سکتا آخر مین رہ جاتا ہی اور سیدھا ہو جاتا ہی اور یہہ بات آدمی مین بہت ہوتی ہی جب یہہ حرکت ہوئی تو پچھلے کونیکی جوڑ مین بھی حرکت آتی ہی یعنے اوسکا کام بند ہوجاتا ہی اور اکڑ جاتا ہی اوسکے نیچے جو مٹھیکا جوڑ ہی وہ اپنا کام جاری رکھتا ہی اگر کوئی ہشیار آدمی ہوگا تو دور سے دیکھکر بتادیویگا کہ فلانی بیماری ہی اگر خیال مین نہ آوے تو ہاتھسے دیکھنا تو معلوم ہوگا اکثر کرکے یہہ درد بچہ جانور مین ہوتا ہی اور کمتر دوسرے مین ہوتا ہی اوسکا باعث یہہ ہی کہ لاغر ہووے اور کم زور ہو تو اوسمین اکثر یہہ درد آتا ہی بعد دریافت کے اوسکا علاج اسقدر کرنا کہ اوّل ایک ہسلی رسّیکی اور اوسکے اوپر نرم چمڑا لگا ہووے وہ اوسکے گلے مین ڈالنا اور ایک رسّی لیکر اوسمین مُرے لگاکے جس پاؤنمین کا "پٹیلا" سرک گیا ہی اُسمین لگانا اور اوسکی رسی اوس ہسلی مین سے نکالکے آہستہ آہستہ کھینچنا اور آپ پاؤنکے نزدیک کھڑے ہوکے ہتیلی سے اوسکو سرکانا اندر کیطرف جب وہ بیٹھ جاوے بعد وہ رسّی لیکر اگلے پاؤنمین باندھنا تاکہ پھر زور پڑکے سرک نہ جاوے بعضے وقت وہ نہ سرکے تو وہان گرم پانی سے سینکنا اور بعد اوسکو بٹھانا گرم پانی کا سینکنا یہہ فائدہ کرتا ہی کہ وہ جو "مسل" ہی تو اکڑجاتا ہی اوسکو گرم پانی سے سینکنا تو وہ نرم ہوجاتا ہی اور بیٹھ جاتا ہی بعضے وقت یہہ حرکت ہوکر

آپسے بیٹھہ جاتا ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ گھوڑیکو یہہ حرکت ہوئی یاکہ چمکا یاکوئی آدمی نے
غفلت مین ایک دم اوسکو مارا تو وہ چمک کے کودتا ہی تو بیٹھہ جاتا ہی جب یہہ حرکت
گھوڑیکو ایک وقت ہوئی اور اوسکا علاج برابر کیا تو بار دیگر نہوگی اور علاج برابر نہین کیا
کچھہ حرکت رہی تو اوسکا شک رہیگا کہ پھر ہوئیگی بعضے وقت وہ جو مزمہ کی رستی ہی وہ پیٹھہ پر
دو تین جھولین رکھکر وہ رسّی اُن جھولون کے اوپر سے لیکر پیٹھہ کے بازو پر گرہ دینا یہہ ایک
پاؤن کے واسطے ترکیب ہی اگر دونون پاؤن مین ہی تو اوسکے واسطے علاج اور ہی جب
بٹھا چکے بعد دونون پاؤن مین لمبی کھونٹی کی نعل باندھنا اور رکھانا اچھا دینا تاکہ اوسمین زور
آوے اور آٹھہ دس روز کے بعد وہ نعلوکی کھونٹیان کم کرنا اسیقدر رفتہ رفتہ کم کرنا چند
روز مین موقوف کردینا یعنے نکالڈالنا اگر ایک یا دو وقت اسقدر حرکت ہوئے تو اوسکے اوپر
ایک یا دو پلاسٹر لگانا اسقدر اوسکا بندوبست رکھنا تو اچھا ہوگا بعضے لوگو نکا ایسا کہنا ہی
کہ پیتھا مین "پر کچھہ" ہوتا ہی یہہ بات نظر سے دیکھنے مین نہین آئی یہہ بات آدمی مین اکثر ہوتی ہی
اور ٹنگیا جو نلی ہی اوسمین زیادہ نقصان آتا ہی اور وہ ہڈی لمبی ہی اوسپر گوشت نہین ہی اندر کی
طرف دیکھو تو فقط ہڈی اور چمڑا ہی اور سامنے کو بھی اسیقدر ہی اور نقصان آتا ہی تو یہہ بات
ہی کہ اوسکے اوپر کچھہ نہین ہی اسواسطے آتا ہی جب ہڈی مین نقصان آیا یعنے تڑق ہو وسے اور
ہڈی جگہہ پر جمی ہوئی ہی اور اوسکا بندوبست کیا تو جلدی اچھی ہوجاتی ہی اور اوّل بندوبست
پری اشٹم کیطرف ہی وہ اوسکو سنبھالتا ہی اگر گھوڑا سویا یا بیٹھا تو نقصان ہوگا ہڈی جگہہ چھوڑکر
نکل جاویگی اور بندوبست اچھا رکھا تو نئی ہڈی اندر سے پیدا ہوگی اور جوڑ جڑ جاویگا اسس
نلی مین یا پاؤنمین کوئی جگہہ لات لگے یا چوٹ کچھہ بھی حرکت نظر مین آوے تو اوسکو ہلکا تصور
نکرنا اوسکا بندوبست ضرور کرنا چاہیئے خواہ وہ لنگڑا ہو یا نہ لنگڑا ہو لات یا مار لگے تو یہہ
حرکت ہوتی ہی اور یہہ ٹنگیا نلی بہت نازک ہی ایک روز کا ذکر ہی کہ ایک یابو میدان مین چرتا تھا
اور ایک بڑھیا گوبر بینے کو کہین اوسطرف جانکلی اوسنے ایک کنکر اوٹھا کے طرف یابو کے
پھینکا واسطے ہانکنے کے قضارا وہ جاکے نلی مین لگا بروقت کنکر لگنے کے نلی ٹوٹ گئی اسواسطے
اوسکی حفاظت ضرور چاہیئے اگر کچھہ تڑق ہی تو اوسکا علاج اسقدر کرنا سر اوپر باندھنا کھانا
ٹھنڈا دینا جھولی پیٹ کے نیچے لگانا گرم پانی سے سینکنا اگر زیادہ درد ہی تو اوسکو جلاب دینا
اسیقدر عرصہ ایک ماہ تک اوسکا بندوبست رکھنا بعد جسقدر نظر مین آوے اوسموافق کرنا اور
اسکا بیان پیشتر بھی کیا گیا ہی سبق چودا مین فقط

سبق چھبیسوان

"حاک" کے بیان مین "حاک" پچھلے پاؤن مین کونیکے جوڑکو بولتے ہین

"حاک" مین جملہ ہڈیان دس ہین اور ہر ایک کا نام الگ الگ ہے کیونکہ نام مین "ایک کیو بائی" اور ایک "آسترگ لس" اور ایک "اسکالس" اور دو "اسپلنٹ" اور ایک "ٹبیا" اور ایک "کیانت بون" اسقدر دس ہڈیان ہین مگر جوڑ کے بیچ مین دو ہڈیان "اسٹرگ لس" اور "ٹبیا" اور بعیدکا آگیلے پاؤن مین چار حصہ جسم مین آتی ہے تو ایک حصہ اوپر اور پچھلے پاؤن مین چار حصہ "حاک" مین آویگی تو ایک حصہ اوپر یا نیچے اور کوئی بھی جگہہ اور "اسکالس" کے اوپر دو "ٹنڈن" آئے ہین تو اوسمین سے ایک وہان … تھا اور ایک "اندر کافن بون" مین گیا اور وہ "ٹنڈن" جو "اسکالس" کے سر پر ہے تو وہان چپٹا ہے اور اوسکے نیچے تیل کی تھیلی ہے اوسمین باعث سخت کے بعضے وقت تیل زیادہ ہو جاتا ہے جسقدر کہ "ونڈگال" مین برسبب لجاتا ہے اوسیموافق اس کونی کے بازو پر بھی برسبب پھول جاتا ہے دیکھنے کو بدنما معلوم ہوتا ہے لیکن اوسمین کچھ حرکت نہین آتی ہے بعضے وقت کونی پر چوٹ لگنے یا لات لگنے اوسکے باعث وہان ورم آوے تو اوسکو نام دیا ہے "کیپ حاک" اوسکا مطلب یہہ ہے کہ "کیپ" کہتے ہین ٹوپی کو اور اوس ہڈیکے نوک پر کچھ ورم آکے موافق ایک نمونہ ٹوپیکے ہوجاتا ہے اسواسطے یہہ نام رکھا اور اندر اوس ورم کے "سیرم" یعنے پانی جمع ہوتا ہے بسقدر آگیلے پاؤن مین "کیاپ" کا ذکر کیا گیا اوسیموافق پچھلے پاؤن مین ہوتا ہے لیکن اس سے کچھ نقصان نہین ہوتا ہے مگر دلمین یہہ خیال آویگا کہ شاید یہہ گھوڑا لات مارنے والا ہے جب تو اوسکے پاؤن مین یہہ حرکت ہوئی یا جب زمین کچھ لگ گیا ہوگا اوسکو دریافت کرنا ضرور ہے اور علاج کرنا تو آگیلے پاؤن کے موافق نہین چیرنا کیا سبب کہ وہان کا چمڑا موٹا ہوتا ہے پاؤن جلدی جلدی اوٹھاتا ہے اس سبب سے جلدی اچھا نہین ہوتا اوسکو شروع مین بند وبست کیا تو جلدی اچھا ہوتا ہے اور اگر پرانہ ہوا تو زیادہ روز مین جاکر اچھا ہوتا ہے مگر بند وبست کرنا تو شروع مین یہہ بند وبست ہے ایک کپڑا ٹھنڈا لیکر اوسکے اوپر لپیٹنا اور کوئی بھی ٹھنڈا "لوشن" اوس کپڑیکے اوپر ڈالنا اور وہ "لوشن" اس کپڑیکے اوپر ڈالنا اور کپڑیکو ہمیشہ تر رکھنا شاید دو چار روز مین اچھا ہوگا اور اگر اوسمین کچھ زیادہ حرکت ہے تو بال نکال کے ہلکا "بلسٹر تین ایڈن" کا لگانا "دس گرین" "تین ایڈن" اور ایک "اونس" چربی دونو کا مرہم بنا کے لگانا اگر تیز "بلسٹر" لگایا تو نقصان ہوگا کیا سبب کہ وہ جگہہ سخت ہوگی باعث "بلسٹر" کے اسواسطے

ہلکا "بلسٹر" لگانا ایک یا دو "بلسٹر" لگائے تو اوسکو فائدہ ہوگا اور بند وبست اچھا رکھنا چاہیے بعد اوسکے ایک بندوبست اور کرنا کہ جو سبب سے درد پیدا ہوتا ہے اوسکو دریافت کر کے اوسکا ایسا بندوبست کرنا کہ بیماری بار دیگر پھر پیدا نہوئے جیساکہ دیوار سے لگے یا لات مارتا ہو کبھی دیوار سے یہہ حرکت ہوتی ہے تو دیوار سے الگ باندھنا یا لات مارتا ہو تو اوسکے دونون پاؤن مین مزمہ لگانا درمیان دونون مزمہ کے رسی ہونا اور اوسکو بیڑی بھی کہتے ہین اسقدر بندوبست رکھا تو بار دیگر یہہ درد نہوگا

دیگر درد کرب کے بیان مین

اکثر یہہ درد پچھلے کونی کے نیچے ہوتا ہے اب اوسکا سبب اکثر یہہ درد محنت کے سبب سے ہوتا ہے اور شرط کے گھوڑے مین یا جو گھوڑا ہمیشہ شکار کو جاتا ہے اوسکو ہوتا ہے اور دیوار کو دانے مین یا نالا تڑپانے مین اکثر یہہ حرکت ہوتی ہے اور "اسپین" آتا ہے "لگمنٹ" مین وہ "لگمنٹ" نکلا ہے "اسکاکس" کے نوک سے اور "آسپلنٹ بون" "ڈیکیو بائی بون" یہہ دونکو باندھا ہے اور نشان اوسکے خود ظاہر ہین گھوڑیکے پیٹھے کے بازو تھوڑے تفاوت سے کھڑے ہو کے کونی سے ہنٹی تک بڑی نس کو دیکھنا تو اوسمین حرکت جو ہوگی سو اوسیوقت معلوم ہوگی اور تھوڑا ورم بھی ہوتا ہے اور بعضے گھوڑا کم زور جو ہوتا ہے تو اوسکو اکثر یہہ حرکت ہوتی ہے بعضے وقت مارکے سبب یا چوٹ لگنے کے سبب یہہ حرکت ہوتی ہے بعد دریافت کے اوسکا علاج کرنا اول ٹھنڈا کرنا اگر مار کا درد ہوگا تو ورم جاتا رہیگا اگر "کرب" یعنے "اسپین" برابر ہے یعنے پکا ہے تو اوسکو اور کوئی دوا فائدہ نہین کرتی ہے سوائے داغ کے داغ دینا مناسب ہے اگر یہہ درد زیادہ روز کا ہے اور علاج سے فائدہ نہوا تو اوس سے کچھ نقصان نہین ہے لیکن دیکھنے کو بدنما معلوم ہوگا فقط

"تھرویین" کا حال اسقدر ہے کہ "اسکالسیس" کے بازو سے جو "ٹنڈن" گیا ہے اوسمین ایک بڑی برسہ کی تھیلی ہے

اوس مین باعث محنت کے تیل زیادہ ہوتا ہے اور پھول جاتا ہے اسکے سبب بعضے وقت زیادہ ہوکر گھوڑا لنگڑا ہوتا ہے اوسکو بعد ٹھنڈا کرنیکے "ہلکا بلسٹر" ایک یا دو لگانا اِس سے اچھا ہوگا اسکے سبب سے بہت کرکے گھوڑا لنگ نہین کرتا ہے سو گھوڑون مین یہہ حرکت ہوگی تو شاید دو یا تین گھوڑے لنگڑے ہونگے یاد رکھنا فقط

سبق ستاویسوان

بیماری باگس پاوین یعنے موتھرا سکے بیان مین

اور یہہ بیماری پچھلے پاؤن مین ہوتی ہے تھاک جوئنٹ کے درمیان مین آسٹریگلس اور ٹبیا کے بیچ مین ہونیکا باعث یہہ ہے کہ محنت زیادہ لئے تو اوس سے ہوتی ہے یا جہاز مین زیادہ روز کھڑے رہنے کا اتفاق ہوا اسکے سبب سے ہوتی ہے یا بروقت اترنے جہاز کے لمبی منزل تیس یا چالیس کوس کی کئی جاوے یا کبھی خوراک زیادہ دیے اور گرم ہو محنت کچھ نہین کیا اور تھان پر بندھا رہا اوسکے سبب سے ہوتی ہے یا کہ مان باپ مین یہہ بیماری ہے تو اوسکے اولاد مین بھی آتی ہے اوسکے نشان اسقدر ہین کہ درمیان جوڑ کے یعنے اندر جوڑ کے وہ جو تسنوبیا ممبرانہ ہے اور اوس ممبرن سے تسنوبیا پیدا ہوتا ہے اوس مین تیل زیادہ ہوجاتا ہے اور پھول جاتا ہے اور ظاہر معلوم ہوتا ہے اوسکو اگر ہاتھ سے دبانا تو دبجاتا ہے اور جب یہہ عارضہ ہوا تو شروع مین گھوڑیکو کچھ نقصان نہین ہے البتہ نقصان آتا ہے تو لنگڑا ہوجاتا ہے بیٹھنے وقت جوان گھوڑیکو بھی لنگڑا کرتا ہے کیا سبب کہ اندر اوسکے انفلمیشن آوے یا السر پڑ جاوے ہڈی مین یا زیادہ پھول جاوے اور انفلمیشن کے باعث ہڈیکو نقصان پہنچاتا ہے اب اسکا علاج گھوڑا لنگڑا ہوکر آوے تو اول کل جگہہ دریافت کرنا شاید دوسرا کوئی سبب ہوگا کہ جس سے لنگڑا ہوکر آیا ہے کوئی سبب نظر مین نہین آیا اور باگس پاؤن زیادہ بڑا ہے گرم معلوم ہوتا ہے تو جاننا چاہئے کہ اسکے سبب سے یہہ حرکت ہوئی اول اوسکو ٹھنڈا کرنا تاکہ اوسکا انفلمیشن کم ہووے بعد اوسکے بال نکالکے وہان بلسٹر ٹین ایڈن کا ہلکا لگانا تیز بلسٹر نہین لگانا اور ہلکا بلسٹر بنانیکی ترکیب اوپر بیان کئی گئی ہے اور پے درپے وہان دو یا تین بلسٹر لگائیے تو آرام ہوگا اور کھانا بدل کرنا ٹھنڈا دینا اگر گھوڑا موٹا ہے تو اوسکو جلاب دینا بہت کرکے اس سے اچھا ہوگا اور جب یہہ گھوڑا لنگڑا ہوکر آتا ہے اوسکے باعث نقصان ہے اور لنگڑا نہین ہے تو فقط دیکھنے کو بدنما معلوم ہوتا ہے اوس سے کچھہ نقصان نہین ہے نوکری برابر کرتا ہے فقط بون اسپاون یعنے نئی ہڈی پیدا ہوتی ہے تھاکین باریک ہڈیون کے منہہ پر بعضے وقت کنیان بون کے سرون سے بھی پیدا ہوتی ہے بون اسپاوین یعنے چپٹا اور بعضے لوگ اوسکو چپٹر ہڈا بھی کہتے ہین یہہ بیماری قسم ہڈی کے ہے اور پیدایش بھی ہڈی سے ہے وہ پچھلے پاؤن مین اندر کیطرف ہوتی ہے یا کہ مان باپ کیطرف سے اولاد مین آتی ہے اور زیادہ محنت کے سبب زیادہ وہ ہے کہ سواری یا پٹ یا گھوڑے سکھانیکی ڈریل اسمین ایسا ہوتا ہے کہ زیادہ دوڑاتے ہین اور ایکدم روک لیتے ہین ایسا

باعث پاؤن کو جھٹکا پہنچکر وہان ہڈی مین "انفلمیشن" آتا ہی اور یہہ درد پیدا ہوتا ہی یہہ سبب پیدایش کے ہین اور دریافت کرنیکی ترکیب یہہ ہی کہ دونون بازو پہریکے کھڑے ہوکر دیکھنا تو وہان سے خوب برابر معلوم ہوتا ہی دیگر اوسکے سامنے کھڑے ہونا اور دونون پاؤن کے درمیان سے دیکھنا تو برابر معلوم ہوگی اور چال پر دریافت کرنا تو پاؤن زمین پر رگڑ کر چلیگا "ٹو" یعنے ٹھوکر اور پاؤنکو قریب بغل کے اوٹھاکے چار منٹ تک دیکھنا بعد ایک دم چھوڑکے دُلکی دوڑانا تو اوسپر سے معلوم ہوگا جو کہ سامنے کیطرف ہڈی پیدا ہوتی ہی وہ اچھی نہین خراب ہی اور جو کہ پیچھے کیطرف ہوتی ہی وہ اوسکی نسبت اچھی ہی اگر بیس[۲۰] گھوڑے ہین کہ جن کے سامنے کیطرف ہڈی نکلی ہی اور چالیس[۴۰] گھوڑے ہین جنکے پیچھے کیطرف ہڈی نکلی ہی تو اسمین وہ جو سامنے کیطرف ہڈی نکلی ہی وہ بیسون[۲۰] گھوڑے لنگڑے ہوجاوینگے اور وہ جو چالیس[۴۰] گھوڑے جنکی ہڈی پیچھے کیطرف نکلی ہی اوسمین سے شاید دو گھوڑے لنگڑے ہونگے بعد دریافت کے علاج شروع کرنا "انفلمیشن" دیکھنا کہ تیز ہی یا ہلکا ہی اگر تیز ہی تو اوسکو زیادہ گرم پانی سے سینکنا دن بھر اور رکھنا ٹھنڈا دینا اور جلاب کو تیار کرنا اور اگر کچھ کمتی ہی تو فقط گرم پانی سے سینکنا بعد ٹھنڈا ہونیکے بال نکالکر "بن ایڈن مرکیوری" کا "بلسٹر" لگانا اسقدر دو یا تین "بلسٹر" لگانا تو اچھا ہوگا لیکن ہڈیکی بیماری کو جہانتک ہوسکے وہانتک داغ دینا تو جلدی فائدہ کرتا ہی اوسکا اثر دور تک جاتا ہی اور داغ دینا تو اسقدر دینا کہ اوسکا رنگ بھورا ہووے بعد داغنے کے اوسکی حفاظت بہت کرنا چاہیئے کیا سبب کہ باعث داغ کے وہان خون زیادہ آتا ہی اسواسطے اوسکو حفاظت ضرور ہی ایک ماہ مین یا ڈیڑھ ماہ مین جاکر اچھا ہوگا بعد اوسکے پیار لینا بعد ایک ہفتہ کے اوس سے ہلکی نوکری لینا رفتہ رفتہ محنت بڑھانا اگر کچھ کسر باقی رہیگی یعنے ورم یا سختی اور گھوڑا نوعمر اور قیمتدار ہی تو بعد اوسکے "سٹین" لگانا مگر سٹین کا سوراخ باریک کرنا چھوٹا ہووے کیا سبب کہ وہان خون کی نسین بہت ہین اوسکا خیال رکھنا ضرور ہی وہ جگہہ مین تین سوراخ کرنا اور جب سٹین لگائے تو عرصہ ایک ماہ تک رکھنا بعد نکالنا کیا سبب کہ اندر جو بیماری کے باعث خون جمع ہوا ہی تو وہ اوس رستہ سے پیپ بنکے رفتہ رفتہ باہر نکل جاتا ہی اور ریشم کا باریک تاگا اندر ڈالنا تاکہ سوراخ جلدی بند نہو اسواسطے اگر سوراخ جلدی بند ہوگیا اور اندر اوسکے پیپ رہا تو نقصان کریگا اسواسطے سوراخ جلدی بند نہو باریک ریشم کا تاگا ڈالتے ہین بعد تھوڑے روز کے وہ تاگا مذکور نکالڈالنا اور گرم پانی سے سینکنا اور اوپر "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا تو اچھا ہوگا جب "انفلمیشن" اچھا ہوا تو کیونکر دریافت ہوگا کہ اچھا ہوا اوسکی شناخت اسقدر ہی کہ وہ جگہہ ٹھنڈی ہوگی

درد ہوگا لنگ نہین کریگا اسپر سے دریافت کرنا کہ "انفلیشن" جاتا رہا جب کرانک انفلیشن ہے تو اوسکو اوّل ٹھنڈا کرنا اور ٹھنڈا کرنیکا حال بہت جگہہ بیان کیا گیا ہی اوسموافق کرنا بعد ٹھنڈا ہونیکے علاج جسموافق اوپر بیان کیا گیا اوسموافق کرنا اگر کوئی لوگ کہین کہ گرم پانی سے سینکنا کیا فائدہ کرتا ہی تو اوسکا فائدہ یہہ ہی کہ جہان "انفلیشن" آتا ہی تو وہ جوڑپری "اسٹم" ہڈیکا چمڑا ہی وہ تنگ ہوجاتا ہی اور خون کے باعث "نرب" دبجاتا ہی تو درد معلوم ہوتا ہی جب گرم پانی سے سینکنا تو وہ چمڑا ڈھیلا ہوتا ہی اور "انفلیشن" کم ہوتا ہی دآرام ہوتا ہی درد جو ہی "کرانک" ہی لیکن ہرایک درد کے بیچ مین "اکیوٹ" اور "کرانک" دونون ہوتے ہین مگر یہہ درد "کرانک" ہی اس بیماری مین اوّل ضرور کرکے گھوڑیکی عمر دیکھنا چاہیئے کیا سبب کہ زیادہ عمر کا گھوڑا ہوگا تو اوسکو علاج کرنے سے فائدہ نہ ہوگا کیا سبب کہ ہڈی اوسکی پختہ ہوگئی ہی اور نو عمر گھوڑا ہی تو اوسکی امید ہی کہ اچھا ہوگا کیا سبب کہ نو عمر ہی جسم مین خون اور طاقت ہی اور ہڈی نرم ہی اسواسطے امید ہی اس بات کا خیال رکھنا فقط

دیگر بیماری "انٹرنل اسپاوین" کے بیان مین

"انٹرنل" کا مطلب یہہ ہی کہ اندر چھوٹی ہڈیون کے جن ہڈیونکا نام سبق چھبیسوین مین بتایا گیا ہی اوسکے بیچ مین "انفلیشن" اکر السر پڑجاتا ہی اور اوسکی پیدایش باعث محنت کے ہی جسقدر اوپر بیان "بون اسپاوین" کا ہوا اوسیموافق اور "بون" یعنے ہڈی نشان اسکے "بون اسپاوین" کے موافق ہین جس پاؤن مین درد ہی اوس پاؤنپر گھوڑا وزن نہین دیویگا اور بروقت چلنے کے اس پاؤن پر کچھہ وزن دیا نہ دیا جلدی دوسرا پاؤن بدد کو لادیگا اگر اسپر سے کوئی تمیز نکرسکے تو بعد اس ترتیب سے دیکھنا کہ جس پاؤنمین درد ہی اسکو اوپر اوٹھاکے جوڑ سے ملانا بعد چھوڑ دینا اور ایک دم ڈلکی دوڑانا تو اوسکی لنگ پہلے سے زیادہ ہوگی اس پرسے تمیز کرنا کہ اندر ہڈی کے درد ہی بعد ہاتھ لگاکے وہان دیکھنا تو وہ جگہہ گرم معلوم ہوگی اوپر تھوڑا ورم ہوگا اور جگہہ اُسکی وہ ہی کہ جہان چپٹا ہوتا ہی مگر چپٹا ظاہر مین معلوم ہوتا ہی اور یہہ ظاہر معلوم نہین ہوتی اور جب یہہ بیماری گھوڑیکو ہوئی تو اوسکی امید نہین ہی کہ وہ اچھا ہوگا کیا سبب کہ اندر ہڈیکے یہہ درد پیدا ہوتا ہے اور سب دردون مین سخت درد اندر ہڈی کے ہوتا ہی اگر کوئی دوسرا ہوتا تو شاید علاج وبند وبست وغیرہ سے اچھا ہوتا ہی مگر اسکے واسطے ہی جسقدر علاج وبندوبست

ہوسکتا ہے وہان تک کرنا اور بہت کرکے جسموافق آسپا دیتے مین علاج وبند وبست کیا اوسموافق کرنا بعد علاج معالجہ وغیرہ سے آرام نہو تو چھوڑ دینا یا گولی سے مار ڈالنا فقط

سبق اٹھاویسوان

دوا تولنیکا وزن اور ادویات کے درجے اور انکے بند وبست وغیرہ کے بیانمین

دوا تولنے کے وزن کا کام برابر یاد رکھنا تا اوسمین خطا نہووے اگر اوسمین غفلت کئی تو گھوڑا نقصان ہوگا بعضے لوگ اِسقدر کرتے ہین کہ کوئی بھی گھوڑا بیمار آیا تو اوسوقت فلانی فلانی دوا ایکر گولی یا پلانیکی ہے تو پلا دیتے ہین مگر اوسکا وزن نہین کرتے شمار سے دیتے ہین لیکن اسمین بہت چوک ہو جاتی ہے کیا سبب کہ بعضی دوا ایسی ہوتی ہے کہ وزن بغیر اوسکا کام کیا اور تھوڑی زیادہ ہوئی تو اوس سے نقصان ہوتا ہے اور زہر ہوجاتا ہے اِس واسطے آدمی کو چاہیے کہ کل کام دوا کا وزن کے ساتھ کرنا تو اوسمین نقصان نہین ہے اور چوک بھی نہین ہوتی ہے دوسری بات یہہ ہے کہ کانٹا یعنے ترازو خوب صاف رکھنا اور گلاس یعنے پانی یا تیل کے موافق جو قسم ناپنے کے ہے وہ بہت صاف کرنا تاکہ دوا اندر بگڑنے نپاوے وزنکا کانٹا برابر صاف ہوا تو اوسمین دوا بگڑتی نہین ہے اور برابر وزن ہوتا ہے اگر میلا ہے اور اوسکے اندر کچھہ دوا کا کیٹ جمع ہے اور اوسمین دوا وزن کئے تو اول تو برابر وزن نہین ہوگا زیادہ کم ہوگا اور جو دوا اندر اوسکے وزن کئی وہ بگڑ جاویگی اسواسطے اوسکو خوب صاف کرنا چاہیئے اور دوائیونکے باٹلیان جتنے ہین اوسکے اوپر چٹھیان لگانا تاکہ وقت در وقت خطا نہووے بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ چوک سے دوسری دوا اوسکے عوض مین دیتے ہین اسواسطے اگر انگریزی علم ہے تو بہتر ہے اگر وہ علم نہین ہے تو جو علم ہو وہ لکھکر لگانا یا باٹلی دواکی اچھی صاف رکھنا تاکہ وہ دوا کا رنگ خیال مین رہے اور باٹلی کو جہان رکھنا وہان سے دوسری جگہہ بدل نہین کرنا بعضے لوگ اسقدر کرتے ہین کہ آج ایک جگہہ رکھی تو کل دوسری جگہہ بدل کئی اوسمین ایسا ہوتا ہے کہ کوئی وقت رات کو کام پڑے تو اوسکو ڈھونڈتے پھرتا پڑتا ہے اور اگر ایک جگہہ قایم ہے تو جب کام پڑا تو جہان ہاتھہ ڈالے تو وہین وہ باٹلی ہاتھہ مین آویگی خواہ اوجیالا ہو خواہ اندھیرا ہو اسواسطے ایک جگہہ رکھنا اچھا ہے فقط

ادویاتون کے درجون کا بیان

جُلاب مین "الونز" یعنے ایلوا "لنسڈ آیل" یعنے السیکا تیل "کروٹن آیل" یعنے جمال گوٹہ کا تیل "کیا سٹر آئل" یعنے ایرنڈیکا تیل "جالپ" "ایسم سالٹ" "سناسون" یعنے سناکی اسقدر بہت ہین مگر کوئی پانی کے ساتھہ پگلا کے دیتے ہین یا کوئی گولی بنا کے دیتے ہین مگر گولی دینے مین فائدہ ہی اسقدر پانی کے ساتھہ دینے مین فائدہ نہین ہی کیا سبب کہ گولی سے دوا برابر پیٹ مین جاتی ہے اور پلانے مین فائدہ نہین ہی کیا سبب کہ پلانا تو اوسمین سے کچھہ نیچے گرتی ہی کچھہ پیٹ مین جاتی ہی اور گھوڑا ناخوش ہوتا ہی گولی سے گھوڑا خوش ہوتا ہی اور اُسکو تکلیف نہین ہوتی مگر بعضی دوا ایسی ہوتی ہی کہ بغیر پلائے کام بھی نہین چلتا اسکو پلانا پڑتا ہی جیسا کہ کوئی بھی قسم تیل یا کانجی اسکو بغیر پلائے نہین چلتا بعضی دوا "ڈائیفرائک" یعنے پسینہ لانیوالی "اسپریٹ" "ایتھر نیٹرس" کیا م فر" یعنے کافور "ٹارٹر میٹک" بعضی دوا "ڈائیریٹک" ہوتی ہی جس سے پیشاب زیادہ ہوتا ہی جیسا کہ "نیٹر" یعنے شورا "کنٹھر ڈس" یعنے "بلسٹر" کی ہری مکھی "ٹرپن ٹین" یعنے تک تیل "رائی زن" یعنے رال "اسپریٹ ایتھر نیٹرس" اسقدر بہت ہین اور بعضے "اسٹومیولنٹ" پلاتے ہین جب گھوڑا تھک جاوے اوسکو دیتے ہین تا کہ گوشت مین گرمی آوے "اسپریٹ ایتھر نیٹرس" جتنے قسم شراب کے ہین وہ سب "کاربونٹ آف امونیا" جنجر یعنے سونٹ "بلاک پیپر" یعنے کالی مرچ "آرمیٹک اسپیرٹ آف امونیا" اور بہت سارے ہین "ایکس ٹرنیلی اسٹومیولنٹ" یہہ اوپر جسم کے لگائیگی دوا جیسا کہ "بلسٹر" یا پاریکا مرہم یا کھجلی کا تیل یا کافور کا مرہم "لینمینٹ" لینمینٹ اوسکو کہتے ہین کہ جس مین تین چار چیزین شامل ہین وہ "لینمنٹ" ہی اور کوئی دوا دو تین شامل ہون اسقدر تو اوسکو بھی نام "لینمنٹ" دیا جاویگا بعضے دوا کے ساتھہ پانی شامل کرتے ہین اوسکو نام دیا "لوشن" یعنے پانی اور اوسکے ساتھہ کچھہ دوا ہی اوسکو یہہ نام دیا ہی اور بعضے دوا کو سنگاتے ہین جیسا کہ "کلورافام" کافور تار اور بہت سے ہین اور بعضے وقت دوا پچکاری سے ساغرین روانہ کرتے ہین چاندنی کی بیماری مین منہہ بند ہو جاتا ہی تو پچکاری کے معرفت سے دوا داخل کرتے ہین لیکن فائدہ کم ہوتا ہی اور بعضی دوا "ٹانک" یہہ دوا ہضم کرنے والی بھوک زیادہ لگے اور تنکو طاقت پہنچے بعضے دوا گولی بنا کے دیتے ہین اور بعضے دانیکے ساتھہ دیتے ہین اگر دانے کے ساتھہ دینا تو وہ دوا دینا جسسے گھوڑا خوش ہو کر کھاوے اور دانہ نہ بگڑے جیسا کہ "سیراکس" اور "جیرا" "ٹینکی چا" "لیکر ارسنی کیلس" یعنے سمبل کے عرق کے ساتھہ بنایا ہوا موافق پانی کے یا "بلسٹر" کی مکھی یا نیسلا تو تا یہہ دینا تو گولی بنا کے دینا "ٹار" کا گ

اِسمین بہت تیز دوائیان ہین اور اِنکے دینے سے نیند آجاتی ہی جیسا کہ افیون چرس "ایکسٹراکٹ بلاڈونا" "ٹنچر ہایوسامی" اور بہت سی ہین "سڈلف" یعنے جس سے تھوڑا نشہ آتا ہی جیسا کہ "ٹارٹریٹک" "کافور" "ٹنچر اکیونیٹ" "ڈجی ٹیلس" دھتورا اِسکام کے بعد جو دوا تولنے کے بٹے اور اونکے اوپر نقشے یہہ ہین "گرین" کے بیچ مین ایک نقطہ ہوتا ہی وہ "گرین" ہی اگر دو نقطے ہوئے تو "دو گرین" اسقدر جتنے نقطے زیادہ ہوتے جاوین اُتنے "گرین" تصور کرو اگر بیس "گرین" ہووے تو ایک "اسکروپل" یہہ نقشہ "گرین" کا ہی ⊡ اور یہہ نقشہ "اسکروپل" کا ہے ℈i اسقدر جتنے لکیرین ہین یعنے ایک سے تین تک وہ "اسکروپل" ہی پھر یہان سے تین "اسکروپل" ایک "ڈرام" ʒi یہہ نقشہ "ڈرام" کا ہی اور یہہ دو "ڈرام" کا ہی ʒii اور آٹھہ "ڈرام" ایک "آونس" ہوتا ہی اوسکا نقشہ یہہ ہی ℥i اور سولہ "آونس" کا ایک "پونڈ" ہوتا ہی یہہ خشک دوا کا وزن ہوا اب گیلی دوا کا بیان جسقدر خشک دوا میں "گرین" تھی اب اوسکے عوض مین "بوند" ہین اوسکو "منم" کہتے ہین ساٹھہ "بوند" کا ایک "ڈرام" بیس "منم" کا ایک "اسکروپل" تین "اسکروپل" کا ایک "ڈرام" آٹھہ "ڈرام" کا ایک "آونس" بیس "اونس" کا ایک "پینٹ" آٹھہ "پینٹ" ایک "گیلن" اور یہہ گیلی دوا ناپنے کا ایک "گلاس" "میجر" ہوتا ہی اوسکے ناپتے ہین اور "آونس" کا نشان اور انگریزی نمبر یہہ اوسکے اوپر ہوتے ہین اوسکو خیال رکھنا ضرور ہی فقط

سبق اُنتیسوان

"ڈائی جس ٹی سسٹم" کا بیان یعنے کھانا ہضم ہونیکا بندوبست اور پیدائش خونکی کل تحریر ہی

اور اوسکا بیان اِسقدر ہی کہ گھوڑا گھانس دانہ وغیرہ جو کھاتا ہی تو اول ہونٹھ سے اوٹھاتا ہی بعد دانت سے کتر کے زبان کی مدد سے داڑھ مین لیکر جاتا ہی وہان داڑھ باریک کرتے ہین اور اوسمین شامل تھوک ہوتا ہی تھوک کے الگ "گلینڈ" تین ہین اب اونکی جگہہ پر الگ "گلینڈ" یہہ نزدیک کان کے ہی اور اوس مین ایک بڑا رستہ نکلا ہی اوسکا نام "پراٹی ڈٹ" وہ نیچے سے جبڑے کے آکر تیسری داڑھ کے پاس تھوک چھوڑتا ہی دوسرا سب "میگزلری گلینڈ" یہہ سب کے نیچے ہی اور یہہ تھوک زبان کے نیچے چھوڑتا ہی تیسرا "سب لنگ ول گلینڈ" یہہ بھی زبان کے اطراف باریک باریک بہت ہین اور "گلینڈ" کا مطلب یہہ ہی کہ خون مین سے جو چیز نکالے اور ان "گلینڈ" کا یہہ کام ہی کہ خون مین سے تھوک نکالنا

اوران سب کا ایک نام اور ہی "سلیوری گلینڈ" "سلیوا" یعنے تھوک اگر تھوک کھانے مین نہ شامل ہوا تو کھانا ہضم نہوگا اور اسکے باعث گھوڑا لاغر ہوتا ہی اوسکا ایسا بندوبست ہے کہ کھانا جب داڑ سے چابتا ہی تو ہرایک "گلینڈ" تھوک کے جو ہین اُن مین رستے مقرر ہین جیساکہ پانی کے چشمے ہین اور اوس مین سے پھر نکلکر چھوٹے چھوٹے نالے بنتے ہین اور ہرایک جگھہ وہان سے پانی جاتا ہی اوسیموافق اِن "گلینڈون" مین سے رستے نکلے ہین اور وہ آکر درمیان منہہ کے تھوک چھوڑ دیتے ہین تو اسقدر تھوک کھانیمین شامل ہوتا ہی اب درمیان منہہ کے جو اوپر کا چمڑا ہی اوسکو نام دیا ہی "ہارڈ پلیٹ" یہہ سخت ہی اور سُن ہوتا ہی اور چھوٹی زبان جو ہے اوسکو نام دیا ہی "گولاٹی" وہ لگی ہوئی ہی "ملڈ" یکے منہہ پہ جب کھانا جاتا ہی تو وہ ہو اسکے رستیکو بند کرتی ہی "صاف پلیٹ" ایک پردہ ہی اور وہ بہت نازک ہی اوسکا کام یہہ ہی کہ کھانا جب اندر جاتا ہی طرف کوٹھے کے تو اوسوقت وہ پردا ناک کے رستہ کو بند کرتا ہی تاکہ اوسکے اندر کچھہ نہ جاوے اسواسطے جب کھانا ڈاڑمین باریک ہوا تو زبان اور گال کی مدد سے گولی بناکے اندر "فارنگس" مین داخل کیا "فارنگس" وہ ہی کہ جس رستے سے کھانا جاتا ہے اوسکا منہہ اور اوسکا "مثل" لال رنگ کا ہی بعد وہ "فارنگس" لیکر ایک دم زور کر کے اندر "اس آفی گس" مین ڈھکیل دیتا ہی "اس آفی گس" وہ ہی کہ جس رستے سے کھانا جاتا ہی اندر کوٹھیکے اور اوسکی خاصیت مثل "ربر" کے ہی جب اوسمین کھانا جاتا ہی تو وہ بڑہ جاتا ہے بعد موافق دستور کے ہوجاتا ہی تو ہوا کے رستے کے اوپر سے جاتا ہی اوسکے نیچے ہوا کا رستہ ہی اندر اوسکے سفید رنگ ہوتا ہی وہ بھی "مثل" کی قسم مین ہی جب کوٹھے مین گیا تو وہان دو درجہ ہین درجہ اوّل "کیوٹی کلیر کوٹ" یہہ سفید رنگ کا ہوتا ہی اور کام اوسکا یہہ ہی کہ جو چیز اوسکے اندر آوے تو اوسکو چورا کرتا اور مسل ڈالنا بعد درجہ دویم "ویلس کوٹ" مین جاتا ہی اور اوسکا رنگ لال ہی موافق مخمل کے ہوتا ہی اور اندر اوسکے باریک باریک "گلینڈ" ہین اوسمین تیزاب کا پانی ہی جب کھانا اوسمین آیا تو وہ تیزاب کا پانی اوسمین شامل ہوتا ہی تو اوس سے وہ خوب نرم ہو جاتا ہی اور گھل جاتا ہی اور گل جاتا ہی بعد وہان سے روانہ ہوتا ہی باریک انتڑیمین کوٹھے سے جیسے آگے گئے ایک رستہ ہی اوس رستہ سے پتّا اور لبیکا عرق دونون انتڑیون مین جاتے ہین جو کچھہ کسر اوسمین رہجاتی ہی تو وہ اوس سے گل جاتا ہی اور اوس رستہ کی یہہ خاصیت ہے کہ جو شے کچھہ باہر سے اندر جاویتو اوسکو اندر آنے دیتا ہی اور جو کچھہ اندر سے باہر جانا چاہے تو وہ پردہ باہر آنے نہین دیتا اور اوس پردیکا نام یہہ ہی "والب" اور آنت

مذکور مین "لگٹی یل گلینڈ" باریک باریک ہین اونکے یہہ کام ہین کہ "کھایل" یعنے کھانیکا عرق نکالنا
اور وہ جو "میسنٹرک" آنت کے اوپر کا پردہ ہی اوسمین باریک باریک "لگٹی یل ڈٹ" یعنے
رستے ہین وہ عرق یہہ "ڈٹ" لیکر کمر کے پاس جاتا ہی اور یہہ پردہ بھی کمر مین لگا ہوا ہی تو یہہ
"ڈٹ" وہان لیجاکر "تھوراسی ڈٹ" مین ڈالتے ہین اور وہ "تھوراسی ڈٹ" لیجاکر "وینہ کیوا" مین
ڈالتا ہی اور وہ "وینہ کیوا" بہت بڑی نس ہی وہ لیجاکر دل کے اوّل درجہ مین ڈالتی ہی باقی
وہ جو انت کے بیچ مین چہ تھا رہا وہ "سکیم" مین جاتا ہی بعد وہان سے "کولن" مین جاتا ہی وہان
تھوڑا گاڑا ہو جاتا ہی بعد وہانسے "رکٹم" مین جاتا ہی وہان لید کی گولیان بنکر پاخانہ کے
رستے سے باہر نکلجاتی ہین اور یہہ جو "سکم" "کولن" "رکٹم" ہین تو بڑی آنت مین د ستبند مقرر
کئے ہین اور انکا یہہ نام الگ الگ مقرر رکھا ہی فقط

سبق تیسوان

گھوڑونکے منہہ کے اندر جو زخم ہوتا ہی اور کھانا جانیکے رستہ مین کچھ حرکت ہوتی ہی اوسکا علاج اور بند و بستا وغیرہ کل تحریر ہی

گھوڑے کے منہہ کے اندر جو زخم ہوتا ہی اوسکے بہت سبب ہین کہ جن کے سبب
حرکت ہوتی ہی بعضے وقت کانٹے دار لگام گھوڑیکو دی جاوے تو اوسکے سبب ہوتا ہی
یاکہ کوئی گھوڑا کاٹ کھاوے اوسکے سبب ہوتا ہی یاکہ کوئی قسم سخت چارہ کی کھاویتو
اوس سے کٹ جاتا ہی اور بہت سبب ہین کہ جن سے یہہ حرکت ہوتی ہی اور بہت کر یکے
اوسکے نشان ظاہر معلوم ہوتے ہین اور اگر نہ معلوم ہو تو کڑا لگا کے دیکھنا تو معلوم ہوگا بعد
دریافت کے اوسکا علاج کرنا کھانا نرم دینا اور کوئی قسم نوشن کے دوا لگانا تیل
یا مرہم نہین لگانا اور سوکھا گھانس نہین کھلانا بعضے وقت زبان کٹجاتی ہی وہ
کٹی ہوئی جگہہ صاف معلوم ہوتی ہی اگر زیادہ کٹ جاتی ہی تو وہ ٹکڑا کالا معلوم ہوگا
اور ٹھنڈا ذرا سا لٹکا ہوا رہتا ہی اوسکا معالجہ جسقدر اوپر بیان کیا گیا اوسموافق
کرنا اگر کھانا نہ کھاوے تو کانجی پلانا سوای "لوشن" کے اور قسم کی کوئی دوا نہین لگانا کیا سبب زبان ایسا
جا قایم نہین رہتی ہی اور کوئی دوسری دوا مرہم یا تیل لگائیے تو گھوڑا ناخوش
ہوتا ہی اوسکو اچھا نہین معلوم ہوتا اسقدر چند روز بند و بست رکھا تو زبان جڑجا دیگا
اور منہہ کا زخم آپسے اچھا ہوتا ہی بعضے وقت "صاف پلیٹ" مین نقصان آتا ہی باعث

غفلت کے اور اوسکا بیان اوّل بھی ہو چکا ہی کہ دانت کو کانس سے گھستے ہین تو اُسکو
کانس لگ جاتی ہی تو اوسکے سبب وہان زخم ہوتا ہی بعضے فاریاڑ لوگ گولی کھلاتے وقت
ڈرتے ہین کہ ہاتھ کٹ جاویگا اسواسطے ایک نوکدار لکڑی مین وہ گولی لگا کے گھوڑے کے
منہہ مین زور سے ڈھکیل دیتے ہین تو وہ لکڑی جاکر وہ جو باریک پردہ ہی اوسمین لگتی ہے
اور وہان زخم ہوجاتا ہی تو اچھا نہین ہی کھانا برابر کھایا نہین جاتا پانی پیا نہین جاتا
اُس گھوڑیکو تکلیف ہوتی ہی اور اُسکے منہہ مین سے بالس بُری آتی ہی اور جب زخم ہو جاتا ہی تو اُسمین سے
کف جاری ہوتا ہی نشان کُل ظاہر معلوم ہوتے ہین کھانا نہین کھاتا پانی نہین پیتا ہی اور سست کھڑا ہوتا ہے
کف جاری ہوتا ہی اسپر سے دریافت کرنا کہ باریک پردہ مین نقصان آیا اور منہہ کھول کے اندر منہہ کے کڑا لگانا
اور دیکھنا تو معلوم ہوگا مگر کڑا ہر وقت نہین لگانا جب کوئی کام اندر منہہ کے ہوگا تو البتہ لگانا نہین تو گھوڑیکو تکلیف
ہوتی ہی اسواسطے منع ہی اور کھانا منہہ کیطرف سے نہین کھاوے تو گھوڑیکو تکلیف ہوتی ہی تو ساغر کے
راہ سے پچکاریسے دینا تاکہ منہہ کو تکلیف نہو اسواسطے اور منہہ کے اندر لاگ جانی سینے
چاندنی کی بیماری مین ڈر ہی کہ ہاتھ کو پکڑ نہ لیوے اسواسطے جب تک منہہ کھلا ہی تو ہاتھ
ڈالنا مگر حفاظت سے یا کہ پچکاریسے دوا اندر ساغر کے روانہ کرنا اور اندر منہہ کے زخم ہے
تو ایسا کرنا کہ ایک لکڑیکے ٹکڑے کے منہہ کو سن یا چندی باندھنا اور کلوراف زنگ لوشن
مین اوسکو تر کرکے لگانا تو اچھا ہوگا بعضے وقت کھانا جانیکے رستہ مین نوالہ اٹک جاتا ہی
یا گولی یا گاجر یا کچھ بھی چیز موٹی ہو تو وہ اٹک جاتی ہی تو وہ برابر نوالہ چاب کے نہین نگلتا ہے
موٹا موٹا چاب کے نگلتا ہی اسواسطے یہہ حرکت ہوتی ہی یا کہ گولی بڑی ہو اور اسپر
کاغذ موٹا لگایا ہو اور وہ گولی پر چکنائی نہو اِسکے سبب بھی اٹک جاتی ہی یا کہ گولی
بروقت دینیکے آڑی پڑ جاوے اس کے سبب سے بھی یہہ حرکت ہوتی ہی نشان اوسکے
اسطرح ہین کہ منہہ اور ناک مین سے پانی جاری ہوگا چکٹ اور کھانا وغیرہ کچھ نہین کھاویگا
پانی نہین پیویگا اور اُلٹی کرنے کے موافق ارادہ کریگا مگر اولٹی نہوگی شاید کچھ پھیس
اور چکٹ پانی جاری ہوگا یہہ طرح اولٹی کرنیکی اور بیماری مین بھی ہوتی ہی مگر دونون
مین فرق یہہ ہی کہ اوسمین کچھہ نکلتا ہی اندر سے اور اِسمین کچھ نکلتا نہین ہی اور گردن کے
تیسرے منکے کے پاس کچھ نشان معلوم ہوگا جیسا کہ سانپ مینڈک کو نگل جاتا ہی اور وہ
پیٹ مین دور سے معلوم ہوگا جیسا کہ سانپ مینڈک کو نگلتا ہی اوسیموافق وہ اٹکی ہوئی
چیز معلوم ہوگی اگر کبھی اسمین بھی شک آوے تو اسقدر امتحان کرکے دیکھنا کہ تھوڑا سا
پانی اوسکے حلق مین ڈالنا تو وہ پانی واپس آویگا بعد دریافت کے علاج کرنا ہاتھ سے

مالش کرنا بہت کرکے اس سے فائدہ ہوگا یا کہ السیکا یا ایرنڈیکا یا کوئی قسم کا تھوڑا سا تیل لیکر اوسکے حلق مین ڈالنا اور منہہ کو اوپر اوٹھانا تاکہ تیل و ہانسے نیچے پہنچے بعد چھوڑ دینا تو یہہ چکنائی کے باعث وہ اٹکی ہوئی چیز اوتر جاویگی اگر تیل نہ سلے تو گھی پتلا کرکے چھوڑ دینا تو یہہ چکنائی سے اوتر جاویگی اگر اس سے فائدہ نہو تو وہ جگہہ گرم پانی سے سینکنا تو وہ جگہہ نرم ہوگی اور اٹکی ہوئی چیز اندر اوتر جاویگی اگر اس سے بھی نہ فائدہ ہو تو پہر وہین ایک باریک نرم بید کے موافق لکڑی ہوتی ہی اوسکے منہہ کو چندی یا سن اور کوئی بھی نرم چیز باندھنا اور آہستہ آہستہ اوسکو کھانیکے رستے سے داخل کرنا اگر زور سے اوس لکڑیکو دباؤگے تو دوسری جگہہ زخم ہوجاویگا اسواسطے آہستہ آہستہ داخل کرنا اگر اس سے بھی فائدہ ہوا تو بعد یہہ ترکیب کرنا مگر یہہ علاج اخیر جب سب علاج کر چکے اور علاج کوئی باقی نہ رہا بعد یہہ علاج کرنا کہ اوس جگہہ کا چمڑا پکڑکر ایک بازو کو کھینچنا اور نوک اوپر نشتر سے چیرنا اور وہ گولی نکالکے بعد اوپر کے چمڑیکو ٹانکے دینا اور اوسکو دونون وقت گرم پانی سے سینکنا اور "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا اور کانجی بناکے پچکاری کی معرفت سے ساغرے کے رستے سے دینا پندرہ یا بیس روز تک دیا تو گھوڑیکو نقصان نہین ہوتا یہہ کام امتحان کیا ہوا ہی اور اسمین آٹھ روز تک کھانا اوس رستے سے دینا بعد منہہ کے طرف سے دینا مگر قسم کانجی کے ہو اور یہہ کام کرنا کچھ تھوڑا لہسن گھانس کا پتا اور اوس گھوڑیکی بہت حفاظت رکھنا اور یہہ کام ہر ایک آدمی کے لایق نہین ہی جو شخص اسکام سے واقف ہی اوسنے کرنا نہین تو گھوڑا نقصان ہوگا اسواسطے اور اس عارضہ کو نام دیا ہی "چوکنگ" یعنے نوالہ اٹکا یا اور کوئی چیز اٹکی فقط

سبق اکتیسوان

بیماری کو ٹھیکی ہوتی ہی اور اوسکو "اشمک ٹیگرس" بھی کہتے ہین یعنے کوٹھا پھول جاوے اوسکا بیان تفصیلوار ہی

اس بیماریکا سبب پیدا ہونیکا یہہ ہی کہ پہلے دانا دیا اوسکے اوپر پانی پلایا اوسکے سبب کوٹھا پھول جاتا ہی بعضے لوگ اسقدر کرتے ہین کہ کوئی دن زیادہ محنت پڑی تو اونکو گھوڑیکا پیار آیا تو اوسکے عوض مین اونھون نے ایک سیر دانا زیادہ دیا پہلے ملتا تھا اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہی بعضے لوگ اسقدر کرتے ہین کہ کہین نوکر سیر گئے اور

دانیکا وقت جاتا رہا بعد دوسرے وقت اونھون نے دونون وقت کا دانا ایک دم دیا
تو اوسکے سبب ہوتی ہی یا کہ بعضے شخص اسقدر کرتے ہین کہ منزل زیادہ کئی تو کہتے ہین
کہ گھوڑا تھک گیا اسکو دانا زیادہ دینا تو اوسکو ایک دم چار یا پانچ سیر دانا دیتے
ہین مگر یہہ خیال نہین کیا کہ گھوڑا تھک گیا ہی ہضم کیونکر ہوگا کل "مثلاً" تھک گیا ہضم
کیونکر کریگا یہہ تصور نہ کر کے دانا زیادہ دیا اکثر ایسا کرنا کہ گھوڑا زیادہ تھک گیا تو اوسکا
کھانا کمتی کرنا تاکہ اوسکو تکلیف نہ ہو اور مالش کرنا اور "اسٹیمیولنٹ" دینا تاکہ اوسمین
گرمی آوے اور طاقت آوے یہہ نہ کر کے دانا زیادہ دیا اور اوپر پانی پلا یا تو اوسکے
سبب یہہ حرکت ہوتی ہی اور گھوڑیکا کوٹھا چھوٹا ہوتا ہی جسقدر آدمی کا ہوتا ہی اوسسے
کچھ بڑا ہی اور بعضے لوگ کہتے ہین کہ پانی دانہ ایک جگہہ رہتا ہی مگر یہہ بات خلاف ہی
پانی اکثر کرکے درجہ سویم مین رہتا ہی اوسکا نام سکیم ہی اور یہہ عارضہ اکثر کرکے راتکو ہوتا ہی
کمتر دنکو ہوتا ہی نشان اوسکے اسقدر ہین جب کھانا کھایا بعد تھوڑی دیر کے اوسکی طبیعت
سست ہوتی ہی تو وہ ایک کونے مین جاکر اونگتا کھڑا رہتا ہی بعد تھوڑی دیر کے وہ
بیٹھیگا پھر تو اسقدر بیٹھہ اوٹھہ کریگا کہ بہت بیقرار رہوگا اور نیند نہین آویگی پسینہ آویگا جب
زیادہ تکلیف ہوتی ہی تو اوسکی حالت اسقدر ہوتی ہی کہ جسقدر کوئی دارو پیکر متوالہ گرتا
پڑتا ہی اوسیموافق وہ گھوڑا گرتے رہتا ہی اور دیوانہ کیطور پر کرتا ہی تو اوسکو ایک نام دیا ہی
"میڈاس ٹیگرس" یعنے دیوانہ کے موافق اور بعضے وقت خراٹا لیتا ہی اوسکا گلا بولتا ہی تو اوسکو
ایک نام دیا ہی "اِس ٹاٹارس برٹونگ" "برٹونگ" یعنے خراٹا اور وہ جو درد کے حالت مین اونگتا کھڑا
رہتا ہی اوسکو نام دیا ہی "سلی پس ٹیگرس" اور آنکھہ بند کرکے نیند لیتا ہی اوسکو نام دیا ہی
"کومہ" یعنے سوگیا اور نبض بہت تیز چلتی ہی پسینہ آتا ہی بہت بیقرار ہوتا ہی یہہ نشان اوسکے
ہین اگر اول شروع مین معلوم ہوا اور اوسکا علاج جلدی کیا اور اوسکی زندگی ہی تو شاید
اچھا ہوگا نہین تو اکثر مرجاتا ہی اور کوٹھے کے اوپر جو "مثل" ہی "مسکیولر کوٹ" اوسمین "انفلمیشن"
زیادہ ہوجاتا ہی اور وہ اپنا کام کرنا موقوف کرتا ہی اب اسکا علاج کرنا اول معلوم ہوا کہ
یہی بیماری ہی تو اوسیوقت کونسا بھی تیل سلے خواہ السی کا خواہ ایرنڈیکا پلانا ایک
"پینٹ" یا تین "پینٹ" تک دینا مگر ایک دم نہین دینا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد دینا اگر تیل
میسر نہو تو گھی پتلا کرکے پلانا شاید اسکے سبب سے آرام ہوجاویگا اگر اس سے فائدہ نہوا تو
بعد اوسکے "رپچر اسٹمک" ہوتا ہی یعنے کوٹھا پھوٹ جاتا ہی یہہ عارضہ اسقدر سے ہوتا ہی
کہ گھوڑا بیمار ہوکر آیا اور اوسکا علاج اوسیوقت نہین ہوا نہ زیادہ دیرتک اوسکو تکلیف رہی

تو یہہ حرکت ہوتی ہی یعنے گر گرہکے کوٹھا پھوٹ جاتا ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا کیتے کے موافق بیٹھتا ہی پسینہ ٹھنڈا آتا ہی اور بیہوش ہوجاتا ہی اور نبض بہت تیز چلتی ہی ایک منٹ مین اسّی۔ نوّد سّو تک چلیگی اور اُلٹی کریگا کچھہ اوسکے ناک مین سے دانا یا چاریکی قسم نکلیگا مگر اولٹی ہمیشہ نہین ہوگی کبھی کبھی کرتا ہی اور یہہ بیماری کی آمد دو طرحسے ہوتی ہی ایک تو یہہ کہ جو بیان کیا اور ایک یہہ کہ کسی سبب سے بھی گھوڑا زمین پر اوتارتے ہین اور اوسکا پیٹ بہت بھرا ہوا ہی اوسکو اوتارسے تو اوسحالت مین کوٹھا پھوٹ جاتا ہی اسواسطے چاہئے کہ گھوڑا اوتارنے سے پہلے آٹھہ یا چھے گھنٹے بھوکھا رکھنا بعد اوتارنا اور کوٹھا جب پھوٹ گیا بعد علاج نہین ہی وہ گھوڑا مرجاویگا اور اسکام کے واسطے "ڈاکٹر" یا "فریار" یا "سالوتری" جو ہووے اوسنے اسقدر بندوبست رکھنا کہ باردیگر یہہ بیماری نہووے اور یہہ بیماری باعث غفلت کے ہوتی ہی اوّل بندوبست کیا تو ہرگز یہہ بیماری نہوگی فقط

"کیڑے" چھوٹی آنت مین اور کوٹھے مین ہوتے ہین اوسکا بیان

"بٹ" جو ہوتا ہی تو کوٹھے کے درمیان مین دونون درجون کے ہوتا ہی اور اوسکا نمونہ گدّو دانے کے موافق ہی اور اوسکی پیدایش اسقدرسے ہی کہ ایک مکھی ہوتی ہی اوسکا رنگ لال کالا ہی موافق مکھی شہد کے اور وہ مکھی گھوڑیکے جسم پر انڈے ڈالتی ہی اور وہ انڈے گھوڑا کسی سبب سے کھجانے مین چاٹ لیتا ہی وہ جاکے کوٹھے مین اوسکی مدت پوری ہوئے پر اوسمین سے "بٹ" پیدا ہوتا ہی تو اوسکے منہہ کے آگے پاؤن ہوتے ہین اکثر بدار جسقدر ہوک ہوتے ہین اور وہ کسی چیز مین اٹکادو تو اٹک جاتے ہین اوسیموافق یہہ کوٹھے کے اندر اٹک جاتے ہین اور ہر ایک گھوڑیکو یہہ ہوتے ہین اس سے کچھہ نقصان نہین ہی اگر زیادہ ہوئے تو البتہ گھوڑیکو تکلیف ہوتی ہی اور کیڑے پیٹ مین ہونے سے اوسکا مزاج کچھہ بگڑ جاتا نہین ہی اور کھانے مین فرق نہین آتا ہی خوب کھاتا ہی اور زیادہ جب ہوتے ہین تو البتہ گھوڑا لاغر ہوتا ہی نہین تو کچھہ تمیز نہین ہوتی کہ اوسکے پیٹ مین کیڑے ہین یا نہین یہہ کیڑیکی مدت جب پوری نہین ہوئی تو نہین گرتے اور جب پوری ہوجاتی ہی تو آپ سے چھوٹکے پائخانہ کی راہسے باہر نکلتے ہین اور جس کی مدت پوری نہین تو وہ اندر "رکٹم" کے اٹکا جاتا ہی اور بروقت لید کرنیکے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ کو دیگا لاتین ماریگا اسپرسے دریافت کرنا کہ اسکے "رکٹم" مین کیڑا شاید آسکے لگا ہوگا اوسوقت علاج کرنا مناسب ہی اور علاج یہہ کہ "ٹرپنٹائن" تیل ایک "ڈرام" اور تیل ایک "اونس" یہہ دونون پچکاری لگانا ساغرمین اگر اس سے فائدہ نہو تو ہاتھہ کو تیل لگاکے

اندر ساغر یمین ڈالنا اور وہان دریافت کرکے نکالنا دوسرے نشان یہہ بھی ہین کہ کیڑا آسنکے
لگتا ہی تو گھوڑا مستی کرتا ہی کو دتا ہی دُم دیوار سے رگڑتا ہی لیکن دُم کا رگڑنا دوسری
بیماری مین بھی ہی یعنے خارش مین مگر اوسمین اور اسمین فرق یہہ ہی کہ خارش کے باعث
چھٹے ہوتے ہین اور اسمین نہین ہوتے لیکن دُم رگڑنیکا کام نہین ہی اوسکو چُل
ہوتی ہی اور وہ چاہتا ہی کہ پائیخانہ کی جائے کو رگڑ پہنچتی ہی یہہ نشان اوسکے ہین اسواسطے
پائیخانہ کی جائے کو چھپاہی رگڑون مگر دُم اوسکی حفاظت کو ہی اسواسطے اوسکو رگڑ نہین
پہنچتی ہی یہہ نشان اوسکے ہین اگر ایسا معلوم ہووے تو اوسکا علاج اوّل بیان کیا اوس
موافق کرنا جب یہہ کیڑا لید کے رستہ سے باہر نکلے تو بعد اوسکے اوپر مٹی جم جاتی ہی
اور اندر گھر بناتا ہی بعد تھوڑے روز کے اوسکو پر آتے ہین اور وہ مکھی بن کے اُڑجاتا ہی
لیکن جب تک اُسکی مدت پوری نہو ئی ہی تو اوسکو علاج کرنا کچھہ فائدہ نہین کرتا برتقدیر علاج
کیا تو وہ وہین مرکے رہجاوینگے مگر باہر نہین نکلینگے اسواسطے اوسکا علاج کرنا بیفائدہ ہی
اور آگے کے واسطے ایسا بند و بست کرنا کہ بار دیگر یہہ حرکت نہو وہ بند و بست یہہ ہی
کہ اوسکے جسم پر مکھی بیٹھنے نہین دینا یا کہ جھول اچھی بڑی باندھنا تا کہ اوسکا اثر نہو دیگر "نیڈل
ورم" یعنے "ورم" کہتے ہین کیڑیکو کوئی قسم کا ہو اوسکو "ورم" کہتے ہین لیکن نامون مین
فرق ہی وہ باریک کیڑا ہی "نیڈل ورم" درمیان آنت کے ہوتا ہی اوسکے دونون منہہ باریک
ہوتے ہین موافق سوئی کے "نیڈل" نام سوئیکا ہی اور اوسکا بھی نمونہ سوئیکے موافق ہی اِس
واسطے اسکو یہہ نام دیا ہی اور اِن سے کچھہ نقصان نہین ہی لیکن گھوڑا لاغر ہوتا ہی اور
پیدائیش اوسکی خراب غذا سے ہی اور نشان یہہ ہین کہ لاغر ہوگا چمڑا ہڈی سے چپٹا ہوگا
اور رووان کھڑا ہوگا جسم پر چمک نہوگی روکھا پن ہوگا اِسقدر دریافت کرکے بعد
علاج کرنا "اسٹنجن" دوا دینا اوسکا مطلب یہہ ہی کہ خشک کرنیوالی اور یہہ دوا جاکر اندر آنت کے
جو "میوکس میمرن" ہی اوسکے میل کو خشک کرتی ہی جب وہ خشک ہوا تو وہ کیڑے سب مرجاتے
ہین کیا سبب کہ اُن کیڑونکے کھانیکی غذا ہی اسواسطے اور یہہ دوا دینا پلاس پاپڑا ایک "ڈرام"
صبح کو اور ایک "ڈرام" شام کو یا کہ "گم کائنو" یعنے پلاس کا گوند یہہ بھی اوسیموافق دینا یا کہ سپاری
ایک ایک "ڈرام" دونون وقت دینا یا کہ ہیراکس ایک "ڈرام" صبح کو اور ایک شام کو جب یہہ
دوا گھوڑیکو دینا دانا کمتی دینا لہسن گھانس دینا اور ہمو سائیش دینا اور ایک ہفتہ تک
دینا بعد اوسکے جُلاب دینا الغرض اِسقدر بند و بست نہ کیا تو دوسری بیماری پیدا ہوتی ہی یعنے
"کانسٹی پیشن" یعنے لید خشک ہو جاتی ہی اور یہہ بیماری آدمیون مین بھی آتی ہی اسواسطے

جُلّاب دینا چاہئیے ایک ہفتہ کے بعد جُلّاب دینا تو اس ترکیب سے دینا کہ اوسمین ایک "دِرام" کُیالومیل" لیکے اوسکے حلق مین چھوڑ دینا بعد چھے گھنٹے کے یا آٹھ گھنٹے کے ایلوا جسقدر مناسب جاننا اوسموافق لینا "جنشن" دو "دِرام" اور باریک سونٹھ ایک "دِرام" یہہ تینون ملاکے گولی بناکے دینا اور یہہ جُلّاب دینا تو اس سے دو فائدے ہین ایک تو یہہ کہ کیڑے نکلجاتے ہین دوسرا یہہ کہ وہ جو دوا دی گئی ہی اوسکی خشکی نکلجاتی ہی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ "دو دِرام" "نیبشر" اور ایک "دِرام" "ٹارمینٹاک" "وِنٹ گرین" "کیالومیل" دو تین روز اوسکی گولی بناکے دیتے ہین بعد اسکے جُلّاب دیتے ہین ایسا کرتے ہین یا کہ "ٹرپن ٹین" ایک "اونس" اوسمین دو انڈیکا عرق ڈالکے خوب ملانا اور بعد پلادینا او پیچھے اوسکے جُلّاب دینا السی کا تیل ایک "پینٹ" یا ۱۶ سولہ "اونس" اگر یہہ تیل نہ میسر ہو تو ایرنڈیکا تیل دینا ۱۲ بارہ "اونس" یا ۱۶ سولہ "اونس" بعضے لوگ اسقدر پسند کرتے ہین کہ "ترپن ٹین" اور السی کا تیل اور انڈیکا عرق شامل کردیتے ہین یہہ بھی بہتر ہی بعضے وقت تیل کی پچکاری بھی لگانا کبھی کبھی "ٹرپن ٹین" شامل کرکے پچکاری لگاتے ہین مگر خالص تیل اور "ٹرپن ٹین" نہین لگانا جسقدر کہ پلانے کے بابت مین بندوبست کیا گیا اوسموافق پچکاری کا بندوبست کرنا جب اسکی پچکاری لگانا تو ساغر کے اطراف چربی لگانا کیا سبب کہ اوس تیل کا اثر نہوئے اگر جُلّاب دیا اور اوسکی مدت پہ جُلّاب نہوئے تو گرم پانی مین "ایپسم سالٹ" تین "اونس" گرم پانی مین شامل کرکے پچکاری لگانا اس سے دست ہونگے اور پیٹ صاف ہوگا بعد جُلّاب ہونیکے اوسکو "ٹانک" دوا دینا تحلیل کیواسطے اور مناسب ہے کہ "سلپٹ آف ایرن" ایک "دِرام" صبح اور ایک "دِرام" شام کو دانے مین شامل کرکے دینا اور اوسکی تعداد اسقدر ہی کہ جب تک لید پر سیاہی مایل نہو تب تک دینا بعد موقوف کرنا اور اوسکے دینے سے یہہ فائدہ ہی کہ کھانا ہضم ہوتا ہی اور مزاج خوش رہتا ہی خون صاف ہوتا، بھوکھ پیاس لگتی ہی اور جتنی "ٹانک" دوا دینا تو مزاج دیکھا کرنا کیا سبب کہ کوئی دوا سے خوش ہوتا ہی اور کوئی دوا سے ناخوش ہوتا ہی دانا نہین کھاتا تو اوسکو موقوف کرنا اور جس سے مزاج خوش رہے وہ دوا دینا بعضے وقت ایک قسم کے ایسے کیڑے ہوتے ہین کہ آدھے سفید اور آدھے کالے اور انکی پیدایش بھی خراب غذا سے ہی اور بڑی آنت مین ہوتے ہین اور نشان اوسکے جسقدر اوپر بیان کیا گیا اوسموافق ہین مگر ایک نشان اسمین اور ہی وہ نشان یہہ ہی کہ پائخانہ کی جانے پر کچھ میلا پیلاس مائل رنگ ہوگا اسکا سبب یہہ ہی کہ لید کے ساتھ کیڑے باہر آتے ہین اور کچھ ساغر کے بیچ مین دب کر پھوٹ جاتے ہین تو وہ میل کا سبب یہہ ہی کہ جو نشان بیان کیا گیا اور علاج معالجہ وغیرہ جسقدر

اوپر بیان کئے گئے ہین اوسموافق کرنا دیگر ایک بڑی ذات کا کیڑا کوٹھے مین ہوتا ہی یعنے کچوا اوسکے نشان وغیرہ جسقدر اوپر بیان کئے گئے ہین اوسموافق ہین اور علاج ومعالجہ وغیرہ اوسیموافق ہی یاد رکھنا فقط

سبق بتیسوان
"اسپیز ماٹک کالک" یعنے کُرکُر کے بیان مین

"اسپیز ماٹک کالک" یعنے یہہ بیماری اکثر باریک آنت مین ہوتی ہی اور اسکے پیدا ہونیکا سبب یہہ ہی کہ گھوڑا بہت محنت کرکے آیا اور وہ گرم ہی اوسکو ایک دم ٹھنڈا پانی پلایا اوسکے سبب سے ہوتی ہی دوسرا یہہ کہ بارش بہت کثرت سے برسے اور گھوڑا اوسمین خوب بھیگے تو اوسکے سبب ہوتی ہی یا پیٹ کو ہوا ٹھنڈی لگے اوسکے سبب ہوتی ہی یا کہ گھوڑا بہت محنت کرکے آیا ہو اور اوسکے جسم مین پسینہ ہی اسحالت مین پیٹ کو ہوا لگے تو یہہ بیماری ہوتی ہی اور یہہ بیماری جب پیدا ہوتی ہی تو آنت مین "اسپیزم" آتا ہی اسکا مطلب یہہ ہی کہ آنت سمٹ جاتی ہی یعنے اینٹھہ جاتی ہی" اوسکے اوپر جو "مثل" ہی وہ اپنا کام کرنا موقوف کرتا ہی اوسکا نام "انوالن ٹرمثل" ہی اسکا مطلب یہہ ہی کہ کسیکا حکم نہین سنتا وہ اپنا کام جاری رکھتا ہی اور یہہ "مثل" جسم مین تین جگہہ ہی دل اور آنت اور کوٹھے پر اور پھکنی پر اوسکا یہہ کام ہی کہ کھانا جو اوسکے اندر جاتا ہی اوسکو وہ آگے روانہ کرتا ہی یہہ کام اوسکا رات دن جاری ہی کوٹھا اور آنت اور پھکنا "انیر جو مثل" ہی اوسکو ایک نام دیا ہی "مسکیولر کوٹ" اور بعضے وقت اس درد کی تکلیف کے سبب "بلیڈر" یعنے پھکنا اوسکے منہہ پر بھی یہہ "مثل" ہی اوسمین بھی "اسپیزم" آتا ہی اور پیشاب بند ہوجاتا ہی بعضے لوگ اسقدر تصور کرتے ہین کہ پیشاب نہین کیا اسکے سبب یہہ درد پیدا ہوا ہی مگر یہہ بات برابر نہین ہی کیا سبب کہ بعضے وقت پیشاب کرتا ہی اور وہ درد قایم رہتا ہی تو کیونکر اوس سبب کو تصور کرین البتہ یہہ سبب جو اوپر بیان کئے گئے ہین برابر ہین اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ جب گھوڑا اس بیماریکا آیا تو فوطہ دیکھنا اور پیٹ پھولا ہی یا نہین یہہ سبب دریافت کرنا ضرور ہی اور اس کُرکُر یکا یہہ خاصہ ہی کہ ایک دم درد آتا ہی تو گھوڑا ایک گھڑی بھر دھوم کرتا ہی بعد درد موقوف ہوجاتا ہی پھر ایک گھڑی بھر کے بعد اسیقدر دھوم کرتا ہی لوٹتا ٹاپتا اینٹھتا تڑپتا ہی اور نبض مین تھوڑا فرق آتا ہی اول کی بہ نسبت زیادہ چلتی ہی اور بہت کرکے ان بیماریون مین نبض پر زیادہ خیال رکھنا چاہئے

کیا سبب کہ اور بیماری آتی ہی تو اوسکی شناخت نبض پر ہی اسواسطے اوسکا خیال رکھنا ضروری جب یہہ سب بندوبست اور دریافت ہو چکے بعد اوسکا علاج کرنا اوّل جھول گرم باندھنا اور ایک جھول پیٹ کے نیچے باندھنا سیج بہت بچھا دینا چارون پاؤن کو گرم "بانڈس" باندھنا دونون طرف تین تین آدمی لگاکے کوک کی مالش کرانا اور پانی پچکاری کو تیار کرنا جب پانی تیار ہووے تو بعد پچکاری لگانا اگر آرام معلوم ہووے تو خیر نہین تو اِسدوا دوا کی گولی دینا "کیامفر" یعنے کافور ایک "ڈرام" اور اوسکے ساتھ ایک "ڈرام" "جنجر" یعنے سونٹھ دونونکی گولی بناکے دینا اور بعد پندرہ "منٹ" کے آرام ہوا تو خیر نہین تو بار دیگر دوسری گولی وہی دوا کی اور دینا اسقدر تین گولیان دینا اور اس سے اچھا نہو تو بعد یہہ دوا دینا "ٹنچر اوپیم" یعنے افیونکا عرق آدہا "اونس" اور السیکا تیل بارہ "اونس" یہہ دونون ملاکے دینا اور بعضے وقت "ٹنچر اوپیم" آدہا "اونس" اور "اسپرٹ ایتھر نیٹرس" ایک "اونس" اور پانی چھ "اونس" یہہ پلاتے ہین اسیقدر دو یا تین وقت پلانا تو اچھا ہوگا اور پچکاری ایک گھنٹے مین تین وقت لگانا اور اگر اس سے بھی آرام نہو تو بعد یہہ ترکیب کرنا گرم پانی خوب جوش ہووے اور اوسمین ایک کمل یا "بلانکیٹ" یا نمدہ لیکر اوسمین ڈوبا دو نچوڑ کر پیٹ کو سینکنا تو اوسیوقت آرام ہوگا اور اگر کوئی جائی دوا میسر نہو تو اوسکو ہندوستانی دوا دینا مگر گرم ہو جیسا کہ سونٹھ یا کٹکی لونگ کالی زیری یہہ گڑ مین گولی بناکے دینا اگر یہہ بھی نہ ملے تو بعد روغن زرد پلانا تھوڑا گرم کرنا تا کہ حلق سے اندر اوتر جاوے اگر گاڑہا ہوگا تو اندر حلق کے اوترنیکا نہین جم جاویگا اس واسطے اوسکو گرم کرنا مناسب ہے اور اتنا بندوبست کیا اور کچھ فائدہ نہوا تو باعث زیادہ تکلیف کے "انفلمیشن" آتا ہی اوسکا خیال رکھنا اور اوسکے نشان اسقدر ہین کہ جب "انفلمیشن" آتا ہی تو نبض بہت تیز چلتی ہی ۶۰ یا ۷۰ یا ۸۰ یا ۹۰ یا اخیر ۱۰۰ تک "ٹیم" دیویگی تو اوسکی امید اچھے ہونیکی نہین ہے اور اوسکے نشان اِسقدر ہین کہ جب "انفلمیشن" آتا ہی تو کان اور ہاتھ پاؤن سب ٹھنڈے ہو جاتے ہین اور منہہ کا رنگ سرخ ہو جاتا ہی اور مثلاً نبض بہت جلدی چلیگی مگر باریک ہوگی اور کام پہلے سے زیادہ چلیگا اور کوئی تمیز کریگا تو اوسوقت معلوم ہوگا کہ مثل ایک تار کے موافق سخت معلوم ہوگی اگر کوئی ہشیار آدمی ہوگا تو اوسیقدر اوسکا "ٹیم" جانے نہ دیویگا جب "پلس" ۶۰ ساٹھ وقت چلے تو اوسیوقت اوسکی فصد لینا یا "ٹنچر اکونیٹ" دس بوند ایک "اونس" پانی کے ساتھ پلانا اسیقدر دو یا تین وقت پلانا اور نبض کو دیکھتے جانا جب اوسکا "ٹیم" کمتی ہو جاوے تو یہہ دوا موقوف کرنا اور یہہ دوا کی تاثیر یہہ ہی کہ نبض کو قایم کرنا اور "انفلمیشن"

کم کرنا اور دل پر زور کرنا درد موقوف کرنا اگر اس سے فائدہ نہووے تو بعد فصد لینا اور فصد کی جگہہ اوّل بیان کی گئی ہی وہان لینا اور فصد لینا تو اوسکا سوراخ بڑا کرنا تاکہ خون جلدی آوے اور جب خون نکالنا تو چھے باٹلی یا پانچ باٹلی خون نکالنا بعد اوسکو بند کرنا اور بند کرنا تو اسقدر کرنا کہ جہان نشتر لگائے تھے اوس جگہہ کی چمڑی کے دو نولت منہہ مین ٹانچی لگانا اور بال سے خوب مضبوط باندھنا تاکہ خون نہ نکلے اسواسطے اور اوس جگہہ حفاظت خوب رکھنا شاید گھوڑا رگڑ کے نقصان نہ کرے اسواسطے اور جب اندر آنت کے "انفلمیشن" آتا ہی تو وہ آنت کے اندر "میوکس میمرن" مین آتا ہی اور اوسکے اوپر "سرس میمرن" ہی اور وہ جو اندر آنت کے "انفلمیشن" آتا ہی اوسکو نام دیا ہی "انٹرائٹس" یعنے اندر آنت کے "انفلمیشن" آیا اسواسطے یہہ نام ہی اور جب اسقدر "انفلمیشن" آیا تو وہ گھوڑا بہت دھوم دھام نہین کرتا اور پیٹ مین پاؤن لیکر سست بیٹھتا ہی اور طرف پیٹ کے دیکھتا ہی کونے مین جاکر کھڑا رہتا ہی اور اونگتا ہوا اور ہاتھہ پاؤن کان منہہ کل ٹھنڈے ہوجاتے ہین اور پسینہ ٹھنڈا آتا ہی اور اوسوقت یہہ کام کرنا کہ دوا تیز نہین دینا اوسکے واسطے اسقدر دوا دینا کہ افیون یا اور کوئی نشہ کی دوا دینا تاکہ درد کی تکلیف نہ معلوم ہووے اور افیون دینا تو گولی ایک ڈرام کی بناکے دینا اِسکے سبب اوسکو نشہ آویگا اور درد کی تکلیف نہ معلوم ہوگی اسقدر دو یا تین گولیان دینا اور لید کو ضرور دیکھنا کیا سبب کہ اکثر اِس درد مین لید سخت ہو جاتی ہے. تو اوسکو یہہ بندوبست کرنا کہ السیکا تیل بارہ ۱۲ "اونس" اور اوسمین ایک ڈرام افیون باریک کرکے ملانا بعد گھوڑے کو پلانا اگر تیل اوّل دیا ہی تو بعد تیل نہین دینا اگر دیا تو نقصان ہوگا کیا سبب کہ اوّل تیل دیا تھا اور بار دیگر بھی تیل دیا جاوے تو نقصان ہوتا ہی یعنے جلاب زیادہ ہوتے ہین اسواسطے نہین دینا اور افیون دینا تو گولیان دینا شمار سے چار گولیان دینا بعد موقوف کرنا نہین تو زیادہ ہونگے اور یہہ دوا دینے کے اوسوقت گرم پانی خوب جوش کرنا اور اوسکے پیٹ کو سینکنا اور سینکنے کی ترکیب اوّل بتائی گئی ہی اور اوسمین ایک تمیز یہہ ہے کہ جب خوب جوش پانی سے سینکتے ہین تو اوسوقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑا اپنا ہاتھہ پاؤن ہلاویگا تو جاننا چاہئے کہ کچھہ امید ہی اچھا ہوگا اللہ تعالی اوسکو اچھا کرے تو اچھا ہوگا کیا سبب کہ ہاتھہ پاؤن کچھہ نہ ہلایا تو امید زندگی کی قطع ہی اور بعضے وقت جسم ہلاتا ہی تو اچھا تصور کرنا اور پچکاری کا پانی گھنٹے مین تین وقت لگانا اور کچھہ اوسکے ساتھہ افیون ایک "ڈرام" یا "ٹنچر اوپیم" ایک "اونس" شامل کرکے پچکاری لگانا تو اوسکے

باعث فائدہ ہوگا اور فائدہ اوسکا اسقدر ہی جسقدر آدمی یا گھوڑا کوتی ہو اور وہ نشہ
کی کوئی چیز کھاوے اور اوسکو نشہ آتا ہی اسقدر جسم کے چمڑی مین بھی اوس نشہ کی تاثیر
آتی ہی دو وقت افیون پچکاری کے ساتھ شامل کرنا اسواسطے و نان پچکاریکے ساتھ
لگانا فائدہ ہی اور جب آنت کے اندر اسقدر حرکت آوے تو مشکل سے اچھا ہوتا ہے
نہین تو مرجاتا ہی جسوقت گرم پانی سے سینکتے ہین اور اوسکے ہاتھ پاؤن بہت ٹھنڈے
ہوجاتے ہین تو اوسکے ہاتھ پاؤن کو سفید تیل کی مالش کرنا اور اوپر گرم "بانڈس" باندھنا
اور اس بیماریکے گھوڑیکو پار کے لئے نہین کھولنا دوسری کرکری مین پا رلیتے ہین اور
اسمین نہین لینا جب آرام ہوجاوے تو اوسکے کھانے وغیرہ کا بندوبست اسقدر رکھنا کہ
بھوسا میش بناکے دینا ایک یا دو "پونڈ" اور سکے ساتھ دانا پکاکے دینا ہسن گھانس ملیہ
ہو تو ہرا گھانس نرم دینا سوکھا گھانس نہین دینا پانی دودھ کے موافق دینا زیادہ ٹھنڈا
نہین دینا اور اوسکے پیٹ مین کچھ غذا یعنے السی پکاکے دینا یا کہ اوسکی کانجی دینا تاکہ
طاقت آوے اگر لید برابر نہ آوے تو پچکاری لگانا جلاب یا دوا نہین دینا نہین تو بار دیگر یہہ
بیماری آویگی اسواسطے منع ہی اکثر ان بیماریون مین لید برابر نہین ہوتی ہی تو اوسکو
پچکاری لگانا کافی ہی اور کچھ کھانے کو "ٹانک" دوا دینا تاکہ طاقت آوے اور کھانا ہضم ہووے
"پوٹر" یا بیر دینا یا کہ اوسکے ساتھ ایک "ڈرام" یا دو "ڈرام" "جنشن" دینا اگر یہہ نہ میسر ہو تو
چرائتے کی چا ایک "آونس" دینا فقرا اور ایک "آونس" شاہم کو دانے مین شامل کرکے دینا
اور اوس سے تھوڑا تھوڑا ٹہلانا اسقدر پندرہ یا بیس دن تک بندوبست رکھا تو نوکری کرنیکے
قابل ہوگا بعد نوکری پر روانہ کرنا فقط

قسم دوسری کالک" یعنے کرکری اسکا نام "فلاک جولن کالک"
یعنے کوٹھا پھول جاوے اوسکا بیان

اور یہہ بڑی آنت مین ہوتی ہی اب اوسکی ابتدا اسقدر ہی کہ گھوڑا کھانا کھاتا ہی
وہ ہضم نہین ہوتا اوسکے باعث شکم مین درد ہوتا ہی یا کہ موتھ کی بیلین کھلاتی ہین اسکے
سبب سے بھی یہہ درد پیدا ہوتا ہی یا کہ گھانس گندی ہوئی یعنے بارش کے سبب سے اور
دانا سڑا ہوا خراب دیا جاوے اوسکے سبب سے بھی یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی جب
یہہ بیماری ہوتی ہی تو آنت کے بیچ مین ہوا رک جاتی ہی اور اوسکے سبب سے درد
ہوتا ہی اور گھوڑا بیقرار رہتا ہی اب اوسکے نشان پیٹ پھول جاتا ہی اور نبض بیلین

فرق آتا ہی پینتالیس سے پچاس تک چلیگی ایک "منٹ" مین اتنا "ٹیم" دیویگی بائین بازو کو کونک کے پاس پھولا ہوا معلوم ہوگا سیدھے بازو کو تھوڑا کمتی اور بجا کے دیکھنا تو "ٹم ٹم" آواز آویگی اور پیٹ پھولا ہوا اور ایک سبب سے معلوم ہوتا ہی یعنے گھوڑا زیادہ کھانا کھاوے تو بھی پیٹ پھولا ہوا معلوم ہوتا ہی مگر بیماری والے مین اور اِس مین یہہ فرق ہی کہ کوکھ کے نیچے بڑا معلوم ہوگا اور بعضے وقت گوزکی آواز آویگی اِس بیماری کے بیچ مین ہر وقت نبض کو دیکھا کرنا کیا سبب کہ "انفلمیشن" آتا ہی اوسکی شناخت نبض پر ہی اور "انفلمیشن" آتا ہی تو اوسکے نشان "اسپیز مانک کا لکت" مین جسقدر بیان کئے اسقدر ہوتے ہین جب دریافت کر چکے بعد اوسکا علاج اسقدر کرنا کہ جھولی باندھنا چارون پاؤن کو گرم "باندس" باندھنا وہ گھوڑے کو بیٹھنے نہین دینا کیا سبب کہ پیٹ مین کوئی چیز مین نقصان آویگا اوسکو ٹہلاتے رہنا بعد تھوڑی دیر کے دیکھنا کہ اوسکو کچھ آرام ہی یا نہین اگر کچھ آرام نہ معلوم ہو تو بعد "کا بلٹ آف امونیات" ایک "ڈرام" اوسکے ساتھ سونٹ یا کالی مرچ ایک "ڈرام" یہہ دونون کی گولی بنا کے دینا اور بعد ٹہلاتے رہنا بعد تھوڑی دیر کے دیکھنا کہ کچھ آرام ہی یا نہین ہی اگر آرام نہین ہی تو بار دیگر وہی گولی دینا اگر یہہ دوا نہ میسر ہو تو "ارمیٹک اسپریٹ آف امونیات" ایک "اونس" اور اوسکے ساتھ "اسپریٹ ایتھر نیٹرس" آدھا "آونس" چھے "اونس" پانی کے ساتھ پلانا اور ٹہلانا جاری رکھنا اسقدر ایک یا دو وقت دیئے اور آرام نہین ہی تو اوسکو پچکاری لگانا اگر پانی واپس کرتا ہی تو پچکاری نہین لگانا اور اگر واپس نہ کرے تو پچکاری لگانا اور دیکھنا کہ کچھ آرام ہی یا نہین اگر آرام ہو تو خیر نہین تو جلاب دینا کیا سبب کہ یہہ حرکت اکثر کھانا نہضم ہونیکے سبب ہوتی ہی اسواسطے جلاب دینا ضرور ہی اور جلاب اسقدر دینا کہ ایلوا مین "ڈرام" لیکر خوب باریک کرنا بعد السیکا تیل ایک "پینٹ" یا سولہ "اونس" اوسمین شامل کرنا بعد شامل ہونے کے باٹلی سے پلانا اگر اتنے علاج کئے اور فائدہ نہ ہوا تو شاید اوسکے باعث تکلیف کے "انفلمیشن" آویگا مگر اِسمین کمتر آتا ہی دوسری گریپن زیادہ آتا ہی اسکا خیال رکھنا اور جب "انفلمیشن" آیا تو اوسکے نشان اور بندوبست وغیرہ جسقدر "اسپیز مانک کا لک" مین بیان کیا گیا اوسموافق کرنا "انفلمیشن" باعث تکلیف کے آتا ہی یا کہ حالت درد مین تیز دوا دی جاوے پا در پے اوسکے سبب سے آتا ہی اسواسطے جب "انفلمیشن" آوینتو تیز دوا موقوف کرنا اور بعد اچھا ہونیکے اوسکا بندوبست وغیرہ جسقدر اوّل بیان ہوا ہی اوسموافق کرنا اچھی ہو جاویگی بعد اوسکو بھی سپرد کرنا فقط

سبق تینتیسوان
"کانسٹی پیشن" کے بیان مین

"کانسٹی پیشن" اوسکو کہتے ہین کہ لید سخت ہوجاوے یہہ بیماری اکثر آدمی مین آتی ہے اور کمتر گھوڑے مین آتی ہے ابتدا بیماری کی اسقدر ہے کہ خشک غذا ناقص دیگئی ہو تو اوسکے سبب سے ہوتی ہے یا کہ بہت روز خشک غذا دی جیسا کہ گیہونکا بھوسا اوس مین ضرور کرسکے آٹا ہوتا ہے اوسکے سبب سے بھی ہوتی ہے یا دوا واسطے کیڑونکے دیتے ہین اور بعد جلاب نہین دیئے تو اوسکے سبب سے ہوتی ہے یا اندر پیٹ کے کوئی درد ہوا ہو اوسکے سبب سے یہہ حرکت ہوتی ہے جیسا کہ کلیجہ اپنا کام کرنا موقوف کرے تو اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہے اور لید کی لینڈی چھوٹی آویگی اور دوسرے بیماری کے سبب بھی لید کی لینڈی چھوٹی ہوتی ہے یہہ ایک نشان کے بطور ہے اسپر سے بعضے شخص دریافت کرینگے کہ اندر پیٹ کے کسی چیز مین حرکت آئی ہے بعضے وقت آپ سے ہوتی ہے اوسکا سبب یہہ ہے کہ گھوڑا لاغر ہو اور اوسکو کھانا سخت دیا جاوے اور اوسکی مالش نہو اور کچھہ محنت نہ لی جاوے اوسکے سبب سے ہوتی ہے بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ "کولن" مین یعنے بڑی آنت مین پتھر جمع ہوتا ہے اوسکے سبب سے حرکت آتی ہے اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ لینڈی باریک کریگا اور اوسکے اوپر چکنائی ہوگی بعضے وقت ایسا ہوگا کہ لید کا بڑا گولہ ہوکر آنت مین پھنس جاویگا وہ گھوڑا مثل "کالک" کے بیمار ہوگا جسقدر "فلک بجرین کالک" مین ہوتا ہے اوسقدر اوسکے نشانات ہین اب اوسکا علاج اوّل دانہ گھانس بدلنا بھوسہ میش بناکے دینا اور ہرا گھانس یا لہسن گھانس دینا اگر دونون طرح کے گھانس نہ ملین تو کوئی بھی طرح کا اناج جنگل مین جیسا کہ جوار یا جو یا گیہون اوسکا گھانس ہو وہ دینا اگر کچھہ نہ ملے تو میتھی کی بھاجی دینا اور پچکاری لگانا مالش اچھی خوب لینا تھوڑی تھوڑی محنت قدم یا دُلکی سے لینا بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ لید "رکٹم" مین آکے رُک جاتی ہے تو اوسکا نشان پچکاری کی معرفت سے معلوم ہوگا کیا سبب کہ جب پچکاری لگائی تو پانی واپس آتا ہے تو جاننا چاہیئے کہ اندر کچھہ حرکت ہے تو اسواسطے پانی واپس آتا ہے بعد ہاتھہ کو تیل لگا کے اندر سنا غرے کے ڈالنا جو کچھہ اندر معلوم ہووے تو اوسکو نکالنا اتنا بند و بست کیا اور کچھہ کسر رہگئی تو اوسکو ہلکا جُلاب دینا آلوز تین ڈرام اور السیکا تیل بارہ[12] یا سولہ[16] "آونس" دونون شامل کرکے دینا اس سے جُلاب ہوگا اور پیٹ صاف ہوجائیگا بعد اوسکو غذا اچھی دینا اور بندوبست اچھا رکھنا فقط

بیماری ڈائریا کے بیان مین

یعنے زیادہ دست ہوتے ہین اوسکو یہہ نام دیا ہی یہہ بیماری ہونیکا سبب یہہ ہی
اکثر کرکے سردیسے ہوتی ہی یا دانا ہضم نہونے کے سبب یا کہ دانا زیادہ دیاگیا ہو اوسکے
سبب یا کہ جُلاب دیا اور اوسکا بند وبست نہ رکھا اسکے سبب یا کہ حالت سفر مین دانا
اور چارہ اِسکا بند وبست برابر نہو اور جسم پہ جھول نہو اِسکے سبب یا کہ بارش مین خوب
بھیگے اِسکے سبب یا کہ ایک قِسم کا گھانس ہوتا ہی پندا اوسکی خاصیت یہہ ہی کہ کوئی
جانور کھاوے تو اوسکو دست ہوتے ہین اور یہہ باعث غفلت کا ہی اگر بند وبست رکھا
تو یہہ حرکت نہوگی اور نشان اوسکے کُل ظاہر ہین اب اوسکا عِلاج اوّل گرم کوٹھری مین
لیکر جانا گرم جھول باندھنا اور "بانڈیس" باندھنا اور سبب دریافت کرنا کہ کونسی حرکت سے
یہہ بیماری ہوئی بعد دریافت کے اوسکا عِلاج کرنا اگر سردیسے ہوگی تو یہہ بند وبست
جو اوپر بیان کیا کافی ہی اگر اِس سے فائدہ نہو تو یہہ گولی دینا افیون ایک "ڈرام" اور ایک
"اِسکروپل" ہینگ یہہ دونون کی گولی بناکے دینا اور کھانیکو بھوسیکا میش اور ہرا گھانس
یا لہسن گھانس ہو لیکن تھوڑا سوکھا گھانس بناکے دینا اِسقدر بند وبست کیا تو موقوف
ہوجاویگا اگر اِس سے بند نہووے بعد یہہ دوا دینا "ٹنچر اوپیم" ایک "اونس" "ارمیٹک
اسپریٹ آف امونیا" ایک "اونس" چھے "اونس" پانی کے ساتھ پلانا تو اِس سے گرمی
آویگی اور دست بند ہوینگے اگر یہہ بھی نہ ملے تو کالی مرچ ایک "ڈرام" سونٹھ ایک "ڈرام"
اور افیون ایک "ڈرام" یہہ تین چیزونکی گولی بناکے دینا اِس سے بند ہوجاوینگے اگر معلوم
ہوا کہ زیادہ دانا یا گھانس کھایا ہی تو اوسکو ہلکا جُلاب دینا تاکہ اوسکا پیٹ صاف
ہووے جُلاب یہہ ہی السیکا تیل "سولہ اونس" یا "بارا اونس" اوسکے ساتھ "اسپریٹ ایتھر نیٹرس"
ایک "اونس" شامل کرکے پلانا اور اگر السیکا تیل نہ ملے تو ایرنڈیکا تیل اگر یہہ بھی نہ میسر
ہووے تو گھی دینا مگر تھوڑا پتلا کرکے پلا دینا اگر اِس سے بھی فائدہ نہوا تو بعد یہہ
بند وبست کرنا کانجی دینا کھانا بند کردینا وہ کانجی خواہ کوئی قسم کی ہو اوس سے بند
ہوجاوینگے اگر اِس سے بھی فائدہ نہوا تو بعد یہہ دوا دینا "ٹنچر اوپیم" ایک "اونس"
چاک ایک "اونس" کتھا چار "ڈرام" یہہ تین چیزون کو شامل کرکے تھوڑا پانی ڈالنا
اور پلانا ایک وقت یا دو وقت اسقدر پلائے تو انشاء اللہ تعالےٰ اچھا ہوگا فقط

"سوپر پرگیشن" یعنے درمیان آنت کے خلل آتا ہے اوسکا بیان

اور یہہ آنت کا فساد ہے اور اوسمین "انفلمیشن" آتا ہے اوسکی حفاظت برابر نہین کیئی اوسکے باعث یہہ درد ہوتا ہے اور زیادہ دست ہونا شروع ہوتے ہین اور بندوبست نہین کیئے تو وہ سبب وبست یہہ ہے کہ بچہ جانور ہے اور اوسکو "الوز" زیادہ دیا جیساکہ چار یا پانچ "ڈرام" "الوز" دیا اور دست ہونا شروع ہوئے تو اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہے یاکہ جُلّاب دیا اور اوسکی حفاظت نہین کی یعنے کھلا رکھا جھُول نہین باندھی پانی ٹھنڈا پلایا بھوسہ میش بناکے نہین دیا پیٹ کو ٹھنڈی ہوا لگی تو اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہے یاکہ گھوڑا جُلّاب کیواسطے تیار کیا گیا ہے بھوسہ اور لہسن گھانس وغیرہ اور اوسکو "الوز" زیادہ دیا اور دست ہونا شروع ہوئے اوسکا بندوبست نہین کیا تو اوسکے سبب ہوتی ہے جب یہہ بیماری ہوتی تو اوّل جو بندوبست دست بند کرنیکے کیئے تھے وہ کرنا بعد اوسکے یہہ بندوبست کرناکہ کھانا بدل ڈالنا یعنے میش دینا موقوف کرنا اور ہرا گھانس ولہسن گھانس کُل بند کرنا اُسکو فقط کانجی دینا چانول کی یا آٹے کی یا ستو کی اور وہ کانجی اسقدر دیناکہ ٹیپ مین بھرکے اوسکے آگے رکھنا اگر وہ پیوے تو اچھا ہے اور بہت کرکے وہ خود پیویگا کیا سبب کہ اِس بیماری مین گھوڑیکو اکثر پیاس لگتی ہے شاید نہ پیویتو بعد اوسکو ایک باٹلی سے پلانا اور پیٹ کے اوپر ایک جھُول گرم باندھنا چارون پاؤن کو گرم "باندس" باندھنا اور اندر مکان کے رکھناکہ جہان سردی زیادہ نہو مگر ایسا نہین کرناکہ ہوا موقوف ہووے ہوا تھوڑی آوے اسقدر بندوبست کرنا بعد دیکھناکہ آرام ہوا یا نہین اگر آرام ہوا تو اچھا نہین تو بعد یہہ دوا دینا "ٹنچر اوپیم" ایک "اونس" اور چاک ایک "اونس" اور کیا ٹکیو" یعنے کتھا چار "ڈرام" اور پانی ادہا پینٹ" اسقدر پلانا ایک وقت یا دو وقت دینا بعد دیکھناکہ آرام ہوا تو خیر نہین تو باردیگر بھی دوا دینا بعضے وقت یہہ دوا گولی بناکے دینا یعنے افیون ایک "ڈرام" اور چاک چار "ڈرام" اور کیٹ چار "ڈرام" اوسکی گولیان بناکے دینا تو انشا اللہ تعالیٰ اس سے اچھا ہوگا اگر زیادہ جُلّاب ہونا شروع ہووے تو "سوپر پرگیشن" سے "لینٹس" ہوتا ہے یا گھوڑا مرجاتا ہے یاد رکھنا فقط

جُلّاب کے بند وبست کے بیانمین

جُلّاب دینے مین حفاظت ضرور چاہئے نہین تو اوسمین یہہ بیماری ہوگی جو اوپر بیان کیا گیا اور جُلّاب دینا تو بچہ یا جوان یا بوڑھا ہر ایک کو موافق درجہ کے دینا اور اوّل عمر دریافت کرلینا بعد گھوڑیکو خیال کرنا کہ کس رقم کا ہی بعضہ گھوڑا وحشی ہوتا ہی اوسکی شناخت اسقدر ہی کہ کمر باریک اور چھاتی چھوٹی کم زور ہوتا ہی اگر اوسکو دوسرے گھوڑیکے موافق جُلّاب دیا تو نقصان ہوتا ہی بچہ گھوڑا ہی تو اوسکو اڑہائے "ڈرام" "الوز" اور ڈیڑھ "ڈرام" "جنشن" اور ایک "ڈرام" سونٹ اِن چیزونکی گولی بناکے دینا اور چار برس والے کو تین یا ساڑھے تین آخر درجہ چہار "ڈرام" تک "الوز" اور دو "ڈرام" "جنشن" ایک "ڈرام" سونٹ اِن چیزونکی گولی بناکے دینا اور جو گھوڑا تیار کیا جاتا ہی جُلّاب واسطے تو اوسکو "الوز" کم دینا کیا سبب کہ اوسکا پیٹ نرم کیا ہی تھوڑا "الوز" دینے سے جُلّاب ہوگا بعضے گھوڑیکو فرصت نہین ملی تیار کرنیکی تو اوسکو "الوز" زیادہ دینا پڑتا ہی شما سے پانچ سے چھے تک اسکام مین "الوز" کو دریافت کرنا ضرور ہی کیا سبب کہ مُلکی "الوز" جو ہوتا ہی تو برابر صاف اور اچھا نہین ہوتا اور اوسکی رنگت مین بھی فرق ہوتا ہی کالا پیا اور گھوڑیکو جو انداز کہ مقرر کیا گیا ہی اوسموافق دئی تو جُلّاب نہین ہوویگا اسواسطے یہہ "الوز" گنتی سے تھوڑا زیادہ دینا اور ولایتی "الوز" صاف اور اچھا رنگت مین کلیجہ کے موافق ہی اور خوشبو آتی ہی اوسمین سے اوسکو نام دیا گیا "بابیڈس الوز" بعد جُلّاب دینیکے اوسکا بند وبست اسقدر کرنا کہ جھول گرم اور "باندس" گرم باندھنا مکان کے اندر جس مین ہوا کم آوے خشک کھانے سے اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز رکھنا جو سیکا میش بناکر گرم پانی مین دینا شیر گرم پانی پلانا لہسن گھانس یا کہ ہرا گھانس کھانیکو دینا اگر موسم سرد یکا ہی تو پیٹ کے نیچے گرم جھول باندھنا گھوڑا برابر تیار ہی اور اسقدر بند وبست کیا گیا تو بارہ یا کہ سولہ گھنٹے مین جُلّاب ہوگا آخر درجہ چوبیس گھنٹے تک اوسکی مدت ہی اگر اس عرصہ مین نہین ہووے تو اوسکو مدد دینا چاہئے اور مدد یہہ ہی کہ حقنہ کرنا یعنے پچکاری لگانا گرم پانی کے اوپر پچکاریکا بند وبست کیا گیا ہی بعد پچکاری لگاکے ٹہلانا اسکام کے واسطے دوسری دوا وغیرہ نہین دینا بر تقدیر اتفقہ یا کہ دست جُلّاب سے زیادہ ہوئے تو اوسکو چانول کی کانجی پلانا اور ایک یا دو پولی خشک گھانس کی دینا اس سے بند ہو جاوینگے اگر اس سے بند نہوئے

تو بعد یہہ دوا دینا "تنچر اوپیم" یعنے افیون اور شراب کا عرق ایک "اونس" چاک ایک "اونس" کتھا چار "ڈرام" کچھہ تھوڑا پانی شامل کرکے پلانا اس سے بند ہو جاوینگے اور حالت جُلاب مین مالش نہین لینا لیکن "بانڈس" کھول کر ایک پیر کی مالش کرنا بعد کرنے مالش کے "بانڈس" لگانا اوسیموافق چارون پیر کی مالش اور جُلاب زیادہ ہونیسے گھوڑا نقصان ہوتا ہے یا کہ "سوپرپرگیشن" ہوتا ہے اور سُوپرپرگیشن سے "لینٹ" ہوتا ہے یاد رکھنا فقط

درمیان پیٹ کے یعنے بڑی آنت مین "کیا نک کیولس" یعنے پتھر پیدا ہوتا ہے اورچھوٹی آنت مین بل یا کہ گرہ پڑجاتی ہے اوسکا بیان

پتھر پیدا ہونیکا سبب یہہ ہی کہ اکثر ولایت مین ہوتا ہے کیا سبب کہ وہان اکثر چونیکا پانی پینے مین آتا ہے اس باعث پتھر پیدا ہوتا ہے اور پتھر پیدا ہونیکی جگہہ "کولن" ہے وہان وہ بڑا ہوکر "انفلیمیشن" آتا ہے اوسکے سبب سے گھوڑا مرجاتا ہے اور نشان اوسکے ظاہرًا معلوم نہین ہوسکتے ہین گھوڑیکو حالت گُرگُری مین جو "انفلیمیشن" آتا ہے اوسیموافق کریگا اور ٹھنڈا پسینہ آویگا اور گر کر مرجاویگا بعد مرنیکے پیٹ چاک کرکے دیکھنا تو معلوم ہو ویگا اور آنت مین بل پڑجاوے یا گرہ پڑے تو یہہ حرکت اکثر "اہپیر یا لک" کالکت مین ہوتی ہے اور نشان اوسکے گُرگُری کے موافق ہین امید اچھے ہونیکی نہین ہے اکثر مرجاتا ہے اور بندوبست اوسکا اسقدر کرنا کہ جسقدر "کالکت" مین کیا گیا ہے اور شاید کبھو مرجاوے تو اوسکا پیٹ چیر کے دیکھنا تو اوسکا حال معلوم ہوگا اور نشان وغیرہ خیال مین رکھنا تا کہ آئیکو اوسکا خیال رہے فقط

سبق چونتیسوان

ہرنیان کے بیان مین تحریر ہے

ہرنیان اوسکو کہتے ہین کہ کوئی چیز جسم مین سے آنت یا آنکھ یہہ اپنی جگہہ چھوڑکے دوسری جگہہ جاوے تو اوسکو ہرنیاں بولتے ہین اور اوسکے دو درجے ہین ایک تو وہ ہے جو اوّل کا رستہ اندر چمڑی کے یا پردہ کے ہووے اور زیادہ وہ ہے جو نیا رستہ بناوے یہہ اور نام اسکے الگ الگ ہین جسقدر "سیسٹک ہرنیان" وہ ہے جو اندر پیٹ کے یعنے آنت کے باز و پر پردہ لگا ہوا ہوتا ہے وہ پھٹ جاوے اور آنت اوسکے اندر چلی جاوے

تو اوسکو ٹیٹینیرک ہرنیاں بولتے ہین اوس سے گھوڑیکو نقصان نہین ہوتا ہی مگر ایک بات
ہوتی ہی کہ جب وہ دانہ گھانس کھاویگا اور پانی پیویگا بعد نزدیک کو نک کے کاٹیگا پھر
ایک نشان ظاہر معلوم ہوگا اور یہہ عارضہ والا گھوڑا نوکری برابر کرتا ہی کچھ حرکت اوسکے
کام [illegible] ہی کہ وہ جو آنت اندر پردہ کے گئی ہی اور اوس مین
کھانا وغیرہ جاوے اوراندر پھول جاوے اوسکا آنا جانا موقوف ہو جاوے تو اوس مین
نقصان آتا ہی یعنے گھوڑا مر جاتا ہی اوسکی حالت اسقدر ہوگی کہ جسقدر ترکری والا گھوڑا
تڑپتا ہی اسقدر وہ گھوڑا تڑپیگا اور جسم پر ٹھنڈا پسینہ آویگا بہت بے قرار ہوگا بعد
نبض اوسکی دیکھنا تو قریب ۹۰ یا ایک سَو وقت ایک "منٹ" مین اوسکی دھمک معلوم
ہوتی ہی جب اسقدر اوسکی حالت ہوئی تو بعد تھوڑی دیر کے وہ مرجاویگا بعد مرنے کے
اوسکا پیٹ چیر کے دیکھنا تو اوسکا حال معلوم ہوگا ایک گھوڑا اس عارضہ کا جب جناب
صاحب موصوف کا تھا اور اوسکی عادت اسطرح سے تھی جو اوپر بیان کیا یعنے دانا گھانس
کھاوے اور بعد پیٹ بھرنے کے کونک کو کاٹے اور کام اپنا برابر کرے ایک عرصہ تک
اسقدر رہا ایک روز ایسا ہوا کہ اوسنے کھانا کھایا اور پانی پیا بعد تھوڑی دیر کے وہ مرگیا
تو اوسمین نقصان نہین ہوتا ہی نقصان وہی ہوتا ہی جوکہ اندر آنت کے کھانا جاوے
اور وہان پھول جاوے بعد گھوڑا مرجاتا ہی بعد مرنیکے اوسکو چیر کے دیکھنا اور آنت کو
دریافت کرنا کہ اوسکا رنگ کالا ہوگا اور ٹھنڈی ہوگی اور وہ جو پردہ پھٹ کے جسمین
آنت گئی ہی اوسکی کور کو دیکھنا کہ اوسکی کور باریک ہی اور وہان "انفلمیشن" آیا ہی یعنے
خون جمع ہوا ہی اوسکی رنگت سُرخ ہوگی اسپر سے دریافت کرنا کہ نیا سُوراخ ہوا ہی اور
زیادہ روز کا پردہ پھٹا ہوا ہی تو اوسکی کور موٹی ہوگی اور وہان "انفلمیشن" نہوگا اسپر سے
دریافت کرنا کہ زیادہ روز کا پھٹا ہوا ہی دوسرا "ڈای فرام میٹک ہرنیان" یعنے اندر پیٹ کے
ایک پردہ ہی وہ پردہ مدھو سے شروع ہوا اور چھاتی مین اگر لگا ہی اور اوس پردہ کے
اندر مُنہہ کیطرف پھیپہہ اور دل رہتا ہی اور اوسکے باہر طرف دُم کے آنت اور کوٹھا
کلیجہ وغیرہ سب ہین اور جو پردہ مذکور درمیان مین ہی وہ پھٹ جاوے اور اوسکے
اندر کوئی چیز پیچھے سے آگے کو چلی جاوے آنت وغیرہ تو اوسکو "ڈای فرام میٹک ہرنیان"
بولتے ہین اور نشان وغیرہ جو "ٹیٹینیرک ہرنیان" مین بیان ہوئے ہین تو اوس مین بھی
وہی ہی مگر اسمین گھوڑا جلدی مرتا ہی اور جب گھوڑا اس عارضہ سے مرا تو اوسکو چاک
کرکے دیکھنا تو اوسکے نشان وغیرہ سب اوّل بیان ہوئے موافق ہونگے مگر ایک

بات یہہ ہوگی کہ کوئی بیماری کے سبب گھوڑا گر گر کر "تینسنٹرک" یا "ڈای فرام" پھٹ جاتا ہے
تو اوسمین تمیز کرنا چاہئے اوپر لکھے موافق پردہ کی قور باریک ہوگی اور آس پاس
اوسکے "انفلمیشن" آویگا کیونکہ نیا پھٹا ہوا ہی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑا مرگیا
اور رات بھر یا دن بھر وہ پڑا رہا تو اوسکا پیٹ دُم آنت پھول کر یہہ حرکت آجاتی ہی
یا کہ پیٹ پھول جاوے گر گر پسے تو اوسمین بھی یہہ حرکت آجاتی ہی اور اگر زیادہ روز کا پھٹا
ہوا پردہ ہی تو اوسکی قور موٹی ہوگی اور اوسکے آس پاس "انفلمیشن" نہوگا اِسقدر اُسکی
دریافت کرنا اور یہہ دونوں بیماریون کو علاج نہین ہی تیسرا "ونیٹل ہرنیا" یہہ باہر کیطرف
ہوتا ہی اور نمونہ اوسکا ایک گول کیطور پر ہوتا ہی اور اکثر کونک کے پاس ہوتا ہی اُسکی
ابتدا اسقدر ہی کہ گھوڑا اولٹ کے گرے اور وہان ڈام یا کوئی میخ ہووے تو اوسکے سبب
ہوتا ہی یا کہ گائی یا بھینس سینگ مارے تو اوسکے سبب ہوتا ہی ولایت مین اکثر ایسا
ہوتا ہی کہ گائی بھینس گھوڑے وغیرہ سب ایک جائے چرنے چھوڑتے ہین تو اوسمین سے
کوئی جانور سینگ مار دیتا ہی تو اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہی یا کہ نالا یا ٹٹی کودتے
وقت کوئی لکڑی لگے یعنے گھوڑا پار نجا سکا اور درمیان مین رہگیا تو اوسکے سبب یہہ
حرکت ہوتی ہی یہہ سبب اوسکے پیدایش کے ہین اور نشان اوسکے کل ظاہر ہین اور پیٹ کے
اوپر "مسّل" اور "پیلا لگمنٹ" ہی وہ پیٹ کی حفاظت کرتا ہی اور اوسکی خاصیت اسقدر ہے
کہ جسقدر "زبر" ہوتا ہی اگر کوئی مارے تو سمٹ جاتا ہی اور زیادہ زور کی ضرب لگی تو
اندر سوراخ ہوجاتا ہی یعنے "مسّل" مین اور آنت اگر اوپر کے چمڑے مین رُکجاتی ہی اور اُسکا
نمونہ اوپر بیان کیا ہوا ہی کہ بطور ایک گولہ کے معلوم ہوگا اور نرم اور اُنگلی سے دباؤ گے
تو اندر اُنگلی جاویگی یعنے سوراخ کے منہہ پر بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ وہ گولہ اپنی جگہہ
چھوڑکر نیچے لٹک جاتا ہی اوسکے وزن سے اور سوراخ اوپر رہتا ہی اِس سے گھوڑیکو
نقصان نہین ہی مگر دیکھنے مین بدنما معلوم ہوتا ہی بعضے لوگ کہتے ہین کہ "انفلمیشن" اگر
یہہ گولہ ہوا ہی بعضے لوگ کہتے ہین کہ "ٹیومر" کے سبب یہہ ورم آیا یہہ برابر نہین اوسکی
دریافت اوپر جو بیان کیا ہی کہ نرم ہی اور اندر اوسکے اونگلی جاتی ہی اور اوسکا سوراخ
دیکھنا یہہ برابر ہی اور یہہ حرکت گھوڑے مین کمتر ہوتی ہی گائی بیل مین اکثر ہوتی ہی جسکو
امتحان کرنا منظور ہی تو گائی بیل مین دیکھلیوے بعضے نشتر سے چیرتے ہین لیکن
یہہ برابر نہین ہی اور فائدہ بھی نہین ہی بلکہ نقصان ہوگا اور اوسکا علاج مُشکل ہے
اگر شروع مین اوسکا علاج کیا تو فائدہ جلدی ہوتا ہی اور علاج کرنا تو اسقدر کرنا

ایک کپڑا لیکر اوسکی گھڑی کرنا اور چوڑی گھڑی ہووے وہ لیکر اوسکے اوپر باندھنا مگر
زور سے کہ سر کے نہین اگر اسقدر چند روز اوسکا بند و بست کیا تو انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ
ہوگا یا کہ "سر سنگل" باندھنا "سرسنگل" یعنے فراخی یا کہ کپڑیکی تین چار گھڑی کرنا اور اوسکے اوپر
رکھکے اوپر سے دوسرا کپڑا چوڑی گھڑیکا ہووے وہ باندھنا اِس سے اچھا ہوگا یا کہ جسقدر
سر کو بال باندھتے ہین اوسقدر اوسکو سُتلی سے باندھنا مگر اوّل اوسکو ایسا کرنا کہ اُسکے
اندر آنت کو دیکھہ لینا نہین تو نقصان ہوگا اوّل آنت کو اندر سرکا کے بعد اوس چمڑے مین
سُتلی خوب زور سے باندھنا اور ہر روز اوسکو تنگ کرتے جانا ایک عرصہ تک اسقدر
بند و بست کیا تو فائدہ ہوگا اور وہ گولہ خُشک ہو جاویگا مگر اسقدر بند و بست شروع مین ہُوا
تو فائدہ ہوتا ہی اور جب بڑا ہوگیا ایک مدت سے وہ ہی تو اوسکو فائدہ نہوگا بعضے لوگ اُسکو
داغ دیتے ہین مگر داغ سے فائدہ نہین ہوتا ہی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ آر پار سوراخ ہوجاتے
اور آنت باہر نکل آتی ہی اوسکو اِسقدر بند و بست کرنا کہ جلدی سے آنت کو صاف کرکے
اندر پیٹ کے آہستہ سے داخل کرنا بعد اوپر کی چمڑی مین ٹانکے لگانا اور اوپر کاربلک اسڈ کا
تیل لگانا اور ایک کپڑا گھڑی کرکے اوپر سن رکھکر باندھنا کھانا نرم دینا بھوسا اور ہرا گھانس یا لہسن گھانس
مگر تھوڑا زیادہ نہین دینا بعضے وقت اوسمین نقصان ہوتا ہی کہ کوئی نوکدار چیز میخ یا کانٹا لگجاوے
تو اوسمین نقصان آتا ہی نہین تو اوسکو نقصان نہین ہوتا ہی فقط بدنما معلوم ہوتا ہی چوتھا
اُسکروٹل ہرنیا" وہ ہی جو آنت اندر فوطہ کے آوے اور "اُسکروتم" اوسکو کہتے ہین کہ جسمین
فوطے رہتے ہین یعنے فوطونکی تھیلی اور اکثر یہہ بیماری نر گھوڑیکو ہوتی ہی آختہ کو نہین ہوتی ہی
کیا سبب کہ وہ جو رستہ آنت آنیکا ہی وہ بند ہوجاتا ہی اور وزن نہین پڑتا ہی جو راستہ
کھُلا رہے جب فوطے قایم ہوتے ہین تو اوسکے وزن سے وہ رستہ بڑا ہوتا ہی اور ہمیشہ کھُلا
رہتا ہی اسواسطے آنت اندر فوطے کے آتی ہی اور اکثر یہہ بیماری گرمی کے موسم مین ہوتی ہی کیا
سبب کہ ہر ایک چیز جسم کی ڈھیلی ہوتی ہی اِسواسطے اور سبب ہونیکا یہہ ہی کہ بروقت لوٹنے کے اکثر
آنت اندر فوطے کے سرکجاتی ہی کیا سبب وہ یہہ ہی کہ محنت کرکے گھوڑا آیا اور اوسوقت اُسکو
پانی پلایا بعد تھوڑی دیر کے وہ لوٹ گیا تو اوسکے سبب آنت اندر فوطے کے چلی جاتی ہی کیا سبب
کہ گھوڑیکا پیٹ خالی ہی اور اسنے پانی پیا تو آنت نرم ہوتی ہی اور اندر اوسکے پانی پہنچا تو وہ حالت
لوٹنے مین مانند سانپ کے پھسل جاتی ہی اسواسطے یہہ حرکت ہوتی ہی یا کہ جہاز مین گھوڑا چڑہاتے
وقت جھولی لگاتے ہین تو اوس حالت مین پیٹ پر زور پڑکے اندر فوطہ کے چلی جاتی ہی یا جہاز
مین سے اوتارتے وقت بھی یہہ حرکت ہوتی ہی اور بعضے گھوڑا ایسا ہوتا ہی کہ جب اُسکو جھولی

لگاتی تو وہ لاتین مارتا ہی سستی کرتا ہی اور اوسکا پیٹ خوب بھرا ہی تو اکثر یہہ حرکت ہوتی ہی اوٹھتے
اوٹھتے وقت اور چڑہاتے وقت گھوڑیکو کھانا اور پانی کچھہ نہین دینا بھوکھا رکھنا پیٹ خالی ہوگا تو
یہہ حرکت نہوگی اور نشان اِس عارضے کے مُوافق کُرکُریکے ہوتے ہین مگر کُرکُری مین یعنے وقت آرام
مِلتا ہی لیکن اِسمین آرام نہین ملتا ہی اور گھوڑا ہر وقت منہہ پھیرکر طرف پیٹ کے دیکھتا ہی اور
جس فوطہ مین آنت [illegible] کی آمد ہوتی ہی تو وہ نیچے اوپر ہوتا ہی اور اوسکے اوپر پسینہ آتا ہی اور وہ
بہت سخت ہوتا ہی یعنے وقت اور بیماری مین بھی یہہ حرکت ہوتی ہی فوطہ سخت اور اوسکے قبل فقط
اوسی فوطہ پر پسینہ آتا ہی اسواسطے ایک ترکیب دریافت کرنیکی اور ہی وہ یہہ ہی کہ ہاتھہ کو تیل لگاکے
اندر سیاغرینیکے داخل کرنا اور وہان دیکھنا کہ آف ڈامی منورینگ کے اندر آنت آئی ہی یا نہین اور
یہہ سوراخ اندر جانگھ کے ہوتا ہی آنت آنیکا رستہ اور انگریزی نام اُف ڈامی منورینگ ہی رینگ
کہتے ہین چھلّے کو اور اندر ہاتھہ جب گیا تو وہان ایسا معلوم ہوگا کہ سوئی چیز ہاتھہ کے نیچے ہی تو جاننا چاہیے
کہ بیماری برابر ہرنیان کی ہی اور اگر آنت وہان نہ معلوم ہووے تو دوسری بیماری ہوئی ہی یہہ وہان
ہاتھہ ڈالنے سے معلوم ہوگا جب خوب دریافت کرچکے بعد اوسکا علاج شروع کرنا اگر تھوڑی دیر ہوئی ہی بیمار
ہوکر اور گھوڑا غریب ہی تو اوسکو کھڑی کھڑی اندر سیاغرینیکے ہاتھہ ڈالنا اور ہاتھہ کو تیل ضرور لگانا اور
ناخون بڑھے ہوئے تو اونکو بھی نکالنا بعد ہاتھہ ڈالنا نہین تو اندر زخم [illegible] نقصان ہوتا ہی یعنے زخم
ہو جاتا ہی اور [illegible] اوسکو کہتے ہین کہ جس رستہ سے لید باہر آتی ہی اوسکو جب اندر ہاتھہ ڈالنا
تو دوسرے ہاتھہ سے فوطہ کو اندر دبانا اور اندر والے ہاتھہ سے طرف چھاتی کے سرکانا تو اپنے جا [illegible]
اور سرک جاتی ہی اور اگر زیادہ دیر سے بیمار رہا ہو اور آنت مین پانی بھر گیا تو اوسکو زمین پر اوتارنا
مگر پیٹھہ پر دونون بازو کو ڈونگتیسے لگانا گھانس کے اور ایک تکیہ پیٹ کے نیچے لگانا اور ہاتھہ کو تیل لگاکے
اندر سیاغرینیکے ڈالنا اور دوسرے ہاتھہ سے اندر دبانا اسقدر بندوبست کیا تو آنت اندر چلی جاویگی
اور اگر نجاوے تو یہہ ترکیب کرنا کہ فوطہ کو چیرنا اور اندر ایک بسٹوری ہو یا ہرنیان کا نشتر اگر ہرنیان کا نشتر
ہی تو اوسکو اسقدر تیار کرنا کہ زیادہ نہ کٹے اور اوسکو اُسکروٹ ہوتا ہی اگر یہہ نشتر نہو تو بعد بسٹوری کو
سن لگانا اور فقط کاٹنے کی جگہہ کھلی رکھنا بعد اندر اونگلی ڈالنا اور رستہ کو دریافت کرنا بعد اوس
رستہ سے اونگلی کے ساتھہ نشتر کو لیجانا اور باہر کیطرف چیرنا اگر اندر کیطرف چیرے تو نقصان ہوگا وہان خونکی
نسین ہوتی ہین اسواسطے اوسکا خیال ضرور رکھنا جب چیر چکے بعد آنت کو اندر سرکا دینا اگر یہہ نشتر
اوتنا کفایت نہ کرے تو باہر نکالکے بڑھانا نہین تو نقصان ہوگا اسواسطے باہر نکالکے بڑھانا بعد اندر لیجاکر
کاٹنا اور جب وہ رستہ بڑا ہو جاوے تو آنت کو اندر سرکا دینا بعد اوس فوطہ کو اختہ کرنا اور بعد
اختہ کرنیکے اوسکے اوپر قینچی بانس کی لگانا سُتلی باندھنا دو روز تک رکھنا بعد قینچی کاٹنا اور گھوڑیکا سر اوپر

باندھنا کھانا وغیرہ کل اوپر دینا اور کھانا نرم دینا بھوسہ ملیتس بناکے اوبسن گھانس یا ہرا گھانس دوسرا
کچھہ نہین دینا آگے کے پاؤن مین گرہ بنانا تاکہ آگے نیچا ہو اور پیچھے اونچا اوسکے پیٹ کا جھوک آگے کیطرف
رہے اور کچھہ نشہ کی دوا دینا بعد چار روز کے اوسکا سر چھوڑ دینا اور جسقدر احتیاط گھوڑیکا بند و بست
کرنے مین اوسموافق اوسکا بھی کرنا یعنے گرم پانیسے دونون وقت سینکنا اور اندر پیپ آنیکی دوا لگانا
بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ آنت فوطہ مین آتی اور اوسکو ہاتھہ ڈالکے بٹھاوے بعد اوسکا ایسا بند و بست
کرنا کہ بار دیگر یہہ حرکت نہو اوسکا علاج اور بند و بست ایسا ہی کہ اختہ کرنا اگر مالک کی خوشی نہین ہی کہ
اختہ نہو اور اوسکو اوتو بنانیکا ہی تو ایسا کرنا کہ گھوڑیکو کھول دینا آہستہ آہستہ تھانپر لیکر جانا اور پچھاڑی نہین لگانا
تھان مین کھلا چھوڑنا فقط سر اوپر باندھنا اور کھانیکا بند و بست وغیرہ اوپر بیان کیا اوسموافق رکھنا
اور اگر اختہ کرنیکا ہی تو اوسیوقت اختہ کرنا مگر جس فوطہ مین آنت آتی ہی اوسی فوطہ کو نکالنا دوسریکو نہین
کیا سبب کہ دوسرا فوطہ اختہ کرنا تو اوسمین دیر ہوتی ہی اور گھوڑیکو تکلیف زیادہ ہوتی ہی اسواسطے نہین
کرنا بہت اچھا ہوئیکے اوس فوطہ کے دوسرے فوطہ کو اختہ کرنا اور جس مین کہ آنت آتی ہی اوس فوطہ کو بروقت
اختہ کرنیکے وہ جو کہ تین پردے فوطہ پر ہوتے ہین اونمین سے دو پردہ اوپر کے کاٹنا اور ایک پردہ نیچیکا
چھوڑ دینا بعد پھیلی ۲۴ روز تک رکھنا بعد ۲۰ روز کے کاٹنا اور کچھہ نشہ کی دوا پلانا جیسا کہ ٹنچر اوپیم ایک
اونس یعنے اوسکو پانی کے ساتھہ یا کہ افیون ایک ڈرام سے دو ڈرام تک گولی بناکے کھلانا بعضے
لوگ اس بیماری مین فوطہ پر ٹھنڈا پانی چھڑکتے ہین بعضے لوگ بانڈیس باندھتے ہین یہہ بند و بست بھی
بہتر ہی جس موافق نظر مین آوسے اوسموافق کرنا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ فوطہ مین آنت آتی اور
بہت محنت کی اور اندر نہین جاتی اوسمین پانی بھر گیا ہی تو وہ ایسی ہوگی کہ کالی اور ٹھنڈی تو جاننا چاہیئے
کہ اوسکی امید اچھے ہونیکی نہین ہی اوسکا باعث یہہ ہی کہ اف دای سپرمیٹک مین اسپیزم آجاتا ہی
باعث درد کے اور تکلیف اور آنت کو خوب مضبوط پکڑ لیتا ہی اوسکو نام دیا ہی اسٹرینگ لیٹ ہرنیا
جب ایسا ہوا تو اوسکا اسقدر بند و بست کرنا افیون دینا یا ٹنچر اوپیم دینا یا کلورای فارم دینا اسقدر کہ کبھی نشہ کی دوا پلانا تاکہ
اوسکو نشہ آوسے جب نشہ آویگا تو وہ اف دای سپرمیٹک کا مسل یعنے اوسکا گوشت ڈھیلا ہوگا اور
آنت اندر چلی جاویگی یا کہ گرم پانی کی پچکاری لگانا اوسکے سبب سے بھی اندر گرمی پہنچتی ہی اور فائدہ ہوتا
اور جسقدر نشہ کی دوا پلاتے ہین اسقدر پچکاری سے اندر ساغر کے داخل کرنا کیا سبب کہ اندر ہاتھہ
ڈالنے سے زخم کو نقصان پہنچتا ہی اسواسطے پچکاری لگانا فائدہ ہی دیگر ہرنیا ایک اور ہی اوسکا
نام امبلای کل ہی وہ جو بچہ پیدا ہوتا ہی اوسکے ناف مین ایک آنت کا ٹکڑا ہوتا ہی اور وہ نظر
آتا ہی اوسکو یہہ نام دیا ہی اور اوس سے کچھہ نقصان نہین ہی چند روز مین آپ خشک ہوکر گرجاتا ہی
اوسکو علاج معالجہ کرنا کچھہ ضرور نہین ہی فقط

سبق پینتیسوان

گھوڑیکو اخطہ کرنیکا بیان شروع ہی

گھوڑیکو اخطہ کرنیکا فائدہ یہہ ہی کہ گھوڑا شرارت نہین کرتا اور غریب ہوجاتا ہی اور قواعدمین مستی نہین کرتا ہی اور دوسرے گھوڑون سے لڑتا نہین ہی اور گھوڑا گھوڑی دونون ساتھہ برابر نوکری کرتے ہین اور لات نہین مارتے اکثر ایسا ہوتا ہی کہ قواعدمین ایک دوسریکو لات مارتے ہین اور اس لات لگنے کے سبب بہت گھوڑے نقصان ہوجاتے ہین تو اخطہ کرنے سے یہہ فائدہ ہوتا ہی دوسرے سرکار کہین لڑائی کے اوپر بھیجے غنیم کے ملک مین جانیکا کام پڑے تو وہان اخطہ گھوڑیسے بڑا فائدہ ہوتا ہی کیا سبب کہ بولنے والا گھوڑا ہوا اور کہین شب خون پر جانا ہووے تو اوسکی عادت بولنیکی ہی جب وہ بولا تو غنیم کو اوسیوقت معلوم ہوجاویگا اور اخطہ گھوڑا ہی تو کبھی نہین بولیگا اسواسطے اخطہ گھوڑا اچھا ہی اور اخطہ گھوڑیسے بہت فائدے ہین ایک تو یہہ کہ ہمیشہ تیار رہتا ہی اور غریب ہوتا ہی لڑتا نہین لات نہین مارتا اور بہت فائدے ہین نر گھوڑا رکھنا تو فقط اولاد کے واسطے بچے اوتبلنے کو اور اخطہ گھوڑیمین جو حرکت آتی ہی وہ حرکت یہہ ہی کہ جھکتا ہی مگر ایسا نہین کہ ہر ایک وقت جھکے کہین اکیلا جانیکا کام پڑے تو اوسیوقت جھکتا ہی اسواسطے توپخانہ "ڈورگن" مین کل گھوڑے اخطہ مین اور جو نئے خرید ہوتے ہین تو وہ بھی اخطہ کئے جاتے ہین اور اونمین کبھی کچھہ حرکت نہین آتی ہمیشہ سرکار کا کام برابر کرتے ہین اور اکثر توپخانہ مین کل گھوڑے اخطہ توپ کھینچتے ہین اگر کسی کو شک ہووے تو دیکھہ لیوے اور گھوڑا اخطہ کرنا تو نوعمر گھوڑا اخطہ کرنا بہت فائدہ ہی اول تو یہہ بات بہت بڑھکے ہی کہ وہ گھوڑا جلدی اچھا ہوتا ہی اور نقصان کم ہوتا ہی زیادہ عمر کا گھوڑا ہوتا ہی تو اوسکو تکلیف زیادہ ہوتی ہی اور دیرمین اچھا ہوتا ہی اور کم زور ہوتا ہی یہہ بات امتحانکی ہی اور اول اخطہ کرنیکے یہہ بندوبست ضرور دریافت کرنا چاہئیے کہ موسم برابر ہووے بعضے ملک مین کوئی موسم اچھا ہوتا ہی اور کوئی ملک مین موسم خراب ہوتا ہی اور "فریاڑ" یا "سالوتری" یا "ڈاکٹر" اگر دوسرے ملک مین جاوے تو اول یہہ کام دریافت کرنا ضرور ہی کہ موسم برابر ہی یا نہین اگر اپنی عقل سے دریافت کرسکتے ہین تو اچھا ہی نہین تو وہان کوئی آدمی ہشیار اسکام مین ہووے تو اوس سے دریافت کرنا مناسب ہی بعضے موسم ایسا ہوتا ہی کہ اوس موسم مین اکثر بیماری آتی ہی تو اوس موسم مین اخطہ نہین کرنا یا کہ زیادہ گرمی ہی تو بھی نہین کرنا یا کہ سردی زیادہ ہی تو بھی نہین کرنا موافق ہووے نہ زیادہ سردی ہو نہ زیادہ گرمی ہو برابر موسم ہی تو اخطہ کرنا اور ہر ایک ملک کا موسم الگ الگ ہی ایک موافق نہین ہی کیونکہ مین سب موسم ایکسان ہین کوئی بھی موسم مین اخطہ کرنا تو حرکت نہین ہی

٩٤١٦ شروع

اور جس موسم میں جانور کے بال بدلتے ہوتے ہیں اوس موسم میں اخطہ نہیں کرنا کیا سبب کہ
بال بدل ہوتے ہیں تو طبیعت برابر نہیں رہتی اسواسطے اور یہہ بات ہر ایک جانور میں ہے
کہ بال بدل ہوتے ہیں تو مزاج برابر نہیں رہتا بعد اسکے گھوڑیکا مزاج دیکھنا کہ اچھا ہے یا بیمار ہے
تو اوسکا علاج کرنا جب اچھا ہووے بعد اخطہ کرنا اور بعضے جانور کو اکثر سردی کا خلل ہوتا ہے
اور اوسکے باعث نبوبکا پیدا ہوتی ہے اسکا خیال ضرور رکھنا اگر یہہ عارضہ ہووے تو اول اسکا معالجہ کرنا
بعد اچھا ہونیکے اخطہ کرنا اور بعد مزاج دریافت کرنیکے گھوڑیکے جسم کو دیکھنا کیا ہے یا لاغر ہے اسکام میں بہت موٹا بھی
نہووے اور بہت لاغر بھی نہووے موافق ہیئت اور اگر لاغر ہے تو اوسکو چند روز اصطبل میں رکھنا اور کھانا اچھا دینا
تاکہ تیار ہوئے جب لائق اخطہ کرنیکے ہوتا ہے اوسکو اخطہ کرنا اور اگر موٹا ہے تو اوسکو کھانا کم کرنا
بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ اوسکو جلاب دینا پڑتا ہے بعضے گھوڑا ایسا ہوتا ہے کہ اوسکو اوسکا جلاب
دینا اور اکثر کرکے شہر کے گھوڑے کو جلاب دینا ضرور ہے کیا سبب کہ اونکو کھانا زیادہ ملتا ہے
اور اوسکا جسم محنت کا ہے اور نہیں خون زیادہ ہوتا ہے اسواسطے اوسکو جلاب دینا ضرور ہے اور
موٹے گھوڑیکو زیادہ روز لگتے ہیں اخطہ کرنیکے لائق ہونیکو جب گھوڑا برابر ہے اور کچھہ حرکت نہیں ہے تو
اوسکو چار روز تک لسن گھانس کھلانا اور دانہ کے عوض بھوسہ میش بناکے دینا یعنے جو بھگوکے پانی میں
بھگوکے جب اسقدر رکھے اور اوسکی سیدہ نرم ہوتی تو جانا چاہیئے کہ لائق اخطہ کرنیکے ہے اگر اوپر تحریر
کئے کیموافق بند وبست نکیا تو اکثر اخطہ کرنے سے نقصان ہوگا اور یہہ باعث غفلت کا ہے اور غفلت
یہہ ہے کہ موسم نہیں دیکھی اور گھوڑیکو دریافت نہیں کئے کہ اچھا ہے یا بیمار ہے اور بعد اخطہ کرنیکے
اوسکا بند وبست نہیں رکھا تو اوسکے سبب نقصان ہوتا ہے جب اسقدر کل بند وبست وغیرہ
ہوچکا بعد بچھونا بہت بڑا گھانس یا کربی کا بچھانا اور کل سامان جو اخطہ کرنیکا ہوتا ہے یعنے داغنی وغیرہ سوئی
تاگا نشتر ٹھنڈا گرم پانی اور لوہے کی قینچی کو ایک طرف سن لگانا اور صابن تو اول یہہ کل سامان تیار ہوئے
بعد گھوڑیکو زمین پر اوتارنا لیکن اوسمین دو طرح ہیں ایک چتا ایک کردٹ لیکن چتے سے کردٹ بہتر ہے
کیونکہ گھوڑیکو تکلیف نہیں ہے اور جو شخص اخطہ کرتا ہے اوسکو یہہ فائدہ ہے کہ لات کا ڈر نہیں ہوتا ہے
چتا جو کرتے ہیں اوسمین ڈر رہتا ہے کہ گھوڑا پاؤن مارے تو منہہ پر لگیگا اسواسطے کردٹ گرانا تو بائین
طرف گرانا اور پچھلے سیدھے پاؤن میں یعنے گامچی میں ایک جزبہ لگا کے گردن میں سے لیکر باندھنا اور
آگے کے سیدھے پہرسے پر پچھلا سیدھا پاؤن آوے اسقدر باندھنا اور سر کے نیچے نرم کپڑا رکھنا تاکہ آنکھکو
نقصان نہ پہنچے بعد باندھنے کے گرم پانی اور صابن سے فوطہ اور نیزہ خوب صاف کرنا کیا سبب کہ
بعد اخطہ کرنیکے وہاں انفلمیشن زیادہ آتا ہے تو اوس میل کے باعث زیادہ تکلیف ہوتی ہے اور
بعضے وقت اوس میل کے سبب اندر نقصان ہوتا ہے بعد صاف کرنیکے رومال سے خشک کرنا بعد

۲۳۶۵۱۰۸۹۱

دونون فوطے دونون ہاتھونکی اونگلیونسے اوٹھاکے دیکھنا کہ برابر ہین یا کچھ حرکت ہی شاید آنت مین
پانی جمع ہو یا اور کچھ حرکت نہو جب برابر ہی تو اوسمین سے سیدھا فوطہ پکڑنا مگر اوّل یہہ کام کرنا
کہ دونون بیضے کے درمیان مین ایک لکیر ہوتی ہی اوسکے بازو تھوڑے فرق پر نشتر سے چیرنا مگر نشتر برابر
پکڑنا بعضے لوگ نشتر کی نوک سے کرتے ہین بعضے لوگ آخر کو پکڑکے کرتے ہین لیکن یہہ برابر نہین ہے
جب نشتر پکڑنا تو بیچ مین پکڑنا اگر کسیکا ہاتھ کانپتا ہو تو اوسنے اونگلیان فوطہ پر ٹیک دینا تو اوسکے سبب
ہاتھ نہین کانپیگا اور ثابت نشتر فوطہ پر جو رس رہے اِسقدر پکڑنا اگر کروٹ گھوڑا گرا ہی تو اوّل
اوپر کا فوطہ اخطہ کرنا اور اگر چت گرا یا ہی تو اوّل سیدھا فوطہ اخطہ کرنا اور اخطہ کرنیکے بہت طرح ہین
جو طرح جسکے پسند آوے اوسمو افق کرنا بعضے لوگ نسونکے منہہ داغنی سے پکے کرتے ہین بعضے لوگ
نسونکو گرہ تین دیتے ہین بعضے لوگ ریشم سے باندھتے ہین جسقدر پسند آوے اوسموافق کرنا اور
بعضے لوگ اسقدر کرتے ہین کہ اوپر کا چمڑا جو الگ ہوجاتا ہی نسین باقی رہتی ہین تو اونکو بل دیکر آری سے
کرتے ہین اور اوپر جو بیان کیا کہ تین گرہ دیتے ہین تو وہ یہہ ہی کہ خون کی بڑی نس کے آس پاس کا
جو پردہ ہوتا ہی اوسکو ناخن سے الگ کرتے ہین اور انتڑی خون کی بڑی نس ہی اوسکو الگ نکال لیتے
اور اوسمین تین گرہ چھوٹی دیکر چھوڑ دیتے ہین بعضے لوگ اِسقدر کرتے ہین کہ بانس کی قینچی بناتے
ہین اور اوسمین قسم تیزاب کے جیساکہ کُروسس سلیمنٹ یعنے رس کافور اور موم بتی کو خوب باریک
کرنا بعد رس کافور کو باریک کرکے اوسمین ملانا بعد قینچی مذکور مین بھرنا اور ایک سریکو سُتلی باندھنا
اور ایک منہہ کھلا رکھنا بعد وہ نسین جو ہین اوسمین وہ قینچی لگانا بعد وہ جو دوسرا منہہ کھلا
ہوا ہی اوسکو سُتلی باندھنا اسقدر کرتے ہین لیکن اسقدر اخطہ کرنا جناب صاحب موصوف نے
موقوف کیا کیا سبب کہ اوسمین گھوڑیکو زیادہ تکلیف ہوتی ہی اور نسون مین نقصان آتا ہی اُس
نقصان کا بیان آگے آویگا اسواسطے دواکا وزن نہین لکھا اور اول یہہ بند وبست تھا کہ فوطہ کو
مسکہ ہلدی لگا کر رکھتے تھے اور سب چمڑے سمیت قینچی لگاتے تھے تو اوس سے گھوڑیکو بہت تکلیف
ہوتی ہی اسواسطے جناب صاحب موصوف نے اوس طرح کا اخطہ کرنا موقوف کیا اور بروقت
اخطہ کرنیکے جو لوہے کی قینچی لگاتے ہین تو یہہ خیال رکھنا کہ جب گھوڑا جھٹکا دیوے تو قینچی والا ہاتھ طرف
پیٹ کے دبانا اگر نسونکو جھٹکا لگا تو اوسکے سبب نقصان ہوگا اور اندر انفلمیشن آویگا یہہ یاد رکھنا
چاہئے اِسمین یہہ دو طرح اچھے ہین ایک تو داغ دینا دوسری نس کو گرہ دینا اور باقی جو طرح ہی اوسمین ذرا
کہ حرکت ہوگی اسواسطے وہ طرح پسند نہین کئے جب اخطہ کرچکے بعد اوسکا بند وبست اسقدر کرنا کہ
آہستہ آہستہ تھان پر لیجانا اور پچھاڑی نہین لگانا اور دُم باندھنا کیونکہ فوطہ کو دُم مار مار کر خون نکالیگا
اور ایک آدمی مکھی اوڑانے کو مقرر کرنا اور کھانا نرم دینا بھوسہ میش بناکے دینا اور لہسن گھانس

دینا اگر بھوسہ نہ کھاوے تو تھوڑا دانہ اوسمین شامل کرنا مگر اوّل دانیکو نرم کرنا جوش پانی سے اور جھول نہین باندھنا اگر سردی ہی تو رات کو باندھنا اگر کچھ خون نکلے تو ایک توال ٹھنڈے پانی مین ترکرکے اوسکی کمر پر ڈالنا اگر اس سے بند نہو تو ٹھنڈا پانی اوسکے فوطہ پر مارنا اگر اِس سے بھی نہ بند ہوا تو بعد رال باریک کرکے لگانا اور اگر اس سے بھی نہ بند ہو تو جو "پوڈر" تھان پر ڈالا کرتے ہین وہ "پوڈر" لگانا اور اوسکے لگانے سے مکھی بھی نہین بیٹھے گی اور ایسی جگہ باندھنا کہ وہان ہوا زیادہ بھی نہو اور کم بھی نہ ہو موافق ہوا اسقدر بند و بست کرنا بعد تیسرے روز گرم پانی کرکے فوطے خوب سینکنا اور اندر اونگلی ڈالکے جتنا خون جمع ہوا ہی وہ سب نکالنا بعد پانی کی پچکاری مارنا تو اوس سے جو کچھ رہا ہوگا تو بھی صاف ہو جاویگا جب اسقدر صاف کیا تو بعد سینکنے کے کپڑے سے خشک کرنا اور جب خشک کئے تو بعد "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا اور چوتھے روز دیکھنا کہ کچھ پیپ آیا یا نہین اگر پیپ آیا تو اچھا نہین تو اول کے موافق سینکنا اور صاف کرنا اور اندر پیپ آنیکی دوا سن مین ملاکے لگانا وہ دوا یہہ ہی کہ ایک "اونس" "ٹرپنٹ تیل" اور چار "ڈرام" کافور اور چار "اونس" میٹھا تیل یہہ تینون کو ایک جگہ شامل کرنا اور اوّل یہہ دوا کی پچکاری مارنا اور بعد سن مین ملاکے اندر بھرنا اسقدر ہر روز صاف کرنا اور دوا لگانا ایک ہفتہ یہہ دوا لگانا جب خوب پیپ آیا بعد یہہ دوا موقوف کرنا اور صاف کرکے فقط سن اندر بھر دینا اور اوپر سے "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا تو مکھی نہین بیٹھیگی اور دانا بڑھاتے جانا تاکہ طاقت آوے اور باعث درد و زخم کے بخار آتا ہی اور ایک بیماری اور ہوتی ہی "پریٹ نیم" جو پردہ فوطہ پر ہی اور وہ پردہ پیٹ کے اندر بھی ہوتا ہی اوسمین "انفلمیشن" آتا ہی تو اوسکا نام "پریٹانیٹس" کہتے ہین یہہ بیماری جب ہوئی تو اوسکے نشان اسقدر ہین کہ پیٹ سے سانس نہین لیویگا چھاتی سے لیویگا اور کھانا برابر نہین کھاویگا سست کھڑا رہیگا نبض برابر نہین چلیگی چار[۴] وقت برابر چلی تو دو[۲] ڈھک بند رہیگی پھر چلیگی اور ابتدا بیماری مذکور کی اسقدر ہی کہ سردی زیادہ لگے یا بارش مین بھیگے یا موسم بدل ہووے یا کہ پانی سے سینکنا اور خشک نکیا اور اوس حالت مین ہوا لگی ایسے ایسے بہت سبب ہوتے ہین بعضے وقت "لاک جان" یعنے چاندنی اثر کرتی ہی علاج "پریٹانیٹس" کا یہہ ہی کہ دن مین دو[۲] یا تین[۳] وقت پچکاری لگانا اور یہہ دوا دینا "اسپریٹ ایتھر نیٹرس" ایک "اونس" "کیمفر" یعنے کافور ایک "ڈرام" چھے "اونس" پانی کے ساتھ ملاکے پلانا اور اندر مکان کے باندھنا ہوا مین نہین باندھنا یا دھوپ زیادہ ہو وہان بھی نہین باندھنا اور لید دیکھنا کہ سخت ہوتی تو اوسکو السیکا تیل بارہ[۱۲] "اونس" پلانا اور اگر گھوڑا کم زور ہی تو اوس سے کم دینا اس سے لید پتلی ہوگی اور پیٹ صاف ہوگا اور یہہ بیماری اخطہ ہونیکے بعد تین[۳] یا چار[۴] روز تک ہوتی ہی آخر درجہ آٹھ[۸]

روز تک ہی اگر اس عرصہ مین نہ آئی تو بعد نہ آویگی اور ایک نشان یہہ ہی کہ پیپ اچھا آیا تو یہہ بیماری نہین ہوتا ہی اور بعضے ملک مین چاندنی کی بیماری ہوتی ہی اور بعضے مین نہین ہوتی ہی اور جس جاگہہ پر یہہ بیماری آنیکا ڈر ہی تو وہان یہہ بند وبست کرنا کہ کوئی دوا "ٹانک" یعنے ماضمہ کی دینا اور اوسمین کچھ نشہ کی دوا شامل کرکے دینا تاکہ درد کی تکلیف نہ معلوم ہووے اور یہہ دوائیان نشہ کی ہین افیون یا بلڈانہ یا کافور یا چرس انھین سے کوئی بھی شامل کرکے دینا بعد تھوڑے روز کے دیکھنا کہ اوسکی لید دنت ہوگی کیا سبب کہ افیون کی یہہ خاصیت ہی کہ گرمی کرتی ہی اوسکے سبب آنت مین خشکی آتی ہی اوسکے واسطے یہہ علاج کرنا کہ دو ڈرام "نیٹر" یعنے شورا اور ایک ڈرام "الوز" یعنے ایلوا یہہ دونون کی گولی بناکے دینا مگر ایک روز آڑ تاکہ لید بھی نرم ہووے اور گھوڑیکے مزاج مین کمزوری نہ آوے بعضے وقت "کبڈ اپریشن" یعنے فوطہ پرکے چڑیمین کسی سبب سے "انفامیشن" آوے وہ پردہ چپٹ جاوے اور پر فوطہ کے اوسکو اخطہ کرنا تو حفاظت سے کرنا یعنے اوپر فوطہ کے جو نسین ہین وہان نشتر سے کھڑا چیرنا اور اندر اونگلی ڈالکر نسونکو باہر نکالنا بعد اس پردہ کو کاٹ ڈالنا اور جس موافق مناسب جانے اوس موافق اخطہ کرنا اور بعد اخطہ ہونیکے یہہ حرکتین اور ہوتی ہین کہ اندر فوطہ کے خول مین نسین جم جاتی ہین اوسکا سبب یہہ ہی کہ اندر اونگلی ڈالکے صفا نہین کرتے اور وہان "انفامیشن" آنیکے سبب بازو کو جم جاتی ہین اور اکثر کرکے جو لکڑی کی پچی لگاتے ہین اور نسین اوسمین دبی رہتی ہین اور وہ سخت ہو جاتی ہین اوسکے سبب بد گوشت بھی بڑھجاتا ہی اور یہہ حرکت ہوتی ہی بعضے وقت نس مین گرہ رہجاتی ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ اخطہ کرتے وقت کوئی صاحب ریشم کا تاگا باندھتے ہین اور وہ اوسقدر رہجاتا ہی تو اوس سے بھی یہہ حرکت ہوتی ہی یا داغ دینے مین داغنی کو صاف نہین کرتے اور اوسکے اوپر کی کھپلی اندر رہجاتی ہی اور لوہے کا یہہ خاصہ ہی کہ جب اوسکو آگ مین ڈالو تو اوسکے اوپر کھپلیان آتی ہین اور وہ کھپلی اندر رہجاتی تو یہہ حرکت ہوتی ہی اوسکا نشان اسقدر ہی کہ اندر گرہ ہوتی ہی اور پیپ آتا ہی جسقدر ناسور ہوتا ہی اوسموافق اوسمین سے پیپ آتا ہی اسقدر ہو تو اوسکو چیرکے نکالنا اور بعد دوا "کاربلک اسڈ" اور تیل لگانا انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا فقط

سبق چھتیسوان

کلیجہ کی بیماری وغیرہ کے بیان مین

کلیجہ بطور ایک "گلینڈ" کے ہی اور کام اوسکا یہہ ہی کہ خون مین سے پتے نکالنا اور اوسکا رنگ الگ ہی کالا لال اور اگر کوئی دریافت کرے تو "بابیڈس الوز" کو دیکھ لیوے اوسکا رنگ

موافق کلیجہ کے ہوتا ہی اور اوسمین تین درجے ہین ایک تو سیدھے طرف اور ایک بائین طرف
اور ایک بیچ مین ایسے ہین جو سیدھے طرف ہی تو وہ تھوڑا بڑا ہی اور بائین طرف اوس سے چھوٹا ہے
اور بیچ مین کا دونون سے چھوٹا ہی اور این درجونکو نام دیا ہی "لوب" اسکا مطلب یہہ ہی کہ بطور
زبان کے اوسکا نمونہ ہی اسواسطے اوسکو یہہ نام دیا ہی اور اسکے اوپر ایک پردہ ہوتا ہی
اور اوس قسم کا پردہ اور جگہہ بھی ہی اور اوسکا نام "پریٹانیم" ہی اور کلیجہ کے اوپر جو اوسکا
نام "کیاپ شو میمرین" ہی اور پتہ خون مین سے نکلا تو اوسکا رنگ ہرا ہوتا ہی اور اوسکے موافق
کڑوی چیز کوئی نہین اور اس پتہ کو "گال" بھی کہتے ہین اوسکا کام یہہ ہی کہ کھانا ہضم کرتا اور اگر زیادہ
ہوا تو اوسکے سبب دست ہوتے ہین اگر کم ہوا تو گھوڑا لاغر ہوتا ہی کھانا ہضم نہین ہوتا اور یہہ
"گلینڈ" بڑا ہی کلیجہ اور پھیپھسہ دونون مین بھائی بندی ہی اگر ایک مین درد آیا تو دوسرے مین بھی آویگا اور
گھوڑیکو پتہ کی تھیلی نہین ہی آدمی اور دوسرے جانور کو پتہ کی تھیلی ہوتی ہی اور گھوڑیکا پتہ جب بنا
تو اوسوقت چلا جاتا ہی رہتا نہین اور کلیجہ کی بیماری آدمی مین زیادہ ہوتی ہی اور گھوڑے مین کم ہوتی ہے
اور گھوڑے مین ہوتی ہی تو "کرانک" ہوتی ہی اور آدمی مین دونون ذات کی ہوتی ہی بعضے لوگ ایسا
کہتے ہین کہ گھوڑے مین "اکیوٹ" ہوتی ہی مگر آج تک نظر سے دیکھنے مین نہین آئی اکثر ایسا ہوا "کرانک"
دیکھنے مین آتی ہی اور آدمی کو جو ہوتی ہی تو اوسکا سبب یہہ ہی کہ اکثر گورے لوگون مین دیکھنے مین بہت
آتی اور کمتر کالے لوگون مین اوسکا سبب یہہ ہی کہ ولایت بہت ٹھنڈا ملک ہی اور وہان غذا گرم
کھاتے ہین تو اچھا معلوم ہوتا ہی اور وہ لوگ اس ملک مین آتے ہین اور وہی غذا گرم قایم رکھتے
ہین جیساکہ شراب مرچی وغیرہ اسقدر کھاتے ہین اور محنت وغیرہ نکرتے تو اوسکے باعث کلیجہ مین
"انفلمیشن" آتا ہی بعضے وقت "ایبسس" ہوتی ہی بعضے لوگ کہتے ہین کہ گھوڑیکے کلیجہ مین "ایبسس" ہوتی
ہی تو یہہ بھی آجتک دیکھنے مین نہین آئی مگر "کرانک انفلمیشن" تو دیکھنے مین آیا ہی اور بروقت لڑائی
ابی سینیہ کے فوج سرکار بہادر کی گئی تھی سنہ ۱۸۶۷ عیسویہ مین تو وہان تھوڑے گھوڑون کو یہہ بیماری
ہوئی تھی اور کچھ گھوڑے نقصان ہوگئے اور باقی اچھے ہوئے تو بیماری آنیکا سبب یہہ ہی کہ وہان
کھانا گرم ملا اور موسم گرم تھا آب و ہوا بدل گئی اور زیادہ سردی ہونے سے بھی یہہ بیماری ہوتی ہے
اکثر اس سبب سے بیماری پیدا ہوتی ہی دھوپ زیادہ ہی اور گھوڑا دھوپ مین بندھے تو اوسکے سبب
ہوتی ہی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ خوراک زیادہ کھاتا ہی اور محنت کچھ نہین کرتا تھان پر بندھا رہتا ہے
اور ایک دم کام پڑے تو اوسکے سبب ہوتی ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ سست کھڑا رہتا ہی دانا
گھانس برابر نہین کھاویگا منہہ پیلا اور آنکھہ کے اندر کا پردہ پیلا ہوگا اور جسم روکھا ہوگا اسمین
مین چمک نہوگی اور روان کھڑا ہوگا نبض سخت اور تھوڑی بڑی ہوگی اور اوسکا کام اول سے

زیادہ ہوگا مگر تھوڑا اور سید سے کونکہ کے پسلی کے پاس وہان تھوڑا ورم ہوگا مگر ورم جب آتا ہے
کہ زیادہ روز کا درد ہوتا ہے تب اور اوسکو ہاتھ سے دبا کے دیکھنا تو مانیگا اور سید سے پاؤن سے
لنگ کرتا ہے مگر اوس لنگ مین تمیز یہہ ہے کہ اور کوئی جگہہ باعث درد یا چوٹ وغیرہ کے نہو بعد
تصور کرنا کہ کلیجہ کے درد کے سبب لنگڑا تا ہے اور اسکا نشان یہہ ہے کہ لید کریگا تو باریک لینڈی
ہوگی اور چکنی اوسکے اوپر کچھہ آون ہوگی اور تھوڑی سفیدی ہوگی اور بخار آویگا اور اوسکو نام
دیا ہے "بلیری فیور" یعنے پتّے کی تپ اور لنگڑا ہونیکا سبب تو امتحان کیا گیا ہے اتنے سبب ہین اور
نشانات کل برابر ہین بعد دریافت کے اوسکا بند وبست کرنا اگر دھوپ ہے تو سایہ دار جگہہ مین باندھنا
اور اگر سردی ہے تو اندر مکان کے باندھنا مگر ہوا نہ بند ہو تھوڑی ہوا آوے اور ہوا کے
مونہہ پر نہین باندھنا اور کھانیکو بدلنا نرم کھانا دینا جب اتنا بند وبست ہوا بعد دوا دینا "ٹارٹریٹ"
دو ڈرام "نیٹر" یعنے شورا "آلوز" یعنے ایلوا ایک ڈرام "کیالومیل" پانچ "گرین" ان سب کی گولی
بنا کے دینا ایک فجر ایک شام کو جب تیسری گولی دینا تو "آلوز" بند کرنا اِس سے لید نرم ہوگی
اور کلیجہ اپنا کام جاری کریگا اور "کیالومیل" کی گنتی کرنا کہ ایک ڈرام سے زیادہ نہو بارہ گولی تک
ایک ڈرام کفایت کرے اِسقدر اول بند وبست کرنا کیا سبب کہ "کیالومیل" کلیجہ پر زور کرتا ہے
اور زیادہ دئی تو نقصان ہوتا ہے نقصان یہہ ہے کہ منہہ آویگا کھانا نہین کھاویگا دانت ہلنے
لگینگے اور رال جاویگی اور بہت نقصان ہین جب اتنا بند وبست کیا اور فائدہ نہوا تو بعد
اوسکے سید سے طرف پسلی پر "بلسٹر" لگانا جب اوسکو آرام ہوگا تو کیونکر دریافت کرنا کہ اسکو
فائدہ ہوا اور اوسکی شناخت اسقدر ہے کہ نبض مین فرق ہوگا یعنے اوّل کے موافق نہین چلیگی
اور مزاج اچھا ہوگا کھانا برابر کھاویگا منہہ کا رنگ بدل جاویگا پیلا پنا جاتا رہیگا جب اسقدر
معلوم ہووے تو اوسکو "ٹانک" دوا دینا یعنے ہضم ہونیکی اوس سے طاقت آویگی اور کھانا خوب
کھاویگا اور اِس بیماری والے گھوڑیکو چرائتے کی چا بہت فائدہ کرتی ہے وہ دیا کرنا ایک "اونس" فجر کو
اور ایک "اونس" شام کو بعضے لوگ گولی خشک چرائتے کی بنا کے دیتے ہین اور گولی بنانا تو دو ڈرام
چرائتہ اور ایک ڈرام "کاربنٹ آف امونیات" اور بعضے وقت ایک ڈرام "آلوز" شامل کرتے ہین
جو کچھہ کہ بیماری کی حرکت ہوگی تو اِس سے نکل جاویگی اور "آلوز" اسواسطے دیتے ہین کہ لید صاف
آوے اور لید صاف جب آئی تو مزاج مین فرق ہوتا ہے جب اتنے بند وبست کئے تو انشاء اللہ
تعالیٰ اچھا ہوگا بعضے وقت کلیجہ بڑا ہوجاتا ہے اسکو نام دیا ہے "ٹیرپ لیور" اور وزن مین سات
"پونڈ" ہوجاتا ہے اور اچھا ہے تو گیارہ "پونڈ" کا ہوتا ہے اور اتنا بڑا ہوجاتا ہے مگر گھوڑے کو
کلیجہ سے کچھہ تکلیف نہین ہوتی اتنا ہوتا ہے کہ گھوڑا لاغر ہوجاتا ہے اور پسلی پر ورم آتا ہے مگر

اور کوئی نشان نہین ہی فقط ایک نشان اور ہی وہ یہہ ہی کہ زبان پر باریک پھنسیان اوٹھتی
ہین اونکا رنگ سپید ہوتا ہی جب دریافت کرنا تو اس نشان سے دریافت کرنا تو معلوم ہوگا کہ
فلانی بیماری ہی اور اسکا علاج نہین ہی بعد مرنے گھوڑیکے اوسکا پیٹ چاک کرکے دیکھنا تو
کل حال اوسکا معلوم ہوگا بعضے وقت "پین کریاس گلینڈ" مین جسقدر کہ "لیور گلینڈ" ہی اوسمو فقت
یہہ بھی ہی اور اسمین پانی رہتا ہی جس سے کھانا ہضم ہوتا ہی وہ اور اوسکا رنگ سفید ہی
اور ٹھکانہ اوسکا "کولن" کے نزدیک ہی "کولن" ایک بڑی آنت ہی اور "گلینڈ" مذکور مین کچھہ بیماری
نہین ہوتی فقط ایک بہنے کی بیماری ہوتی ہی اگر کسی کو دیکھنا منظور ہو تو گھوڑا مرنیکے بعد پیٹ
چیرکر دیکھہ لیوے "اسپلین" یعنے تلی یہہ کوٹھے کے نزدیک ہی اور اسکا رنگ ہرا ہی اوسمین بیماری
کم آتی ہی اور آتی ہی تو اس ملک کے لوگون مین آتی ہی اوسکو نام دیا ہی تاپ تلی اور وہ بڑی
ہو جاتی ہی اصل وزن اوسکا ستائیس ۲۷ "اونس" کا ہوتا ہی جب اوسمین حرکت آتی ہی تو دس ۱۰
یا بائیس ۲۲ "پونڈ" کا وزن ہو جاتا ہی اور کام اوسکا یہہ ہی کہ اوسمین خون جمع رہتا ہی جو جسم سے
پھرکر واپس گیا تو اوسمین رہجاتا ہی اور جب کام پڑتا ہی تو جسم کو تقسیم ہو جاتا ہی بطور امانت کے
ہی جب کام پڑے واپس لیوے اسقدر ہی معلوم ہووے فقط

سبق سینتیسوان

"کڈنی" کا بیان یعنے گردیکا

"کڈنی" یعنے گردہ جب کہ گردیمین درد پیدا ہوتا ہی اوسکی تفصیل نیچے لکھے کے
موافق ہی یہہ بطور ایک "گلینڈ" کے ہی اور اوسکا کام یہہ ہی کہ خون مین سے پیشاب نکالنا اور
گردے ۲ دو کمر کے نیچے ہین سیدھے طرف والا تھوڑا بڑا ہی اور ڈاوین طرف والا اوس سے
چھوٹا ہی اور سیدھے طرف والا تھوڑا آگے ہی اور ڈاوین طرف والا تھوڑا پیچھے ہی اور
وزن دونون کا ستائیس ۲۷ "اونس" ہی اور اندر گردیکے بہت چیزین ہین اگر وہ نہ نکلے تو خون خراب
ہو جاتا ہی یعنے بگڑ جاتا ہی اور "یوریا" قسم نمک کے ہوتا ہی باعث خون بگڑنے کے یہہ پیدا ہوتا ہی
اور اندر گردیمین تین ۳ درجے ہوتے ہین ایک تو وہ ہی کہ اطراف سرخ رنگ کا ہوتا ہی اور اسمین
خون سے پیشاب ہیکے نکلتا ہی اور اوسکے نزدیک دوسرا درجہ ہی اوسکا رنگ تھوڑا سرخی مائل
ہوتا ہی اور بیچ مین جو ہی تو اوسکا رنگ سفید ہی اور اوسمین تھوڑا گڑھا ہی اوسکو نام دیا ہی
"کڈنی کا پوس" اوسکے اندر دو ۲ رستے ہین ایک گردیمین سے ایک اور دوسرے گردیمین سے ایک ہی
اور اوسمین سے پیشاب پھوکنی کو جاتا ہی اور اوسکا نام "یوریٹا" ہی یہہ دونون اندر پھوکنی کے

سگئے ہین اور اوسمین دو پردے لگے ہوئے ہین دونون مین اون دو پردونکا یہہ کام ہی کہ جو چیز اندر آوے اوسکو آنے دینا مگر اندر سے باہر جاوے تو اوسکو واپس جانے نہین دینا اور وہ جو اوسکے اندر بیماری پیدا ہوتی ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ ہوا برخلاف چلے یا سردی کھا زیادہ ہو یا بعضے وقت دوا سے وہان "انفلامیشن" آتا ہی اور وہ دوا یہہ ہی جس سے حرکت آتی ہی جیسا "فلاتی" یعنے کتھو اسکے یا "ٹرپن" تیل یہہ دوا کی خاصیت ہی کہ جسم پر لگاؤ تو یا کھلاؤ تو اوسکا زور گردے پر ہوتا ہی اور پیشاب زیادہ ہوتا ہی اور بعضے ہوا "ٹراٹ" یعنے کلی کرتے وقت اوپر نیچے سے بین اور پیٹھ کی مالش کرتے گوشت کو جھٹکا لگتا ہی تو اوسکے سبب وہان انفلامیشن آتا ہی اب کل نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا کھڑا رہتا ہی تو پچھلے پاؤن کو کشادہ رکھتا ہی بوقت چلنے کے تکلیف ہوتی ہی اگر چلاؤ تو آہستہ چلیگا اور پاؤن پھیلا کے رکھیگا اور جسم پر پسینہ آویگا نبض تیز چلیگی ستر یا اسی وقت ایک منٹ مین چلیگی اور پیشاب کریگا تو اوسکے ساتھ تھوڑا خون آمیز آویگا اور بعضے وقت پیشاب نہین ہوتا ہی اور یہہ درد شروع مین معلوم نہین ہوتا جب بیماریکا زور ہوا تو پیشاب بند ہوتا ہی تو یہہ جاننا چاہیئے کہ اوسکے کام کو حرکت ہوئی اسواسطے پیشاب نہین کیا اور کام اوسکا یہہ ہی کہ خون مین سے پیشاب نکالنا اور کمر کے اوپر ہاتھ سے دبا کے دیکھنا تو مانیگا اور اندر ساغریکے ہاتھ ڈالکے دیکھنا تو وہان گرم معلوم ہوگا اگر ہاتھ ڈالنا تو اسقدر اول بندوبست کرنا کہ ناخون دیکھنا اگر بڑے ہون تو نکالنا اور ہاتھ کو تیل لگانا بعد ہاتھ اندر ڈالنا جب ہاتھ اندر گیا تو وہان پھرانا ہتیلی اوپر کرنا جو وہان گرم معلوم ہوگا شاید اوسکو زور سے اونگلی لگے گی تو درد مانیگا اسقدر دریافت کرنا جب برابر دریافت کرچکے بعد اوسکا علاج کرنا گرم پانی مین ایک کپڑا قسم گرم کے ہو جسقدر کہ فلالین یا کمل یا اون اس قسم کا کپڑا پانی مذکور مین ڈالکے نچوڑنا بعد اوسکو سینکنا اور گرم کپڑا یہہ فائدہ ہی کہ دیر تک گرمی رکھتا ہی اور دوسری جگہہ جسقدر پانی سے سینکتے ہین اوسموافق کمر پر نہین سینکنا کیا سبب کہ وہان "انفلامیشن" آویگا کیا سبب کہ وہان کمر کا چمڑا نہایت باریک ہوتا ہی اسواسطے اور اگر سینکے تو سینک زیادہ پہنچی تو اندر نقصان ہوگا بموجب لکھے کے "انفلامیشن" آویگا اسواسطے اول بیان کیا ہی کہ حفاظت سے سینکنا اور اندر ساغریکے گرم پانی کی پچکاری لگانا تا کہ سینک پہنچے جب اتنا بندوبست کرچکے اور فائدہ نہوا تو بعد وہان رائی کا "پلاسٹر" لگانا رائی خوب باریک گرم پانی مین پیسنا اور اوپر کمر کے لگانا اگر اس سے فائدہ نہوا تو بعد "ٹن ایڈن مرکیوری" کا "بلسٹر" لگانا پت ۱۰ "گرین" ایک "اونس" چربی کے ساتھ مرہم بناکے لگانا یا دس "گرین" ایک "اونس" چربی کے ساتھ بناکے لگانا اگر رائی کا "پلاسٹر" لگانا تو بال نہین نکالنا "ٹن ایڈن مرکیوری" کا لگانا تو بال نکالکے لگانا یا "لیکر اسونیان" ایک تولہ اوسمین تر کرنا اور وہ تو ال مذکور اوپر جگہہ مذکور کے رکھنا یہہ بلائیان لگانا لیکن "ٹرپن ٹین" یا "فلاشی"

جو اوّل مذکور کیا گیا ہی وہ بالکل نہین لگانا اور کھانا نرم دینا اور جھول گرم باندھنا اور بانڈیس گرم باندھنا اور اندر مکان کے کھلا چھوڑنا اتنا بند و بست کیا اور آرام نہین ہوا تو بعد جلّاب کی فکر کرنا مگر الوز کا جلّاب نہین دینا کیا سبب کہ بعضے وقت وہ نہوا تو اوسکے سبب پیشاب زیادہ ہوتا ہی کیا سبب کہ اوسکے اندر رال یا اور کچھ چیز ہوتی ہی جسکے سبب سے پیشاب زیادہ ہوتا ہی اگر جلّاب دینا تو تیل کا دینا جیسا کہ السی کا تیل یا اینڈیکا اور اِس سے نقصان نہین ہی اگر ہضم ہو گیا تو اندیشہ نہین ہی بعضے وقت اندر جو شرح درجہ کے نزدیک دوسرا درجہ ہی اون دونون کے درمیان مین ابسس ہوتی ہی اور ابسس کا حال اوّل بیان کیا ہی سبق پندرہ مین وہان دیکھنا تو معلوم ہوگا اور اوسکی شناخت اسقدر ہی زیادہ روز تک بیمار رہا اور دوا سے فائدہ نہین ہوا گھوڑا دن بدن لاغر ہوتا جاتا ہی اور کھانا برابر نہین کھاتا اور سست کھڑا رہتا ہی تو جاننا چاہئے کہ اندر ابسس ہی اور جب پیپ ہو گیا تو وہ پیشاب کے وقت آویگا مگر کبھی اوّل کبھی بعد پیشاب کے نکلیگا اسپر سے دریافت کرنا گُرده مین ابسس ہوا ہی اور اوسکو علاج نہین ہی بعد مرنیکے چیر کے دیکھنا تو معلوم ہوگا اور بعضے وقت اندر گُردہ کے پتھرے جمع ہوتے ہین اوسکا سبب یہہ ہی کہ پانی پینے مین ریتی آوے اور اکثر جہان چونیکی زمین ہی وہانکا پانی پینے مین آوے تو اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہی لیکن گھوڑیمین کمتر ہوتی ہی بیل اونٹ اِنمین اکثر ہوتی ہی اور پتھرے جو ہوتے ہین تو گُردیکے گڑھے مین جمع ہوتے ہین اور اگر باریک ہی تو وہ پھکنی مین چلی جاتی ہی اور بیل اونٹ مین یہہ حرکت ہوئی تو وہ مرجاتے ہین اوسکا سبب یہہ ہی کہ بیل ونٹ اِنکے نیزیکا سوراخ باریک ہوتا ہی اور اوسمین پتھر اٹک جاتا ہی اسواسطے جلدی مر جاتا ہی اور گھوڑیکے نیزیکا سوراخ بڑا ہوتا ہی اوسمین کمتر یہہ حرکت ہوتی ہی اور اسکی دریافت اسقدر ہی کہ بیل اونٹ جب پیشاب کرتا ہی تو ایک عرصہ تک کرتا رہتا ہی اور گھوڑا شاید منٹ مین تمام کرتا ہی اوسپر سے تمیز کرنا چاہئے اور بعضے وقت خون کا پیشاب ہوتا ہی مگر یہہ بات برخلاف ہی کہ خون کا پیشاب گھوڑیکو ہووے اگر یہہ بات برابر ہی تو گھوڑا آٹھ روز مین بیشک مر جاویگا کیا سبب کہ جسم مین خون کے سبب طاقت ہی اور خون نہین ہی تو طاقت کہان سے آویگی یہہ خیال کرنا ضرور ہی اور اوس پیشاب کا رنگ سرخ ہوتا ہی مگر سب خون نہین ہوتا اور پیشاب کا رنگ کالا لال ہوتا ہی اور تھوڑا خون اوسکے شامل ہوتا ہی اسواسطے خون تصور کرتے ہین ابتدا اوسکی خوراک کیطرف سے ہوتی ہی یعنے خراب خوراک ملنے کے یا دھوپ زیادہ ہو اور دھوپ مین باندھا ہو تو اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہی یا دھوپ مین محنت زیادہ لیجاتے تو اوسکے سبب بھی حرکت ہوتی ہی یا کوئی بیماری کے سبب بھی حرکت ہوتی ہی جیسا کہ بخار آیا

اوسکے باعث پیشاب مین سُرخی آتی ہی یہہ سبب اوسکے ابتدا کے ہین اب اوسکا بند وبست
اسقدر کرنا تاکہ بند ہوجاوے اور بند وبست اوسکا یہہ ہی کہ اوّل دریافت کرنا کہ کون سے سبب سے
یہہ حرکت پیدا ہوئی ہی اوس سبب کا علاج کرنا اگر دانہ یا گھانس کے سبب یہہ حرکت ہوئی ہو تو
اوسکو دانہ گھانس اچھا دینا اس سے فائدہ ہوگا اور دھوپ کے سبب ہوئے تو چھاؤن مین
باندھنا اور محنت کی ہو تو آرام دینا اور بیماری کا سبب ہو تو اوسکا علاج کرنا یعنے گولی تپ کی دینا بعضے
وقت پیشاب زیادہ ہوتا ہی اور یہہ ہونیکا سبب ہی کہ وہ گھانس ہرا زیادہ کھانے مین آوے
تو یا ناواقف شخص تپ مین زیادہ دوا دیتے ہین اوسکے سبب اور یہہ حرکت زیادہ روز تک ہی
تو اوسکے سبب گھوڑا لاغر ہوتا ہی اوسکو بند کرنا اور بند کرنیکا یہہ بند وبست ہی کہ گھانس ہرے کو
خشک کرکے دینا یا اگر نہ ملے تو سوکھا دینا دانہ اچھا اور دانے مین تھوڑی السی پکاکر ضرور دینا اسقدر
بند وبست کئے تو اچھا ہوگا اگر آرام نہووے تو بعدہ یہہ علاج کرنا "آیوڈائیڈ" پانچ "گرین" سے دش
"گرین" تک دینا مگر چراشتہ کے ساتھہ ضرور گولی بناکر دینا یا "آیڈ ڈاف ایرن" آدھا ڈرام چراشتہ ملاکر کیا گیا
اوسمین گولی بناکر دینا اگر چراشتہ نہو تو اور کوئی دوا جیسا کہ سونٹھہ یا کالی مرچ اسمین گولی بناکر دینا اس سے
اچھا ہوگا فقط

سبق اٹھتیسوان

"بلیڈر" کا بیان یعنے پھکنی کا اور اوسمین جو بیماری پیدا ہوتی ہی اُسکا حال سب تحریر ہی

پھکنی مین پیشاب جمع ہوتا ہی اور وہ رہتا ہی "پلوس" مین جو لید آنیکا رستہ ہی "رکٹم" اوسمین
ہاتھہ ڈالنا تو ہاتھہ کے نیچے نرم نرم معلوم ہوگا اگر پیشاب ہوا تو بڑا معلوم ہوگا اگر خالی ہی تو چھوٹا معلوم ہوگا
اور پیشاب اوسمین آتا ہی گُردے مین سے جن رستون سے آتا ہی اوسکا نام "یوریٹر" ہی اور دو رستے
ہین ایک ایک گُردے مین سے دوسرا دوسرے گُردے مین سے اور پھکنی کے اوپر "مسّل" ہی اوسکا خاصہ یہہ ہی
کہ جب وہ بھر جاوے تو اوسکو دبانا بعد "یوریتھرا" نیزہ کے اندر کا رستہ ہی یعنے پیشاب اوسمین سے ہوکر
باہر نکلتا ہی اور ایک "مسّل" اوسکے منہہ پر ہی اوسکا کام یہہ ہی کہ پیشاب کو باہر جانے سے پرہیز
کرانا جب تک وہ خوب بھر نجاوے بعضے وقت "بلیڈر" کے منہہ کو درد پیدا ہوتا ہی "انفلیشن"
یا "اسپیزم" اور اوسکا حال "کالک" مین بھی بیان کیا گیا ہی اور اندر پھکنی کے بھی "انفلیشن"
آتا ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ اوسکے منہہ کو "اسپیزم" آیا تو اندر پیشاب جمع رہتا ہی اِس باعث
وہان "انفلیشن" آتا ہی یا سواری مین گھوڑا گیا یا منزل کی حالت ہی اور گھوڑیکو پیشاب آیا اور سوار نے
کھڑا نہین کیا اور بیقدر چلاتا رہا تو اوس حالت مین "انفلیشن" آتا ہی جب اندر اوسکے پیشاب جمع

رہتا ہی تو ہاتھہ ڈالنا اور ہاتھہ ڈالنے کا حال اور جگہہ بیان کیا گیا ہی اوسموافق ہاتھہ ڈالنا
اور پھلکی کو آہستہ آہستہ آخر کیطرف لانا زور نہین کرنا اگر زور کیئے تو وہ پھوٹ جاتا ہی اسقدر تجویز
کیئے اور پیشاب نہوا تو بعد اسقدر کرنا کہ گرم پانی کی پچکاری لگانا بہت کرکے اِس سے فائدہ ہوگا
اور اوسکے منہہ کا "اسپنزم" موقوف ہوگا اگر اس سے فائدہ نہوا تو بعد یہہ علاج کرنا "ٹنچر اوپیم" ایک
"اونس" اور تیل چار "اونس" یہہ دونون مِلا کے پچکاری لگانا یا "کلورای فام" دو ڈرام اور تھوڑا گرم
پانی اوسکے ساتھہ شامل کرنا اور پچکاری لگانا اسکے سبب اندر نشہ آویگا اور اوسکے منہہ کا "اسپیزم" موقوف
ہوگا جب اتنا بند وبست کیا اور فائدہ نہوا بعد "کیاتی تھر" یعنے پیشاب نکالنے کی پچکاری اوسکو تیل
لگا کے اندر نیزہ کے چلانا مگر آہستہ آہستہ اندر سرکانا اور ایک ہاتھہ اندر ساغریکے نزدیک رکھنا تاکہ
پچکاریکا منہہ وہان آوے تو معلوم ہووے اور وہ جگہہ کونسی کی ہی ہاتھہ اوسکے اوپر رہیگا تو اوسکا منہہ
وہان رُکنے کا نہین اور جب اندر پھلکی کے اوسکا منہہ گیا تو اوس پچکاری کے اندر ایک باریک "تار"
ہوتا ہی وہ نکال لینا بعد پیشاب اندر سے آویگا اسقدر بندوبست کیئے تو اوسکو آرام ہوگا بعضے
وقت اندر "بلیڈر" کے پتھر ہوتا ہی اور اوسکی پیدایش کا حال اول بیان ہوچکا ہی اب اوسکے
نِشان اسقدر رہین کہ گھوڑا گھڑی گھڑی پیشاب کریگا اور دن بدن لاغر ہوگا اور پیشاب کا رنگ میلا
ہوگا اور ہر وقت پیشاب کے گھوڑیکو بہت تکلیف ہوگی اور اِصکاریگا تو جاننا چاہئے کہ اندر پتھر ہے
بعد اندر ہاتھہ ڈالکے دیکھنا تو وہان ہاتھہ کو معلوم ہوگا کہ اندر پتھر ہی بعد نیزہ کی پچکاری اندر ڈالنا جب
پچکاری اندر پہلا چکے بعد ساغریکے نیچے تین ۳ اونگل کھوٹی لیکر اوس پچکاریکے اوپر کرنا نشتر سے بعد
وہ پچکاری نکالنا اور ایک لمبا چپٹا ہوتا ہی اوسکے اندر ڈالنا اور پتھر کو اوس سے پکڑنا اور ادھر
اودھر ملانا کیا سبب کہ اندر کہین چپٹا ہوا ہو تو چھوٹ جاویگا بعد آہستہ سے اپنی طرف لانا مگر
زور سے دبانا نہین کیا سبب کہ وہ ٹوٹ جاویگا جب باہر نکل آوے تو بعد اندر اور دریافت کرنا
کہ کچھہ حصہ باقی نہ رہا ہو اگر کچھہ نہین رہا تو بعد اوس جگہہ کو دو ۲ ٹانکے لگا کے چھوڑ دینا اور اوس
جگہہ سے پاؤن تک چربی لگانا تاکہ زخم نہووے اور گرم پانی سے روز سینکنا اور "کاربلک اسڈ"
اور تیل دونون ملا کے لگانا تو اچھا ہوگا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ پتھر اگر رستہ مین پیشابکے
اٹک جاتا ہی اوسکے سبب بھی گھوڑیکو زیادہ تکلیف ہوتی ہی کیا سبب کہ پیشاب ہوتا نہین اگر
ہوا تو بوند بوند ہوتا ہی کیا سبب پیشاب کا رستہ بند ہوجاتا ہی اسواسطے اور دریافت کرنا
تو اوسوقت معلوم ہوتا ہی کہ فلانی جگہہ پتھر ہی کیا سبب کہ وہ جگہہ اونچی ہوتی ہی جب معلوم
ہوئیگا تو اوسکو نکالنا کچھہ مشکل نہین ہی کیا سبب کہ وہ جگہہ اونچی ہی اوسکے اوپر ایک ٹکڑا نشتر سے
لکیر کرنا تو وہ پتھر نکل آتا ہی جب وہ نکل آیا تو اوسکا بند وبست جسقدر اول بیان ہوا ہی اوسموافق

گوزنا گرکھانا نرم دینا اور ٹھنڈا دینا گھانس ہرا ایسکو اوسکو خوب خشک کرنا یا رنجکا ہو اوسکو بھی اسقدر خشک کرکے دینا اور یہہ کام جب کرنا تو ہوش رکھکر ہشیار رہیسے کرنا اگر جو شخص اس کام کو نہ جانے تو اوسنے ایسا کرنا کہ جو شخص اسکام مین ہشیار ہو اوسکو لاکر اوسکے رو برو نکالنا جو شخص نکالنے والا ہی اوسکا ہاتھہ قایم رہونا ضرور ہی کیا سبب کہ کام بہت نازک ہی اسواسطے بعضے وقت گھوڑیکو بھی یہہ حرکت ہوتی ہی اور اوسکا نکالنا گھوڑیکے موافق نہین اوسکا رستہ اوسکے پیشاب کی جگہہ کے نزدیک ہی وہان دو٘ سوراخ ہین ایک نیچے اور ایک اوپر لے سوراخ مین سے پیشاب آتا ہی اگر کچھہ حرکت اوپر ذکر کے ہوتی ہی تو اوسمین سے نکالنا اور اوسکے منہہ پر ایک پردہ ہوتا ہی اوسکو اونگلی سے اوپر اوٹھانا بعد پچکاری یا چھپٹہ اندر ڈالنا اور دریافت کرکے نکال لینے کا بندوبست وغیرہ اوپر مذکور کیا ہی اوسموافق کرنا بعضے وقت نیزہ مین یا اطراف نیزہ کے کیڑے پڑجاتے ہین یہہ غفلت اوسکی ہی جو گھوڑیکو سنبھالتا ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ اوسکے اندر سے پانی اور خون آمیز بوندین ٹپکینگے اور تھوڑا ورم آویگا اوسکو دیکھنا اور گرم پانی سے صاف کرنا بعد کیڑے مرنیکا نسخہ لگانا اور وہ دوا یہہ ہی کافور تیل مگر کافور زیادہ ڈالنا اور تھوڑا تارپین تیل یہہ دوا شامل کرکے سن ملاکے جہان سوراخ ہی وہان لگانا کوئی جگہہ یہہ دوا نہ ملے تو وہان کافور تنہا کو ڈیکامالی یہہ خوب باریک کرکے لگانا اس سے کیڑے مرجاوینگے اور اچھا ہوگا بعضے وقت نیزہ موٹا ہوجاتا ہی کیا سبب کہ اوسمین تسیرم جمع ہوجاتا ہی اور اندر غلاف کے نہین جاتا ہی اوسکو ایسا کرنا کہ خشک کرنیوالی دوا لگانا اس ترکیب سے ایک باریک کپڑیکا ٹکڑا لینا اور اوسی دوا مین تر کرکے باندھنا اور کپڑا مذکور ہمیشہ تر رہے اگر اس سے فائدہ نہوا تو بعد باریک نشتر سے چار پانچ جگہہ کو نیچہ دینا تو اوسکے اندر کا پانی سب نکل جاویگا اور کچھہ ہاتھہ سے دبانا تو بھی نکلتا ہی بعد اوسکو گاربلک اسڈ کا تیل لگانا اور روزن اوسکا اوپر رہے جھولی لگانا یا جالی لگانا بعضے وقت وہ اچھا نہین ہوتا ہی اور اوسکو کاٹنا پڑتا ہی تو کچھہ مشکل نہین ہی مگر بعد مشکل ہی کہ پیشاب نہین ہوتا کیا سبب کہ دونون منہہ ملجاتے ہین اوسکا ایسا بندوبست کرنا کہ اوپر کا چمڑا آگے کھینچنا اور اوسکو کاٹنا مگر زیادہ کاٹنا بعد نیزہ کو کاٹنا تو دونون مین فرق ہوگا تو بعد اوسمین حرکت نہین آویگی اور بندوبست اوپر بہت جگہہ کیا ہی یعنے گرم پانی سے سینکنا اور کاربلک اسڈ اور تیل لگانا انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا بعضے وقت فوطہ مین درد آتا ہی باعث مار کے اکثر ایسا ہوتا ہی کہ سائیس لوگ لکڑی یا لات مارتے ہین یا اور کوئی سبب سے چوٹ لگی تو اوسکے سبب اندر انفلیمیشن آتا ہی اگر انفلیمیشن اکیوٹ آیا تو بہت تکلیف ہوتی ہی اور فوطہ کی بیماری آدمی مین بہت ہوتی ہی گھوڑیمین کم ہوتی ہی نشان عارضہ مذکور کے اسقدر ہین کہ ورم بہت آویگا درد زیادہ ہوگا گھوڑا لنگ کریگا

ہاتھہ لگا کے دیکھنا تو گرم ہوگا دبا کے دیکھنا تو مانیگا بعضے وقت گھوڑا اوسطرف منہہ پھیر کے دیکھتا ہے جسقدر ہڑنیان مین دیکھتا ہے اوسموافق اندر ساغر یکے ہاتھہ ڈالنا اور دیکھنا تو ہڑنیان نہین ہے ایسا ہوتا ہے کہ ہڑنیان مین جتنی تکلیف گھوڑیکو ہوتی ہے اوسموافق اسمین بھی ہوتی ہے اسواسطے شک نہ ہے اور اندر ہاتھہ ڈالنا تو اوس شک کیواسطے جب خوب دریافت کر چکے بعد اوسکا علاج شروع کرنا گرم پانی سے خوب دن مین آٹھہ وقت سینکنا اور رکھانا ٹھنڈا دینا اگر زیادہ تکلیف ہے تو ہلکا جلاب دینا انشاءاللہ تعالے اچھا ہوگا بعضے وقت اوسکے اندر پانی جمع ہوتا ہے اگر معلوم ہووے کہ اندر پانی ہے تو اوسکو باریک سوراخ کرکے نکالنا اور گرم پانی سے سینک کے اوپر کاربالک ایسڈ کا تیل لگانا اور گھوڑیکا مزاج قایم اور اچھا ہوگا تو فوطہ کی بیماریان بدل جاتا ہے غصہ کرتا ہے اوسکو بعد اچھا ہونیکے فوطہ کو اخطہ کرنا اس سے اوسکا مزاج قایم ہوگا اور اچھا ہوگا جو گھوڑا جفتا ہے اوسکو بند کرنا کیا صورت سے بند کرنا کہ اوسکو جالی لگا نا ٹھنڈا پانی مارنا فوطہ کے اوپر بعضے لوگ پیٹ کے نیچے آہنی کانٹے کی گادی بنا کے لگاتے ہین لیکن اوسمین گھوڑیکو نقصان ہوتا ہے کہ جب وہ نیزہ نکالتا ہے تو اوسکو وہ کانٹے لگتے ہین اور زخم ہوجاتا ہے اسواسطے وہ بات اچھا نہین ہے اوپر جو ذکر کیا گیا وہ بند وبست کرنا اگر اوس سے فائدہ نہوا تو اوسکو اخطہ کرنا تو یہہ حرکت بار دیگر نہوگی بعضے وقت نیزہ مین زخم ہوجاتا ہے اوسکا بند وبست کرنا اور سبب زخم کا یہہ ہے کہ گھوڑا چھوٹ جاتا ہے اور دوڑتا ہے اوسحالت مین نیزہ باہر ہووے تو ادھر اودھر لگ کے زخم ہوجاتا ہے یا کوئی یابو کے اوپر چڑھے تو اوسکے سبب چھل کے زخم ہوتا ہے اوسکو خشک کرنیکی دوا لگانا وہ دوا آگے بہت جگہہ ذکر ہوئی ہے انشاءاللہ تعالیٰ اوس سے فائدہ جلدی ہوگا فقط

سبق انچالیسوان

"سرکیولیٹری سسٹم" کا بیان جسم مین خون پھرنیکا کل حال تحریر ہے

اول بیان خون پیدا ہونیکا ہوا اب اوسکی تقسیم شروع ہے خون مین بہت چیزین ہین "لمف" وہ ہے جو پیلا پن معلوم ہوتا ہے مگر پیلا بھی برابر نہین ہے فقط عکس پیلے پنیکا ہے اور یہہ جم جاتا ہے اگر صاف کروگے تو اوسکا رنگ سفید ہوتا ہے اور "البومن" یہہ بھی سفید رنگ کا ہوتا ہے اور "جلی ٹن" مثل سریش کے ہے اور "ریڈ پارٹیکل" یعنے سرخ ہوتا ہے اور جو کالا خون ہوتا ہے اوسکو نام دیا ہے "وینس بلڈ" اور "کلاٹ" وہ ہے جو جم جاتا ہے موافق دہی کے اور ان چیزونکی دریافت کرنا تو اسقدر کرنا کہ خون ایک برتن مین لیکر رکھنا تو وہ جم جاتا ہے اور اوسپر "سیرم" آتا ہے یعنے پانی اوس خون کو یون بھی امتحان کرتے ہین کہ چولھے پر رکھنا اور نیچے آگ جلانا تو پانی الگ ہوگا اور اوسکے اندر "البومن" ہے وہ الگ ہوگا اور اوسکی وضع اسقدر ہوگی جسقدر انڈے کی سفیدی کے ٹکڑے ہوتے ہین اوسموافق اور

خون مین اگر پانی ہوگا تو نسون مین کسطرح پھریگا اور وہ جو "رُیڈ" اوپر بیان کیا ہی وہ بہت باریک ہوتے ہین ایک "انچ" مین شاید پانچ ہزار ہونگے اور اونکا نمونہ گول ہوتا ہی آدمی کے "رُیڈ" مین اور جانورسکے "رُیڈ" مین فرق ہوتا ہی جانورکا گول ہوتا ہی اور آدمیکا چپٹا ہوتا ہی اگر دیکھنا منظور ہو تو دوربین سے دیکھنا جب معلوم ہوگئے اور ایک بات اِسمین یہہ ہی کہ کوئی خون کرے تو اس "رُیڈ" پر سے معلوم ہوجاتا ہی کہ خون آدمیکا ہی یا جانورکا اور اکثر خون کپڑے پر اوڑتا ہی اگر وہ خشک ہوگیا تو بھی حرکت نہین ہی اوپر سے بھی دریافت ہوسکتی ہی بعضے وقت خون کوئی بیماری کے سبب پتلا ہوتا ہی جیسا کہ بخار آیا اور ایک عرصہ تک رہا تو اوسکے سبب یہہ حرکت ہوتی ہی بعضے وقت گاڑھا ہوتا ہی "تسیرم" کسی جای پر زیادہ جمع ہوجاتا ہی تو یہہ حرکت ہوتی ہی اور اوسکے نشان اِسقدر ہین کہ اوسکے آنکھ اور منہہ سب سفید ہونگے یہہ جب معلوم ہووے تو دریافت کرنا کہ فلانے سبب سے یہہ حرکت ہوئی ہی اور خون مین بہت گرمی ہی اگر کسیکو دریافت کرنیکا ہی تو اوسکا ایک ماپ ہوتا ہی اور اوسکو "ڈگری" کہتے ہین وہ اندر ساغر کے ڈالنا جب اچھا گھوڑا ہی اور اوسکا مزاج اچھا ہی تو ایک "سو" "ڈگری" ہوگا اگر کچھ بیماری ہوگی تو ایک "سو" کے اوپر اوسکا نمبر "دو" یا "تین" تک جاویگا تو جاننا چاہئے کہ اسمین یہہ حرکت ہی اور خون کا اول بیان کیا ہی کہ تمام جسم کو خوراک پہنچاتا ہی اگر خون نہ پہنچے تو ہر ایک چیز مین نقصان آتا ہے اور جسم مین خون ہی تو جان ہی اور خون نہین ہی تو جان کہا سے آویگی خون دل مین رہتا ہی اور وہ درمیان چھاتی کے ہی مگر ذرا اوسکا جھوک بائین طرف ہی اور اوسکے منہہ مین بڑی نسونکے نل لگے ہوئے ہین اوسمین سے خون جسم کو جاتا ہی اور جسم سے خراب خون واپس آتا ہی یہہ کام دل کا ہی اور اندر دلکے چار خانہ ہین چوطرف سیدھے ہاتھ کے "دو" خانہ ہین اونکا نام "رائیٹ آریکل" اوپر کا درجہ اور "رائیٹ وینٹکل" نیچیکا درجہ ہی اور جو ڈاوین ہاتھ کے طرف ہین اونکا نام اوپروالا "لفٹ آریکل" اور نیچیکا "لفٹ وینٹکل" اور جو طرف سیدھے ہاتھ کے ہی اوسمین میلا خون آتا ہی اور جو بائین طرف ہی اوسمین اچھا خون آتا ہی اور اندر خانونکے دیوار ہی ایک دوسرے کے اندر نہین جاتا مگر جب بچہ ماںکے شکم مین ہی تو اونمین رستہ ہوتا ہی جب باہر پیدا ہوا تو وہ رستہ بند ہوجاتا ہی اور دل کا یہہ کام ہی کہ مثل "اسپنج" کے جب دبایا تو اوسمین سے خون نکلا اور چھوڑ دیا تو پھر بھر گیا اسقدر تنگ ہوتا اور ڈھیلا ہوتا رات دن جاری ہی اور دل کا "مثل" جو ہی تو دوسرے "مثل" سے الگ ہی وہ کسیکا حکم نہین سنتا ہی اپنا کام جاری رکھتا ہی اور جو "مثل" اپنا کام جاری رکھتا ہی کسیکا حکم نہین سنتا تو اوسکو نام دیا ہی "اَن والنٹر" اور جو حکم سنتا ہی وہ "والنٹر" ہی اور دل ایک تھیلی مین رہتا ہی اوس تھیلی کے اندر "سیرس ممرن" ہی یعنے پانی کا پردہ اور اوسکے اوپر بھی پردہ ہی اوسکے سبب سے دلکو نقصان نہین ہی اور اوسکو زیادہ کام ہی اور گھسنے نہین پاتا اوسکے سبب ہمیشہ تر رہتا ہی اور اوس تھیلیکا نام "پیری کارڈیم" ہی اور دلکا کام جو ہی اوسمین حرکت آئی تو گھوڑا ہو یا آدمی ہو مرجاتا ہی اور

دل کے منہہ پر جو نل مذکور ہی اونکا نام یہہ ہی "آے اورٹہ" ہی اور اوسمین سے اور دو او بٹے نکلے ہین اونکے
نام "انٹرایا ورٹہ" اور ایک "پوسٹری یر اورٹہ" اور یہہ اچھے خون کے کام پر ہین جو جسم کو خون تقسیم کرتے ہین اور
"انٹری اورٹہ" وہ ہی جو آگے کے حصہ کو خون پہنچاتا ہی اور "پوسٹری یر اورٹہ" پچھلے حصہ کو خون پہنچاتا ہی بعد
اوسمین سے اور باریک باریک نسین پیدا ہونے لگین ہین اور یہہ سب "انٹریٹین" ہین اوسمین اور باریک
باریک نسین نکلی ہین اونکو "کیپلری ویسل" کہتے ہین اور اونکا بیان اول بھی ہوگیا ہی کہ یہہ باریک نسین ہر ایک
جگہہ جسم مین خون پہنچاتے ہین بعد وہ جو نسین مذکور ہین اونمین خون بدل ہوتا ہی یعنے اچھا خون دیکر میلا خون
لیتی ہین اور واپس ہوکر ایک بڑی "وین" نس ہی اوسمین سب لیجاکر ڈالتی ہین اور وہ لیکر دل کے اوپر کے سیدہے
درجہ مین ڈالتے ہین یعنے "ریٹ آریکل" مین اور بعد وہانسے "ریٹ وینیکل" مین جاتا ہی بعد وہانسے "پلمنری
انٹری" لیکر پھیپہ پر جاتی ہی وہانسے باریک باریک "نیل" یعنے کوٹلیان پھیپہ کے اندر ہین اور تمام پھیپہ پر
خون پہرتا ہی وہان ہوا آتی ہی جب صاف ہوا تو "پلمنری وین" لیکر "لفٹ آریکل" مین ڈالتی ہی بعد وہانسے
"لفٹ وینیکل" مین جاتا ہی بعد وہانسے جسم کو تقسیم ہوتا ہی اسقدر خونکا کام دن رات ہی اور دل مین ایک
بات اور ہی کہ یہہ "اوٹے" کے منہہ پر تین پردہ ہین اونکا یہہ کام ہی کہ جو خون جسم مین روانہ ہوا تو اوسکو
واپس آنے نہین دیتے اون پردونکا نام "وال" ہی اور نمونہ موافق آدہے چاند کے ہی اسواسطے اونکا
نام "سملونا وال" رکھا اور "آنٹری" جو ہی تو تھوڑی پیلاس مائل ہی اور چمڑا اوسکا بہت مضبوط ہی اور خاصیت
اوسکی "زبر" کیموافق ہی یعنے بڑھنا اور گھٹنا اور "وین" جو ہی تو بڑی ہی اور چمڑا اوسکا پتلا اور کمزور ہوتا ہی
اور رنگ سرخی اور سیاہی مائل اور خون اوسمین دھیما چلتا ہی اور "انٹری" مین بہت تیز چلتا ہی اگر کوئی
دریافت کرے تو کسقدر دریافت کرے کہ یہہ خون "انٹری" کا ہی یا "وین" کا ہی تو اوسکی دریافت اس
قدر ہی کہ "انٹریکا" خون بہت سرخ ہوگا اور پچکاری کیموافق اوڑیگا جب جاننا چاہئے کہ یہہ خون "انٹریکا"
اور "وین" کا خون جو ہوگا تو وہ سیاہی مائل ہوگا اور اوسکی پچکاری نہین اوڑیگی بطور نلی کے
اوڑیگی اسپر سے دریافت کرنا کہ "وین" کا خون ہی اور "وین" کا کام یہہ ہی کہ جس خونکا کام ہو چکا اوسکو
واپس لیکر جانا اور نبض کا حال اسقدر ہی کہ جسقدر دل کام کرتا ہی اوسموافق نبض کا کام چلتا ہی جب دل
دبا تو خون یکدم زور رکھا کر دوڑتا ہی اور اوسکی دھمک اوس نس کو پہنچتی ہی اور اوس نس کو اوڑاتی ہی
اگر اوسکے اوپر اونگلی رکھو تو اوسکا "ٹیم" معلوم ہوگا اور جب کوئی بیماری کی حالت مین دیکھو تو زیادہ دھکتی
ہی اگر اوسکا خیال رکھنا تو معلوم ہوتا ہی کہ اچھی طبیعت ہی تو ایک "منٹ" مین پچاس سے پچپن تک دھکتی ہے
اور جب بیماریکی حالت ہی تو اول کے نسبت زیادہ دھکتی ہی اوسکے اوپر سے دریافت کرتے ہین کہ مزاج اچھا ہے
یا بیمار ہی اور گھوڑیکی نبض گلے کے پاس دیکھتے ہین بعضے لوگ ڈنڈ مین اندر کیطرف دیکھتے ہین اور بعضے
لوگ پچھلے پاؤن مین بھی دیکھتے ہین جسقدر آگے ذکر ہوا بعضے لوگ مٹھی کے پاس دیکھتے ہین جہان

دیکھو تو وہان معلوم ہوتی ہی مگر تمیز اوسکے دریافت کی رکھنا تو معلوم ہوگا اور ضرور خیال ہونا تاکہ مزاج سے واقف ہووے اور نبض کے اوپر سے بہت بیماریان دریافت ہوتی ہین اونکا خیال ضرور رکھنا فقط

سبق چالیسوان

"اسپریٹ ری سسٹم" یعنے ہوا اندر چھاتی کے جاتی ہی اوسکا بندوبست تحریری

ہوا اندر چھاتی کے جانیکا سبب اسقدر ہی کہ اندر نرڈی کے سوا ہوا کے اور کوئی چیز جا نہین سکتی ہی اور نرڈا جو ہی تو کچھ ہڈیکا ہی اور اوسکا نمونہ اسقدر ہی کہ گول حلقہ کیہ وافق الگ الگ چکریان ہین اور یہہ چکریان سامنے کیطرف ہوتی ہین اور اونکا کام یہہ ہی کہ کم زیادہ ہونا اور اندر کیطرف اسقدر نہین ہی اور اندر کیطرف باریک اور پتلاپن اور باہر کیطرف موٹا ہی تاکہ اوسکے اوپر کچھ ضرب لگے تو اثر نہ ہووے اور آواز کا کام یہہ ہی کہ اندر سے ہوا آتی اور "لارنگس" بولا یعنے کنٹھ اور دکھائی بھی سکتے ہین جسقدر آدمی بات چیت کرتا ہی مگر گھوڑا فقط آواز کرتا ہی اور "لارنگس" کے آس پاس کچھ "مسل" بھی ہی اور اندر "لارنگس" کے بیماری بھی آتی ہی یعنے "انفلیمیشن" اور یہہ بیماری بہ ہلکاپن ہی باعث ترکے جب یہہ حرکت ہوتی تو وہ اندر جو "مسل" ہی اپنا کام کرنا موقوف کرتا ہی اوسکا کام بند ہوجاتا ہی اور اسکے سبب گھوڑیکے آواز مین فرق آتا ہی اور وہ معلوم ہوتا ہی بروقت دوڑنیکے یعنے آواز کرتا ہی اور ہوا جو اندر جاتی ہی تو نزدیک چھاتیکی "دو" رستہ ہین ایک سیدھے طرف اور ایک بائین طرف اُن رستونکا نام "برانچل ٹیوب" ہی اور پھیپھڑا دوین طرفکا چھوٹا ہوتا ہی کیا سبب کہ دلکا جھوک اوسطرف ہی اسوا واسطے بعد یہہ جو "دو" رستہ ہین اونمین سے اور باریک باریک شاخین نکلی ہین اور تمام پھیپھڑہ کے اوپر ہوا پہنچاتے ہین اور اندر پھیپھڑہ کے باریک باریک کوٹھریان ہین وہان وہ جو خون کی باریک نسین ہین وہ پھیرتے ہین اور اونکو ہوا لگتی ہی اور اون نسون مین خون ہی اونکا پوست ایسا باریک ہی کہ ہوا کی تاثیر اوسکے اندر پہنچتی ہی اور وہان خونکا رنگ بدلتا ہی اور ہوا کے دو حصہ حکمت کی رو سے دریافت کرکے اوسکا بیان کیا ہی کہ اچھی ہوا وہ ہی جو سانس کے ساتھہ اندر پیٹ کے جاتی ہی اور خراب ہوا وہ ہی جو سانس کے ساتھہ باہر نکلتی ہی ایک "آکسیجن" اور ایک "نیٹروجن" "آکسیجن" ایک سو مین اکیس ۲۱ حصہ ہوگی یہہ دونون اندر شامل ہوتے ہین اور "نیٹروجن" اُن اُناسی ۷۹ حصہ ہوگی مگر اسکے ساتھہ کچھہ "کاربانک اسڈ" ملا تو وہ خراب ہوجاتی ہی اور ہوا ہی تو جسم کا کام برابر چلتا ہی اگر ہوا نہو تو گھوڑا یا آدمی کوئی ہو مرجاویگا اوسکا امتحان اسقدر کرنا کہ ایک چڑیا کو کسی جگہہ بند کرنا کہ اوسکو ہوا نہ لگے بعد تھوڑی دیر کے دیکھنا تو وہ مر ہی جاویگی اسیقدر بتیکا حال ہی کہ اوسکو روشن کرکے ایک گلاس کے نیچے رکھنا

تاکہ ہوا نہ پہنچے بعد تھوڑی دیر کے دیکھنا تو وہ بھی گل ہو جاویگی اسقدر آدمیکا حال ہی کہ اوسکو ہوا نہ ملی تو وہ بھی مرجاتا ہی جسقدر چڑیا اور تپکا اوپر بیان کیا ہی اول کے زمانیکا یہہ حال ہی کہ شروع عملداری سرکار کی کلکتہ مین ہوئی اور اوس زمانہ مین وہان بادشاہ سراج الدولہ تھے اونھون نے کیا کیا کہ سرکار کے ۱۴۶ گورے لوگون کو ایک مکان مین بند کیا اور اوسمین ہوا بالکل جا نہین سکتی تھی فقط ایک یا دو سوراخ دیوار مین تھے تو وہان ایک دو گورون نے منہہ لگایا تو وہ سلامت رہے اور باقی سب مرگئے تو اسواسطے ہوا کا بند وبست اچھا رکھنا کیا سبب کہ گھوڑا بڑا جانور ہی اور ہوا بہت ہونا اسواسطے اوسکی ہوا کا اچھا بند وبست رکھنا اور جہاز مین یہہ حرکت زیادہ ہوتی ہی کیا سبب کہ دریا مین جہاز چلتا ہی اور طوفان آیا تو کل جہاز کے پردے و در بند کرتے ہین اوس حالت مین ہوا برابر پہنچتی نہین اسواسطے بیماری "گلانڈرس" یعنے سینبہ پیدا ہوتی ہی اور گھوڑے مرجاتے ہین ایک وقت ایسا ہوا کہ ۱۸۵۶ عیسوی مین فوج سرکاری ابوشہر کیطرف جاتی تھی تو اوسمین سے ایک جہاز پر طوفان آیا اور اوسکے سب در بند کئے تو اوسکے سبب سے گھوڑونکو بیماری "گلانڈرس" یعنے سینبہ ہوئی اور گھوڑے بہت نقصان ہوئے اور ایک وقتکا ذکر ہی کہ سوداگر لوگ جنگلی گھوڑے بھر کے طرف بندر بمبئی کے لاتے تھے اور دریا مین جب طوفان آیا تو اونھون نے در کا سب بند وبست ہوا نہ آنیکا کیا اگر بند وبست نہین کرتے تو جہاز ڈوب جاتا یعنے جہاز کے اندر پانی آتا اور ہوا بھی سب بند ہوگئی باعث بند ہونے ہوا کے زیادہ گرمی ہوئی اور گھوڑے نقصان ہوگئے یہہ حرکت کیا سبب ہوتی ہی اوسکا بیان اسقدر ہی کہ خون صاف نہین ہوا اور بگڑ گیا اور سانس کو ہوا نہین ملی تو گھوڑے نقصان ہو جاتے ہین اسقدر آدمیکا بھی حال ہی دوسری یہہ پھیپسے اندر پیٹ کے کتنا بڑا ہوتا ہی مگر اوسکا وزن بہت ہلکا ہوتا ہی کیا سبب کہ اندر اوسکے سوراخ بہت ہین اور بھرا ہوا ہی تو اندر اوسکے ہوا بھری ہوئی ہوتی ہی اگر گھوڑا مرجاوے تو بعد دیکھنا تو وہ چھوٹا معلوم ہوگا اور ہوا کا کوئی ٹکڑے تو اسقدر ترکیب کرنا کہ کوئی گھوڑا مرجاوے تو اوسکے پھیسلی مین سوا پڑا کے سوراخ کرنا بعد دیکھنا کہ کتنی ہوا نکلتی ہی اسپر سے دریافت کرنا اور جہان بند جگہہ ہی وہان "سیرس میمرن" ہی اور اندر پیٹ کے سب جگہہ مگر پھیپسے مین کی جگہہ کو نام ہی "پلورا میمرن" یہہ دو جگہہ ہی پھیپسے کے اوپر اور پھیسلی کے دیوار کے اوپر لگا ہوا ہی اور اوسمین چمک زیادہ ہی اور بہت صاف ہی اور اوسکے سبب کوئی چیز گھستی نہین پاتی تر رہتی ہی کیا سبب کہ ہمیشہ دم لینا پھیسلی کا کام ہی جب سطح کم زیادہ ہونے سے اوسمین نقصان آتا ہی تو باعث اوس "میمرن" کے وہ تر رہتا ہی اور گھستا نہین مگر جب اوسمین "انفلمیشن" آتا ہی اوسکو نام دیا ہی "پلوریٹس" جب اوسمین "انفلمیشن" آتا ہی تو پھیپسے مین بھی آتا ہی ایکسا مین درد آیا تو دوسرے مین بھی آتا ہی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ جدا جدا آتا ہی مگر بہت کرکے ہمیشہ دونون مین ایکدم ساتھہ آتا ہی مگر ایک کو زیادہ اور ایک کو کم اور اندر جسم کے اسقدر حال دو یا تین جگہہ بیان کیا گیا ہی

کہ پھیپھڑہ مین جو "انفلمیشن" آتا ہی اوسکا نام "نمونیان" ہی اور اندر پھیپھڑہ کے آتا ہی سبب بیماری پیدا ہونیکا یہہ ہی کہ سردی یا ہوا ٹھنڈی لگے یا محنت کر کے آیا اور پسینہ جسم مین ہوئے اور ہوا لگے اوسکے سبب یہہ درد پیدا ہوتا ہی اور خون برابر صاف نہین ہوتا تو اوسکے سبب خون اندر زیادہ جمع ہوتا ہی اور "پلوریسی" کی بیماری ہوتی ہی باعث زخم کے یعنی چھاتی پر یا پسلی پر مار لگے یا زخم ہو جاوے تو اسکے باعث سے اندر "میمرن" مین "انفلمیشن" آتا ہی پھیپھڑہ کے نشان اسقدر ہین کہ گھوڑا دم مشکل سے لیتا ہی اور کھڑا رہتا ہی اور پسلی بغل سے ملتی ہی یعنے زیادہ پھیلاتی ہی نبض جلدی یعنے بہت تیز چلتی ہی اور ناک کے اندر کا "میمرن" بہت خشک ہوتا ہی اور اوسکے رنگ مین سرخی آتی ہی اور آگے کے دونون پاؤن پھیلا کے رکھتا ہی اور کھانا برابر نہین کھاتا اور منہہ کا رنگ بدلجاتا ہی تھوڑی پیلاس مائل ہوتی ہی کیا سبب کہ اندر کلیجہ کے بھی یہہ حرکت ہوتی ہی کیا سبب کہ پھیپھڑہ مین اور کلیجہ مین بھائی بندی ہی اسواسطے اور یہہ درد بیل گائی مین ہوا تو ایک دم بیٹھ جاتے ہین کیا سبب کہ اوسکو بیٹھنے سے آرام ملتا ہی اور بیل گھوڑے مین فرق یہہ ہی کہ جب وہ بیٹھتا ہی تو اوسکی پسلیان چوڑی ہوتی ہین تو اوسکو آرام ملتا ہی اسواسطے اور یہہ بات گھوڑے مین نہین ہی اوسکو بیٹھنے سے تکلیف ہوتی ہی اسواسطے وہ کھڑا رہتا ہی اور کھانستا ہی مگر اُس کھانسی مین اور پکی کھانسی مین فرق ہوتا ہی وہ فرق یہہ ہی کہ کھانسی آہستہ کھانستا ہی دیگر کھانسی زور سے کھانستا ہی یہہ یاد رکھنا "پلوریسی" کے نشان دم لیویگا تو پسلی سے نہین مثل سے اور "ڈایفرام" سے لیویگا اگر پسلی سے دم لیا تو زیادہ درد کی تکلیف ہوگی اور ایک نشان کونک کے پاس معلوم ہوگا ایک لکیر پسلیونکے قریب سے یہان سے وہان تک معلوم ہوگی کیا سبب کہ "مثانہ" کام کرتا ہی اور نبض بہت تیز ہوگی مگر باریک تار کے موافق اور سخت اور کام اوسکا پہلے سے زیادہ چلیگا اسقدر نبض کا باریک ہونا اور یہی دو تین بیماری مین ہوتا ہی مگر نشان سے تمیز کر لینا چاہئے علاج پھیپھڑہ کے بیماری کا اول ایک مکان مین خوب سیج دیکر چھوڑ دینا اور "بلانکٹ" گرم چارون پاؤن پر باندھنا اور جھول ہمیشہ گرم رکھنا اور ہوا بند نہین کرنا اور ہوا کے منہہ پر نہین باندھنا اوسکو کھانا نرم اور ٹھنڈا دینا اور یہہ بند و بست رکھنا کہ لید کو دیکھنا کیا سبب کہ پیٹ مین کوئی بھی بیماری ہوتی ہی تو لید مین سختی آتی ہی اور بعضے وقت لید پر جالا بھی آتا ہی اگر اسقدر نظر آوے تو اوسکو بالکل دوا نہین دینا اگر دوا دیوے تو نقصان ہوگا فقط پچکاری لگانا کفایت ہی بعد دوا کا خیال کرنا اور دوا دینا تو یہہ دوا بہت اچھی ہی "ٹنچر اکینٹ" دس "منم" یعنے قطرہ دو "اونس" پانی کے ساتھ ملا کر پلانا اسقدر دیتے جانا اور نبض کو دیکھنا کہ یہہ دوا کی تاثیر ہی کہ نبض کو کم کرتی ہی اور دو پہر دو کرتی ہی اور نبض کی دھمک کم کرتی ہی اور جب نبض کی دھمک برابر اپنے چال پر آتی تو دوا مذکور کو بند کرنا اگر یہہ دوا نہین ملی تو بعد یہہ دینا "نائٹر مینک" دو ڈرام "کیامفر" یعنے کافور ایک ڈرام دونون کی گولی بنا کر دینا یا کہ "ڈجیٹیلس" ایک ڈرام دو ڈرام شیرہ کے ساتھ گولی بنا کر دینا مگر یہہ دوا کی تاثیر ہوا لگنے سے

بدل جاتی ہی اور ہوا نہین لگی تو مفید ہی دوا مذکور دینا تو دو یا تین بار دینا بعضے وقت پانچ گرین
کیا لومیل اوسمین شریک کرنا تاکہ کلیجہ کو فائدہ ہووے اور ایک ٹیپ پانیگا بھر کر ہمیشہ تھان مین رکھنا اسقدر بندوبست
اور علاج وغیرہ کیا تو انشاء اللہ تعالی فائدہ ہوگا "پلوریسی" کا علاج جو دوا کہ مذکور اوپر ہوئی ہی وہ
دوا اوسمین دینا اور پسلی کے اوپر "بلسٹر" کرنا اگر یہہ درد زیادہ روز تک رہا تو اوسکے سبب دوسری
بیماری ہوتی ہی یعنے "ہیڈرو تھوراکس" اسکا مطلب یہہ ہی کہ اندر چھاتی کے پانی جمع ہوتا ہی کیا سبب کہ
"پلوریسی" کی بیماری مین "انفلمیشن" آتا ہی اور زیادہ زور وہان رہتا ہی تو اوسمین سے "سیرم" نکلتا ہی تو
وہ جمع پانی ہوتا ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ پسلیونکے درمیان جو جگہہ ہوتی ہی وہ پھول جاتی ہی دوسری
یہہ ہی کہ درد کی زیادہ تکلیف جو تھی اوسکو آرام ملتا ہی تو جاننا چاہئے اندر اوسکے پانی جمع ہوا اسواسطے
اوسکو آرام ہی اور یہہ حرکت جسم مین دو جگہہ ہوتی ہی ایک تو چھاتی مین اور ایک فوطہ مین جب
تمنے دیکھا کہ فلانی بیماری ہی اور پسلی کو کان لگاکے سنا تو اندر آواز پانی کا معلوم ہوگا مگر یہہ کام
اوسکو معلوم ہوگا کہ رات دن جو اسکام مین رہتا ہی اور نیا آدمی اگر کان لگاویگا تو اوسکو معلوم ہوگا مگر جیسا
بتاویگا برابر دریافت نہوگا لیکن دوسرے نشانونپر سے تصور کرکے بعد اوسکا علاج کرنا کہ اول کھانا اچھا
دینا نرم جلدی تاکہ اوسکو طاقت آوے اور کچھ "ٹانکس" دوا دینا "ٹانک" یہہ ہی "آیڈن آیرن" آدھا "ڈرام" چرائتا
دو "ڈرام" اگر یہہ نہ ملے تو "سلپٹ آف آیرن" یعنے ہیراکس ایک "ڈرام" فجر اور ایک "ڈرام" شام کو دانہ مین
دینا یا "آیڈین پوٹاسیم" دس "گرین" اور چرائتا دو "ڈرام" دونون وقت گولی بناکے دینا بعضے وقت وہ پانی نکالتے
ہین مگر کچھ فائدہ نہین ہی کیا سبب کہ پھر جمع ہوتا ہی اسواسطے نہین نکالتے اور نکالنا تو پسلی کے درمیان
ایک سوراخ کرنا اور ایک گول سوئی کے موافق نشتر ہوتا ہی اوس سے سوراخ کرنا جب سوراخ ہوا تو آپ نکلتا ہی
بعد نکلنے پانی کے ٹانکا لگانا اور سینکنا اور "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا اچھا ہوگا فقط

سبق ایکتالیسوان

"بروکن ونڈ" و "لارنگ جیٹس" کی بیماریان اسمین بیماری بروکن ونڈ کے بیان مین

یہہ بھی قسم کھانسیکی ہی اور ہوا اندر چھاتیکے جاتی ہی اور یہہ بیماری اکثر ولایت مین ہوتی ہی اور ہندستان کے تختہ مین کمتر ہوتی
ہی اور کیپ و اسٹلیا و انگلش گھوڑونمین اکثر ہوتی ہی دوسرے ملکے گھوڑیمین کم ہوتی ہی نشان اسقدر ہین کہ دم لینا مشکل ہوتا ہی اگر دم
لیویگا تو پادیگا اور کھانسیگا یہہ دونون کام ایک ساتھ ہوتے ہین اور وہ گھوڑا کھانا زیادہ کھاتا ہی مگر تیار نہین
ہوتا ہی ایسا گھوڑا لائق "رجمنٹ" کے نہین ہی نہین خریدنا اور جب گھوڑے بھرتی کرنا تو اول اوسکا
امتحان کرنا یعنے دوڑکی کرکے دیکھنا اگر کچھ حرکت نہوئی تو لینا اور حرکت ہی تو نہین لینا اس عارضہ کا

یہہ امتحان کرنا اوسکا یہہ خاصہ ہی کہ دوڑاؤ تو اوسوقت یہہ حرکت شروع ہوتی ہی جو اوپر بیان کیا
تو جاننا چاہئے کہ یہہ بیماری ہی اور یہہ حرکت زیادہ روز سے ہی تو وہ گھوڑا امتحان پر بھی کھانستا ہے
اور دم لیتا ہی اور سانس لینیکو تکلیف نہین ہوتی ہی مگر سانس چھوڑنیکو تکلیف ہوتی ہی اور دم ایسا
چھوڑتا ہی کہ معلوم نہین ہوتا اور دوسرے گھوڑیکا دم لینا اور چھوڑنا معلوم ہوتا ہی مگر اسمین نہین معلوم
ہوتا ہی اور وہ سانس ایسی چھوڑیگا کہ تھوڑی چھوڑا بعد بند کیا پھر تھوڑی سانس چھوڑا اسمو افق چھوڑتا ہے
اور کھانسی مین یہہ فرق ہی کہ دوسری کھانسی ندرسے کھانستا ہی اور اسمین آہستہ سے کھانستا ہی اسقدر اسکی دیتا
ہی اب علاج اور بند و بست اچھا کرنا کھانا نرم دینا اور کچھ بضمیت کی دوا دینا اور یہہ گھوڑا رسالہکے کام کا نہوگا فقط
گاڑیکے کام کا ہوتا ہی اور اگر سواریمین رکھنا تو ہر وقت سوار ہونیکے ایک یا دو گھنٹے اول وسکو دانہ چارہ
کچھ نہین دینا اوسکے بدل اوسکے منہہ مین جالی لگانا تاکہ کچھ کھانے نپاوے اور پانی بھی نپیوے اور یہہ
بات ہمیشہ کو یاد رکھنا کہ جو گھوڑا سواریکو یا پریڈ کو جاتا ہی تو اوسکو پانی اول نہ دینا بعد آکر پلانا اور ایسے
گھوڑیکو دانہ زیادہ دینا اور گھانس کم دینا اور کچھ تھوڑا گھانس دانہ مین باریک کترکے ڈالنا تاکہ دانہ برابر
چابکر کھاسکے اوسکی عادت ہوتی ہی کہ جلدی جلدی کھاتا ہی اور کچھ گاجر دینا اور بعد یہہ دوا دینا "تارپینٹائن"
ایک ڈرام "یا آدھا ڈرام" کافور ایک ڈرام "ایلوا ایک ڈرام" کتیا لوسیق دش "گرین" اِنکی گولی بناکے ایک دن آڑ
یا دو دن آڑ دیا کرنا جب تین چار روز ہوسئے تو "آلوز" یعنے ایلوا یہہ موقوف کرنا اور یہہ گولی تارمین بناکے
دینا جو ولایتی تار ہوتا ہی اوسمین شاید کوئی ڈاکٹر مین بناکے دیوے تو اچھا ہوگا بعضے گھوڑا ہر وقت دوڑنیکے
آواز کرتا کیا سبب کہ ہوا کے منہہ پہ جو باریک پردہ ہوتا ہی اوسمین نقصان آتا ہی اسواسطے آواز کرتا ہی اور
یہہ بات دیکھنے کو بری ہی مگر اِس سے گھوڑیکو تکلیف نہین ہی اور اوسکا علاج بھی نہین ہی ایسا گھوڑا جب
خرید کرنا تو اوسکو اول دوڑاکے دیکھنا تو اوسیوقت معلوم ہوگا کہ اسکے حلق مین یہہ بیماری ہی اگر کوئی جاگہ
ایسی ہو کہ وہان دوڑانیکی جگہ نہو تو اوسکو ایک ترکیب کرنا کہ چمکانا یا مارنا تو وہ چمک کے دوسری طرف پڑیگا
اوسوقت آواز آویگی اسپر سے دریافت کرنا اور یہہ بیماری مان باپ کیطرف سے اولاد مین آتی ہی اِسکو نام
دیا ہی "روررنگ" "لارنگ جیٹس" اسکا مطلب یہہ ہی کہ اندر "لارینگس" کے "انفلیمیشن" آتا ہی یعنے کنٹھ کے
اور یہہ درد باعث سردیکے پیدا ہوتا ہی بعضے لوگ اِنکو "تھور تھورٹ" کہتے ہین اسکا مطلب یہہ ہی کہ اندر
کنٹھ کے باعث "انفلیمیشن" کے ورم آتا ہی اور سوافق زخم کے ہوجاتا ہی اسواسطے یہہ نام ہی اور یہہ درد
"اکثر ایکیوٹ" ہوتا ہی "کمتر کرانک" اور سردی ولایت مین زیادہ ہوتی ہی وہان اکثر یہہ درد ہوتا ہی اور
اِس ملک مین کمتر ہوتا ہی کیا سبب کہ یہان سردی کم ہی اسواسطے نشان اول درجہ اسقدر ہی کہ
باعث دردکے بخار آتا ہی اور کھانا برابر نہین کھاتا ہی زیادہ تکلیف ہوئی تو پانی تک برابر نہین پیتا
اوسکے گلے کو ہاتھ لگاسئے تو درد مانیگا کھانسیگا گردن سیدھی رکھیگا اور دردکی بہت تکلیف ہوگی تو گھوڑا باعث

ورد کے مرجاتا ہی اور کھانسی کے بہت سبب ہین کہ جس سے گھوڑا کھانستا ہی اور اوسکا بیان
اول بھی کیا گیا ہی کُل دریافت کے بعد علاج کرنا اول اوسکو گرم مکان مین باندھنا اور جھول ڈبا ندےھا
گرم باندھنا اور کھانا نرم دینا بھوسہ ریش اور لہسن گھانس اگر کھانا نہ کھاوے تو کانجی بناکے دینا
اور بھوسہ کی بھاپ دینا تاکہ اوسکے مغز کو اور گلے کو سینک پہنچے اور دانہ گھانس اور دوا کی گولیان
یا پلانیکی دوا کچھ نہین دینا کیا سبب کہ اندر گلے کے "انفلمیشن" آیا ہی اور دوا دئی تو اوسکو زیادہ
تکلیف ہوتی ہی کیا سبب کہ ایک سخت چیز اوسکے اوپر سے جاوے تو اوسکو تکلیف کیونکر نہوگی
اسواسطے منع ہی اور اتنا بندوبست کیا اور فائدہ نہوا تو بعد سفید تیل اوپر گلے کے لگانا دو یا
تین روز تک لگانا تاکہ اوسکے اوپر ورم آوسے جب ورم آیا تو تیل مذکور کو بند کرنا اور گرم پانی سے
سینکنا اور اوپر روغن تلخ لگانا تاکہ وہ جگھہ نرم ہووے اور کھانا نہ کھاوے تو اوسکو کانجی
السیکی پلانا تاکہ اوسکو طاقت آوے اور ہر وقت پلانیکے ہشیار رہیے پلانا کیا سبب کہ اوسکے گلے مین
درد ہی اور تھوڑا سیر گرم پانی پلانا کیا سبب کہ گلے کو سینک پہنچے مگر زیادہ گرم نہو اور "انفلمیشن" آوے
جب اتنا بندوبست کیا اور آرام نہوا تو بعد گلے کے اوپر "پلاسٹر" لگانا "تین ایڈن مرکیوری" کا تاکہ اسکے
سبب جو اندر "انفلمیشن" ہی وہ باہر نکل آویگا اور جب "انفلمیشن" باہر آیا تو اوسکو آرام ہوتا ہی اور اگر درد کا
زیادہ زور ہوا تو وہ گھوڑا کھانا وغیرہ نہین کھاویگا جب اسقدر ہووے تو اوسکو پچکاریکی معرفت سے
کانجی داخل کرنا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ ہوا کا رستہ بند ہوجاتا ہی اور اوسکی سانس بند ہوجاتی ہی
اور گھوڑا بہت گھبراتا ہی اوسوقت یہہ علاج کرنا تاکہ اوسکی جان بچے اور یہہ بندوبست کرنا کہ نرڑویکا ایک
چکر کاٹنا اور اندر اوسکے ایک بڑی نلی پیتل کی بناکے لگانا تاکہ ہوا اوس رستہ سے باہر آوے اور
یہہ کام کرنا کچھ مشکل نہین ہی مگر مشکل وہ ہی جو نرڑیکا چکر اندر نرڑیکے چلا جاوے اگر وہ چکر اندر گیا
تو نقصان ہوگا اوسکی زیادہ حفاظت کرنا اور جب گھوڑیکا مزاج برابر ہوا تو وہ پیتلی نکالکے اوس جگہ کو
ٹانکے لگانا اور چھوڑنا مگر خیال رکھنا کہ رگڑکے ٹانکے نہ نکالے بعد اوسکو ہر روز گرم پانی سے دونون
وقت سینککے اوپر "کاربلک اسڈ" کا تیل لگانا انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا اور یہہ درد "اکیوٹ" ہی بعضے
وقت ایسا کرنا کہ کافور اور تارخوب جوش پانی مین ڈالکے اوسکی بھاپ دینا مگر ایک جھول اول اوسکے
سر پر ڈالنا تاکہ اوسکی بھاپ دوسری طرف نجاوے جب پانی ٹھنڈا ہوا بعد سینکنا موقوف کرنا یا کلورای فام
اور کافور دونون اوس پانی مذکور مین ڈالکے بھاپ دینا اسقدر اسکا بندوبست کرنا تو انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا فقط

سبق بیالیسوان

"کرانک کاف" یعنے جونی کھانسی کے بیان مین

اوسکی پیدائش اسقدر ہی کہ "اکیوٹ" "لارنگ جیٹس" چلا گیا اور اوسکا کچھ حصہ باقی رہا تو اوسکے

سبب ہوتی ہی یا سردیکے سبب ہوتی ہی اور کھانسی کے بہت سبب ہین کہ جس سے پیدا ہوتی ہی
اسواسطے برابر دریافت کرنا بعد علاج کرنا اور اسمین تمیز ہونا ضرور ہی نہین تو کھانسی کہین ہی اور علاج
گلے کا کرتے ہین اور جسم مین کھانسی بہت جگہہ ہوتی ہی اوسکے نشان الگ الگ ہین اونکو دریافت
کرنا بعد اوسکے موافق اوسکا علاج کرنا اور دوا ہرایک کی الگ الگ ہی نشانات اسقدر ہین کہ بروقت
کھانسیکے وہ کھانسیگا کیا سبب کہ سخت چیز اوسکے اوپر سے جاتی ہی اور گلے کو تکلیف ہوتی ہی اور بروقت
کھانسنے کے اوسکے حلق مین سے کچھہ کھکار نکلتا ہی بعضے گھوڑے اوسکو نگلجاتے ہین اور بعض اوگل دیتے ہین
اور یہہ بات آدمی مین بھی ہوتی ہی بعضے آدمی تھوک دیتا ہی اور بعضے آدمی نگل لیتا ہی اور یہہ بات
دریافت کرنیکا یہہ فائدہ ہی کہ اوسکے موافق دوا دیجاوے اور اگر اسقدر کھانسیکی تمیز نہووے تو اوسکے گلیکے
اوپر آہستہ سے ہاتھہ رکھنا اور دبانا تو اوسوقت وہ کھانسیگا اگر زور سے دبائے تو اچھا گھوڑا بھی اوسکے
باعث کھانسیگا اسواسطے آہستہ دبانا تو وہ گھوڑا چار یا پانچ وقت اوسکے ساتھہ کھانسیگا تب جانا جاتا ہی
کہ اندر گلے کے کھانسی ہی اگر اسقدر بھی نہ دریافت ہو تو سواری مین معلوم ہوگا اور تھان پر سے
کھولے تو اوسوقت کھانسیگا یا تھوڑی دور پر جاکے کھانسیگا اور تین یا چار وقت کھانسکر پھر نہین کھانسیگا
اور جب کہ اور کہین حرکت ہو تو وہ بروقت کھانا کھانیکے کھانسیگا اور جب خوب پیٹ بھر جاویگا تو
اوسوقت کھانسیگا یا سوار ہو کر دو کئی دوڑائے تو اوسوقت زیادہ کھانسیگا ایکدم نہین اور اول
جو بیان کیا ہی اوسمین ایکدم کھانسیگا اسکا خیال رکھنا ضرور ہی بعد دریافت کے علاج کرنا مگر علاج مین یہہ
اول بند و بست ہی کہ کھانسی زیادہ روز کی ہی یا تھوڑے روز کی ہی اور انفلامیشن تھوڑا ہی یا بہت ہی
یہہ دیکھنا بعد اوسکے موافق علاج کرنا اگر کھانسی بہت ہی اور انفلامیشن تھوڑا ہی تو اوسکو ایسا کرنا کہ اندر
مکان کے گرم رکھنا جھول اور بانڈیس گرم باندھنا تاکہ سردی نہ لگے بعد کھانا نرم دینا اگر گھوڑا موٹا ہی تو
اوسکو بھوسیکا پیش بناکے دینا اور لاغر ہی تو آٹا دانہ اور آٹا بھوسہ پکاکے دینا تاکہ اوسکو طاقت آوے اور
اکثر یہہ درد زیادہ روز تک رہتا ہی تو گھوڑا لاغر ہوتا ہی اسواسطے اوسکو کھانا اچھا دینا تاکہ تیار ہووے
بعد اوسکے گلے کو سفید تیل کی مالش کرنا اسقدر تین روز تک بعد اس عرصہ مین اوس جگہہ ورم آویگا بعد
تیل کو موقوف کرنا روز گرم پانی سے سینکنا اور میٹھا تیل لگانا تاکہ وہ جگہہ نرم رہے ترشنے نہین اور
آرام ہووے یا کہ رائی کا پلاسٹر لگانا بہت کر کے اسی بند و بست سے اچھا ہوگا اور اگر زیادہ یعنے
انفلامیشن ہو تو ماٹ بن ایڈن مرکیوری کا پلاسٹر لگانا تاکہ اوسکو جلدی فائدہ ہوگا اور اندر جو انفلامیشن
ہی وہ باہر آویگا باعث پلاسٹر کے اگر زیادہ روز کی کھانسی ہی اور گھوڑا لاغر ہی اوسکو سٹین لگانا
فائدہ ہی اور جب سٹین لگانا تو عرصہ چوبیس روز تک رکھنا بعد نکالڈالنا اور لگانیکا بند و بست اول بھی
بیان کیا گیا ہی اوسموافق لگانا یعنے گلے مین بعضے وقت ایسا کرتے ہین سٹین پراکے اوس فیتے کو

پلاسٹر لگاتے ہین تاکہ پیپ جلدی آوے اور دوا دینا تو اس ترکیب سے دینا کہ گھوڑیکو تکلیف نہووے گولی چھوٹی بناکے دینا ایک وقت ویسکی ہی تو اوسکو دو وقت دینا اور اوپر چربی لگاکے دینا دوا کا نام شورہ دو ڈرام کافور ایک ڈرام افیون ایک اسکروپل ٹارٹرمیٹک آدھا ڈرام ایک ڈرام ایلوا اگر کچھہ منہہ کا رنگ پیلا ہوگا تو پانچ گرین کیالومیل اوسمین شامل کرنا اسقدر تین روز گولی دینا بعد ایلوا بند کرنا اور دوسری جو چیزین ہین وہ سب موافق دستور کے دینا اور ان گولیونکا یہہ خاصہ ہی کہ حلق مین جو خشکی ہی کچھہ کف نہین نکلتا ہی تو اوسکے سبب کف آویگا اور کھانسیکو فائدہ ہوگا اگر کف زیادہ آتا ہوگا تو اوسکو یہہ گولی ٹارٹرمیٹک ایک ڈرام افیون ایک اسکروپل ہینگ ایک اسکروپل سونٹھ ایک ڈرام ان سب کی ایک گولی بناکے دینا تو اس سے وہ جو زیادہ کف آتا ہی وہ کم ہوگا بعضے وقت نیٹریٹ ایرن یعنے ہیراکس ایک ڈرام فجر اور ایک ڈرام شام کو دینا اس سے کھانا ہضم ہوگا اور یہہ دوا ٹانک ہی اور اسکی تاثیر اوپر جو بیان کیا ہے اوسموافق ہی اور اندر دوا دینے سے اوپر کا بندوبست اچھا ہی کہ جلدی فائدہ معلوم ہوتا ہی کیا سبب کہ درد کے اوپر علاج ہوتا ہی یاد رکھنا پھیپسہ مین جو کھانسی ہوتی ہی تو وہ مشکل سے خیال مین آتی ہی اوس گھوڑیکے پھسلی کے نزدیک کان لگاکے سننا تو وہان آواز معلوم ہوگی مگر اس کام مین جو شخص رات دن محاورہ کریگا تو شاید اوسکو معلوم ہوگا کیا سبب کہ یہہ کام بہت نازک ہی اور اچھے اچھے ہشیار لوگ جو اسکام مین ہمیشہ رہتے ہین اور عمر اونکی اسکام مین گذر گئی ہی مگر اونکو اسکی تمیز نہین ہی شاید سو مین دس آدمی ہونگے کہ وہ اسکام سے واقف ہونگے اسواسطے اسکا ضرور خیال رکھنا اور وہان کان لگاکے سننا تو ایسی آواز آئیگی کہ جسقدر ستار لکڑیکو رندا کرتا ہی اوسموافق سانس کے ساتھہ آواز آویگی تو برابر تصور کرنا کہ اندر پھپھسے کے درد ہی اور گھوڑا لاغر ہوگا جسم پر خشکی ہوگی اور روان کھڑا ہوگا چمکیگا نہین سست کھڑا ہوگا اور پیٹ بڑا ہوگا اوسکا علاج کھانا نرم دینا بعد یہہ دینا ٹارٹرمیٹک ایک ڈرام کافور ایک ڈرام افیون ایک اسکروپل ملیٹھی ایک ڈرام یہہ سب کو ایک جگہہ ملاکے گولی بناکے کھلانا انشاء اللہ تعالی اس سے اچھا ہوگا بعضے وقت ایسا کرنا کہ چھاتی کے اوپر بلسٹین ایک بالش کے فرق سے لگانا مگر یہہ علاج آخر ہی اور کوسٹے کیطرف سے اگر کھانسی ہے تو اوسکے نشان کل ظاہر مین اور اوپر بھی بیان کیا گیا ہی اور ایک بات اسمین اور ہوتی ہی کہ بروقت کھانسیکے پادیگا اور کھانا ہضم نہ ہوگا پیٹ بڑا ہوگا اور کھانا زیادہ کھاویگا مگر لاغر ہوگا اوسکا اسقدر بندوبست کرنا کہ کھانا اچھا دینا اور گھانس تھوڑا دینا اور دانہ رفتہ رفتہ بڑھانا بعد اوسکے دوا کچھہ ٹانک دینا وہ یہہ ہی ٹارٹرمیٹک دو ڈرام کافور ایک ڈرام افیون ایک اسکروپل یہہ تینون کی گولی بناکے دینا اس سے اچھا ہوگا اگر لید سخت ہو تو اوسکے ساتھہ ایلوا ایک ڈرام دینا اچھا ہوگا فقط کٹار یعنے سردی کے سبب یہہ داد پیدا ہوتا ہی جسقدر آدمیکو زکام آتا ہی اسقدر گھوڑیکو آتا ہی اسکا نام کٹار ہی اور آدمیکو آتا ہی تو اسکو زکام کہتے ہین ابتدا اوسکی سردیسے ہی یا پسینہ زیادہ آوے اور اوس حالت مین پورب کی ہوا لگی تو اوسکے سبب

ہوتا ہی یا کہ گھوڑا دھویا اور خشک نہین کیا اوسکے سبب اور بہت سبب ہین کہ جن سببون سے ہوتا ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ ناک اور آنکھ مین سے پانی جاری ہوگا اور ناک کے اندر کا چمڑا سرخ ہوگا اور ناک کا پانی دو چار روز کے بعد خشک ہوگا اور حلق جلیگا طبیعت سست ہوگی کھانا برابر نہین کھاویگا بعضے وقت تھوڑا بخار آویگا اور تھوڑی کھانسی کریگا اوسکے گلے مین درد ہوگا جسم کانپیگا یہہ نشان ہین اوسکو اندر مکان مین باندھنا سرد ہوا سے بچانا جھول اور باندلس گرم باندھنا بعد کھانیکا بند و بست کرنا کھانا نرم دینا اور بھوسہ اور لہسن گھانس دینا یا ہرا گھانس اور بھوسیکی بھاپ ناک مین دینا اور اوسکی ترکیب اول بیان کی ہی اوسکے موافق کرنا اور اگر اوس سے آرام نہواو بعد اوسکے بھاپ دینا اسقدر کرنا کہ ایک ٹیپ مین گیہونکا بھوسہ ڈالنا اور اوسمین خوب جوش پانی ڈالنا اوسکی بھاپ دینا اکثر بھاپ نہین لگتی ادھر اودھر نکلجاتا تو اوسکو ایک کمل لیکر گھوڑیکے سر پر اوڑھانا اور سامنے وہ ٹیپ منہہ کے رکھنا تو اوسکے سبب مغز کو پوری بھاپ پہنچتی ہی اور گھوڑیکو اچھا معلوم ہوگا دوسرا پانی خوب جوش لیکر اوسمین گھانس کی پولی یا کچھ گھانس اندر ڈالنا تو اوسکے سبب بھاپ برابر اوٹھتی ہی اوسکی خوشبو سے مغز کو تازگی پہنچتی ہی اور گھوڑیکو اچھا معلوم ہوتا ہی بعضے وقت جوش پانی کرکے اوسمین چار ڈرام کافور ڈالکے اوسکی بھاپ دیتے ہین یا تار ڈالکے اوسکی بھاپ دیتے ہین اور اوسکا علاج برابر نہین کیا تو اوسکے سبب لارنگ جیٹس ہوتا ہی یعنے اندر کہنی کے انفلمیشن آتا ہی اور نقصان زیادہ ہوتا ہی اسواسطے اوسکا بند و بست اچھا کرنا موجب ذکر کے بعضے وقت بچہ گھوڑیکو اسٹرینگلس یعنے ہوبلک کی بیماری اکثر ہوتی ہی گلے مین ایک گرہ پیدا ہوتی ہی اور ہونیکا سبب سردیکا ہی اکثر یہہ بیماری ولایت مین ہوتی ہی اور کمتر ہند مین ہوتی ہی کیا سبب کہ وہان سردی زیادہ ہوتی ہی اور یہان کم ہی اسواسطے جہان سردی زیادہ ہی وہان یہہ بیماری زیادہ ہی بعضے گھوڑیکو یہہ بیماری نہین ہوتی ہی اور ولایت مین کوئی گھوڑا اس عارضہ سے خالی نہین ہوتا ہی ہر ایک کو ہوتی ہی نشان اسقدر ہین کہ طبیعت سست ہوگی گلے مین درد ہوتا ہی بعضے وقت بخار آتا ہی گھانس چابکر اوسکا چوتھا واپس کرتا ہی اور جب اوسمین درد آتا ہی تو پورا اتک گلینڈ مین بھی درد آتا ہی اور اوسکے کام مین حرکت آتی ہی بعضے وقت وہ بھی اوسکے سبب پکتا ہی اور پھوٹ جاتا ہی یہہ نشان ہوئے اب علاج اسقدر کرنا کہ کھانیکا بند و بست اچھا رکھنا کیا سبب کہ وہ کھانا برابر نہین کھاویگا اوسکو کھانا نرم دینا اگر وہ بھی نہ کھاوے تو کانجی دینا السی کی یا آٹے کی یا بھوسہ کی یا ستو کی اگر گرم پانی مین پکاکے دیئے اور گھوڑا نہ کھاوے یا نپیوے تو ٹھنڈے پانی مین بناکے دینا اگر نہ پیئے تو زبردستی نہین کرنا بعضے جانور ایسا ہوتا ہی کہ نہین پیتا تو اوسکے واسطے ایک ٹیپ مین بھرکے تھان مین رکھنا تو وہ ادھر اودھر سے اگر پیتا ہی اگر اسقدر بھی نہ پیئے تو بعد پچکاری کی معرفت سے اندر

ساغریکے داخل کرنا اور یہہ علاج کرنا اول گرم پانی سے سینکنا جتنی محنت سینکنے کی کئی اوتنا جلدی فائدہ
ہوگا اور بیگا بعضے لوگ اوس جگھہ پولٹس باندھتے ہین یہہ بھی اچھا بندوبست ہی مگر پولٹس وہان
رہتا نہین کیا سبب کہ وہ جگھہ برابر نہین ہی گھوڑا کھانا کھاتا ہی اور منہہ ہلاتا ہی تو وہ ڈھیلا ہوجاتا ہی
کتنا زور سے باندھے تو بھی وہ ڈھیلا ہوتا ہی اور پولٹس مین اور گرہ مین تفاوت آتا ہی دونون مین
جب تفاوت آیا تو وہان ہوا لگتی ہی تو اوس سے زیادہ نقصان ہوتا ہی اسواسطے وہان پولٹس
نہین باندھنا بعضے وقت وہان پلاسٹر لگاتے ہین مگر پلاسٹر کے دو کام ہین جلدی پکاتا ہی اور بعضے
وقت وبا دیتا ہی تو اوسکا دبجانا اچھا نہین ہی اوسکا پھوٹ جانا اچھا ہی کیا سبب کہ آگے اور حرکت
کریگی و تکلیف دیویگی اسواسطے گرم پانی سے سینکنا بہتر ہی اور بعد سینکنے کے اوسکے اوپر سفید تیل
لگانا تاکہ اوسکے اوپر ہوا کا اثر نہووے اور گرم رہے اور اوپر گرم کپڑا باندھنا اوسکے بھی ہوا کا بچاو
اور اِس بیماری مین شاید سو گھوڑون مین ایک یا دو گھوڑے تکلیف دیوینگے نہین تو جلدی اچھے
ہوجاتے ہین بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ وہ گرہ زیادہ بڑی ہوسکے ہوا کے رستے کو دباتی ہی اور اوسکے
سبب سانس لینا بند ہوتا ہی اگر ایک ہزار گھوڑے ہونگے اس بیمار سے تو اون مین سے ایک یا دو گھوڑے کو
یہہ حرکت ہوگی نرڈیکو کاٹنا جسقدر ٹریکیٹومی مین بیان کیا ہی اوسکے موافق کرنا اور پھوڑے کو چیرنا بہت
سرکے پھوٹ جاویگا اور وہان نشتر سے چیرنا نہین ہی کیا سبب کہ وہ ات سے تھوک کے [illegible]
مگر پھوڑے کو چیرنا تو اسقدر چیرنا کہ گھوڑے کی تکلیف نہووے جب پھوڑا خوب پکیگا وہ سکے بعد اوسکو چیرنا بہتر تو
خود پھوٹ جاویگا اور وہ رستے کی طرف سے نقصان آتا ہی آخر ورم چیرنا جب وہ خوب پکیگا تب سکے بعد
چیرنا مناسب ہی اسکا خوب خیال رکھنا فقط

سبق تیتالیسوان

بیماری نیزل گلیٹ و گلانڈرس و فالسی کے بیان مین

نیزل گلیٹ اوسکو بولتے ہین کہ زکام تھوڑا پکا اور اچھا نہین ہوا تو اوس سے نیزل گلیٹ
ہوتی ہی اور ابتدا اوسکی سردی سے ہی نشان اسکے اسطور سے ہین کہ ناک مین سے میلا آتا ہی یعنے
سمبث اور اوسکا سفید رنگ ہوتا ہی اور زمین پر ایک دم گر جاتا ہی رکتا نہین اور ناک کے اندر کی
چمڑیکا رنگ موافق دستور کے ہوتا ہی بدلتا نہین بعضے وقت گلیین ورم آتا ہی لیکن ہمیشہ نہین
اور گرہ دو بیماری مین معلوم ہوسنگے اکثر فالسی یا گلانڈرس فالسی یعنے بیل اور گلانڈرس یعنے سیمبہ اور
وہ گرہ سخت ہوتی ہی اور جبڑیکی ہڈی سے مضبوط بیٹھ جاتی ہی اسقدر نشان معلوم ہوسنگے بعد اوسکے
کھانیکا بندوبست کرنا اچھا کھانا نرم دینا بعد اوسکے کچھہ دوا ٹانک دینا تاکہ کھانا ہضم ہووے اور طاقت

آدہے اسقدر دینا جیساکہ پلاسٹر کی مکھی دو گرین شام کو اور دو مجرکو دینا اور مزاج کو دیکھنا اگر فائدہ نہووے تو اور دینا نہین تو بدل کرنا اور اس دوا کا زور گردہ پر ہوتا ہی اوسکے سبب پیشاب زیادہ کرتا ہی اسکا بھی خیال رکھنا اور بدل کرنا تو اوسکے عوض مین نیلا توتھہ دینا اول آدہا ڈرام فجر اور آدہا شام کو گولی بناکے دینا ایک ہفتہ کے بعد ایک ڈرام دینا بعد ایک ہفتہ کے یہہ دوا دینا آرسنک یعنے سنبل دو گرین فجر اور دو شام کو دانہین دینا یا کرسنبل کا پانی بنا ہوا ہوتا ہی اوسکا نام لیکر آرسی کیلس ہی اور رنگ اوسکا سرخی مائل ہوتا ہی وہ دینا تو ایک ڈرام ایک وقت دینا اسقدر دو سر وقت دینا ایک ہفتہ تک بعد اس سے کچھ فائدہ نہوا تو بن ایڈن مرکیوری ایک گرین فجر اور ایک شام کو دینا دانے مین ڈالکے قریب چار گرین کے زیادہ نہین دینا اور منہہ کو ہر روز دیکھنا اوسکے سبب مسوڑے پہول جاتے ہین اور اونکا رنگ سرخ ہوتا ہی اسواسطے اوسکا خیال رکھنا اور زیادہ روز تک منہہ تو رال بھی جاویگی بعد ناک مین آسٹین جنٹ لوشن ڈالنا یعنے خشک کرنیوالی دوا جیساکہ گلاسکٹ پانچ گرین ایک اونس یا دو اونس پانی کے ساتھ بنانا اور ناکمین ڈالنا بعد ناک اوپر اوٹھانا اور چھوڑ دینا یا سلیٹ آف زنک آدہا ڈرام ایک پینٹ پانی کے ساتھ لوشن بنانا اور ناکمین ڈالنا یا کلورآف زنک دس گرین دو اونس پانی کے ساتھ ناکمین ڈالنا یا نیلا توتا آدہا ڈرام یا ایک اسکروپل باریک کرکے آدہی بوتلی پانی مین لوشن تیار کرکے ناکمین ڈالنا اسقدر رکھانے اور دوا کا بند و بست کیا اور اچھا ہوا تو بعد اوسکے گلانڈرس ہوتا ہی یعنے سیمبہ اور سیمبہ و بیل دونون ایک خاصیت رکھتے ہین اور ابتدا اس بیماریکا یہہ ہی جو اوپر بیان کیا دوسرے اور بہت سبب ہین کہ جس سے یہہ بیماری ہوتی ہی اور سیمبہ زیادہ روز تک رہا تو اوس سے بیل پیدا ہوتی ہی یا بیل زیادہ روز تک رہی تو سیمبہ اوس سے پیدا ہوتا ہی اور یہہ بیماری اکثر اسقدر ہوتی ہی کہ ایک گھوڑیکو ہوئی تو اوسکے سبب دوسرے گھوڑیکو ہوتی ہی جسقدر کسی چیز کا بیچ ہوتا ہی اور اوسکو پانی ملا تو اوسکے سبب جھاڑ ہوتا ہی اوسقدر یہہ بیماری ہی سبب بیماری مذکور کا اسقدر ہی کہ کوئی گھوڑا بیمار اس بیماریکا کسی تھان مین بندہا اور اوسکی الائش دیوار مین یا اور کوئی جگہہ لگی ہوئی ہی بعد اوس تھانپر دوسرا کوئی گھوڑا لاکر باندہا اور اوسنے زبانسے چاٹا یا ناک رگڑا تو وہ الائش کا بیچ اندر ناک کے یا پیٹ کے چلا گیا تو اوس سے یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی اسواسطے اوس تھانکا بند و بست کرنا بعد مرنے اوس گھوڑیکے یا اچھا ہونیکے اور بند و بست یہہ ہی کہ اوس گھوڑیکا کل سامان جلا دینا اور مکان کو لیپنا سب دیوار کھرچکر اور زمین کو اول گھانس سے جلانا بعد لیپنا اور دوسرا گھوڑا اچھا باندہنا اور ایک سبب ہی کہ جس سے یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی وہ یہہ ہی کہ کوئی گھوڑا بیمار بندہا ہی اور اوسکے نزدیک اچھا گھوڑا باندہا ہی اور اوسکا جھوٹا کھانا یا پانی اوس اچھے گھوڑیکے پینے مین آیا یا ایک توبرے مین دونون کو دانا کھلایا یا سائیس دونون گھوڑونکی مالش کرتا ہی تو ان سببون سے بھی

یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی یاکہ کوئی میلے تھانمین گھوڑا بند ہا ہوا ہی اوسمین اندر اگر سٹر جاوے اور کیڑا وغیرہ کوئی صاف نہین کرتا ہی اور گھوڑیکو برابر خوراک نملے ہوا اچھی نملے تو اسکے سبب سے بھی یہہ بیماری پیدا ہوتی ہی یاکہ جہاز مین زیادہ روز گھوڑا رہا اور ہوا برابر اچھی نملی تو اکثر کرکے یہہ درد پیدا ہوتا ہی اور اسکا امتحان کیا گیا ہی اگر کسیکو شک ہووے تو بمبئی مین جب جہاز پرسے گھوڑے اوترتے ہین اوسوقت دیکھلیوے بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑیسے محنت زیادہ لیجاوے اور اوسکو کھانا برابر نملے تو اوسکو ہوتی ہی یا کوئی بیماری زیادہ روز تک رہی اور اوسکے جسم مین سے پیپ یا خون بہت نکل گیا اور اوسکے سبب گھوڑیکو لاغری آگئی تو اوسکے سبب بھی ہوتی ہی یاکہ حالت سفر مین دانہ چارہ برابر نہین ملا اور ایک عرصہ تک اسیقدر وہ گھوڑا رہا بعد اوسکو کھانا زیادہ دیا اور اچھا دیا تو اوسکے سبب ہوتی ہی اب اوسکے نشان اسقدر ہین کہ ناک مین سے میلا آویگا اور اوسکا رنگ پیلا ہوگا اور تھوڑا ہرا پن معلوم ہوگا اور چیکٹ مثل گوند کے اور ناک کے اطراف چکٹ جاویگا اور اوسمین چمک ہوگی اگر ناک صاف نہین کئے تو شاید بند ہو جاویگی اور گلیمین ایک گرہ سخت تھوڑے موافق ہوگی اور وہ ہڈیپر اسقدر مضبوط بیٹھ جاویگی کہ ہلاؤ تو مشکل سے ہلیگی اور اندر ناک کے باریک باریک السر آوینگے مثل چھالیکے اور وہ پھوٹ کے بطور زخم کے چٹے ہو جاوینگے بعضے وقت اندر نزدیکے ہوتے ہین بعضے وقت نزدیکے منہہ مین ہوتے ہین مگر یہہ ظاہر نظر نہین آتے ایسا نہین کہنا کہ یہہ نشان نہین ہی شاید بعد مرنیکے چیر کر دیکھنا تو معلوم ہوگا اور دوسرے نشانون پرسے دریافت کرلینا مگر وہی بیماری مین اکثر گھوڑا لاغر ہوتا ہی بعد دریافت کے دیکھنا کہ بیماری "اکیوٹ" ہی یا "کرانک" اگر "اکیوٹ" ہی اور گھوڑا نو عمر ہی تو اوسکا علاج کرنا شاید اچھا ہو جاوے اور گھوڑا زیادہ عمر کا ہی اور بیماری "اکیوٹ" ہی تو اوسکو رکھنا نہین گولی سے مار ڈالنا نہین تو زیادہ روز رہکر آپ مرجاویگا اور اوسکو تکلیف زیادہ ہوگی اور فائدہ نہوا دوا کرنیکا پھر کیا فائدہ ہی اسواسطے اوسکو مار ڈالنا اور [illegible] اور سائیس ان آدمیونکو نقصان ہی اوس بیماریکا اثر اونمین بھی آویگا اور وہ مرجاوینگے اور اگر "کرانک" ہی تو اوسکی اُمید اچھے ہونیکی ہی اسقدر کُل دریافتی ہوچکی بعد اوسکا بند و بست کرنا اوس گھوڑیکو دوسرے گھوڑونسے دور باندھنا اوسکا آدمی الگ رہے اوس گھوڑیکے پاس سے دوسرے گھوڑیکے نزدیک نجاوے اور دانہ پانی چارہ وغیرہ کُل الگ رہے اور اوسکی ہوا دوسرے گھوڑونکو نہ لگے اور کھانا اچھا دینا اور زیادہ تاکہ اوسمین طاقت آوے اور بیمار ہونیکے ساتھہ لڑائی کرسے اور تھوڑی تھوڑی محنت لینا اور مالش اچھی لینا اور کوئی دوا اچھی ہضم ہونیکی دینا تاکہ کھانا ہضم ہووے اور دوا کا بیان جسقدر "نیزل گلیٹ" مین کیا ہی اوسموافق دینا اور ناک کو خوب صاف کرنا اسقدر اوسکا بند و بست کئے تو شاید اچھا ہوگا

فالسی یعنے بیل اوسکی ابتدا اوّل بیان کیا ہے کہ فلا سنہ سے ہوتی ہے مگر یہہ چمڑیکے نیچے ہوتی ہے اور ٹھکانہ یہہ کہ پچھلے پاؤن گردن سے سرو بغل اور بھی جسم مین ہوتی ہے کوئی جاے اوسکی مقرر نہین ہے مگر اوپر جو بیان کیا اوس جگہہ اکثر ہوگی بعد دوسری جگہہ ہوگی اور آب سارویئ جونسے ہے اوسمین یہہ بیماری آتی ہے اور جب اوس نسکو دیکھنا تو وہ مثل رسی کے معلوم ہوگی بعد گرہ گرہ اگر پھوٹ جاویگی اور اندر زخم گہرہ ہوگا اور ایسے زخم کا یہہ خاصہ ہے کہ اندر ہی اندر بڑھتا جاتا ہے اور پھیلتا اور گھوڑا لاغر ہوتا ہے اور ناک مین السر ہوتا ہے جسقدر گلانڈرس یعنے سیمبہ مین بیان کیا ہے اوسکے موافق اور گلیمین گرہ ہوگی سب بعضے وقت میلا ناک سے جاری ہوگا بعد سیمبہ ہوگا اسقدر بھی ہوتا ہے اور یہہ دونون بیماریان جو ہین اونکی شناخت ایک اور ہے وہ یہہ ہے کہ ایک یابو یا گدہا ہلکی قیمتکا لیکر جو میل سیمبہ سے نکلتا ہے یا بیل کی زخم سے نکلتا ہے وہ اوس جانور کے مانڈ مین تھوڑا چیر کر اندر چمڑیکے لگا دینا یا کہ آنکھہ کے نیچے چیر کر اوسکے اندر بھر دینا بعد تین روز کے دیکھنا جو بیماری گھوڑیمین تھی وہ اوسمین آئی یا نہین اور اوس جانور مین کل نشان گھوڑیکے آوینگے بعد دریافت کے دیکھنا کہ بیماری زیادہ ہے یا ہلکی اور گھوڑیکی عمر کو دریافت کرنا کہ نو عمر ہے یا زیادہ اگر گھوڑا زیادہ عمر کا ہے اور بیماری بھی زیادہ ہے تو اوسکو مار ڈالنا کچھہ فائدہ نہین ہے رکھنے سے اور بیماری ہلکی ہے اور گھوڑا نو عمر ہے اوسکا علاج کرنا جسقدر سیمبہ مین بیان کیا ہے اوسکے موافق کرنا اور زخم پر دوا لگانا اسمین یہہ فرق ہے کہ زخم پر دوا لگانا اگر گھوڑا نو عمر ہے اور بیماری تیز ہے تو اوسکا علاج کرنا اللہ تعالیٰ کیطرفسے اوسکی زندگی ہے تو اچھا ہو جاویگا اور بند و بست وغیرہ کل موافق سیمبہ کے کرنا اور اوپر زخم کے دوا لگانیکو بہت ہے مگر اسکام مین داغ دینا بہت اچھا ہے اور داغ دینا تو گہرا دینا تاکہ اوسکا زہر زور سے جل جاوے اور داغ گول ہونا بعضے وقت دوا لگانا تو اسقدر لگانا بِن ایڈین مرکیوری کا مرہم چربی کے ساتھہ بنا کے لگانا یا نیلا تو تا باریک کرکے یا اوسکا پانی بنا کے ایک ڈرام لینا اور ایک پینٹ پانی اور پوڈر لگانا تو اوسمین ایک ڈرام لینا یا کاسٹک لگانا یا کلور آف زنک لوشن مینڈ بنا کے لگانا دو ڈرام لیکر اوسمین پانی دو اونس شامل کرنا اور اوپر زخم کے لگانا اگر گرہ آئی اور پھوٹی نہین ہے تو اوسکو چیرنا اور اوسکی جڑ تک نکال لینا اس سے بہت فائدہ ہے مگر آدمی اسمین ہشیار رہو وسے اور یہہ دونون بیماری مین اکثر کرکے خون مین حرکت آتی ہے یعنے خراب ہو جاتا ہے اور یہہ بیل جو ہے تو لمفیٹک گلینڈ مین اوسکی جڑ ہے اور وہ گلینڈ چربیکا ہوتا ہے ولمفے آب سارویں سسٹم مین آتی ہے یعنے باریک نسین جو ہین اونمین آب رویں سسٹم کا مطلب یہہ ہے کہ چربی کا بند و بست اوسکی طرف ہے جسم مین جہان چربیکا کام پڑے تو اوسنے دینا اگر گھوڑا چند روز بھوکھا رہے تو اوسکے طرفسے مدد ملتی ہے اور طاقت رہتی ہے جب اتنا بند و بست کیا اور عرصہ ماہ یا دیڑھہ ماہ کا ہوا تو اوسکے بیماریکو دریافت کرنا کچھہ آرام ہوا یا نہین اگر آرام ہوا ہے تو خیر اور اگر نہین ہوا اور بیماری زیادہ

زور پکڑے تو مناسب ہی کہ اوسکو مار ڈالنا کیا سبب کہ اتنے عرصہ تک بیمار رہنا اور فائدہ نہوا تو اوسکی اُمید نہین ہی کہ وہ اچھا ہوگا اسواسطے اوسکو گولی سے مار ڈالنا فقط

سبق چوالیسوان
بیماری خون بگڑ جانیکے بیان مین

خون بگڑ جانیکا سبب یہہ ہی کہ تپ آتی ہی اور وہ تپ ایسی ہی کہ کبھی آتی ہی اوسکو کامن فیور کہتے ہین اور یہہ تپ گھوڑیکو بعضے وقت آتی ہی اور آدمی کو اکثر آتی ہی اوسکے نشان اسقدر ہین کہ زبان خشک ہو جاتی ہی اور پسینہ نہین آتا اور تپ جو ہی تو سبب کے ساتھہ آتی ہی مگر بے سبب آوے تو یہہ ہی جسکا بیان ہوا جب دریافت کر چکے بعد اوسکا بند وبست یہہ کرنا اوسکو کھانا اچھا دینا کوٹھڑی مین کھلا چھوڑ دینا جھول و بانڈس گرم باندھنا پانیکا ایک ٹیپ بھر کر تھان مین رکھنا یہہ بند وبست ہوا تو بعد دوا دینا اور دوا ایسی دینا کہ جس سے پسینہ آوے اور وہ دوا یہہ ہی "اسپرٹ ایتھر منٹرس" ایک اَونس کافور دو ڈرام یہہ دونون ملانا اور اوسمین تھوڑا پانی شامل کرنا اسقدر تین چار وقت دینا تا کہ پسینہ آوے جب پسینہ آیا تو دوا دینا موقوف کرنا بعضے وقت یہہ دوا میسر نہو تو شورہ دو ڈرام اور کافور ایک ڈرام ان دونون کی گولی بنا کے دینا اس سے بھی فائدہ ہوتا ہی مگر فائدہ اوپر جو بیان کیا اوس سے زیادہ ہوتا ہی بعضے وقت "ارمیٹک اسپرٹ آف امونیان" ایک اَونس کافور دو ڈرام اور چھے اَونس پانی یہہ پلانا انشا اللہ تعالی اس سے فائدہ ہوگا جب اچھا ہوگیا تو بعد تاکت کی دوا دینا جیسے ہضم ہونیکی دوا دینا سب سے اچھا چریتا ہی اور کونین بھی اچھی ہی مگر قیمت دار ہی اسواسطے چریتا اچھا ہی قیمت مین سستا ہی فائدہ بہت ہی بعد اچھا ہونیکے نوکری لینا فقط اور چریتیکا یہہ فائدہ ہی کہ آئندہ بیماری مین ہر ایک اسپ کو اسکی چا بناکے ہر ایکوقت دانہ مین ایک ایک اَونس دینا تو اگرچہ پچاس گھوڑونکو بیماری آ ہوگی تو اس بند وبست سے دس گھوڑونمین بیماری آئیگی اور باقی امن مین رہینگے یہہ فائدہ اسکا ہی اور بہت فائدے ہین مگر یہان مختصر کرکے لکھا بعضے وقت تو دیسانہ فیور ہوتی ہی اور فیور کہتے ہین تپ کو اسکے نام ہر ایک ملک مین الگ الگ ہین اور ہندمین اسکو زہر باد کہتے ہین اور اسمین دو قسم ہین ایک تو تیز اور ایک ہلکی "کرانک" اور "اکیوٹ" کوئی ملک مین زیادہ ہوتی ہی اور کوئی ملک مین کم ہوتی ہی اور اس سے اکثر گھوڑا نقصان ہو جاتا ہی اور ابتدا اس بیماریکی اسقدر ہی کہ کوئی طویلہ بہت بڑا ہی اور اوسمین تمام گھوڑے بندے ہین اور ہوا ہر ایک کو برابر نہین ملتی اور تھان میلا رہتا ہی اور انبالہ مین اکثر دھوپ کی موسم مین ہوتی ہی اور طویلہ کا حال اسقدر ہی کہ دونون سرے دونکو ہوا آتی ہی اور درمیان طویلہ کے جو گھوڑے ہین اونکو ہوا برابر نہین ملتی اسواسطے بیماری شروع ہوتی ہی اور شروع ہوتی ہی تو درمیانکے

ہوتی ہے کیا سبب کہ وہان ہوا برابر نہین پہنچتی یا کہ موتالی کے اندر گرہ بناتے ہین اور پیشاب ایکٹے تک
اوسکے اندر رہتا ہی وہ سڑکے یہہ بیماری اوس سے پیدا ہوتی ہے یا دانہ گھانس خراب سڑا ہوا ہو وہ دیا ہوسکے
سبب ہوتی ہے موافق اول درجہ مذکور کے ایک "اکیوٹ" اور ایک "کرانک" اب بیان "اکیوٹ" کا اسقدر ہے
کہ جب بیماری آتی تو گھوڑیکے خون سے پانی نکلتا ہے اور وہ پانی اگر دل کی تھیلی مین جمع ہوا ہی تو گھوڑا
اچھا کھڑا ہی اور آدھے گھنٹے مین گرکر مرجاویگا اوسکے نشان اسقدر ہین کہ اول سست ہوگا اور ٹیکا
کانپکر گریگا بعد تھوڑا کے دم چھوڑ دیویگا بعضے وقت وہ پانی سینہ مین جمع ہوا تو اوسکے نشان اسقدر
ہین کہ اوسکے ناک مین سے پانی کے بوند ٹپکینگے اور رنگ اوسکا موافق پانیکے ہوگا بعد تھوڑی دیر کے
اوسکا رنگ بدل جاویگا سفید مثل صابن کے ہوگا اور نبض تیز چلیگی بعد گرکر مرجاویگا کبھی پیٹ مین یہہ حرکت
ہوتی تو پیٹ درد کریگا جسقدر کہ گرنیکے درد مین ہوتا ہی اوسیکے موافق اور نبض تیز چلیگی بعد تھوڑی دیر کے
سست ہوکے مرجاویگا اوسکا علاج نہین ہی اور یہہ بیماری ظاہر مین نظر نہین آتی ہے اور "کرانک" جسمین
جو خون سے پانی نکلا اور اوپر ظاہر نظر آتا ہی وہ جسم مین کوئی بھی جگہہ اکثر چار پاؤن پیٹ کے نیچے اور
منہہ یہان معلوم ہوگا جب دریافت کر چکے بعد اوسکا بند وبست یہہ کرنا کہ غذا اچھی دینا بعد دوا دینا "ٹنکچر سپولنٹ"
یعنے ایسے قسم کی دوا کہ جسکے سبب گوشت مین گرمی آوے جیسا کہ سونٹ کالی مرچ "کاربنٹ آف امونیا"
ان تینون مین سے کوئی بھی ایک لیکر گوشت کے ساتھہ دینا ایک ڈرام "کونین" دو وقت دینا اوسکے ساتھہ
یہہ اوپر بیان کی ہوئی دوا مین سے کوئی بھی ایک دوا ایک ڈرام لیکر گولی بناکے دینا اور تھوڑی تھوڑی
محنت لینا اور ہفتہ مین دو وقت پسینہ لیا کرنا انشاء اللہ تعالی بہت جلدی اچھا ہوگا فقط

سبق پینتالیسوان

"نرب سسٹم" کا بیان

"نرب سسٹم" یعنے بند وبست "ڈائی جسٹی سسٹم" اور "سرکیولری سسٹم" کا بیان کیا گیا ہی اوسیموافق
یہہ بھی ہی اور کام اسکا یہہ ہی کہ جسم کو خبر دینا یعنے حکم اور جسم مین ہر ایک جگہہ سے ایک جسم کو حکم دینیوالا
ایک وہان سے خبر بھیجے کو لانیوالا ہی اور پیدایش اوسکی اسقدر ہی کہ بھیجے سے حرام مغز پیدا ہوا اسمین سے
باریک باریک نسین نکلی ہین اور مثل دل ناک زبان کان کل جگہہ ہی اور سب اپنے اپنے جگہہ کام پر
مقرر ہین اور اوس بھیجے کے دو حصہ ہین ایک بڑا اور ایک چھوٹا بڑا درجہ جو ہی تو اوسمین اور دو حصے
ہین اور اوپر اوسکے تمام باریک باریک خون کی نسین ہین اور اوس بڑے درجے کے پیچھے چھوٹا حصہ ہے
اوسکا نام "سری بیلم" ہی اور بڑیکا نام "سری بروم" ہی ان دونون کے درمیان ایک گرہ ہی اور اسمین
باریک پردہ ہی اوس پردہ مین باریک باریک خون کی نسین ہین بعضے وقت ان نسون مین باعث

انفلمیشن کے خون بگڑ جاتا ہے اور البومن بطور گرہ کے اندر جمع ہوتا ہے اگر بڑے درجے کو چاک کرو تو اندر اوسکے سفید اور بھورا رنگ معلوم ہوگا اور چھوٹے درجےکو چیرو تو گلابی رنگ معلوم ہوگا مگر اطراف اوسکے بھورا رنگ معلوم ہوگا اسکی تمیز اسواسطے ہونا کہ بیماری کا حال معلوم ہووے اور بڑے درجے مین اول وہ جو دو حصے بیان کئے ہین اونکے نام یہہ ہین "رایٹ ہیومز فیر" یعنے سیدھے طرفکا درجہ اور "لفٹ ہیومز فیر" یعنے بائین طرفکا درجہ اور بھیجے کی حفاظت اسقدر ہی کہ ایک چھوٹی ہڈی بطور صندوق کے اور اوسکے اندر ایک پردہ ہی اوسکے اندر پانی رہتا ہی کیا سبب کہ بھیجہ ہمیشہ تر رہے اور اسقدر "حرام مغز" کے اوپر ایک پردہ اور چھوٹے بھیجے مین سے یعنے سامنے کیطرف سے ایک جوڑ "نرب" کا نکلا وہ ناک کے اندر ہی اوسکا یہہ کام ہی خوشبو لینا اور اوسکے بازو سے ایک جوڑا اور کان مین گیا ہی اوسکے سبب سے آواز آتا ہی اور ایک جوڑ زبان مین گیا ہی اوسکے سبب سے مزہ آتا ہی اور ایک جوڑ آنکھ کے اندر گیا ہی اسیقدر یہہ سامنے کیطرف سے تقسیم ہوئے ہین اور باقی جسم مین تقسیم ہوئے ہین اسمین بیماری آتی ہے "انفلمیشن" کی مگر "انفلمیشن" آدمی مین زیادہ آتا ہی اور گھوڑے مین کمتر آتا ہی اوسکا سبب یہہ ہی کہ دھوپ مین زیادہ رہا یا کھانا برابر نہین ملا خراب ملا تو اوسکے سبب یا کوئی مارے یا کوئی بیماری جسم مین ہوئی ہو تو اوسکے سبب وہان "انفلمیشن" آتا ہی بعضے وقت اول جو بیان ہوا کہ گرہ ہی اوسمین پانی جمع ہوتا ہے اور اکثر یہہ حرکت بچہ جانور مین ہوتی ہی کیا سبب کہ خونکا پانی نکل کر وہان جمع ہوتا ہی بعضے وقت وہ جو اندر پردہ ہی اور اوسمین خونکی نسین ہین اونمین حرکت آتی ہی یعنے بڑی ہو جاتی ہین بعضے لوگ کہتے ہین کہ اندر مغز کے کیڑا ہوتا ہی مگر گھوڑیکو یہہ حرکت نہین ہوتی ہی البتہ مینڈھے مین یہہ حرکت ہوتی ہی مگر کیڑا اور دانتکا ہوتا ہی جب وہ مغز مین پیدا ہوا تو اوسکے نشان اسقدر ہین کہ مینڈھی چکر کھاویگی اگر سیدھے طرف ہی تو بائین طرف چکر کھاویگی اور بائین طرف ہی تو سیدھے طرف چکر کھاویگی اور "نرب" پر بیماری آتی ہی "ٹٹنس" کی یعنے چانڈیکی اسمین دو درجے ہین جنکے سبب ہوتی ہی ایک تو زخم کے سبب اور ایک آپ سے ہوئی تو اوسکو نام دیا ہی "آیڈیوپاتھس" اور زخم کے سبب جو ہی اوسکا نام "ٹوریمٹک" جو کہ آپ سے آتی ہی اگر اوسکا علاج کیا تو جلدی اچھی ہوتی ہی اور جو زخم کے سبب بیماری آتی تو وہ مشکل سے اچھی ہوتی ہی جب یہہ دونون مین سے کوئی بھی ایک حرکت ہوئی تو "مثل" کو زیادہ کام کرنا پڑتا ہی کیا سبب کہ اوسکو "نرب" کیطرف سے کچھ حکم ملتا نہین یعنے خبر اور وہ اپنا کام جاری رکھتا ہی اور "مثل" اینٹھ جاتا ہی اور اوسکے نشان اسقدر ہین کہ شروع مین گھوڑا سست ہوگا بعد ناخوش و چونکتا ہوگا اودھر اودھر دیکھیگا اور آنکھ پھاڑیگا اور چمکیگا اور آنکھ کے پاس ایک "کالمچہ" ہی اوسکا کام یہہ ہی کہ آنکھ کو صاف کرنا تو اوسکے اوپر نشان معلوم ہوگا جب منہہ کو اوپر اوٹھاتے تو وہ پردہ اوپر چڑھیگا جب جاننا چاہیئے کہ بیماری کی آمد ہی اور کان سامنے کو کھڑے ہونگے اور گھوڑا تھوڑا اکڑا ہوا معلوم ہوگا

دم سیدھی ہوگی اور جسم کانپیگا اسقدر اوسکے نشان ہین اگر اسحالت مین گھوڑیکو پھراوٴگے تو ایک لکڑیکے طور پر پھریگا اور گردنکا گوشت زیادہ سخت ہوگا اگر ہوشیار آدمی ہوگا تو دور سے دیکھکے دریافت کریگا کہ فلانی بیماری ہے اور اس بیماری مین منہہ کا رنگ سفید ہوتا ہے بعضے وقت نہین ہوتا اور یہہ نشان آخر ہے اور منہہ کے اندر اونگلی ڈالنا تو مشکل سے کھلیگا اسکا علاج شروع مین کیا تو فائدہ جلدی ہوگا اور نہین تو نقصان ہوگا اور جس ملک مین یہہ بیماری کا زیادہ زور ہووے تو وہان خبرداری زیادہ رکھنا کہ بیماری نہ آوے اور یہہ بیماری آدمی مین بھی ہوتی تو وہ جلدی اچھی نہوکر مرجاتا ہے اور بند وبست اوسکا اسقدر کرنا کہ گرم مکان مین باندھنا اور اندر اوسکے اندھیرا ہووے کیا سبب کہ اوسمین چمک زیادہ ہوتی اور آواز سے ڈرتا ہے اسواسطے اوسکو ایسا باندھنا کہ وہان کچھ کھڑبڑ نہووے بعد گرم جھول اور "بانڈیج" باندھنا اور بھوسہ دانہ مت بناکے دینا اور ہرا گھانس اور پانی ایک ٹب بھرکے اندر تھان مین رکھنا اور گل کھانیکا سامان اوپر دینا کیا سبب اوسکا گوشت اکڑجاتا ہے جب اتنا بند وبست ہوا تو بعد دوا کا خیال کرنا اور دوا ایسی دینا کہ جس سے نیند آوے مگر اول دوا اسکے ایک جلاب دینا تا کہ پیٹ صاف ہو اور اس بیماری مین جلاب ہوتا نہین ہے کیا سبب کہ وہ جو آنت کے اوپر "مسل" ہے اوسمین بھی بیماری کا اثر آتا ہے اسواسطے جلاب دینا تو ہلکا دینا تا کہ گرمی آوے اور نہین ہوا تو نقصان بھی نہووے اور ایک فائدہ یہہ ہے کہ آنت کے "اپیدرم" کو نرم کرے اور جلاب اسکے واسطے تیار نہین کرنا ایک ہم جلاب دینا تو اوسمین کچھ نشہ کی دوا ملاکے دینا جیسا کہ افیون یا بھنگ یا چرس اسمین سے کوئی بھی ایک دوا لیکر اوسمین شامل کرنا مگر ایک "ڈرام" سے زیادہ نہین اگر منہہ بند ہوگیا ہے تو ذکر ہوئی دوا لیکر گرم پانی ملانا اور پچکاریکے رستے اندر معا سیکے داخل کرنا اور منہہ کھلا ہے تو منہہ سے دیکر اندر پچکاری بھی لگانا اگر گھوڑا تکرار کرے تو زبردستی نہین کرنا اوسکے ساتھ رسیسے دوا اندر داخل کرنا بعضے وقت کلورافارم دیتے ہین ایک ڈرام سے دو ڈرام تک دینا "پورسک اسڈ" دس بوند ایک اونس گرم پانی مین شامل کرکے دینا اسقدر بند وبست چار پانچ روز تک کیا اور فائدہ نہوا تو بعد اوسکو مار ڈالنا کیا سبب کہ وہ اچھا نہوگا اور تکلیف زیادہ ہوگی اسواسطے اوسکو مار ڈالنا مناسب ہے اور اس عرصہ مین اوسکو آرام ہوا تو بعد اوسکا بند وبست اچھا رکھنا جسقدر بیان کیا ہے جب اوسکو تھوڑا آرام ہوا تو بعد ایک جلاب اوسکو اور دینا تا کہ جو کسر باقی رہی ہے وہ بھی صاف ہوجاوے فقط

سبق چھیالیسواں

بیان آنکھ کا اور اوسکے اندر پردہ وغیرہ کل و بیماریکا حال تحریر

آنکھ کے پپوٹے دو ہین ایک نیچے ایک اوپر اونکا کام یہہ ہے آنکھ کو بند کرنا اور اوسکے اندر گوشت ہے اوسمین "گلینڈ" پانی کے ہین اور اوس پپوٹے مین بال نکلتے ہین اونکو پلک کہتے ہین اونکا کام یہہ ہے کہ آنکھکے

اندر کچھہ چیز جانے نہین دینا جسقدر دروازہ پر سپاہی نوکر ہوتا ہی اور وہ اندر جانیکو منع کرتا ہی اوسیطرح
وہ پلکین ہین اور دیدہ کے اطراف چار "مسل" ہین اونکا کام یہہ ہی کہ آنکھہ کو ادھر ادھر پھرانا اور دو "مسل"
ترچھے ہین اونکا کام یہہ ہی کہ آنکھہ کو جسطرف ترچھہ دیکھنے کا ارادہ ہووے اوسطرف پھرانا اور ترچھی نظر
آنیکا یہہ سبب ہی جو بیان کیا اسقدر آنکھہ کے اندر سات "مسل" ہین اور ایک پردہ کیا "ملچہ" کا ہی اوسکا کام
یہہ ہی کہ دیدیکو صاف کرنا جو کچھہ کچرا وغیرہ اوسکے اندر جاوے تو اوسنے صاف کرنا اور حفاظت رکھنا اور
اوسکے آخر مین چربی اور وہ "مسل" دوسرے "مسل" کیموافق نہین ہی ابتدا اوسکی چربی سے ہی وہ چربیکا "مسل" کھچتا تو
وہ پردہ اوپر آنکھہ کے جاتا ہی اور یہہ پردہ آدمی مین نہین ہوتا گھوڑیمین اور چڑیا مین ہوتا ہی اور وہ پردہ
آنکھہ کے اوپر جاتا ہی اور آنکھہ کے دیدے پر غلاف تین ہین اونکے نام الگ الگ ہین باہر وار ایک سفید
رنگ کا پردہ ہی اوسکا نام "اسکلروٹک کوٹ" "کوٹ" انگریزیمین پردیکو بولتے ہین اور اوپر کیطرفکا پردہ
جو ہی اوسکا نام "کارنیا" ہی اوسکا رنگ تھوڑا بھورا اور کالا ہی بلی اور شیر مین پیلا ہوتا ہی بعضے گھوڑے
مین بھی اسقدر ہوتا ہی لیکن اثر جو اوپر ذکر کیا اوسموافق ہوتا ہی اور اوسکے اندر ایک پردہ ہی اوسکا نام
"کوراید کوٹ" ہی اوسکے اندر تمام خونکی نسین ہین اور تھوڑا کالا پن ہی اور اطراف ایک "آیرس" سفید رنگ کا
ہی اور اوسکے بیچ مین "پیوپل" ہی اور اوس "آیرس" کا کام یہہ ہی کہ چھوٹا بڑا ہونا اگر دھوپ مین گھوڑا کھڑا ہی
تو "آیرس" چھوٹا ہوگا اور سایہ مین کھڑا ہی تو بڑا موافق دستور کے معلوم ہوگا اور یہہ کام ایک "مسل" ہی "آیرس" کے
اطراف اوسکے اندر سے باریک باریک "مسل" کے تار نکلے ہین اوسکا یہہ کام ہی کہ چھوٹا بڑا کرنا اور اندر کے
"رٹینا" ہی اوسکا کام دیکھنے کا ہی اور اوسکے آخر مین "نرب" لگا ہی اوسکا نام "آپٹک نرب" ہی اور اوسکے
آخر مین ایک پردہ ہی اوسمین تمام خونکی نسین ہین اور آنکھہ کے درمیان دو جگہہ پانی ہی ایک تو "کارنیا"
اور "آیرس" کے درمیان ہین اوسکو نام دیا ہی "اکیوس" "ہومر" اور اوسکے آخر مین "کرس لاینس" ہی بعضے لوگ
اوسکو پانیکا شک کرتے ہین مگر وہ کچھہ پانی نہین ہی فقط اوسکا نمونہ مثل پانی کے نظر آتا ہی دوسرا
"وٹ رس ہومر" اور یہہ سب کے آخر مین ہی بیماری آنکھہ کے اندر دریافت کرنا تو اس پانی کا ضرور خیال
رکھنا کیا سبب کہ پانیکا رنگ بدل جاتا ہی مگر اوسمین تمیز یہہ ہی کہ اندر جو نقصان آوے تو اوسمین اور
اوپر کے درجہ پر ہی تو اوسمین اتنا نقصان نہین ہوتا ہی اور اندر "انفلمشن" آیا تو نس کے اوپر آتا ہی
اور "کارنیا" کے اوپر آیا تو اوسمین اُمید اچھے ہونیکی ہی اور اوسمین کم ہی اور اندر آنکھہ کے "کیاٹرک" ہوگیا
تو اکثر نقصان ہوتا ہی اور "کیاٹرک" پھولی کو کہتے ہین اور اندر "انفلمیشن" آتا ہی اوسکے باعث ہوجاتا ہے
اوسکی دریافت کسقدر کرنا کہ اندر آنکھہ کے درد ہی یا اوپر کے پردہ مین ہی آنکھہ جو ہی تو مثل ایک
آئینہ کے ہی جو چیز سامنے کو یا بازو کو اوسکے ہوگی وہ اوسمین نظر آویگی اسواسطے ایک تختہ گول بنا
اور اوسکے اوپر کوئی کالے کپڑیکا پردہ لگانا یا کہ بانات لگانا بعد آنکھہ کے بازو کو یا سامنے اوس

تختے کو لگا کے دیکھنا تو کچھ اندر کا حال ہی وہ سب معلوم ہوگا مگر دیکھنے والا شخص بازو کھڑا ہو کے دیکھے اور سامنے اگر کھڑا ہو کے دیکھیگا تو اوسکو برابر حال معلوم نہوگا اور بروقت دیکھنے کے اندر مکانکے پاؤ گھنٹے تک کھڑے کرنا بعد دیکھنا کیا سبب دھوپ سے اوسکا پیوپل چھوٹا ہو جاتا اور جب چھاؤن مین آیا تو وہ موافق دستور کے ہو جاتا ہی اور یہہ چھوٹے بڑے پر ایک تمیز اور ہی وہ یہہ ہی کہ اچھا "پیوپل" جو ہوتا ہی تو وہ ہمیشہ چھوٹا بڑا ہوتا ہی اور جسمین نقصان ہی وہ یکسان رہیگا کم زیادہ نہوگا اور پیوپل وہ جو اندر چکر کالا ہی اسپر سے دریافت کرنا اور اندر پھولا جو پڑجاتا ہی تو "انفلمیشن" کے سبب اوس "انفلمیشن" کا نام "کانسٹی ٹیوشنل آف تال میان" ہی اسکا مطلب یہہ ہی کہ طبیعت برابر نہین رہتی بخار آتا جسمی حرکتونکے سبب سے ہوتی ہی تو اوسکے باعث آنکھ کو نقصان آتا ہی جو بیان کیا اور اوپر والے درجے مین "انفلمیشن" آتا ہی تو اوسکو "سیمپل آف تال میان" کہتے ہین یہہ سردی یا مار لگنے اوسکے سبب ہوتا ہی اور اسکا علاج کرنا مشکل نہین ہی جلدی اچھا ہوتا ہی نشان اسکے اسقدر ہین کہ آنکھ مین سے پانی جاویگا اور اندر سے آنکھ سرخ ہوگی اور اوسمین تھوڑا آنکھ کھولتا رہتا ہی یا چوٹ کے سبب کچھ حرکت آئی ہو تو اوسکے سبب بھی اسقدر آنکھ بند رکھیگا مگر چوٹ کا نشان اندر آنکھ کے کچھ معلوم ہوگا جب برابر دریافت ہو چکی بعد علاج کرنا اگر چوٹ لگی ہی تو اوسکو گرم پانی سے سینکنا اور ایک کپڑا ٹھنڈا آنکھ پر رکھنا اس سے اچھا ہوگا اگر سردی سے یہہ حرکت ہوئی تو اوسکو اندر مکان کے باندھنا اور کھانا بدل کرنا بھوسہ اور لوسن گھانس دینا اور آنکھ کے اوپر ایک ٹھنڈا کپڑا لگانا اور اوس سے فائدہ نہوا تو بعد "لوشن" ٹھنڈا جو بیان سبق پانچوین مین کیا ہی وہ "لوشن" اوپر اوس کپڑے کے ڈالنا اور زیادہ تکلیف ہو تو "جلاب" دینا نہین تو کچھ ضرور نہین ہی اور حفاظت اچھی رکھنا انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا اور آنکھ کے اوپر ڈالنیکو بہت دوا ہین جو پسند آوے وہ کرنا "کانسٹی ٹیوشنل آف تال میان" کے نشان اسقدر ہین آنکھ بند رکھیگا اور پانی جاری ہوگا درد کے باعث گھوڑیکو تکلیف زیادہ ہوگی کھانا برابر نہین کھاویگا اور آنکھ پر سفیدی آویگی اور بعضے وقت ایک مین درد آتا ہی بعضے وقت دونون مین آتا ہی اور آنکھ کو ہاتھ لگاؤ تو لگانے نہین دیتا اوسکو تکلیف ہوتی ہی اسواسطے اگر اندر آنکھ کو دیکھنا تو اس ترکیب سے دیکھنا کہ دونون پپوٹے کھول کے دیکھنا یا اسکے پیٹ کے اوپر لکڑی مارنا تو وہ چمک کے آنکھ کھولتا ہی اوسوقت دیکھنا اور مزاج خوش نہین رہتا ہی اسقدر دریافت کر چکے بعد اوسکا علاج جلدی کرنا نہین تو نقصان ہوتا ہی اول اندھیرے کوٹھڑی مین باندھنا اور اوجالا نہوے کھانا بدل کرنا اور "جلاب" ایک دم دینا جلاب کے واسطے تیار نہین کرنا اور جلاب دینا تو اسقدر دینا "کیلو میل" ایک "ڈرام" ایلوا جسقدر گھوڑا ہووے اوسموافق لینا اور گولی بنانیکی ترکیب بہت جا مرقوم ہی اوسموافق بنا کے دینا بعضے صاحب اسقدر بھی کرتے ہین کہ اول "کیلو میل" اوسکے حلق مین چھوڑ دیتے ہین اسقدر جلاب کی گولی دیتے ہین اسقدر بھی بہتر ہی اور زیادہ "انفلمیشن" ہی تو آنکھ

یا زو ''سٹلین'' لگانا آنکھ سے دو او نگل بازو کو یعنے آنکھ اور گال کے درمیان مین بعضے لوگ وہان ''بلسٹر'' لگاتے ہین مگر اس سے کچھ فائدہ نہین ہوتا بعضے لوگ داغ دیتے ہین مگر داغ دینا تو اچھا ہی جب علاج کر چکے بعد داغ دینا فائدہ ہی نہین تو گھوڑیکو عیب لگجاتا ہی اور داغ دینا تو آنکھ کے اطراف گول حلقے کے موافق دینا یا بلڈانہ کا لیپ آنکھ کے آس پاس لگانا ایک ڈرام بلڈانہ اسپرٹ آف وین قدر سے کھرل کرنا جب گاڑا ہو جاوے تو آنکھ کے اطراف اوسکا لیپ کرنا اس سے بہت فائدہ ہی اور فائدہ اوسکا یہہ ہی کہ ''پیوپل'' کے اوپر اوسکا زور ہوتا ہی اور ''پیوپل'' بڑا ہو جاتا ہی کبھی ایسا ہوتا ہی کہ اندر ''انفلمیشن'' آکے اوسمین سے ''سیرم'' نکلا تو اوسکے سبب وہ ''ایرس'' کا پردہ جم جاتا ہی اور یہہ بلاڈانہ کی خاصیت ہی کہ اندر پلیٹ کے دیا یا اوپر جسم کے لگایا تو ''ایرس'' کو جمنے نہین دیتا یا کہ افیون کا لیپ لیکر عرق دار و مین کھرل کرنا اور جب گاڑا ہووے بعد آنکھ کے اطراف لگانا یا کہ گولاج ایکسٹراکٹ چار ڈرام ''ٹنچر اوپیم'' چار ڈرام آٹھ ''اونس'' پانی کے ساتھ ''لوشن'' بنانا اور اوپر کپڑیکے ڈالنا اور اندر بھی آنکھ کے لگانا بعضے وقت ''سگولیٹ لوشن'' بناکے لگاتے ہین ''شوگرلیٹ'' دو ڈرام ''ٹنچر اوپیم'' چار ڈرام آٹھ اونس پانی کے ساتھ بناکے لگانا اور بہت دوا ہین جسقدر مناسب جاننا اسقدر کرنا اور جب آرام ہووے تو ایکدم اوجیالیمین نہین نکالنا رفتہ رفتہ نکالنا نہین تو بیماری واپس آویگی اور اس ''انفلمیشن'' سے بہت نقصان ہے ایک تو گھوڑا اندھا ہو جاتا ہی اور پھولا پڑتا بعد وہ رفتہ رفتہ بڑھتا ہی بعد گھوڑیکی آنکھ مین اندھاپن ہو جاتا ہے بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ آنکھ کو لقوہ مارتا ہی تو بھی گھوڑا اندھا ہو جاتا ہی اور لقویکا سبب زور ''نرب'' پر ہوتا ہی اسواسطے اندھا ہوتا ہی اگر کوئی تمیز دار شخص ہوگا تو اوسیوقت دریافت کریویگا کہ اسمین کچھ بیماری ہے بعضے وقت ایسا ہوتا ہیکہ اندر پتلی کے پھولا پڑجاتا ہی باعث ''انفلمیشن'' کے اور دور سے دیکھنا تو آنکھ برابر معلوم ہوتی ہی اوسکو ہندوستانی زبان مین موتیابند کہتے ہین اور زبان انگریزی مین ''گلاس آیز'' یا ''اروسن'' یہہ دونون نام ایک ہین اور اوسکو علاج نہین ہی اور نشان اسقدر ہین کہ آنکھ کے سامنے اونگلی ایکبار تو کچھ چمکیگا نہین جب اندر اونگلی لگے گی تب چمکیگا یا کہ رات کو ایک سفید چادر پھیلادینا اور اوسکے اوپر سے اوسکو چلانا تو معلوم ہوگا اگر اوسکو تھوڑا نظر آویگا تو اوسکے اوپر سے نہین جاویگا اور اندھا ہی تو برابر چلا جاویگا یہہ دریافت ہی اور جو شخص اس کام مین ہشیار ہی تو وہ تختی سے دیکھکر اوسیوقت کہدینگے کہ اچھا ہی یا اندھا ہی بعضے لوگ اسقدر کرتے ہین کہ آنکھ کے سامنے ہاتھ ہلاتے ہین مگر یہہ بات برابر نہین کیا سبب کہ ہاتھ کی ہوا اوسکو لگتی ہی تو ڈرتا ہی اور سر ادھر اودھر پھیراتا ہی بعضے لوگ بتی سے دیکھتے مین اوسمین یہہ تمیز ہی کہ ایک بتی اوسکے آنکھ مین نظر آوے تو جاننا چاہئے کہ اندھا ہی اور اگر تین بتیان نظر آوین تو جاننا چاہئے کہ اچھا ہی مگر دیکھنے سے اول یہہ بندوبست کرنا کہ اندر مکان کے لیکر جانا اور چوطرفے اوجیالا بند کرنا بعد دیکھنا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ آنکھ کے اوپر کے درجے مین کیڑا ہوتا ہی اور وہ

ایسا باریک ہوتا ہی کہ مثل بال کے رنگ اوسکا سفید ہوتا ہی اور اندر آنکھ کے پھرتا ہی اور یہہ حرکت ہر ایک ملک مین یکسان نہین ہوتی کسی ملک مین زیادہ اور کسی ملک مین کم اکثر ولایت مین یہہ حرکت ہوتی اور جب یہہ حرکت ہوئی تو اوسکو نکالنا تو ہشیاری سے کیا سبب کہ آنکھ کا کام بہت نازک ہی اور جب نکالنا تو گھوڑیکو ایک بازو زمین پر اوتارنا اور آنکھ کے بازو کو باریک نشتر سے سوراخ کرنا اوسکے پردہ مین بعد وہ جو پانی ہی ایک دم زور سے آتا ہی تو اوسکے ساتھ وہ کیڑا بھی باہر آتا ہی اگر وہ کیڑا اندر جو پردہ ہی اوسمین چلا جاتا ہی تو مشکل سے نکلتا ہی جب اوپر ہی تو اوسوقت یہہ علاج کرنا اور جب نکال چکے بعد اوسکا بند وبست اسقدر کرنا کہ آنکھ کو خوب ڈھکنا اور اوپر اوسکے ٹھنڈا پانی ڈالتے باندھنا کھانا نرم دینا اندھیرے مکان مین باندھنا اندھیرا ہوئے اسقدر اوسکا بند وبست کرنا انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا فقط

سبق سینتالیسوان

بیان جسم کے چمڑے وغیرہ کا

گھوڑیکے جسم کے اوپر چمڑے دو ذات کے ہین ایک پکا ایک کچا اور ان دونو کے نام انگریزی مین الگ الگ ہین ایک تو فالس اسکن کہتے ہین یعنے کچا اور اوسکے نیچے جو ہی اوسکو ٹرو اسکن یعنے پکا اور اوپر والا جو ہی تو وہ پکے سے پیدا ہوتا ہی اور یہہ کچے چمڑے کی بدل اسقدر ہوتی ہی کہ معلوم نہین ہوتا کہ چمڑا نکلا اور نکلتا ہی تو مالش مین بھوسی ہوکر نکلتا ہی بعضے لوگ اسقدر کہتے ہین کہ گھوڑیکے تئین دھونا تو صاف ہوجاویگا مگر یہہ تمیز نہین کرتے کہ دھونے سے کیا فائدہ ہی اور کیا نقصان ہی دھونے سے فقط اوپر کے بال صاف ہوتے ہین اور جو لید وغیرہ کا داغ لگا ہو وہ صاف ہوتا ہی مگر اندر چمڑا اور سیل ناموافق رہتا ہی اسواسطے دھونا منع ہی اوسکے عوض مین مالش خوب لینا ہی اوسکے پسینہ آنیکا خیال رکھنا کہ برابر آتا ہی یا نہین اکثر ایسا ہوتا ہی کہ گھوڑا میلا رہتا ہی اور مالش برابر نہین ہوتی تو اوسکے جسم مین پسینہ برابر نہین آتا کیا سبب کہ پسینہ آنیکے منہہ بند ہوجاتے ہین اور جب پسینہ بند ہوا تو مزاج مین حرکت آتی ہی اور بیماری پیدا ہوتی ہی جسم درد کرتا ہی خون صاف نہین ہوتا اور اندر پیٹ کے جو میوکس میمبرن ہی اوسمین نقصان آتا ہی نقصان کیا سبب کہ چمڑے مین حرکت آتی تو اوسمین ضرور آتی ہی چمڑے مین اور اوسمین بھائی بندی ہی اور پسینہ دو ذات کا ہوتا ہی ایک تو ظاہر ہی نظر آتا ہی اور ایک اندر رہتا ہی چمڑیکے وہ نظر نہین آتا اور اوسکے دو نام ہین ایک تو اَن سینزیبل اور ایک سینزیبل پرسپریشن جو ہی تو وہ نظر نہین آتا اور پرسپریشن نظر آتا ہی اور پکا چمڑا ہی تو اوسکے نیچے تیل اور پانیکے گلینڈ ہین بال کے جڑ مین یہہ دونون ہین اور اسکے نام الگ الگ ہین جو تیل کا ہی تو اوسکا نام سبیشس گلنڈ

گلینڈ اور جو پانیکا ہی تو اوسکا نام نِیس پار آٹی گلینڈ ہی بعضے وقت چمڑے پر سُرفٹ کی بیماری ہوتی ہی یعنے باریک باریک پھنسیان آتی ہین اوسکا سبب یہہ ہی کہ کھانا برابر ملا اور اوس سے محنت نہین لی تھان مین بند مارہا پھا نہین کئے مالش برابر نہوئی بعضے وقت تپ بھی آتی ہی اور تُشل کم پیدا ہوتا ہی یہہ سبب ہی اور اوسکے نشان یہہ ہین کہ وہ پھنسیان باریک باریک ہوئینگے اونکے منہہ پر پیپ معلوم ہوگا اوسکے اوپر بال کھڑے ہوئینگے اور خِلّ ہوگی جب اسقدر برابر نشان معلوم ہوئے تو جاننا چاہئے کہ سُرفٹ ہی بعضے وقت یہہ نشان گوچڑیان کے سبب معلوم ہوتے ہین گائی بیل جہان بندہتے ہین وہان گھوڑا باندہے تو اکثر یہہ حرکت ہوتی ہی تو اوسمین تمیز یہہ ہی کہ گوچڑیونکا خاصہ ہی کہ کان اور پاؤن وہ فوطہ کے جا پر یہان زیادہ لگتے ہین اور اوسکے سبب پھنسیان آتی ہین اور اونمین سے میلے رنگ کا پانی نکلتا ہی اور سُرفٹ مین سے پیپ نکلتا ہی اور سُرفٹ تمام جسم پر اور گردن پر ہوتی ہی جب دریافت کر چکے بعد سُرفٹ کا علاج کرنا اول یہہ بند وبست ہی کہ کھانا بدل کرنا ٹھنڈا اور نرم دینا اگر زیادہ کھانا اوسکو ملتا ہی تو کم کرنا اور مالش خوب لینا اور تھوڑی تھوڑی محنت لینا اور پسینہ لینا اگر بہت موٹا ہووے تو بعضے وقت جلاب دینا اگر پھنسیان زیادہ ہون تو ایک ڈرام شورہ فجر اور ایک ڈرام شام کو دانہ مین دینا اگر دانہ مین نہ کھاوے تو گولی بناکے دینا یا کہ "آنٹارٹیق پوڈر" دینا سُرمہ ایک ڈرام اور شورہ ایک ڈرام گندک ایک ڈرام ان تینوں کو دو وقت دانہ مین ڈالکے دینا تو اوس سے اوسکا خون صاف ہوگا اور پھنسیان جاتی رہینگی بعضے وقت ہِیڈ بوٹ ہوتی ہی اور اوسکا ذکر اول بھی کیا ہی اسکا مطلب یہہ ہی کہ چمڑا اٹھ کے اوپر چپٹ جاتا ہی یعنے تنگ اسواسطے یہہ نام رکھا بعضے لوگ اوسکو بیماری تصور کرتے ہین مگر یہہ بیماری نہین ہی فقط ایک نشان بیماریکا اوسمین معلوم ہوتا ہی وہ یہہ ہی کہ اندر جسم مین کوئی بھی بیماری ہوگی تو اوسکے سبب یہہ نشان آتا ہی جب اسقدر معلوم ہووے تو اوسکو دریافت کرنا اور جو سبب بیماریکا معلوم ہووے تو اوسکا علاج کرنا بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ اوسکو کھانا برابر نہین دیئے ایک عرصہ تک اسقدر دانا تو یہہ حرکت ہوتی ہی اسکیواسطے یہہ بند وبست کرنا کہ کھانا اچھا دینا اور تھوڑی تھوڑی محنت لینا اور کچھہ دوا کہ ہضم ہونیکی دینا انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہوگا بعضے وقت گرتیس ہوتا ہی یہہ نام دردکا ہی اور یہہ دردگا مین ہوتا ہی یعنے گھاٹی مین اور وہان ہونیکا سبب یہہ ہی کہ وہان کا چمڑا بہت نازک ہوتا ہی اسواسطے وہ ترخ جاتا ہی اور اندر تیل کے گلینڈ ہین اور وہان صاف نہین کئے میلا زیادہ رہا تو ہوتی ہی یا کہ پانی سے دہوئے اور خشک نہین کئے تو اوسکے سبب اوس گلینڈ مین انفلمیشن آتا ہی بعضے گھوڑیکے پاؤن سفید ہوتے ہین تو اوسمین اکثر یہہ حرکت ہوتی ہی یا کہ شرط کے گھوڑے مین یہہ حرکت ہوتی ہی کیا سبب کہ اوسکو خوراک زیادہ ملتی ہی اور محنت نہین کیا تھا نپر بند مارہا تو اوسکے سبب اور مالک سے یا نوکر سے دریافت کروگے کہ اوسکو کیا ہوا تو وہ چھپا کے اوسکے عوض مین بتلاتے ہین کہ رسّی سے کٹ گیا یہہ

بہانہ بتاتے ہین نشان ورم آویگا گرم ہوگا رنگ سرخ اور جگہہ جگہہ ترقی ہوئی معلوم ہوگی علاج اول خوب گرم پانی سے سینکنا صاف کرنا بعد پولٹس لگانا مگر پولٹس ٹھنڈا اچھا ہوتا ہے لیکن جسقدر زخم ہو اوسکے موافق علاج کرنا جب انفلمیشن موقوف ہوا تو بعد خشک ہونیکی دوا لگانا مرہم توتیے کے سن اوسمین بنا اوپر گرم پانی مین باندھنا تاکہ ہوا نہ لگے اور ہوا لگے تو نقصان ہوگا وہان انفلمیشن آتا ہے اسواسطے ہوا بند کرنا اور گھوڑیکے ہاتھہ پاؤن دھونیکو منع ہے اور اگر دھونا تو جو اپنا مختار ہے اوسسے اجازت لیکر دھونا تو بارہ بجے دنکو ایک پاؤن دھونا اوسکو خشک کرنا بعد دوسرا پاؤن دھونا اسیقدر چارون پاؤن دھونا

بیماری مینج یعنے خارش کے بیانمین

اوسکے ہونیکا سبب یہ ہے کہ ایک گھوڑیکو ہو تو اوسکے سبب دوسرے کو ہوتی ہے کیا سبب کہ اوسمین کیڑا ہوتا ہے اور وہ کیڑا ایسا باریک ہوتا ہے کہ آنکھہ سے نظر نہین آتا البتہ دوربین سے دیکھنا تو معلوم ہوتا ہے اور اوسکے آٹھہ پاؤن ہین اور منہہ لمبا چونچ اور دونون چپڑے دیکھے درمیان رہتا ہے وہ اونکی کھوپڑی سے موافق ہے ایک سے ایکہزار ہوتے ہین اور انڈے بھی ہوتے ہین اور تمام اونکا [illegible] سے گھوڑیکو ہوتی ہے بسبب اسکے کہ وہ گھوڑا میلا رہتا ہے اور برابر صاف نہین کیا جاتا تو اوسکو اکثر یہہ بیماری ہوتی ہے اور جو گھوڑا صاف رہتا ہے تو اوسکو نہین ہوتی اور یہہ کل سبب غفلت کا ہے اگر برابر صاف کئے تو یہہ حرکت نہوگی اوسکے نشان اسقدر ہین بال نکل کے چتے پڑینگے اور اکثر کرکے دم وعیال مین اول ہوتی ہے بعد تمام بدن اور جسم پر باریک باریک پھنسیان آکر بعد بال نکلجاتے ہین اور کھجلی بہت ہوتی ہے اگر ہاتھہ یا لکڑی عیال دم پر پھیرا تو اوسکو بہت اچھا معلوم ہوتا ہے اور اوسیطرف جھکیگا اور منہہ پھینکے موافق کرتا ہے جب دریافت ہوچکی ہے علاج کرنا اول یہہ تجویز کرنا کہ کیڑے مرجاوین اور دوا بھی اسقدر لگانا کہ قسم زہر کے ہو اور اوسکی ہوا بند ہو یہہ فکر مناسب ہے تاکہ کیڑے مرجاوین اور ہوا بند کرنیکو تیل یا چربی یا کوئی قسم روغن کے ہو اور اوسکے ساتھہ شامل کرنا گندک یا پارہ بہت کرسکے ان دو دوا کے ساتھہ خارش کا علاج ہوتا ہے اور بھی بہت دوا ہین جو پسند آوے وہ لگانا ٹرپنٹین تیل اور گندک اور تیل گندک اور ٹرپنٹین تیل یک ایک حصہ لینا اور تیل دو حصہ لینا ان تینوںکو ایکجا شامل کرکے لگانا بعد تین روز کے کالی مٹی لگاکے صاف کرنا اس سے اچھا ہوگا یا کہ کاربلک اسڈ ایکشت ایک اونس اور گرم پانی دو پانٹی لیکر اوسمین وہ دوا ملانا بعد گھوڑیکے جسم کو لگانا یا کہ کروسس سبلیمنٹ دس گرین ایک پینٹ پانی کے ساتھہ لگانا یا کہ بن ایڈٹ مرکوری اور چربی ان دونوںکا مرہم بناکے لگانا اسقدر بندوبست کرنا اور بہت دوا ہین یا کہ منسل ایکدرام اور تیل ایک پینٹ منسل کو خوب باریک کرنا اور تیل تھوڑا گرم کرکے اوسمین ملانا اور یہہ دوا آخر مین لگانا کیا سبب کہ بہت تیز ہے اور لگانا تو اسقدر اول

بندوبست کرنا کہ گھوڑیکو خوب صاف کرنا گرم پانی اور سابون سے اور جو بھوسا اور کھپلیان ہین اونکو رگڑکے نکالڈالنا بعد دھوپ مین کھڑے کرنا اور ایک "برش" اچھا سخت بالکا ہووے وہ لیکر اوس سے دوا لگانا تو خوب اوسکے جڑمین دوا پہنچتی ہی اسقدر تین روز لگانا بعد چوتھے روز فجر کو ذکر ہوئی مٹی لگانا بعد دھونا اور اسکام مین پسینہ ضرور لینا کیا سبب کہ اس بیماری مین چمڑا موٹا ہوتا ہی اور پسینہ لینا تو چمڑا نرم ہوتا ہے اور خونکا کام برابر چلتا ہی یعنے جسم مین پھرنیکا جب اتنا بندوبست کیا تو کھانیکا بندوبست کرنا ضرور ہی اور کھانا جسقدر "سرفٹ" مین بیان کیا ہی اوسیموافق کرنا اور محنت وغیرہ کا محاورہ ضرور رکھنا اگر اتنا بندوبست ہوا اور فائدہ نہوا تو فصد لینا تاکہ فاسد خون نکلجاوے اور انشاء اللہ تعالی اس بندوبست سے اچھا ہوگا

رنگ ورم کے بیان مین

اور "رنگ" کا مطلب یہہ ہی کہ گول چھلا اور یہہ بیماری اکثر آدمی مین ہوتی ہی کمتر گھوڑے مین ہوتی ہی اور اندر اوسکے کیڑا ہوتا ہی اوسکا یہہ خاصہ ہوتا ہی کہ چمڑے کے اندر رہتا ہی اور نمونہ اوسکا ایسا ہوتا ہی کہ گول مثل ایک روپیہ کے اور اندر گہرا آس پاس موٹی قور اور اوسکا رنگ سرخ اور بال اوسطرف کے کھڑے ہوینگے جب اسقدر نظر آوے تو اوسکے اوپر یہہ دوا لگانا "آیڈن پوٹاسم" اور "اسپرٹ آف وین" اندونوکو ایکجا کرکے اوپر لگانا تو اوس سے وہ کیڑا مرجاویگا اور ایڈن پوٹاسم نہو تو "کروسی سپلمنٹ" اوس عرق کے ساتھ لگانا انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا فقط

سبق اٹھتالیسوان

اسمین چار بیماریان ہین

برساتی جو ہی تو خونکا فساد ہی اور ملک ملک کی تاثیر ہی بعضے ملک مین ہوتی ہی اور بعضے ملک مین نہین ہوتی اور ولایت مین بالکل نہین ہوتی دکھن مین بعضے گاؤن مین ہوتی ہی اور بعضے گاؤن مین نہین ہوتی جہان آب و ہوا برخلاف ہی وہان اکثر ہوتی ہی اور بہت کرکے بمبی مین زیادہ ہوتی ہی یا کہ زیادہ ہاتھ پاؤن دھوئے جاوین یعنے روز روز تو اوس گھوڑیکو اور جسم مین ہاتھہ پاؤن منہہ یہہ تین جگہہ اکثر ہوتی ہی دوسری جگہہ کمتر ہوتی ہی اور بہت کرکے وجہہ اوسکی اسقدر ہوتی ہی یعنی آنی اور زخم ہوگیا بعضے وقت بڑی گرہ ہوتی ہی اور اکثر بڑی گرہ مین پیپ کا پتھر ہوتا ہی جب زخم ہوا تو ایسا ہوگا کہ اندر گہرا اور قور موٹی اور اوسکے منہہ پر سرخی اور اندر سے پانی جاری ہوگا اس بیماریکا یہہ خاصہ ہی کہ پانی جاری ہوتا ہی بڑی شناخت یہہ ہی بعضے وقت ایسا ہوتا ہی کہ کوئی سبب بھی زخم ہوجاوے اور زیادہ روز تک وہ رہے اور موسم برساتکا ہو تو اوسمین برساتیکا

اثر آجاتا ہے اور اوسمین سے پانی جاری ہوتا ہے جلدی اچھا نہین ہوتا جب برابر دریافت کر چکے بعد
بند و بست کرنا اول کھانا اچھا دینا اور نرم اگر گھوڑا موٹا ہے تو اوسکو جلاب دینا بعد زخم کو دریافت کرنا
کہ بڑا ہے یا چھوٹا بڑا ہووے اور برابر صاف نہووے تو اوسکو "پولٹس" باندھنا جب صاف ہوا تو بعد
اسقدر دوا لگانا کہ وہان "انفلمیشن" آوے اور جو کچھہ بدگوشت اوسمین ہے وہ جل جاوے اور پرانا
"انفلمیشن" نکلجاوے اور دوا تیز لگانا جیسا کہ "بن ایڈن مرکیوری" کا مرہم اول تیز بنالو اسقدر بنانا پتوڑہ
"گرین" بن ایڈن مرکیوری ایک "اونس" چربی دونو ملا کر مرہم لگانا ایک ہفتہ اسقدر لگانا بعد موقوف کرنا
اور ہلکا اسقدر کرنا بن ایڈن مرکیوری دش "گرین" ایک "اونس" چربی کے ساتھہ بنا کے لگانا یا کہ پھٹکری
پھونتا اور خوب باریک کرنا دو حصہ اور ایک حصہ "کیالومیل" اور ایک حصہ کا "مشک" ان تینوں کو خوب
باریک کر کے ایک جگہہ ملانا اور زخم پر لگانا مگر اسمین ایک شبہ ہے کہ جب گیلا ہوتا جاوے اوسوقت
لگاتے جانا اسقدر دن مین آٹھہ یا دس وقت لگانا یہہ بند و بست کرنا اگر زیادہ بڑا ہے اور گوشت
اوپر اوٹھہ آیا ہے تو اوسکو داغ دینا مگر داغنی کول ہووے اوس سے جلا دینا بعد دو یا چار روز کے
دیکھنا کہ فائدہ ہوا یا نہین اگر فائدہ ہوا اور بدگوشت جل گیا بعد یہہ دوا لگانا "کانڈیز ڈس انفکٹین
فلوئڈ" دو "ڈرام" ایک "پینٹ" پانی کے ساتھہ لگانا تو اوس سے جلدی اچھا ہوگا اور یہہ دوائیان جو
بیان کیا ہے سب امتحان کی ہوئی ہین اور جب علاج شروع کیا تو اوس سے محنت لینا اگر زخم پر مٹی اوڑتی ہو
اوپر ایک کپڑا باندھنا اور دوا بہت ہین لیکن یہہ جو بیان کیا عمدہ ہین اور کار آزمودہ ہین انشاء اللہ تعالی بہت
جلدی اچھا ہوگا بعضے وقت گھوڑیکو سانپ کاٹ کھاوے اور معلوم نہو تو اوسکو اسقدر دریافت کرنا
کہ وہ گھوڑا سست کھڑا ہوگا کھانا وغیرہ نہین کھاویگا اور جسم پر بڑے بڑے چٹے آوینگے اور آنکھہ سرخ
ہوگی جب یہہ نشان معلوم ہوئے تو بعد جسم پر اور نشان دیکھنا کہ کہین پھیلا ہے یا زخم ہے بعد دریافت
کرنیکے اوسکا بند و بست اور علاج کرنا ایک "آمونیا" ایک یا دو "ڈرام" اور تیل ایک "پینٹ" دونون ملا کے
پلانا اور جہان کچھہ نشان معلوم ہووے تو وہان اندر چیر دیکے باریک پچکی سے لیکر امونیان داخل کرنا
انشاء اللہ تعالی اس بند و بست سے اچھا ہوگا اور اوپر بیان کیا کہ چٹے آتے ہین تو اور ایک بیماری مین بھی
وہ چکتے آتے ہین "نیفر" یعنے پتی مگر اوسمین گھوڑا سست نہین ہوتا اور اسمین گھوڑا سست ہوجاتا ہے
یہہ بات خیال مین رکھنا بعضے گھوڑیکو مسّہ ہوتا ہے اور وہ ٹلا ہوا معلوم ہوتا ہے جسقدر وہ ہوئے اوسوقت
اوسکا علاج کرنا اگر چھوٹا ہے تو اوسکے گلیمین بال باندھنا اور ہر روز اوسکو تنگ کرتے جانا تو وہ تھوڑے
روز مین کٹ جاویگا اگر بڑا ہے تو اوسکو داغنی سے کاٹ کے نکالنا اور اوپر اوسکے تیز دوا لگانا انشاء اللہ
تعالی اچھا ہوگا اور تیز دوا کا بہت جگہہ بیان کیا ہے اسواسطے یہان نہین بتایا اور اس سے گھوڑیکو
کچھہ نقصان نہین ہے فقط دیکھنے کو برا معلوم ہوتا ہے اگر کوئی جا سے نازک پہ نکلے تو اوسکو نکالنا

ضرور ہی نہین تو اوسے نقصان ہنین ہی فقط بعضے وقت گھوڑیکو کتا کاٹ کھاوے دیوانہ تو اوسکے سبب سے گھوڑا دیوانہ ہوجاتا ہی اور اسقدر آدمی بھی دیوانہ ہوجاتا ہی اوسکے نشان اسقدر معلوم ہوینگے کہ منہہ مین سے کف جاری ہوگا اور آنکھہ سرخ ہوگی کھانا برابر نہ کھاویگا چونکتا رہیگا جب اسقدر معلوم ہوا تو جہان کتا کاٹا ہی اوس جگہہ داغنی سے جلانا یا کاسٹک سے جلانا اور اوسکا بندوبست اچھا رکھنا آدمی اوسکے نزدیک جاوے تو ہشیار ہیسے جاوے اور کھانا پانی اچھا دینا انشاء اللہ تعالے اچھا ہوگا فقط

سبق انچاسوان
دلکی بیماریکے بیانمین

دلمین بیماری "انفلمیشن" کی آتی ہی مگر آدمی مین زیادہ آتی ہی گھوڑیمین کم آتی ہی اور دل رہتا ہے ایک تھیلی مین اُدھر اور اوس تھیلی کا نام "پری کاڈم" ہی اور اسمین "انفلمیشن" آیا تو اوسکا نام "پری کاڈیس" ہے اور اس سے بعضے وقت گھوڑا مرجاتا ہی بیماری مذکور ہونیکا سبب یہہ ہی کہ آب و ہوا برخلاف چلے اوسکے سبب یا "رومٹی زم" کی بیماری ہوئی تو اوسمین یہہ حرکت ہوتی ہی اور اوس تھیلی پر اوسکا زور ہوتا ہی اوسمین "انفلمیشن" آتا ہی اور تھیلی مین پانی جمع ہوتا ہی جب زیادہ پانی جمع ہوا تو دل اپنا کام کرنا موقوف کرتا ہی جب دل نے اپنا کام بند کیا تو گھوڑا ہو یا آدمی ہو مرجاتا ہی اور یہہ بات اوّل بھی بیان کیا ہی کہ جہان "انفلمیشن" آتا ہی تو اوسمین سے "سیرم" نکلتا ہی اور یہہ درد "اکیوٹ" تھا جو بیان ہوا اب "کرانک" کا حال اسقدر ہے کہ "رومٹی زم" جسم مین کہین بھی آوے تو اوسکا زور دل کی تھیلی پر ہوتا ہی اور "رومٹی زم" بائیکا نام ہی اور اوسکی شناخت مشکل سے ہوتی ہی اگر کوئی عقلمند شخص ہوگا تو اوسکو اوسیوقت دریافت کرلیویگا اور جب کہ خیال مین نہ آوے تو اوسنے پسلی کو کان لگاکے سُننا چاہئے تو معلوم ہوگا مگر اسکام کا جسکو اچھا محاورہ ہوگا وہ کانسے دریافت کرلیویگا نہین تو معلوم ہونا مشکل ہی اور نبض پر دریافت کرنا نبض برابر "ٹیم" نہین دیویگی ایک دو گنے تک چلیگی بعد بند ہوجاویگی اور یہہ بات دوسری بیماری مین بھی آتی ہی اوسکے نشانون پرسے تمیز کرتے ہین اور منہہ کا رنگ سرخ ہوگا اور ٹھنڈا بعد گھوڑیکو چلاکے دیکھنا تو وہ گھوڑا لنگ کریگا اور ایک بات اس بیماری مین ہوتی ہی کہ آج ایک پاؤن مین درد ہی تو کل دوسرے پاؤنمین درد معلوم ہوگا اسواسطے ایک دو روز کا آرام دیکر دیکھتے ہین جب خوب تحقیق ہو چکی بعد اُسکا بندوبست کرنا اور بندوبست ایسا کرنا کہ جو بیماریکے سبب یہہ درد پیدا ہوا اوسکو بھی فائدہ ہووے اور "انفلمیشن" کم ہووے اور پانی جمع ہی وہ بھی خشک ہوجاوے اول تھان مین باندھنا جہان ہوا کا بچاؤ ہووے اور ہوا کے منہہ پر بھی نہین باندھنا اور ہوا بند بھی نہین کرنا تھوڑی ہوا آوسے اسقدر بندوبست کرنا جھول و "بانڈیج" گرم باندھنا کھانا نرم اور ٹھنڈا دینا بعد ایک ہلکا "جلاب" دینا تین "ڈرام" الوز اور

بارہ اونس السی کا تیل یہہ دونون شامل کرکے پلانا اسقدر اوسکا بند وبست ہوا اور اوسکی نبض دیکھنا
شاید کچھہ فرق معلوم ہوگا بعد اوسکے آیوڈین پوٹاسیم دو گرین چرائتا ۴ ڈرام ان دونون کی گولی بناکے
دینا دونون وقت اور اس دواکا یہہ فائدہ ہے کہ دوا رنجیلی کے پانی جمع ہوتا ہے اوسکو خشک کرتی
یا اوپر پلی سے نشتر لگانا ایک طرف یا دونون طرف جب دوا کا فائدہ ہوا تو اسقدر دریافت کرنا اوسکا مرض
خوش ہوگا اور کھانا برابر کھاویگا اول کے بنسبت ہشیار ہوگا اسیسے معلوم ہوگا کہ اسکو فائدہ ہوا اور اس
بیماریکا یہہ قاعدہ ہے کہ ایک وقت آتی تو پھر آویگی یعنے وقت دل بڑا اور موٹا ہوجاتا ہے اوسکا نام ہیڈیٹ
آتی ہے اور اوسکے ہونیکا سبب یہہ ہے کہ خون کے رستہ مین کچھہ حرکت ہوتی ہو اور دل کو زیادہ کام پڑے
تو باعث محنت کے وہ بڑا ہوجاتا ہے اور یہہ بات اول بھی بیان کی گئی ہے کہ جو چیز جسم مین محنت زیادہ کرتی
تو وہ بڑی ہوجاتی ہے بعضے وقت دل پتلا ہوجاتا ہے باعث ہونیکے یہہ ہین کہ تپ سے اگر یہہ حرکت ہوتی ہے
اور دلکا رنگ بدل جاتا ہے سفید ہوتا ہے اوسکا نام آسٹروفی ہے اور یہہ بات ہر وقت مرنے گھوڑیکے
چیر کر دیکھنا تو کل حال اوسکا موافق بیان کے معلوم ہوگا اوسکے نشان خوب خیال مین رکھنا تاکہ آگے
کوئی ایسی حرکت ہوتی تو خیال رہے فقط بعضے وقت آرٹری یعنے اچھے خون کی نس کو درد آتا ہے یا پھوٹ
جاتی ہے یا گرہ پڑجاتی ہے یا پھیلجاتی ہے یا پتلی پڑجاتی ہے کبھی سخت ہوتی ہے اور یہہ حرکتین آدمی مین اکثر
ہوتی ہین گھوڑیمین کم اور تین ٹرک انٹری مین یہہ حرکت اکثر ہوتی ہے اوسمین انیوریزم جم جاتا ہے باعث
محنت کے اور گردن مین ہوئی تو اوسیوقت معلوم ہوتی ہے جب ظاہر معلوم ہوئی تو اوسکو کاٹنا مگر ایک
ترکیب سے نہین تو نقصان ہوگا جب دیکھنا کہ گرہ یا اور کچھہ حرکت ہے اور نس کا کاٹنا ضرور ہے تو جہان
یہہ حرکت ہوئی ہے اوسکے آگے طرف دل کے اول اوس نس کو باندھنا خوب مضبوط اور جہان باندھنے
مین اوسکے آخر مین کاٹنا کیا سبب کہ جو اچھا خون ہے وہ دل سے جسم کو روانہ ہوتا ہے اسواسطے آگے
باندھنا موجب ہے اور یہہ حرکت جب ہوئی تو اوسیوقت معلوم ہوجاتی ہے بعد کاٹنے نس کے گرم پانی سے
ہر روز صاف کرنا اور کار بلک ۱۰ کا تیل لگانا انشاء اللہ تعالی اچھا ہوگا اور اس عارضہ کا نام آنیوریزم
ہے جو اوپر بیان کیا بعضے وقت ڈین جو نس ہے برے خون کی اوسمین نقصان آتا ہے باعث انفلیمیشن آنیکے یا
فصد لینے کے اور یہہ حرکت ہوتی ہے تو اوسکا سبب یہہ ہے کہ برابر بند وبست نہین کیا یا نشتر آر پار چلگیا
یا اندر سوراخ کے ہوا چلی گئی ہو تو ورم انفلیمیشن آتا ہے اور بعضے وقت وہ تمام بگڑ جاتی ہے اسواسطے
بعد فصد کھولنے کے اوسکا بند وبست اچھا کرنا یعنے سر اوپر باندھنا کھانا اچھا دینا اور فصد کی جگہہ خوب
مضبوط بال سے باندھنا اور جب بگڑ جاتا ہے تو اوسپر ورم آتا ہے اور اس انفلیمیشن کا نام فلی بیٹس ہے بعضے
وقت باعث زخم کے ڈین جو نس ہے اوسکا کام بند ہوجاتا ہے یعنے خون واپس جا نہین سکتا جب
اسقدر حرکت ہوئی تو اوسکو کاٹنا پڑتا ہے جب کاٹنا تو اول یہہ بند وبست کرنا کہ اوس نس کو زخم کے

آخر مین باندھنا کیا سبب کہ "وین" جو نس ہی اوسکا خون طرف دل کے جاتا ہی اسواسطے اوسکو زخم کے
آخر مین باندھنا تو خون آگے نہ جا سکیگا اور "آنٹری" جو اچھے خون کی نس ہی اوسکا خون دل سے تمام
جسم کے جاتا ہی اسواسطے اوسکو آگے باندھتے ہین اور یہہ ذکر اول کیا ہی بعد کاٹنے نس کو بیچ کے
اوسکا بند وبست اچھا رکھنا یعنے سینکنا دونون وقت اور تیل "کاربلک اسڈ" کا لگانا انشاء اللہ تعالی اچھا
ہوگا اگر کوئی جگہہ سے خون نکلنا شروع ہوئے تو اوسکو کسقدر دریافت کرنا کہ یہہ خون کونسی نس کا ہی اوسکی
دریافت اول بھی بیان کیا ہی اوسموافق دریافت کرنا بعد دریافت کے اوسکا بند وبست کرنا
اگر "آنٹری" کا ہی تو آگے زخم کے باندھنا اور "وین" کا ہی تو آخر زخم کے باندھنا اور سبق انچالیس مین اسکا
بیان کیا ہی وہان دیکھنا تو معلوم ہوگا بعضے وقت داغنی سے نس کے منہہ کو بیکا کرتے ہین بعضے وقت
تاگے سے باندھتے ہین بعضے وقت دوا سے بند کرتے ہین جب کہ "پرکلورایرن" یا کہ "آلم" یعنے پھٹکری یا
"ٹین" یا کہ "آسٹیپک گلوڈین" مگر یہہ دوا بہت عمدہ ہین اور جتنی دوائیان اوپر تحریر کئی ہین سبکا امتحان کیا ہی فقط

گھوڑا پسند کے واسطے کوئی صاحب یا اور کوئی کالا افسر بھیجے تو اوسکی تفصیل دیکھنے کی نیچے لکھے کے موافق معہ رجسٹر وغیرہ کی تحریر ہی

اور گھوڑیکو اسقدر دیکھنا اول گھوڑا جب تمھارے نزدیک آیا تو اوسکو ایسی جگہہ کھڑا کرنا کہ نہ تو
بہت اندھیرا ہو اور نہ بہت اوجیالا ہو موافق ہووے اور جب یہہ بند وبست ہوا بعد اوسکی عمر دریافت کرنا کہ
کتنے برس کا ہی بعد ناک کے اندر دیکھنا کہ کچھہ حرکت تو نہین ہی اکثر کوئی بیماریکے سبب چھالے آتے
ہین اسواسطے بعد ایک تختی اوسکے اوپر کالا کپڑا لگا ہوا ہو یا اور کوئی قسم کالی چیز ہو کہ جس سے آنکھہ کا کل
حال معلوم ہووے اور باہر کا اوجیالا اوسکے سبب اندر نہ جا سکے اسقدر وہ بند وبست ہوا تو بعد آنکھہ کے
بازو کھڑے ہوکر دیکھنا اسیقدر دونون بازو سے دیکھنا اگر آنکھہ مین کچھہ حرکت نظر آوے تو اوسکو کسی مکان
مین تھوڑی دیر تک کھڑے کرنا بعد دیکھنا اگر اوس سے بھی برابر خیال مین نہ آوے تو ایک موم بتی جلا کے
اور جو طرف سے اوجیالا بند کرکے آنکھہ کو دیکھنا تو اوسمین یہہ تمیز ہی کہ جو کچھہ حرکت اوسمین ہوگی وہ ظاہر
ہوگی بعد دیکھنے آنکھہ کے گردن کو دونون طرفسے دیکھنا اور چھاتی دیکھنا کہ تنگ ہی یا چوڑی ہی بعد پہریکے
بازو کھڑے ہوکر دیکھنا یہانسے وہان تک اور پہر "اسلوپ" ہووے کھڑا نہ ہو اور پاؤن سیدھے ہووین اوسمین
کچھہ حرکت نہو بعد نسین ہاتھہ سے دریافت کرنا کہ صاف ہین یا کچھہ حرکت ہی بعد پاؤن اوٹھا کے سم دیکھنا کہ برابر
ہین یا نہین بعد مدہوا اور پیٹ اور کمر دیکھنا اسقدر دونون طرف سے دیکھکر بعد آگے کے پہریکے نزدیک
کھڑے ہوکے آخر کے پاؤن کو دیکھنا چپٹا یا بڈا یا موٹہرا اسقدر دونون طرف سے دیکھنا اور گھوڑیکے
آگے کھڑے ہوکے دونون پیرون کے درمیان مین سے دیکھنا بعد آخر گھوڑیکے یعنے پیچھے کھڑے ہوکے

... بازو ایک ... قدر آگے کے پاؤنوں بیان کیا اوسیقدر ادھربھی دیکھنا ہی. پشت کے بازو کھڑے ہوکے
... کو نیچے تک دیکھنا بعد اوسکے گھوڑیکو ذکلی دوڑاکے دیکھنا کہ لنگڑا ہی یا اچھا ہی بعد اوسکے
... پکڑ کے کرکے اوسکو ناپنا بعد رجسٹر مین جو جو حرکتین نظر مین آوین وہ اوسمین لکھنا اور
... سبب نقصان ہوگا اوسکو ناپسند کرنا اور اوسمین لکھدینا اور جن حرکتون کے سبب نقصان نہو وے
... بیمارشناسین بتا ناضروری اور نا پکا حال لکھنا جسقدر ناپا تھا اوسموافق بعد نشان لکھنا جو کہ ہمیشہ
قایم رہنیوالے ہین تاکہ گھوڑیمین رد و بدل کا گمان نہو بعد اوس کاغذ پر صحیح کرکے جو مالک ہی گھوڑیکا اوسکے
پاس روانہ کرنا اگر پسند ہوا تو اوسکو ساونڈ کہتے ہین اگر ناپسند ہوا تو اوسکو ان سونڈ کہتے ہین فقط

تمت تمام شد مورخہ ۲۹ فیبروری سنہ ۱۸۷۷ عیسویہ

تاریخ

... باره تھا	کل عالم کا یہان اشارہ ہی	اشہب کو ہوئی ہی زیست تنگ	نسخہ بیماری کل سنوارا ہی
... انسان	پشت کے حیوان عقل کو مارا ہی	ڈاکٹر صاحب بہ زمین شاد	یکی نکلی عقل جون تارا ہی
کیا کام اب ... ہی دنیا مین	جسکے عالم کا حال نیارا ہی	سن ۲۲ سنہ تہ زمین کردیا مرحوم	خود رشید اب نقل اوتارا ہی

تاریخ

باغ ہستی مین پھول گئے اشہب
گل وہ داؤن کی پاکے خوش تر یا
بولا ہاتف رشید از غیبی
چہ عجایب کتاب ہی پیدا یا

سنہ ۱۸۷۷ عیسویہ

HYDERABAD STATE



جسم میں خون پہونچانیکی نسبت ہاروی دریافت سے معلوم ہوگا فقط



یہہ نقش نسون کی جگہون واسطے خوب شناخت کے دیکھنے سے معلوم ہوگا ۔



یہ پوست کشیدہ گھوڑا ہے اِسکی کُل ہڈیاں دریافت کرنا چاہئے اِسمیں ہڈیان
علیحدہ ہیں دیکھکر لیوینگے تو معلوم ہوگا فقط